مُسْلِمُونَ ○ فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنْتُمْ بِهِ فَقَدِ اهْتَدَوْا
مطیع ہیں اگر وہ بھی اسی طرح ایمان لے آئے جسطرح تم ایمان لائے ہو تو بیشک انہوں نے ہدایت پائی
وَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا هُمْ فِي شِقَاقٍ ۖ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ ۚ
اور اگر روگردان ہوگئے تو وہی نافرمانی میں ہیں پس اللہ تمکو انکے شر سے بچائے گا
وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○ صِبْغَةَ اللَّهِ ۖ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ
اور وہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے یہ اللہ کا رنگ ہے اور اللہ سے کون کا رنگ
اللَّهِ صِبْغَةً ۖ وَنَحْنُ لَهُ عَابِدُونَ ○ قُلْ أَتُحَاجُّونَنَا فِي
ہو گا کس کا؟ حالانکہ ہم اسی کی عبادت کرنیوالے ہیں (اے رسول) کہدو کہ کیا اللہ کے بارے میں
اللَّهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۖ وَلَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ ۖ
تم ہم سے حجت کرتے ہو حالانکہ وہ ہمارا بھی پروردگار ہے اور تمہارا بھی اور ہمارے اعمال ہمارے لئے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لئے
وَنَحْنُ لَهُ مُخْلِصُونَ ○ أَمْ تَقُولُونَ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ
اور ہم اُس سے خلوص رکھنے والے ہیں یا تم یہ کہتے ہو کہ ابراہیم اور اسمٰعیل
وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطَ كَانُوا هُودًا أَوْ
اور اسحٰق اور یعقوب اور اسباط یہودی یا
نَصَارَىٰ ۗ قُلْ ءَأَنْتُمْ أَعْلَمُ أَمِ اللَّهُ ۗ وَمَنْ أَظْلَمُ
نصرانی تھے (اے رسول) کہدو کہ تم زیادہ واقفکار ہو یا اللہ اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا
مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهُ مِنَ اللَّهِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ
جو اللہ کی شہادت کو جو اُسکے پاس ہے چھپائے اور اللہ اُس سے جو کچھ تم کرتے ہو
عَمَّا تَعْمَلُونَ ○ تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۖ لَهَا مَا
بیخبر نہیں ہے وہ ایک لوگ تھے جو گزر گئے اُنکا کیا اُنکے لئے
كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ ۖ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ ع ۱۲/۱۶
اور تمہارا کیا تمہارے لئے اور تم سے اُسکی بابت جو وہ کیا کرتے تھے سوال نہیں کیا جائیگا ۱۶

الجزء الثاني

سَيَقُولُ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلَّاهُمْ
قریب ہے کہ آدمیون مین سے نادان یہ کہینگے کہ جس قبلہ کی طرف یہ نماز پڑھا کرتے تھے
عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِي كَانُوا عَلَيْهَا ۚ قُلْ لِلَّهِ الْمَشْرِقُ
اُس سے اِنکو کس چیز نے روگردان کردیا ہے تم یہ کہدو کہ مشرق اور مغرب
وَالْمَغْرِبُ ۚ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ○
خدا کے ہین وہ جسے چاہے راہ راست کی ہدایت فرما دے
وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ
اور اسی طرح ہمنے تمکو بیچ کا گروہ مقرر کیا ہے تاکہ تم لوگون پر
عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا ۗ
گواہ رہو اور رسول تم پر گواہ رہین
وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنْتَ عَلَيْهَا إِلَّا لِنَعْلَمَ
اور جس قبلہ کی طرف تم نماز پڑھا کرتے تھے اُسکو ہمنے نہین مقرر کیا تھا مگر اسی لئے کہ ہم
مَنْ يَتَّبِعُ الرَّسُولَ مِمَّنْ يَنْقَلِبُ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ ۚ وَإِنْ
اُنکو جو رسول کی پیروی کرتے ہین اُنسے جو پچھلے پاؤن پلٹ جاتے ہین تمیز کرلین اور یہ قبلہ بدلنا
كَانَتْ لَكَبِيرَةً إِلَّا عَلَى الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ ۗ وَمَا كَانَ
خاص تو سب ہی پر ہوا سوائے اُنکے جنکو توفیق ہدایت خدا نے عطا کی ہے اور خدا ایسا نہین ہے
اللَّهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ
کہ تمہارے ایمان کو ضائع کرے بیشک خدا کل آدمیون پر بڑی مہربانی اور رحم کرنیوالا ہے
قَدْ نَرَىٰ تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ ۖ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ
ہم تمہارا آسمان کی طرف رخ کرنا ضرور دیکھتے ہین پس ضرور ہے کہ جو
قِبْلَةً تَرْضَاهَا ۚ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ
قبلہ تم کو پسند ہے ہم اسی کی طرف تمہارا رخ پھرا دینگے تو اب تم اپنا رخ مسجد محترم کی طرف کرلو

خواہ وہ مغرب میں رہتے ہون یا مشرق مین اور مقصود یہ ہے کہ جو لوگ مسجد الحرام مین نماز پڑھتے ہین اُنکے لئے تو خود بیت اللہ قبلہ ہے اور جو مسجد الحرام سے باہر لیکن حرم کعبہ کے اندر رہون اُنکے لئے

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ ۗ وَإِنَّ

اور جہان کہین بھی تم ہوا کرو اسی کی طرف اپنا رُخ کرلیا کرو اور جنکو

الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ ۗ

کتاب دی گئی ہے وہ تو خوب جانتے ہین کہ یہ معاملہ خدا کی طرف سے برحق ہے

وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ ۝ وَلَئِنْ أَتَيْتَ

اور جو عمل وہ کر رہے ہین خدا اُس سے غافل نہین ہے اور جنکو

الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ بِكُلِّ آيَةٍ مَا تَبِعُوا قِبْلَتَكَ ۚ

کتاب دی گئی ہے اگر تم ہر ایک نشانی اُنکے سامنے پیش کردوگے تو بھی وہ تمہارے قبلہ کی پیروی نہ کرینگے

وَمَا أَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ

اور نہ تمہارا یہ کام ہے کہ تم اُنکے قبلہ کی پیروی کرو اور نہ اُنمین کا ایک دوسرے کے قبلہ

قِبْلَةَ بَعْضٍ ۚ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ مِنْ بَعْدِ

کی پیروی کرنیوالا ہے اور تمکو جو علم حاصل ہوچکا ہے اُسکے بعد

مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ إِنَّكَ إِذًا لَمِنَ الظَّالِمِينَ ۝

اگر اُنکی خواہشون کی پیروی کی تو اس صورت مین تم بھی ظالمون مین محسوب ہوجاؤگے

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ

جنکو ہمنے کتاب دی ہے وہ رسول کو اُسی طرح پہچانتے ہین جسطرح اپنے بیٹون کو

أَبْنَاءَهُمْ ۚ وَإِنَّ فَرِيقًا مِنْهُمْ لَيَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَهُمْ

پہچانتے ہین اور بیشک اُنمین سے ایک گروہ جان بوجھکر حق کو

يَعْلَمُونَ ۝ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ

چھپاتا ہے حق تمہارے رب کی طرف سے ہے پس تم کبھی شک کرنیوالون مین سے

الْمُمْتَرِينَ ۝ وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا

نہ ہونا اور ہر گروہ کے لئے ایک جہت (مقرر) ہے جدھر وہ منہ کرتا ہے پس تم نیکیون مین

الْخَيْرٰتِ ؕ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ اِنَّ
اور (اوروں سے) سبقت حاصل کرو جہاں کہیں بھی تم ہوگے اللہ تم سب کو جمع کرکے لے آئیگا بالتحقیق
اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ
خدا ہر چیز پر قادر ہے اور جس طرف سے تم نکلو اپنا
وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ
منہ مسجد الحرام کی طرف کرلیا کرو اور یہ حکم تمہارے رب کی طرف سے
رَّبِّكَ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَمِنْ
برحق ہے اور خدا تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں ہے اور جدھر سے (بھی)
حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ
تم نکلو اپنا منہ مسجد الحرام کی طرف کیا کرو
وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ لِئَلَّا يَكُوْنَ
اور جہاں کہیں (بھی) تم ہو اسی کی طرف اپنا رخ کیا کرو تاکہ لوگوں کا
لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ
الزام تم پر قائم نہو سوائے انکے جو ہٹ دھرم ہیں
فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ
سو تم انسے نہ ڈرو اور مجھسے ڈرتے رہو اور تاکہ میں اپنی نعمت تم پر پوری کردوں اور اسلئے کہ تم
وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا
ہدایت یافتہ ہو جاؤ (تحویل قبلہ ایسی ہی نعمت ہے) جیسے ہمنے تم ہی میں سے ایک رسول بھیجا
مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ
جو ہماری آیتیں تمکو پڑھکر سناتا ہے اور (ظاہر و باطن) تمکو پاکیزہ کرتا ہے اور تمکو
الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۝
کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے اور تمکو وہ کچھ سکھاتا ہے جو کچھ تم نہیں جانتے تھے

ع ۱۸ فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ۝

پس تم میری یاد کرو مین تمہاری یاد کرونگا اور تم میرا شکر کرو اور ناشکری نہ کرو

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ

اے ایمان لانے والو صبر اور صلوٰۃ کے ذریعہ سے مدد مانگو

إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ ۝ وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ

بیشک اللہ صبر کرنیوالون کے ساتھ ہے اور جو لوگ راہ خدا مین قتل

فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتٌ ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَٰكِنْ

کئے جائین انکو مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہین ولیکن تم

لَا تَشْعُرُونَ ۝ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِنَ الْخَوْفِ

سمجھتے نہین اور ہم ضرور تمکو تھوڑے سے خوف سے

وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنْفُسِ وَالثَّمَرَاتِ ۗ

اور کچھ بھوک سے اور کچھ مالون اور جانون اور پھلون کے نقصان سے آزمائینگے

وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ ۝ الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُمْ مُصِيبَةٌ

اور (اے پیغمبر) اُن صبر کرنیوالون کو خوشخبری پہنچادو جو مصیبت پڑنے کے وقت یہ کہتے ہین

قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ۝ أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ

کہ بیشک ہم اللہ ہی کے ہین اور ہم اُسی کی حضور مین پلٹ کر جانیوالے ہین یہی وہ ہین جنپر اُنکے

صَلَوَاتٌ مِنْ رَبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ

پروردگار کی جانب سے صلوات اور رحمت ہے اور یہی

الْمُهْتَدُونَ ۝ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ

ہدایت یافتہ ہین بیشک صفا اور مروہ خدا کی نشانیون مین سے

اللَّهِ ۖ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ

أَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ۭ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ
دونوں کے درمیان ابھی طواف کرے اور جو نیکی کو بخوشی بجالائے خدا ضرور قدرشناس (اور) آگاہ
عَلِيْمٌ ۝ إِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ
ہے جو لوگ اسکو چھپاتے ہیں جو کھلی دلیلیں اور ہدایت ہم نازل
وَالْهُدٰى مِنْ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتٰبِ ۙ
کر چکے بعد اسکے کہ ہمنے کل آدمیوں کے لئے کتاب مین اسکو کھول کر بیان کر دیا ہے
أُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ۝ إِلَّا
یقیناً انہی پر اللہ لعنت کرتا ہے اور انہی پر لعنت کرنیوالے لعنت کرتے ہین مگر
الَّذِيْنَ تَابُوْا وَأَصْلَحُوْا وَبَيَّنُوْا فَأُولٰٓئِكَ أَتُوْبُ
جنہون نے توبہ کی اور (بگاڑ کی) اصلاح کی اور (جو چھپایا تھا اسکو) صاف بیان کر دیا انکی توبہ مین قبول
عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ إِنَّ الَّذِيْنَ
کرونگا اور مین بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہون جو لوگ
كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ أُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ
منکر ہوگئے اور انکاری کی حالت مین مرگئے انپر
لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ ۝
اللہ کی (بھی) لعنت ہے اور کل فرشتون کی (بھی) اور کل آدمیون کی (بھی)
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ
ہمیشہ اسی لعنت مین رہینگے نہ انکا عذاب ہلکا کیا جائیگا
وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ۝ وَإِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ
اور نہ انکو مہلت دیجائیگی اور تمہارا معبود معبود یکتا ہے
لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ إِنَّ فِيْ خَلْقِ
سوائے اُس رحمن و رحیم کے اور کوئی معبود نہین ہے بالتحقیق آسمانون کی اور

ع ۱۱ ۱۹ ۳

ہون اور حق کے چھپانیوالے کہ انکے بارے مین خدا تعالےٰ فرماتا ہے اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ اور خلاصہ قول خدا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ

زمین کی پیدائش مین اور رات اور دن کے ادلنے بدلنے مین اور اُن کشتیون مین

الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

جو سمندر مین لوگون کے نفع کی چیزین لے چلتی ہین جس سے لوگون کو نفع پہنچتا ہے اور اُس پانی مین جسے

مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ

خدا نے آسمان سے اُتارا اور جسکے ذریعہ سے زمین کو اُسکے مرنیکے بعد پھر زندہ

مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ص وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ

کردیا اور ہر قسم کا چلنے والا اُسمین بکثرت پھیلا دیا اور ہواؤن کے چلنے مین

وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ

اور اُن بادلون مین جو آسمان و زمین کے مابین معلق ہین سمجھنے والے لوگون کے لئے بہت سی

لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ○ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ

نشانیان (موجود) ہین اور آدمیون مین سے ایسے (بھی) ہین جو خدا کو

دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ط وَالَّذِيْنَ

چھوڑ کر اوروں کو (اُسکا) ہمسر بناتے ہین اور اُنسے خدا کی سی محبت رکھتے ہین اور جو

اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ

ایمان لانیوالے ہین اُنکو سب سے زیادہ محبت خدا ہی سے ہے اور کاش اِن ظالمون کو وہ اب سجھائی دیتی جو

يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ

عذاب دیکھکر سوجھیگی کہ پوری قوت خدا ہی کی ہے اور یہ کہ اللہ

شَدِيْدُ الْعَذَابِ ○ اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ

سخت عذاب دینے والا ہے اُسوقت کو یاد کرو جبکہ پیرا اپنے مُریدون سے

الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ

تبرا کرینگے اور عذاب کو سب دیکھینگے اور اُنکی نجات کے کل اسباب

الْاَسْبَابُ ○ وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا

قطع ہوجائینگے اور پیرو کہینگے کاش ہمکو لوٹ کر جانا ہے

كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ۗ كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ

تو ہم بھی انسے اسی طرح تبرا کرین جسطرح انہون نے اسوقت ہم سے تبرا کیا ہے یون اللہ تعالے

اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ

اُنکے اعمال اُنکو حسرت بناکر دکھلائیگا اور وہ جہنم سے

مِنَ النَّارِ ○ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ

نہ نکلنے پائینگے اے لوگو زمین مین سے حلال اور

حَلٰلًا طَيِّبًا وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ

پاک چیزین کھاؤ اور شیطان کے قدم بقدم نہ چلو بیشک وہ

لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ○ اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْۗءِ وَالْفَحْشَاۗءِ

تمہارا کھلا دشمن ہے سوائے اسکے نہین کہ وہ تمہین بدی اور بیحیائی کا حکم دیتا ہے

وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَي اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○ وَاِذَا قِيْلَ

اور اسکا کہ تم جو کچھ نہین جانتے وہ خدا کے برخلاف کہدو اور جب اُنسے یہ کہا جاتا

لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا

ہے کہ خدانے جو کچھ نازل کیا ہے اُسکی پیروی کرو تو کہدیتے ہین کہ ہم تو اُسکی پیروی کرینگے جسپر ہمنے

عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ۭ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَاۗؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ

اپنے ماں باپ دادا اون کو پایا بھلا اگر اُنکے باپ دادا کسی چیز کی عقل نہ رکھتے ہون اور ہدایت یافتہ

شَيْـــًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ○ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

نہ تھے (تو بھی ایسا ہی کرینگے) اور کافرون کی مثال اُس شخص کی سی

كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَاۗءً وَّنِدَاۗءً ۭ

ہے جو اُن چیزون کو پکارتا ہو جو سوا پکار کے نہ کچھ سنین نہ کچھ سمجھین (وہ خود)

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

بہرے گونگے اندھے (ہین) پس وہ کچھ نہین سمجھتے اے ایمان لانیوالو

اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا

جو پاک چیزین ہمنے تمکو دی ہین اُن مین سے کھاؤ اور اللہ کا شکر

لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ

ادا کرو اگر تم اُسی کے خالص بندے ہو اُسنے تم پر

الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ

مُردار اور خون اور سوّر کا گوشت اور جس ذبیحہ پر خدا کے سوا اور کا نام لیا گیا ہو وہ

اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۭ

حرام کیا ہی پھر جو شخص ناچار ہو نہ نافرمان ہو اور نہ حد سے گزر نیوالا تو اُسکے ذمے کچھ گناہ نہین ہے

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ

بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے وہ لوگ جو اُسکو چھپاتے ہین

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا

جو کچھ خدا نے کتاب مین نازل کیا ہے اور اُسکو تھوڑی قیمت پر بیچتے

قَلِيْلًا ۙ اُولٰۗىِٕكَ مَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ

ہین وہ اپنے پیٹ مین انگارے بھرتے ہین

وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۠ وَلَهُمْ

اور خدا اُنسے قیامت کے دن نہ بات کریگا نہ اُنکو پاکیزہ فرمائیگا اور اُنکے لئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ

دردناک عذاب ہے وہ یہی ہین جنھون نے ہدایت کے بدلے

بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَآ اَصْبَرَهُمْ

گمراہی اور بخشش کے بدلے عذاب خرید لیا تو یہ آتش (جہنم) پر کیا ہی

عَلَى النَّارِ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ؕ

صبر کرنیوالے ہین یہ اسلئے کہ یقیناً خدا نے کتاب کو حق کے ساتھ نازل کیا ہے

وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتٰبِ لَفِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ۝ ع ۲۱ ۱۵

اور جن لوگون نے اس کتاب مین اختلاف کیا ہے وہ بیشک بہت بڑی نافرمانی پر (تیار) ہین

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ

یہ کوئی نیکی نہین ہے کہ تم اپنے منھ مشرق یا مغرب کی طرف

وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

کرلو بلکہ حقیقی نیکی اسی کی ہے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر

وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى

اور فرشتون پر اور کتاب پر اور نبیا پر ایمان لائے اور محبت خدا مین مال

حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ

رشتہ دارون کو اور یتیمون کو اور محتاجون کو اور

السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ

مسافرون کو اور سوال کرنیوالون کو اور گردنین آزاد کرنے مین دے اور نماز پڑھے

وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ

اور زکوٰۃ ادا کرے اور جب معاہدہ کرین تو اپنے عہد کے پورا کرنیوالے ہون

وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ؕ

اور تنگدستی مین اور بیماری (مین) اور لڑائی کی سختی کے وقت صبر کرنیوالے ہون

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

یہی وہ لوگ ہین جنھون نے (عملاً) سچ بولا اور یہی

الْمُتَّقُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ

متقی ہین اے ایمان لانیوالو جو (ناحق) قتل کئے گئے ہون انکے بارے

الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلَى ؕ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ

مین تم پر قصاص واجب کیا گیا ہے آزاد کے بدلے آزاد اور غلام کے بدلے

بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ

غلام اور عورت کے بدلے عورت پھر جس (قاتل) کو اُسکے (مومن) بھائی کی طرف

شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ؕ

سے کچھ (یعنی قصاص) معاف ہوجائے تو (معاف کرنیوالے کو مطالبۂ دیت مین) نیکی کرنی چاہیئے (نہ

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى

ظلم و سختی) اور (قاتل کی جانب سے) اُسکی ادائگی احسان مندی کے ساتھ ہونا کمی اور تحمل کے ساتھ) تمہارے پروردگار کی

بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلَكُمْ فِي

طرف سے آسانی اور مہربانی ہے پھر اسکے بعد جو زیادتی کرے اُسکے لئے دردناک عذاب ہے اور اے صاحبان عقل (سلیم)

الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝

قصاص مین تمہارے لئے زندگی ہے تاکہ تم بچتے رہو

كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ

تم پر یہ (بھی) واجب کیا جاتا ہے کہ جب تم مین سے کسی کی موت آئے اگر وہ کچھ مال

خَيْرَا ِالْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ

چھوڑے تو اپنے والدین اور قریبی رشتہ داروں کے حق مین مناسب وصیت کردے خدا سے

حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ۝ فَمَنْۢ بَدَّلَهٗ بَعْدَمَا سَمِعَهٗ

ڈرنیوالون پر (یہ بھی) ایک حق ہے پھر جو شخص اس (وصیت) کو سننے کے بعد بدل ڈالے

فَاِنَّمَاۤ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ

تو اُسکا گناہ اُنہی کے ذمے ہوگا جو اُسے بدلینگے بیشک اللہ سننے والا

عَلِيْمٌ ۝ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا

(اور) جاننے والا ہے پھر جس شخص کو وصیت کرنیوالے کی طرف سے حق تلفی یا گناہ کا اندیشہ ہو

فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
اور وہ آپس مین صلح کرادے تو اسپر کوئی گناہ نہین ہے بیشک خدا بخشنے والا (اور)
رَّحِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ ع ۲۲ ۶ ۶
رحم کرنیوالا ہے اے ایمان لانیوالو تمپر روزہ رکھنا
الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَي الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ
اسیطرح واجب کیا گیا ہے جسطرح تم سے پہلون پر واجب کیا گیا تھا تاکہ تم
تَتَّقُوْنَ ۝ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ
پرہیزگار بنو گنتی کے دن (ہین) اسپر بھی جو شخص تم مین سے
مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰي سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ۭ وَعَلَي
بیمار ہو یا سفر مین ہو تو وہ اور دنون مین گنتی پوری کردے اور اُن
الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ۭ فَمَنْ
لوگون کے ذمے جنمین روزہ رکھنے کی طاقت نہین ہے ایک مسکین کا کھانا کھلادینا (اُسکا) بدلہ ہے اور جو شخص
تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ۭ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ
اپنی خوشی سے زیادہ نیکی کرے تو یہ اُسکے لئے اور بہتر ہے اور روزہ رکھنا تمہارے لئے بہتر
لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ
ہے بشرطیکہ تم سمجھو ماہ (مبارک) رمضان وہ ہے
اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ
جسمین قرآن نازل کیا گیا جو کل آدمیون کا راہنما ہے اور (اُسمین) ہدایت کی کھلی
الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ
دلیلین ہین اور حق و باطل کی تمیز پس جو شخص تم مین سے اس مہینے کو پائے اُسے چاہئے
فَلْيَصُمْهُ ۭ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰي سَفَرٍ فَعِدَّةٌ
کہ اُسکے روزے رکھے اور جو شخص بیمار ہو یا سفر مین ہو تو وہ اور دنون مین

مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ
گنتی پوری کرے اللہ تمہارے حق مین آسانی چاہتا ہے اور سختی نہین
الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلَىٰ
چاہتا اور یہ چاہتا ہے کہ اس گنتی کو پورا کرو اور جو راہ راست تمہین بتلا دی ہے اس پر
مَا هَدَاكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ وَإِذَا سَأَلَكَ
خدا کی بڑائی بیان کرتے رہو اور تاکہ تم شکرگزار ہو جاؤ اور جسوقت میرے بندے
عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ ۖ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ
تم سے میری بابت کچھ دریافت کرین تو (کہدو کہ) مین اُنسے قریب ہون (خاص) دعا کرنیوالے کی دعا
إِذَا دَعَانِ ۖ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ
جسوقت بھی وہ مجھسے دعا کرے قبول کرلیتا ہون پس اُن (لوگون) کو لازم ہے کہ وہ میرے احکام
يَرْشُدُونَ ۝ أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ
قبول کرین اور مجھپر ایمان لائین تاکہ وہ راہ راست پالین۔ روزون کی رات مین تمہارے لئے اپنی ازواج کے
نِسَائِكُمْ ۚ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ۗ عَلِمَ
پاس جانا جائز کیا گیا ہے وہ تمسے مخلط ہین اور تم اُن سے خدا اس سے واقف
اللَّهُ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَخْتَانُونَ أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ
تھا کہ تم اپنی ذات کے ساتھ خیانت کیا کرتے تھے پس اُسنے تمہاری توبہ قبول کرلی
وَعَفَا عَنكُمْ ۖ فَالْآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ
اور تمہاری خطا معاف کردی اب تم اُنسے ہمبستری کرو اور جو اللہ نے تمہارے لئے مقرر کیا ہے
اللَّهُ لَكُمْ ۚ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ
اُسکی خواہش کرو اور کھاؤ اور پیو یہانتک کہ صبح کا سفیدہ
الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۖ ثُمَّ أَتِمُّوا
(شب کی) سیاہی سے الگ نمایان ہوجائے پھر شب

الصِّيَامَ إِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُمْ عَاكِفُونَ

آخر پہر روزہ ختم کرو اور جب مسجدون مین اعتکاف مین ہو تو اُن سے

فِي الْمَسَاجِدِ ۗ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا ۗ كَذَٰلِكَ

مباشرت نہ کرو یہ اللہ کی مقررہ حدین ہین پس اُنکی مخالفت نہ کرنا اسطرح

يُبَيِّنُ اللَّهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ○ وَلَا تَأْكُلُوا

اللہ لوگون کے لئے اپنے احکام کھولکر بیان کرتا ہے تاکہ وہ پرہیزگار بنجائین اور آپس مین

أَمْوَالَكُم بَيْنَكُم بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ

ناحق ایک دوسرے کا مال نہ کھاؤ اور اُسکے بارے مین حکام کے پاس جھگڑے اس غرض سے

لِتَأْكُلُوا فَرِيقًا مِّنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ وَأَنتُمْ ع ۲۳ ۷

نہ لے جاؤ کہ جان بوجھکر ناحق لوگون کے مال سے جو تمھ ہاتھ لگے

تَعْلَمُونَ ○ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَهِلَّةِ ۖ قُلْ هِيَ مَوَاقِيتُ

کھا جاؤ لوگ تم سے ہلالون کے بارے مین دریافت کرتے ہین کہدو کہ وہ آدمیون کے

لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ۗ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَن تَأْتُوا الْبُيُوتَ مِن

لئے اور حج کے لئے وقت بتانے کا آلہ ہین اور یہ حکم نہین ہے کہ تم گھرون مین اُنکے پچھواڑے

ظُهُورِهَا وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقَىٰ ۚ وَأْتُوا الْبُيُوتَ

کی طرف سے آؤ لیکن نیکی اُسکی ہے جو تقوے کرے اور گھرون مین اُنکے

مِنْ أَبْوَابِهَا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○

دروازون سے آؤ اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم فلاح پاؤ

وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا

اور راہِ خدا مین اُن لوگون سے لڑو جو تم سے لڑین اور

تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ○ وَاقْتُلُوهُمْ

زیادتی نہ کرو بیشک اللہ زیادتی کرنیوالون کو دوست نہین رکھتا اور جہان تم اُنکو

حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُمْ مِنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ
پاؤ قتل کردو اور جہاں سے انہوں نے تمکو نکالا تھا تم (بھی) انکو وہاں سے نکالدو
وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقَاتِلُوهُمْ عِنْدَ
اور کفر خونریزی سے بڑھکر ہے اور مسجد الحرام کے پاس اُنسے
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتَّىٰ يُقَاتِلُوكُمْ فِيهِ ۖ فَإِنْ قَاتَلُوكُمْ
نہ لڑو جبتک کہ وہ اُس جگہ تم سے نہ لڑیں پھر اگر وہ تمسے لڑیں تو تم (بھی)
فَاقْتُلُوهُمْ ۗ كَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ ۝ فَإِنِ انْتَهَوْا
اُنکو قتل کرڈالو کافروں کی سزا یہی ہے پھر اگر وہ باز آجائیں
فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ
تو اللہ بڑا بخشنے والا (اور) مہربان ہے اور اُنسے لڑائی یہانتک کرو کہ کفر باقی نہ
فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِلَّهِ ۖ فَإِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ
رہے اور دین صرف خدا کا ہوجائے پھر اگر وہ باز آئیں تو سوائے
إِلَّا عَلَى الظَّالِمِينَ ۝ الشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ
ظالموں کے کسی اور پر زیادتی نہو گی محترم مہینوں کا معاوضہ محترم مہینے
وَالْحُرُمَاتُ قِصَاصٌ ۚ فَمَنِ اعْتَدَىٰ عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوا
اور احترام والی چیزوں کا اسی طرح بدلہ (مقرر) ہے پھر جو شخص تمپر زیادتی کرے تو ویسی ہی زیادتی
عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدَىٰ عَلَيْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا
تم بھی اُسپر کرو جیسی زیادتی اُسنے تمپر کی ہے اور اللہ سے ڈرو اور آگاہ رہو
أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ۝ وَأَنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا
کہ اللہ پرہیزگاروں کا ساتھی ہے اور راہ خدا میں خرچ کرو اور
تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَأَحْسِنُوا ۛ إِنَّ اللَّهَ
اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو اور احسان کرو بیشک اللہ

يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلَّهِ ۚ فَإِنْ
احسان کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے اور خاص خدا کے لئے حج اور عمرہ پورا کرو پھر اگر
أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۖ وَلَا تَحْلِقُوا
تم محصور ہو جاؤ تو قربانی جو میسر آجائے اور جبتک قربانی اپنے
رُءُوسَكُمْ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ ۚ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ
حلال ہونیکی جگہ نہ پہنچ جائے اپنے سر نہ منڈواؤ پھر جو شخص تم میں سے
مَرِيضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِنْ رَأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ
بیمار ہو یا اسکے سر میں کسی قسم کی تکلیف ہو تو اسکا بدلہ روزے
أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ ۚ فَإِذَا أَمِنْتُمْ ۖ فَمَنْ تَمَتَّعَ
یا خیرات یا قربانی ہے پھر جب تم امن پاؤ پس جو شخص
بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ
عمرہ کو حج سے ملا کر فائدہ اٹھانا چاہے تو قربانی جو میسر آجائے (کردے) اور جسکو
لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ إِذَا
میسر نہو پس حج کے دنوں میں تین دن کے روزے رکھے اور جب تم
رَجَعْتُمْ ۗ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ۗ ذَٰلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ
واپس آجاؤ تو سات دن کے یہ سب ملکر دس ہوئے یہ (حکم) اس شخص کے لئے ہے جسکے
أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا
اہل وعیال مکہ میں نہوں اور اللہ سے ڈرو اور آگاہ رہو
أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَعْلُومَاتٌ ۚ
کہ اللہ سخت عذاب دینے والا ہے حج کے (چند) مہینے ہیں جو معلوم ہیں
فَمَنْ فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ
پس جو شخص ان میں حج بجالائے تو زمانۂ حج میں نہ جماع کرے نہ نافرمانی نہ لڑائی

ع ۱۲ ۸

فِي الْحَجِّ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ۗ وَتَزَوَّدُوا

جھگڑے اور جو نیکی تم کروگے وہ اللہ کو معلوم ہے اور زاد راہ بہم پہنچا لو

فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُونِ يٰٓأُولِي الْأَلْبَابِ ۝

بیشک سب سے بہتر زاد راہ تقوے ہے اور اے صاحبان عقل مجھے ڈرتے رہو

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَبْتَغُوا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ۗ

اس مین تمپر کچھ الزام نہین ہے کہ تم اپنے رب سے فضل کے خواستگار ہو

فَإِذَا أَفَضْتُم مِّنْ عَرَفَاتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِندَ الْمَشْعَرِ

پھر جب تم عرفات سے چلو تو مشعر الحرام کے قریب اللہ کو یاد

الْحَرَامِ ۖ وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَإِن كُنتُم مِّن

کرو اور اُسکی یاد اُسطرح کرو جسطرح اُسنے تمکو بتا دیا ہے اور ضرور تم

قَبْلِهِ لَمِنَ الضَّالِّينَ ۝ ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ

پہلے اس سے گمراہون مین سے تھے پھر اُسی راستے سے چلو جس سے اور لوگ

النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

چلین اور اللہ سے مغفرت طلب کرتے رہو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے

فَإِذَا قَضَيْتُم مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ

پھر جب تم مناسک حج پورے کرچکو تو اللہ کو اُسی طرح یاد کرو جس طرح اپنے

آبَاءَكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْرًا ۗ فَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ رَبَّنَا

باپ دادا اُون کو یاد کرتے ہو یا اس سے بھی زیادہ پس لوگون مین سے بعض ایسے ہین جو کہتے ہین کہ اے ہمارے

آتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۝ وَ

پروردگار ہمکو دنیا ہی مین دیدے اور آخرت مین اُسکا کچھ حصہ نہین ہے اور

مِنْهُم مَّن يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ

اُن مین سے بعض ایسے ہین جو کہتے ہین کہ اے ہمارے پروردگار ہمین دنیا کی بھی خیر وخوبی دے اور آخرت کی بھی

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ

خیر و خوبی عطا کر اور عذاب دوزخ سے ہمین بچالے أن لوگون کے لئے اُس مین

نَصِيبٌ مِّمَّا كَسَبُوا ۭ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝

جو کچھ اُنہون نے کیا ہے حصّہ ہے اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ تَعَجَّلَ

اور گنتی کے دنون مین ذکر خدا کرو پھر جو شخص دو ہی

فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ

دن مین (منے سے) چل کھڑا ہو تو اُسکے ذمہ کچھ گناہ نہین ہے اور جو شخص ٹھہرا رہے تو اُسپر بھی کوئی گناہ نہین ہے

عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ

(یہ بھی) اُسکے لئے ہے) جو پرہیزگار ہو اور خدا سے ڈرتے رہو اور یقین لو کہ تم اُسکی حضور مین

اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ

ضرور حاضر کئے جاؤ گے اور لوگون مین ایسا بھی ہے جسکی باتین زندگانی دنیا مین تمکو

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰي مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ

اچھی معلوم ہوتی ہین اور جو کچھ اُسکے دل مین ہے اُسپر خدا کو گواہ بناتا ہے

وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ۝ وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ

حالانکہ وہ دشمنون مین سب سے زیادہ جھگڑالو ہے اور جب پیٹھ پھیرے تو یہ کوشش کرتا ہے کہ زمین مین

لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۭ وَاللّٰهُ

فساد برپا کرے اور زراعت کو اور نسل کو برباد کردے حالانکہ اللہ

لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ

فساد کو پسند نہین کرتا اور جب اُس سے یہ کہا جاتا ہے کہ تو خدا سے ڈر تو گناہ

الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

کرنیکی بیہودگی اُسکے دل مین سما جاتی ہے پس اُسکے لئے جہنم کافی ہے اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے

نصف

نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا

مدد کب آئیگی (اور ہماری طرف سے کہا گیا کہ) خبردار ہو جاؤ اللہ کی مدد اب آئی۔ لوگ تمسے دریافت کرتے ہیں کہ

يُنْفِقُوْنَ ؕ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ

راہ خدا میں کیا خرچ کریں آپنے کہدو کہ مال میں سے جو کچھ بھی تم خرچ کرو تو والدین کے لئے

وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ

اور قریب کے رشتہ داروں کے لئے اور یتیموں کے لئے اور محتاجوں کے لئے اور مسافروں کے لئے

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ كُتِبَ

اور جو نیکی بھی تم کروگے اسکا علم خدا کو یقیناً ہے تم پر جہاد

عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا

واجب کیا گیا ہے حالانکہ وہ تمکو ناگوار ہے اور شاید ایک چیز تمکو ناگوار

شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ

ہو اور وہ تمہارے لئے اچھی ہو اور عجب نہیں کہ ایک چیز کو تم پسند کرتے ہو اور وہ

شَرٌّ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ يَسْـَٔلُوْنَكَ ع ۲۶ ۱۰

تمہارے لئے بُری ہو حالانکہ اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے محترم مہینے میں

عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ؕ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ؕ

جنگ کرنے کے متعلق تم سے دریافت کرتے ہیں کہدو کہ اسمیں جنگ کرنا بڑا گناہ ہے

وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۙ

اور راہ خدا سے روکنا اور (خود) خدا کا انکار کرنا اور مسجد الحرام سے روکنا

وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ

اور اسکے اہل کو اس سے نکالدینا خدا کے نزدیک زیادہ بڑا گناہ ہے اور فساد برپا کرنا

مِنَ الْقَتْلِ ؕ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ

خونریزی سے بڑھکر ہے اور وہ (کفار) تم سے برابر لڑتے رہینگے یہانتک کہ انکا بس چلے تو

عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ۭ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ

تمکو تمہارے دین سے ہٹادین اور جو تم مین سے اپنے دین سے

عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ

پھر جائیگا اور کفر کی حالت مین مرجائیگا تو ایسے لوگون کے

اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ

اعمال دنیا و آخرت مین اکارت ہوجائینگے اور یہی جہنمی

النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ہین جسمین وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہینگے بیشک جو لوگ ایمان لائے

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ

اور جنہون نے ہجرت کی اور راہ خدا مین جہاد کئے وہی رحمت خدا کے

يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يَسْـَٔـلُوْنَكَ

امیدوار ہین اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے لوگ تم سے

عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۭ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ

شراب اور قمار بازی کے بارے مین دریافت کرتے ہین تم کہدو کہ ان دونون مین بڑا گناہ ہے اور لوگون کے

لِلنَّاسِ ۡ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ۭ وَيَسْـَٔـلُوْنَكَ مَاذَا

کچھ فائدے بھی ہین حالانکہ ان دونون کا گناہ انکے فائدہ سے بڑھکر ہے اور تم سے دریافت کرتے ہین کہ

يُنْفِقُوْنَ ۡ قُلِ الْعَفْوَ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ

خرچ کسقدر کرین تم کہدو کہ جو تمہاری ضرورت سے زائد ہو اسطرح اللہ تمہارے لئے احکام کھولکر

لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَ

بیان کرتا ہے تاکہ تم غور و فکر کرو دنیا کے بارے مین (بھی) اور آخرت کے بارے مین (بھی) اور

يَسْـَٔـلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ۭ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ۭ وَاِنْ

لوگ تم سے یتیمون کے بارے مین دریافت کرتے ہین تم کہدو کہ انکی (حالت کی) اصلاح کرنا بہتر ہے اور اگر

تُخَالِطُوهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ۚ

اسکا خرچ ملا کر کرو تو وہ تمہارے بھائی ہین اور اللہ فساد کرنیوالے کو اصلاح کرنیوالے سے (علیحدہ) جانتا ہے

وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَأَعْنَتَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ وَلَا

اور اگر اللہ چاہتا تو تمپر سختی کرتا بیشک اللہ زبردست اور حکمت والا ہے اور

تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتَّىٰ يُؤْمِنَّ ۚ وَلَأَمَةٌ مُؤْمِنَةٌ خَيْرٌ

مشرک عورتون سے جبتک وہ ایمان نہ لائین نکاح نہ کرو حالانکہ ایمان والی لونڈی مشرک بی بی سے

مِنْ مُشْرِكَةٍ وَلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِينَ حَتَّىٰ

بہتر ہے گو وہ (بی بی) تمکو کتنی ہی اچھی معلوم ہوتی ہو اور مشرک جبتک ایمان نہ لے آئین انکے نکاح مین

يُؤْمِنُوا ۚ وَلَعَبْدٌ مُؤْمِنٌ خَيْرٌ مِنْ مُشْرِكٍ وَلَوْ أَعْجَبَكُمْ

(مسلم عورتین) نہ دو کیونکہ مومن غلام (آزاد) مشرک سے بہتر ہے گو وہ (مشرک) تمکو اچھا ہی معلوم ہو

أُولَٰئِكَ يَدْعُونَ إِلَى النَّارِ ۖ وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَى الْجَنَّةِ

وہ تمکو جہنم کی طرف بلاتے ہین اور اللہ اپنے حکم سے جنت

وَالْمَغْفِرَةِ بِإِذْنِهِ ۖ وَيُبَيِّنُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ

اور مغفرت کی طرف بلاتا ہے اور لوگون کے لئے اپنے احکام کھو کر بیان کرتا ہے تاکہ

يَتَذَكَّرُونَ ۝ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ ۖ قُلْ هُوَ أَذًى ع ۲۷ ۵ ۱۱

وہ نصیحت حاصل کرین اور لوگ تجھسے حیض کے بارے مین دریافت کرتے ہین تم کہدو کہ وہ ایک نجاست

فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّىٰ

ہے پس تم زمانہ حیض مین عورتون سے الگ رہو اور جب تک وہ پاک نہو جائین انکے پاس

يَطْهُرْنَ ۖ فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ

نہ جاؤ پھر جب وہ غسل کرلین تو جدھر سے خدا نے تمہین حکم دیا ہے انکے پاس

اللَّهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ۝

آؤ بیشک اللہ توبہ کرنیوالون اور طہارت کرنیوالون کو دوست رکھتا ہے

نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنّٰى شِئْتُمْ وَقَدِّمُوا

تمہاری عورتین تمہاری کھیتیان ہین پس اپنی کھیتی مین جسطرح جی چاہے آؤ اور اپنے لئے

لِأَنْفُسِكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ مُّلٰقُوهُ وَبَشِّرِ

نیک اعمال بھیجتے رہو اور اللہ سے ڈرو اور یہ جان لو کہ تمہین اُسکی حضور مین ضرور حاضر ہونا ہی اور مومنونکو

الْمُؤْمِنِينَ ○ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّأَيْمَانِكُمْ

خوشخبری سناتے رہو اور خدایتعالے کو اپنی فضول قسمون کے ذریعہ سے اس بات کی روک

أَنْ تَبَرُّوا وَتَتَّقُوا وَتُصْلِحُوا بَيْنَ النَّاسِ وَاللّٰهُ

نہ قرار دو کہ تم نیکی کرنے۔ پرہیزگاری برتنے اور لوگون کے مابین صلح کرانے سے باز رہو اور اللہ

سَمِيعٌ عَلِيمٌ ○ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ

(سب کچھ) سننے والا جاننے والا ہے تمہاری قسمون مین جو لغو ہونگی اُنکے بارے مین خدا تمسے مواخذہ نکریگا

وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوبُكُمْ وَاللّٰهُ غَفُورٌ

بلکہ وہ اُنپر مواخذہ کریگا جو تمہارے (بد) اعمال ارادۃً ہونگے اور اللہ بخشنے والا (اور)

حَلِيمٌ ○ لِلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ

بُردبار ہے جو لوگ اپنی ازواج کے پاس نہ جانے کی قسم کھالین اُنکو چار مہینے کی

أَشْهُرٍ فَإِنْ فَآءُو فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ○ وَإِنْ

مہلت ہے پھر اگر رجوع کرلین تو اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور اگر

عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَإِنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ○ وَالْمُطَلَّقٰتُ

طلاق کا پختہ ارادہ کرلین تو اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے اور جن عورتون کو

يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوٓءٍ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أَنْ

طلاق دیگئی ہے وہ اپنے آپے کو تین طہر تک روکین اور یہ اُنکے لئے ہرگز جائز نہین ہی

يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي أَرْحَامِهِنَّ إِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ

کہ خدا نے اُنکے رحم مین جو کچھ پیدا کیا ہو اُسکو چھپائین بشرطیکہ وہ خدا اور قیامت کے

تین ماہ ہین اور اُس عورت کا عدہ جسے مقررہ طور پر حیض آتا ہو تین قرء ہے اور قرء اُس مدت کو کہتے ہین جو دو حیضون کے مابین خون جمع ہونے مین صرف ہو ۱۲

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
دن پر ایمان رکھتی ہون اور اس مدت مین اُنکے شوہر اگر سازگاری کا ارادہ کرین تو اُن کو
اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ۭ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ
واپس لینے کے زیادہ مستحق ہین اور اُن (عورتون) کا حق نیکی کے بارے مین (مردون کے ذمے)
بِالْمَعْرُوْفِ ۠ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ
ویسا ہی ہے جیسا کہ اُن (مردون) کا عورتون کے ذمہ اور مردونکو اُنپر ایک درجہ فضیلت ہے اور اللہ زبردست (اور)
حَكِيْمٌ ۝ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۠ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ ع ۲۸ ۱۲
حکمت والا ہے طلاق (رجعی) دو مرتبہ ہے اسکے بعد یا تو نیکی کے ساتھ روک لینا ہے یا
تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ۭ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ
سلوک کے ساتھ رخصت کر دینا اور یہ تمہارے (مردون کے) لئے حلال نہین ہے کہ جو کچھ تم اُنہین
شَيْـــًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ
دیچکے ہو اُس مین سے کچھ واپس لیلو سوائے اس صورت کے کہ دونو کو اس بات کا خوف ہو کہ (دونو)
خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا
حدود خدا پر قائم نہ رہ سکینگے پھر اگر تمکو اسکا خوف ہو کہ طرفین حدود خدا پر قائم نہ رہینگے اور
افْتَدَتْ بِهٖ ۭ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ
عورت کچھ فدیہ دیدے تو اسمین دونون پر کچھ الزام نہین یہ اللہ کی حدود ہین پس اُنسے تجاوز نہ کرو
وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝
اور جو اللہ کے حدود سے تجاوز کرینگے وہی لوگ تو ظالم ہین
فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا
پھر اگر عورت کو (تیسری) طلاق دیدے تو وہ اُس (مرد) کے لئے حلال نہوگی جبتک کہ اُسکے سوا
غَيْرَهٗ ۭ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ
ایکاور شوہر سے نکاح نہ کرلے پھر اگر دوسرا شوہر (بخوشی) طلاق دیدے اور اُن دونو کا (بھی) یہ خیال ہو کہ خدا کی حدون پر

إِنْ ظَنَّآ أَن يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ ۚ وَتِلْكَ حُدُودُ
قائم رہینگے اور ایک دوسرے کی طرف رجوع کرلین تو دونون کے ذمے کوئی الزام نہین اور خدا اپنی یہ حدین اُن
اللَّهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ ٢٣٠ وَإِذَا طَلَّقْتُمُ
لوگون کے لئے بیان کرتا ہے جو سمجھ رکھتے ہین اور جب تم نے عورتون کو طلاق
النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ
دیدی اور وہ اپنے عدہ کے (ختم کے) قریب جا پہنچین تو دستور کے موافق یا نیکی کے ساتھ انہین روک لو
أَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ ۚ وَلَا تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَارًا
یا نیکی کے ساتھ انکو چلتا کردو اور انکا روکنا نقصان پہنچانے کی نیت
لِّتَعْتَدُوا ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ ۚ
سے نہو اور جو ایسا کریگا وہ اپنی جان پر ظلم توڑیگا
وَلَا تَتَّخِذُوٓا آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا ۚ وَاذْكُرُوا
اور خدا کی آیتون کو ہنسی کھیل نہ بناؤ اور اللہ کی نعمت جو
نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّنَ الْكِتَٰبِ
تمپر ہے اُسکو بھی یاد کرتے رہو اور اُسے بھی جو کچھ کتاب و حکمت مین سے اُسنے تمپر
وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُم بِهِ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوٓا أَنَّ
نازل کیا ہے کہ اُسکے ذریعہ سے تمکو نصیحت کرے اور اللہ سے ڈرو اور یہ سمجھو کہ
اللَّهَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيمٌ ۝ ٢٣١ وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ
اللہ ہر شے کا علم رکھتا ہے اور جب عورتون کو طلاق دیچکو اور وہ
فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ أَن يَنكِحْنَ
اپنا عدہ پورا کرچکین تو انکو اور شوہرون کے ساتھ نکاح کرنے سے جبکہ
أَزْوَٰجَهُنَّ إِذَا تَرَٰضَوْا بَيْنَهُم بِالْمَعْرُوفِ ۗ ذَٰلِكَ
وہ نیکی کے ساتھ آپس مین رضامند ہوجائین باز نہ رکھو تم مین سے

يُوعَظُ بِهِ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ
جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لایا ہے اُسکو اسکے ذریعہ سے نصیحت کیجاتی ہے
ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ
یہ تمہارے لئے بڑے نفع کی اور گناہون سے پاک کرنیکی بات ہے حالانکہ اللہ جانتا ہے اور تم کچھ
لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ
نہین جانتے اور مائین اپنے بچون کو
حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ ؕ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ
اُسکی خاطر سے جو دودھ پلانے کی مدت پوری کرنا چاہے پورے دو برس دودھ پلائین
وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ
اور اُن (دودھ پلانیوالی عورتون) کا کھانا کپڑا دستور کے موافق بچے والے کے ذمے ہے
لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ
کسی شخص کو اُسکی وسعت سے زیادہ تکلیف نہ دیجائے نہ ماں کو اُسکے بچے کے سبب سے ضرر
بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۚ وَعَلَى الْوَارِثِ
پہنچایا جائے اور نہ باپ کو اُسکے بچے کی وجہ سے ضرر پہنچایا جائے اور باپ کے قایم مقام کے ذمے
مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا
(بھی) اسی طرح ہے پھر اگر دونون (باپ اور مان) کی مرضی اور آپس کے
وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ؕ وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ
مشورے سے دودھ چھڑا لینا چاہین تو دونون پر کوئی الزام نہین ہے اور اگر تمہارا یہ ارادہ ہو کہ
تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا
تم اپنے بچون کو کسی دایہ سے دودھ پلواؤ تو بھی تمپر کوئی الزام نہین ہے بشرطیکہ تم سلوک کے طور پر
سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا
جو کچھ دایہ کو دینے ہو اتنا ہی مان کے حوالے بھی کردو اور اللہ سے ڈرو اور یہ جان لو کہ

اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ

جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُسے دیکھ رہا ہے اور جو لوگ تم مین سے

مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ

مرجائین اور ازواج چھوڑجائین تو وہ عورتین چار مہینے دس دن

اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

اپنے آپے کو روکین اور جب وہ اپنا عدہ پورا کرلین

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ

تو جائز طور پر اپنے بارے مین جو کچھ وہ کرین اسمین تمپر کوئی الزام نہین ہے

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اُس سے خبردار ہے اور اس باب مین تمپر کوئی الزام نہین ہے

فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاۗءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ

کہ اِن (عدہ والی) عورتون کو کنایہ کے طور پر پیام دو یا اس خیال کو اپنے دل مین

اَنْفُسِكُمْ ۭ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ

چھپائے رکھو اللہ جانتا ہے کہ عنقریب تم اُنکو یاد کروگے لیکن

لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۬

پوشیدہ طور پر اُنسے مرد وعدے نہ لو سوا اسکے کہ اُنسے (کنایہ کے طور پر) نیک بات کہو

وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ

اور جب تک عدہ پورا نہو جائے نکاح کا قصد

اَجَلَهٗ ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ

نہ کرنا اور یہ سمجھ لو کہ جو کچھ تمہارے دلون مین ہے اللہ اُسے جانتا ہے

فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝

پس اُس سے ڈرتے رہو اور یہ (بھی) جان لو کہ اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بردبار ہے

لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ
اگر تم اُن عورتون کو چھوڑ دو جن کے پاس تم نہین گئے
أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً ۖ وَمَتِّعُوهُنَّ ۚ عَلَى
یا جنکا تمنے کوئی مہر نہین مقرر کیا ہو تو تمپر کوئی الزام نہین ہے البتہ اُنکو نیکی کے طور پر کچھ نفع پہنچا دو
الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ ۚ مَتَاعًا
(یہ نفع پہنچانا) صاحب مقدور پر اُسکی حیثیت کے موافق لازم ہے اور مفلس پر اُسکی
بِالْمَعْرُوفِ ۖ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ ۝ وَإِنْ
حیثیت کے مطابق نیکوکارون پر یہ بھی ایک حق ہے اور اگر
طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ
اُنکے پاس جانے سے پہلے طلاق دیدو جس حالت مین کہ اُنکا مہر تم مقرر کر چکے تھے تو جو کچھ
لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ إِلَّا أَنْ يَعْفُونَ
تمنے مقرر کیا تھا اُسکا نصف (تمہارے ذمے ہے) سوائے اسکے کہ وہ (عورتین)
أَوْ يَعْفُوَ الَّذِي بِيَدِهِ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۚ وَأَنْ
معاف کردین یا وہ معاف کردے جسکے ہاتھ نکاح کا اختیار تھا اور اگر
تَعْفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۚ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۚ
تم معاف کردو تو (یہ) پرہیزگاری سے زیادہ قریب ہے اور آپس مین بڑائی حاصل کرنیکو نہ بھولو
إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ
بیشک جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُسکا دیکھنے والا ہے کل نمازون کی محافظت کرو
وَالصَّلَاةِ الْوُسْطَىٰ ۖ وَقُومُوا لِلَّهِ قَانِتِينَ ۝ فَإِنْ
خاصکر نماز وسطےٰ کی اور خدا کی حضور مین کھڑے ہوے قنوت پڑھو پھر اگر تمکو
خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا ۖ فَإِذَا أَمِنْتُمْ
خوف ہو تو پیدل چلتے یا سواری کی حالت مین (ادا کرلو) پھر جب تمکو اطمینان ہو تو

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ○

اللہ کی یاد اسطرح کرو جسطرح اُسنے وہ چیزین تم کو تعلیم کی ہین جو تم پہلے نہین جانتے تھے

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۚ

اور تم مین سے جو لوگ مرنے کے لگ بھگ ہون اور بیویان چھوڑین تو (اُنہین لازم ہے کہ)

وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ

اُنکو ایک سال تک نان ونفقہ دینے اور (گھر سے) نہ نکالنے کی (ورثہ کو) وصیت کر دین

فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْ

پھر اگر وہ (عورتین خود بخود) نکلجائین تو جو کچھ نیکی کے ساتھ اپنے بارے مین کرلین اُسمین

اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○

تمہارے ذمے کوئی الزام نہین ہے اور اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے

وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌ ۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى

اور جنکو طلاق دی گئی ہے اُنھین بھی نیکی کے ساتھ نفع پہنچانا پرہیزگارون کے ذمے

الْمُتَّقِيْنَ ○ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ

ایک حق ہے اسی طرح خدا تعالےٰ اپنے احکام تمھارے لئے کھولکر بیان کرتا ہے

تَعْقِلُوْنَ ○ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ ع ۱۵ ۳۱

تاکہ تم سمجھ لو کیا تمنے اُن لوگون کو نہین دیکھا جو موت کے ڈر سے اپنے گھرون سے نکل گئے تھے

وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ

اور وہ ہزارون (ہی) تھے پس خدا نے اُنسے فرمایا (کہ) مرجاؤ پھر

اَحْيَاهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ

اُنکو زندہ کردیا بیشک اللہ لوگون پر فضل کرنیوالا ہے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ○ وَقَاتِلُوْا

ولیکن بہت سے لوگ شکر نہین کرتے اور راہ خدا مین

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ مَنْ
لڑو اور یہ سمجھ لو کہ اللہ (سب کچھ) سنتا جانتا ہے وہ
ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ
کون ہے جو اللہ کو اچھا قرض دے کہ خدا اسکو اسکے لئے
اَضْعَافًا كَثِيرَةً ۭ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ ۠ وَاِلَيْهِ
بے انتہا بڑھا دے اور اللہ تنگدست بھی کرتا ہے اور فراخی بھی دیتا ہے اور اسی کی طرف
تُرْجَعُوْنَ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ
تمہاری بازگشت ہوگی کیا تم نے موسےٰ کے بعد والے بنی اسرائیل کے ایک گروہ کی حالت
مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ
پر نظر نہیں ڈالی جبکہ انہوں نے اپنے پیغمبر سے یہ کہا کہ ہمارے لئے ایک
لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ
بادشاہ مقرر کر دیجئے کہ ہم راہ خدا میں لڑیں (اس پیغمبر نے) فرمایا کہ ایسا نہو کہ
اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ۭ قَالُوْا وَمَا
اگر جہاد تم پر واجب کیا جائے (تو) پھر تم نہ لڑو وہ بولے کہ جب
لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ
ہم اپنے گھروں سے نکالے گئے اور اپنے بچوں سے الگ کئے گئے تو
دِيَارِنَا وَاَبْنَاۗىِٕنَا ۭ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا
اب ہمیں کیا ہے جو راہ خدا میں نہ لڑینگے پھر جب اُنپر جہاد واجب کیا گیا تو وہاں میں سے سوائے
اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝ وَقَالَ
چند کے سب ہی پھر گئے اور اللہ ظالموں سے (خوب) واقف ہے اور (جب) انکے
لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ۭ
نبی نے انسے کہا کہ اللہ نے طالوت کو تمہارے لئے بادشاہ مقرر کیا ہے

قَالُوْٓا اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ

تو کہنے لگے کہ اسکو ہمپر حکومت کہان سے ہوسکتی ہے حالانکہ ہم حکومت کے

بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ

اس سے زیادہ سزاوار ہین اسکو کشائش مال تو دی ہی نہین گئی ہے (نبی نے) فرمایا کہ بیشک

اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِى الْعِلْمِ

اللہ نے اسکو تمپر بزرگی دی ہے اور اُسے علم اور جسم مین

وَالْجِسْمِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤْتِىْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ

زیادہ کیا ہے اور اللہ اپنی حکومت جسے چاہے عنایت فرمائے اور اللہ صاحب وسعت و

عَلِيْمٌ ۝ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ

علم ہے اور اُنکے نبی نے اُنسے (یہ بھی) کہا کہ اُسکے بادشاہ ہونے کی نشانی یہ ہے کہ

يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ

تمہارے پاس وہ صندوق آجائیگا جس مین تمہارے رب کا سکینہ اور آل موسےٰ

مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ

اور آل ہارون کے ترکے کا بقیہ موجود ہے فرشتے اُسے اُٹھائے ہوے ہونگے

اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ فَلَمَّا

اگر تم مومن ہو تو اسی مین تمہارے لئے نشانی (موجود) ہے پھر جس وقت

فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ

طالوت فوجین لیکر چلا تو اُسنے کہدیا کہ اللہ تعالےٰ ایک دریا سے تمہاری آزمائش کریگا

فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّىْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ

جو اُس مین سے پی لیگا وہ تو میرا نہین ہے اور جو اُسے نہ چکھیگا پس وہ یقیناً

مِنِّىْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ

میرا ہے سواے اسکے کہ ایک چلو بھر اپنے ہاتھ سے لیلے پس اُنمین سے سواے معدودے چند کے

۳۲ ع ۶ ۱۶

إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ فَلَمَّا جَاوَزَهُ هُوَ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ

سب ہی نے تو پیا پھر جب وہ اور اُسکے ایماندار ساتھی اُس (دریا) کو عبور

قَالُوا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ ۚ قَالَ الَّذِينَ

کرگئے تو اُنہون نے کہدیا کہ آج تو ہم مین جالوت اور اُسکی فوجون کے مقابلہ کا دم ہے نہین اور جنکو

يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلَاقُو اللَّهِ كَم مِّن فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً

یقین تھا کہ ہمکو خدا کے سامنے جانا ہے اُنہون نے کہا کہ بہت سے چھوٹے (چھوٹے) گروہ بڑے (بڑے) گروہون پر

كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ مَعَ الصَّابِرِينَ ۝ وَلَمَّا

خدا کے حکم سے غالب آگئے ہین اور اللہ صبر کرنیوالون کے ساتھ ہے اور جسوقت

بَرَزُوا لِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ قَالُوا رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا

وہ (لوگ) جالوت اور اُسکے لشکر کو لیکر لڑنے نکلے تو اُنہون نے عرض کی (کہ) اے ہمارے پروردگار

صَبْرًا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝

ہمکو پورا صبر عنایت فرما اور ہمارے قدم جمے رکھ اور اس کافر قوم کے برخلاف ہماری امداد فرما

فَهَزَمُوهُم بِإِذْنِ اللَّهِ ۙ وَقَتَلَ دَاوُودُ جَالُوتَ وَ

پھر اُنہون نے اللہ کے حکم سے اُن دشمنو کو شکست دیدی اور داؤدؑ نے جالوت کو قتل کردیا اور

آتَاهُ اللَّهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهُ مِمَّا يَشَاءُ ۗ وَلَوْلَا

اُن (داؤدؑ) کو خدا نے سلطنت اور حکمت عطا فرمائی اور جو کچھ مناسب سمجھا تعلیم فرمادیا اور اگر

دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْأَرْضُ

خدا بعض آدمیون کو بعض کے ذریعہ سے دفع نہ کرتا رہے تو روے زمین پر فساد پھیل جائے

وَلَٰكِنَّ اللَّهَ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝ تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ

ولیکن اللہ کل عالمون پر فضل کرنیوالا ہے یہ اللہ کی برحق آیتین ہین

نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۖ وَإِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝

جو ہم تمکو پڑھکر سناتے ہین اور بیشک تم رسولون مین سے ہو

الجزء الثالث

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ

اِن رسولوں میں سے بعض کو ہمنے بعض پر فضیلت دی

مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَ

اِن میں سے ایسے بھی ہیں جنسے خدانے کلام کیا اور بعض کے درجے بڑھائے اور

صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى

اور ہر مومن کے لئے نصیحت ہو پس تم (تکذیب وایذا کے خوف سے) اس سے

آیاتها ٢٠٦ | رکوعاتها ٢٤ | کلماتها ٣٣٨٧ | حروفها ١٤٦٣٥

لِلْمُؤْمِنِينَ ○ اِتَّبِعُوا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ

دلتنگ نہو (اے بندو) جو کچھ تمھارے رب کے پاس سے تمھاری طرف نازل کیا گیا ہے

وَلَا تَتَّبِعُوا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ○

اُسکی پیروی کرو اور خدا کو چھوڑکر اور یارون کی پیروی نہ کرو تم بہت کم نصیحت پکڑتے ہو

وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَاۗءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ

اور کتنی بستیون کو ہم ہلاک کرچکے ہین پس ہمارے عذاب اُنکو راتون رات آلیا تھا یا دن مین جبکہ

قَاۗىِٕلُوْنَ ○ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَاۗءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ

وہ قیلولہ مین تھے پھر جسوقت اُنپر ہمارا عذاب آیا تو اُنکی واویلا اسکے سوا کچھ بھی نہ تھی کہ

اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ○ فَلَنَسْـَٔــلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ

اسکے قائل ہوگئے کہ بیشک ہم ظالم تھے پس ہم اُنسے بھی ضرور باز پرس کرینگے جنکی طرف رسول

اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔــلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ○ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ

بھیجے گئے تھے اور رسولون سے بھی ضرور ہم باز پرس کرینگے اور ہم علم کے ساتھ اُنسے بیان کرینگے (کیونکہ)

وَّمَا كُنَّا غَاۗىِٕبِيْنَ ○ وَالْوَزْنُ يَوْمَىِٕذِۨ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ

ہم غائب تو تھے ہی نہین اور اُس دن کی تول برحق ہے پس جسکی

ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ وَمَنْ

نیکیان بھاری ہوگئین وہی تو کامیاب ہین اور جسکی

خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

نیکیان ہلکی ہوگئین وہ وہی ہین جنھون نے ہماری نشانیون پر ظلم کرنیکے

بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ○ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي

سبب اپنے آپ کو نقصان پہنچایا اور بیشک ہمنے تمکو زمین مین

الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا

قابو دیا اور اُس مین تمھارے واسطے سامان زندگی مقرر کیا تم بہت کم

مَّا تَشْكُرُونَ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ
شکر کرتے ہو اور بیشک ہمنے تمکو پیدا کیا پھر تمھاری صورت بنادی پھر
قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ
ہمنے فرشتون سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو پس سوا ابلیس کے سبھی نے
اِبْلِيْسَ ۭ لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝ قَالَ مَا مَنَعَكَ
سجدہ کیا (وہ) سجدہ کرنے والون مین سے نہ تھا (پروردگار نے) فرمایا کہ جب مین نے تجھکو
اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ۭ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِيْ
حکم دیا تو پھر سجدہ کرنے سے تجھے کس چیز نے روکا (اسنے) عرض کی مین آدم سے بہتر ہون مجھکو تونے
مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا
آگ سے پیدا کیا ہے اور اُنکو مٹی سے (خدا تعالےٰ نے) فرمایا اُتر یہان سے تیری یہ
فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ
نہین لیاقت نہین ہے کہ تو یہان تکبر کرے پس نکل جا بے شک تو ذلیلون مین
الصّٰغِرِيْنَ ۝ قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝ قَالَ
سے ہے اُسنے عرض کی کہ جسدن لوگ محشور کئے جائینگے اُسدن تک مجھے مہلت عطا فرما فرمایا
اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۝ قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ
بیشک تو مہلت پانے والون مین سے ہے اُسنے عرض کی کہ جس طرح سے تونے مجھے ایسا حکم دیا مین بھی ضرور ان
لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ
سب کے لئے راہ راست مین (راہزنی کرنے) بیٹھون گا پھر اُنکے پاس اُنکے سامنے سے اور
اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ ۣ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ
پس پشت سے اور دائین سے اور بائین سے ضرور آؤنگا اور
شَمَاۗىِٕلِهِمْ ۭ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ۝ قَالَ اخْرُجْ
تو اُنمین سے بہت سون کو شکر گزار نہ پائے گا (خدا نے) فرمایا تو یہان سے

ع ۱۰

مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ؕ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَئَنَّ

ذلیل وخوار ہو کر نکل جا (اور) اُن مین سے جو تیری پیروی کریگا تو مین (بھی)

جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ وَيٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَ

تم سب سے ضرور جہنم بھر دونگا اور اے آدم تم اور تمھاری زوجہ جنت

زَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا ۪ وَلَا تَقْرَبَا

مین بسو اور جہان جہان اسے تمھارا جی چاہے کھاؤ اور اس درخت کے پاس

هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَوَسْوَسَ

نہ جانا ورنہ تم دونو ظالمون مین سے ہو جاؤ گے پھر شیطان نے

لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ

اُنکے دل مین وسوسہ ڈالا تاکہ اُنکے ستر جو ایک دوسرے سے پوشیدہ تھے وہ ظاہر کردے

سَّوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰىكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ

اور یہ کہا کہ تمھارے مالک نے تمکو اس درخت سے روکا نہین ہے مگر (صرف) اس لئے کہ

اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ۝

کہین تم فرشتے نہ بنجاؤ یا ہمیشہ کے رہنے والے نہو جاؤ

وَقَاسَمَهُمَآ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ۝ فَدَلّٰىهُمَا

اور اُن دونو کے سامنے قسم کھائی کہ مین ضرور تمھارے خیرخواہون مین سے ہون اور اس طرح دھوکے سے

بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا

اُنکو ڈانواڈول کردیا پھر جسوقت ہی اُن دونو نے اُس درخت (کے پھل) کو چکھا اُنکے ستر کھل گئے

وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ؕ وَ

اور وہ جنت کے پتے (جوڑ) جوڑ کے (اپنے) اپنے ستر چھپانے لگے اور

نَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ

اُنکے پروردگار نے پکار کر اُنسے کہا کیا مین نے تم دونو کو اس درخت سے منع نہ کیا تھا

وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ قَالَا
اور تمکو بچا نہ دیا تھا کہ شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے دونونے عرض کی
رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۖ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا
(کہ) اے پروردگار ہمنے اپنے اوپر ظلم کیا اور اگر تو بخش نہ دیگا اور رحم نہ کریگا تو ہم
لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ
ضرور نقصان اٹھانیوالوں میں سے ہو جائینگے فرمایا نکل جاؤ تم ایک دوسرے کے
لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِى الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّ
دشمن رہوگے اور وقت مقررہ تک زمین ہی میں تمہارے لئے جائے قرار ہے اور
مَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ۝ قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ
وہیں سرمایۂ حیات (یہ بھی) فرمایا کہ اسی میں تم جیوگے اور اسی میں مروگے
وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ۝ يٰبَنِىْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ ع ۱۵
اور اسی سے (جزاوسزا کے لئے) تم نکال کھڑے کئے جاؤگے۔ اے اولاد آدم ہمنے تم پر لباس نازل کیا
لِبَاسًا يُّوَارِىْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ۭ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ
کہ تمہاری پردہ پوشی کرے اور زینت ہو اور لباس تقوے
ذٰلِكَ خَيْرٌ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝
وہ تو سب سے بہتر ہے یہ (لباس نازل کرنا) اسکی نشانیوں سے ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں
يٰبَنِىْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ
اے اولاد آدم شیطان تمکو فتنہ میں نہ ڈالے جیسا کہ اسنے تمہارے والدین
اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا
کو جنت سے نکالا اور انکا لباس اتروادیا کہ انکے ستر
سَوْاٰتِهِمَا ۭ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ
ظاہر کردے بیشک وہ اور اسکا لشکر تمکو ایسی جگہ سے دیکھتا رہتا ہے جہاں سے تم

منزل ۲

کپڑا پہنے ہو ۱۲ ۳ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ یعنی شیطان اور اسکا لشکر ۱۲

لَا تَرَوْنَهُمْ ۭ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ لِلَّذِيْنَ

اُنکو نہین دیکھتے (مگر) ہمنے شیاطین کو اُنہی کا ہمدم مقرر کیا ہے جو

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا

ایمان نہین رکھتے اور جسوقت وہ کوئی بدی کرتے ہین تو کہتے ہین کہ ہمنے تو اپنے

عَلَيْهَآ اٰبَاۗءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ

باپ دادا کو یہی کرتے پایا ہے اور اللہ نے بھی ہمکو اسی کا حکم دیا ہے تم یہ کہدو کہ اللہ یقینًا

لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاۗءِ ۭ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ مَا

بیحیائی کی باتون کا حکم نہین دیتا کیا تم اللہ کے بر خلاف وہ کچھ کہتے ہو جو

لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۡ وَاَقِيْمُوْا

تم نہین جانتے تم کہدو کہ میرے پروردگار نے تو عدالت کا حکم دیا ہے اور یہ کہ ہر نماز

وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ

کے وقت (قبلہ کی طرف) اپنے رُخ کرو اور دین کو اُسی کے لئے خالص سمجھکر اُسے

لَهُ الدِّيْنَ ۭ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ۝ فَرِيْقًا

دعا مانگو جیسا اُسنے اوّل مین تمکو پیدا کیا تھا ویسے ہی اُسکی حضور مین پلٹ کر جاؤگے ایک گروہ کو تو

هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ۭ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا

اُسنے ہدایت کی اور ایک گروہ اس حال مین کہ اُنپر گمراہی ثابت ہو گئی بیشک اُنہون نے خدا کو

الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ

چھوڑکر شیاطین کو اپنا یار بنالیا ہے اور گمان یہ کرتے ہین کہ

اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ

ہم ہدایت یافتہ ہین اے اولاد آدم ہر نماز کے وقت زینت کرو

عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ

اور کھاؤ اور پیو اور فضول خرچی نہ کرو

برھتی ہے بال خوبصورت ہوتے ہین حاجت برآری ہوتی ہے قوت باہ بڑھتی ہے نزلہ دور ہوتا ہے اور جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ دونو رخسارون پر بوسے کو

ع ۳

إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِينَ ۝ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللَّهِ

بیشک خدا بیتحاشے فضول خرچی کرنیوالون کو دوست نہین رکھتا۔ تم کہدو کہ خدا کی زینت کو جو اُسنے

الَّتِي أَخْرَجَ لِعِبَادِهِ وَالطَّيِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ ۚ قُلْ هِيَ

اپنے بندون کے لئے پیدا کی ہے اور رزق کی پاک چیزون کو حرام کسنے کیا ہے تم کہدو کہ جو لوگ

لِلَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَوْمَ

زندگانی دنیا مین ایمان لائے ہین قیامت کے دن یہ نعمتین خاص طور پر اُنہی کے

الْقِيَامَةِ ۗ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝

لئے ہونگی سمجھنے والون کے لئے ہم اس طرح اپنی آیتون کی تفصیل کر دیتے ہین

قُلْ إِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا

تم کہدو کہ میرے رب نے بیحیائی کی باتون کو وہ کھلی ہون تو اور چھپی ہون تو

وَمَا بَطَنَ وَالْإِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَأَنْ تُشْرِكُوا

حرام کیا ہے اور گناہ کو اور ناحق کی بغاوت کو اور اس بات کو کہ تم خدا کا

بِاللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَأَنْ تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ مَا

شریک مقرر کرلو جسکے متعلق خدا نے کوئی حجت (سند) نہین اُتاری اور اس بات کو کہ خدا کے خلاف

لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۖ فَإِذَا جَاءَ

وہ کچھ کہدو جو تم نہین جانتے (حرام قرار دیا ہے) اور ہر گروہ کے لئے ایک وقت مقرر ہے پس جب اُنکا وقت آجائیگا

أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ۝

تو وہ ایک ساعت کے لئے نہ پیچھے رہینگے اور نہ آگے بڑھینگے

يَا بَنِي آدَمَ إِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِنْكُمْ يَقُصُّونَ

اے اولاد آدم تمھارے پاس تمھارے جنس رسول ضرور آئینگے جو میری آیتین تمکو پڑھکر

عَلَيْكُمْ آيَاتِي فَمَنِ اتَّقَىٰ وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

سُنائینگے پس جو تقوے اور نیکی اختیار کرینگے اُنپر نہ کوئی خوف طاری ہوگا

خدا سے عرض کرینگے جنسے مراد ہین مولوی۔ ملا۔ پیر۔ اور تفسیر مجمع البیان مین جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ یہان مراد ہین سب کے گرو گھنٹال یعنی ائمہ جور ۱۲

وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ○ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِاٰيٰتِنَا

اور نہ وہ رنج اُٹھائینگے اور جو ہماری آیتون کو جھٹلائینگے

وَاسْتَكْبَرُوا عَنْهَا اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيهَا

اور بروے تکبر اُنکو نہ مانینگے جہنمی وہی ہین جس مین وہ ہمیشہ

خٰلِدُونَ ○ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

رہنے والے ہونگے اور اُنسے زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ کے ذمہ جھوٹ بہتان باندے

اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيبُهُمْ مِّنَ

یا اُسکی آیتون کو جھٹلائے یہی وہ ہین جنکا لکھا ہوا حصہ اُنکو پہنچیگا

الْكِتٰبِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا[1] يَتَوَفَّوْنَهُمْ قَالُوٓا

یہانتک کہ جسوقت ہمارے بھیجے ہوے اُنکے پاس پہنچکر اُنکا فیصلہ کرینگے اُنسے (یہ بھی)

اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ ؕ قَالُوا ضَلُّوا

کہینگے کہ اللہ کے سوا تم جنکو پکارا کرتے تھے وہ اب کہان ہین تو وہ کہینگے کہ وہ تو ہمسے غائب

عَنَّا وَشَهِدُوا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوا كٰفِرِينَ ○

ہوگئے اور اپنی ذات کی نسبت گواہی دینگے کہ بیشک ہم کافر تھے

قَالَ ادْخُلُوا فِيٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ

(خدا تعالے) فرمائیگا کہ تم (بھی) اُنہی امتون مین داخل ہوجاؤ جو جنون اور آدمیون مین سے تم سے

وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ؕ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ[2] لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ

پہلے آتش جہنم مین جا چکین جسوقت کوئی گروہ داخل ہوگا وہ اپنے ہمجنس گروہ کو لعنت کریگا

حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوا فِيهَا جَمِيعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ[3] لِاُولٰىهُمْ

یہانتک کہ جب سب اُسمین جمع ہوجائینگے تو پچھلے پہلون کی نسبت یہ عرض کرینگے کہ

رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّونَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ؕ

اے ہمارے پروردگار ہمکو تو انہون نے گمراہ کیا پس انکو آتش جہنم کا دوگنا عذاب دے

[1] رُسُلُنَا یہان رُسُلُنَا سے مراد ملک الموت اور اُنکے اعوان ہین ۱۲ [2] كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا کافی مین جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے ایک آیت مین وارد ہے کہ عذاب کی سختی دیکھکر ایک گروہ دوسرے سے تبرا کریگا اور ایک دوسرے پر لعنت کریگا اور ایک دوسرے سے جھگڑنا چاہیگا حالانکہ وہ نہ جھگڑنیکا وقت ہوگا نہ کہے سننے کا نہ معذرت قبول کرنیکا اور نہ نجات پالینے کا ۱۲

قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ○ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ
(خدا یتعالےٰ) فرمائیگا کہ ہر ایک کے لئے دوگنا (لو) لیکن تم سمجھتے ہی نہین اور پہلے پچھلون سے
لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا
یہ کہینگے کہ اب تمکو ہمپر کیا فضیلت رہی اب تم (بھی)
الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا
اپنے کئے کا عذاب چکھو بیشک جنہون نے ہماری آیتون کو
بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ
جھٹلایا اور بڑے تکبر اُنسے اعراض کیا نہ اُنکے لئے آسمان کے دروازے کھولے جائینگے
وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ؕ
اور نہ وہ جنت مین داخل ہونگے جبتک کہ اونٹ سوئی کے ناکے سے نہ گزر جائے
وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ○ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ
اور ہم مجرمون کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہین جہنم مین اُنکے لئے بچھونا (بھی) ہے
وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ○
اور اوڑھنے کی چیزین (بھی) اور ہم ظالمون کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہین
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا
اور جو لوگ ایمان لائے ہین اور نیکو کار ہین حالانکہ ہم کسی نفس کو اُسکی حد وسعت سے زیادہ
اِلَّا وُسْعَهَآ ۚ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا
تکلیف نہین دیتے جنتی وہی ہین جس مین وہ ہمیشہ
خٰلِدُوْنَ ○ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ
رہنے والے ہونگے اور اُنکے سینون کو ہم کینہ سے پاک کردینگے
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ
نہرین اُنکے نیچے بہتی ہونگی اور وہ یہ کہتے ہونگے کہ سب تعریف اُس اللہ کے لئے ہے جس

هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا

ہمکو اس جگہ تک پہنچایا اور اگر اللہ ہمارا رہبر نہوتا تو ہم راہ نہ پاتے

اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَنُوْدُوْٓا اَنْ

بیشک ہمارے پروردگار کے برحق رسول ہمارے پاس آئے اور اسی وقت انکو آواز

تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَ

دی جائیگی کہ بوجہ ان اعمال کے جو تم کیا کرتے تھے اس جنت کے تم وارث کئے گئے اور

نَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا

جنت والے جہنم والون سے پکار کر پوچھینگے کہ ہمارے پروردگار نے ہمسے جو وعدہ

مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ

کیا تھا ہمنے تو اسے ٹھیک پایا پس تمہارے پروردگار نے جو وعدہ کیا تھا آیا تمنے بھی اسے

حَقًّا ؕ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ

ٹھیک پایا وہ جواب دینگے ہان پھر ایک آواز دینے والا انکے مابین آواز دیگا کہ ظالمون پر

عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

خدا کی لعنت ہو جو راہ خدا سے روکتے تھے

وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ۝ وَبَيْنَهُمَا

اور اس کی کجی کے خواستگار تھے اور وہی آخرت سے منکر تھے اور ان دونو (گروہون) کے

حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا

مابین آڑ ہوگی اور (اسکی) چوٹیون پر ایسے لوگ ہونگے جو ہر ایک کو انکی پیشانیون سے پہچانتے

بِسِيْمٰىهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ

ہونگے اور وہ جنت والون کو آواز دیکر یہ کہینگے کہ تم پر سلام ہو

لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ۝ وَاِذَا صُرِفَتْ

وہ خود ابھی اسمین نہ پہنچے ہونگے حالانکہ راغب ہونگے اور جسوقت انکی نظر

أَبْصَارُهُمْ تِلْقَاءَ أَصْحَٰبِ ٱلنَّارِ قَالُوا۟ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا

جہنم والون کی طرف پھیریگی تو عرض کرینگے کہ اے ہمارے پروردگار ہمکو

مَعَ ٱلْقَوْمِ ٱلظَّٰلِمِينَ ۝ وَنَادَىٰٓ أَصْحَٰبُ ٱلْأَعْرَافِ رِجَالًا

ظالم لوگون کے ساتھ نہ رکھیو اور مالکان اعراف (سرداران کفار مین سے بعض لوگون کو

يَعْرِفُونَهُم بِسِيمَٰهُمْ قَالُوا۟ مَآ أَغْنَىٰ عَنكُمْ

پکارینگے جنکو وہ اُنکی پیشانیون سے پہچانتے ہونگے اور یہ کہینگے کہ نہ تمہارے جتھے نے کچھ کام دیا

جَمْعُكُمْ وَمَا كُنتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ ۝ أَهَٰٓؤُلَآءِ ٱلَّذِينَ

اور نہ اُن چیزون نے جنپر تم گھمنڈ کیا کرتے تھے (پھر گنہگار شیون کی طرف اشارہ کرکے اُن کفار سے درپافت

أَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ ٱللَّهُ بِرَحْمَةٍ ۖ ٱدْخُلُوا۟ ٱلْجَنَّةَ

کرینگے کہ آیا یہی ہین وہ جنکی نسبت تم قسم کھا کر کہا کرتے تھے کہ انپر اللہ رحمت نہ کریگا (پھر اُن شیون کی طرف متوجہ ہوکر فرمائینگے

لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ أَنتُمْ تَحْزَنُونَ ۝ وَنَادَىٰٓ

تم جنت مین جاؤ تمپر کوئی خوف نہین ہی اور نہ تم رنجیدہ ہوگے اور جہنم والے

أَصْحَٰبُ ٱلنَّارِ أَصْحَٰبَ ٱلْجَنَّةِ أَنْ أَفِيضُوا۟ عَلَيْنَا

جنت والون سے پکار کر کہینگے کہ تھوڑا سا پانی اور کچھ وہ چیزین جو اللہ نے

مِنَ ٱلْمَآءِ أَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ ٱللَّهُ ۚ قَالُوٓا۟ إِنَّ ٱللَّهَ حَرَّمَهُمَا

تمکو عنایت کی ہین ہمپر بھی اڈالدو (وہ) جواب دینگے کہ اللہ نے یہ دونو چیزین اُن

عَلَى ٱلْكَٰفِرِينَ ۝ ٱلَّذِينَ ٱتَّخَذُوا۟ دِينَهُمْ لَهْوًا وَلَعِبًا

کافرون پر حرام کردی ہین جنہون نے اُسکے دین کو کھیل کود بنایا تھا

وَغَرَّتْهُمُ ٱلْحَيَوٰةُ ٱلدُّنْيَا ۚ فَٱلْيَوْمَ نَنسَىٰهُمْ

اور زندگانی دنیا نے اُنکو دھوکا دیا تھا (ارشاد باری ہوگا) پس آج کے دن

كَمَا نَسُوا۟ لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هَٰذَا وَمَا كَانُوا۟ بِـَٔايَٰتِنَا

ہم (بھی) اُنکو ایسا ہی بھلا دینگے جیسا کہ وہ اس دن کے آنیکو بھولے ہوے تھے اور جیسا کہ وہ ہماری نشانیون کا

ع ۸ ۱۲

يَجْحَدُوْنَ ○ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ

انکار کیا کرتے تھے اور بیشک ہمنے اُنکو ایک ایسی کتاب دی ہے جسکی تفصیل ہمنے جانچ کر کی ہے

هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○ هَلْ يَنْظُرُوْنَ

درآنحالیکہ وہ ایمان لانیوالے لوگون کے لئے ہدایت و رحمت ہے کیا وہ صرف اُسکے انجام کے

اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ

منتظر ہین؟ جسدن اُسکا انجام ظاہر ہو جائیگا تو جو اُسکو پہلے سے بھولے ہوے تھے

مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا

وہ یہ کہینگے کہ بیشک ہمارے پروردگار کے رسول حق لیکر آئے تھے پھر اب ہمارے بھی کوئی

مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ

شفاعت کرنیوالے ہین جو ہماری شفاعت کردین یا ہم واپس بھیجدئے جائین کہ جیسے عمل (بد) ہم کیا کرتے

كُنَّا نَعْمَلُ ؕ قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا

تھے اُنکے برخلاف (نیک) عمل کرین بیشک اُنہون نے اپنے آپ کو بڑا نقصان پہنچایا اور جو افترا پردازیان وہ

كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○ ع اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

کیا کرتے تھے وہ سب اُنکے ہاتھ سے نکل گئین۔ بیشک تمھارا پروردگار وہ اللہ ہے جسنے آسمانون کو اور

وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۫

زمین کو چھ دن مین پیدا کیا پھر عرش پر (اُسکا حکم) غالب آیا (وہی)

يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّالشَّمْسَ وَ

رات کو دن سے ڈھانپ دیتا ہے جو تیزی سے اُسکے پیچھے چلا آتا ہے اور (اُسی نے) سورج اور

الْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ

چاند اور ستارون کو اس شان سے پیدا کیا کہ اُسکے حکم کے تابع ہین آگاہ رہو کہ بنانا اور حکم دینا

وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ○ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ

اُسی کا کام ہے اللہ کل عالمون کا پرورش کرنیوالا صاحب برکت ہے تم اپنے پروردگار سے گڑگڑا کر اور

ع ۶ ۱۳

لہ الخلق والامر خلق سے مراد عالم اجسام اور امر سے مراد عالم ارواح ہے ۱۲

تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَلَا
چپکے چپکے دعا مانگا کرو بیشک وہ تجاوز کرنیوالون کو دوست نہین رکھتا اور
تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ
زمین مین بعد اسکی اصلاح کے فساد مت کرو اور خدا سے امید و بیم
خَوْفًا وَّطَمَعًا ۚ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ
کے ساتھ دعا مانگو بیشک رحمت خدا نیکی کرنیوالون سے قریب
الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِىْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا
ہے اور وہ وہی ہے جو اپنی رحمت (بارش) سے پہلے خوشخبری دینے کے لئے
بَيْنَ يَدَىْ رَحْمَتِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا
ہوا کو بھیجدیتا ہے یہانتک کہ جب وہ بھرے ہوے بادلون کو لے آتی ہے تو ہم
سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا
اُنکو مردہ زمینون کی طرف لیجاتے ہین پھر اُن مین سے پانی اُتارتے ہین پھر اُسکے ذریعہ سے
بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ
ہر قسم کے پھل پیدا کر دیتے ہین اسی طرح ہم مُردون کو (بھی) زندہ کرینگے تاکہ تم
تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ
یاد رکھو اور عمدہ زمین کی نباتات تو حکم خدا سے خوب اُگتی ہے
رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِىْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ۭ كَذٰلِكَ
اور جو زمین ناکارہ ہوتی ہے اسمین سے کچھ نہین اُگتا مگر اُگا دُگا ہم اسی طرح
نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ۝ لَقَدْ اَرْسَلْنَا
شکر کرنیوالون کے لئے آیات کا اُلٹ پھیر کیا کرتے ہین بیشک ہمنے نوح کو اُنکی
نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ
قوم کی طرف بھیجا پس اُنہون نے یہ فرمایا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو کہ اُسکے سوا تمھارا

مِّنْ إِلٰهٍ غَيْرُهُ ۖ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ○

اور کوئی معبود نہیں ہے میں ضرور تمھارے لئے بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں

قَالَ الْمَلَأُ مِن قَوْمِهِ إِنَّا لَنَرَاكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ○

اُنکی قوم کے شرفا نے یہ کہدیا کہ ہم تو آپ ہی کو کھلی گمراہی میں دیکھتے ہیں

قَالَ يَا قَوْمِ لَيْسَ بِي ضَلَالَةٌ وَلَٰكِنِّي رَسُولٌ مِّن

حضرت نوح نے فرمایا کہ اے میری قوم مجھ میں گمراہی (ذرہ) بھر بھی نہیں ہے بلکہ میں تو پروردگار

رَّبِّ الْعَالَمِينَ ○ أُبَلِّغُكُمْ رِسَالَاتِ رَبِّي وَأَنصَحُ

کی طرف سے پیغامبر ہوں تمکو اپنے پروردگار کے پیغام پہنچاتا ہوں اور تمھاری ہی خیرخواہی

لَكُمْ وَأَعْلَمُ مِنَ اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ○ أَوَعَجِبْتُمْ

کرتا ہوں اور اللہ کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ کیا تمھیں اس سے تعجب ہوا

أَن جَاءَكُمْ ذِكْرٌ مِّن رَّبِّكُمْ عَلَىٰ رَجُلٍ مِّنكُمْ

کہ تمھارے رب کی طرف سے نصیحت تمھیں میں سے ایک مرد پر نازل ہوئی

لِيُنذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ○

تاکہ وہ تمکو ڈرائے اور تم متقی ہو جاؤ اور تاکہ تمپر رحم کیا جائے

فَكَذَّبُوهُ فَأَنجَيْنَاهُ وَالَّذِينَ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ وَ

پس اُنہوں نے اُنکو جھٹلایا اور ہمنے خود اُنکو اور کشتی میں جو اُنکے ساتھ تھے اُنکو نجات دیدی اور

أَغْرَقْنَا الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا

جو لوگ ہماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے اُنکو ہمنے غرق کر دیا بیشک وہ لوگ کور باطن

عَمِينَ ○ وَإِلَىٰ عَادٍ أَخَاهُمْ هُودًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ ع ۸ ۶ ۱۵

تھے اور عاد کی طرف ہمنے اُنمیں کے ہم قوم ہودؑ کو بھیجا اُنہوں نے کہا کہ اے میری قوم

اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلٰهٍ غَيْرُهُ ۖ أَفَلَا تَتَّقُونَ ○

اللہ کی عبادت کرو کہ اُسکے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں ہے کیا تم (عذاب خدا سے) نہیں ڈرتے

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ
اُنکی قوم مین سے جو کافر تھے اُن مین سے بڑے بڑون نے کہا ہم تو تمکو یقینی نادانی
سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ○ قَالَ يٰقَوْمِ
مین دیکھتے ہین اور بیشک ہم تمکو جھوٹون مین سے گمان کرتے ہین (اُنہون نے) فرمایا کہ اے میری
لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○
قوم مجھ مین ذرہ بھر نادانی نہین ہے بلکہ مین تو پروردگار عالم کی طرف سے رسول ہون
اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ○
اپنے پروردگار کے پیغام تمکو پہنچاتا ہون اور تمھارا معتبر خیر خواہ ہون
اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ
کیا تمکو اس سے تعجب ہوا کہ تمھارے رب کی طرف سے نصیحت تمہین مین سے ایک شخص پر
مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ؕ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ
نازل ہوئی کہ وہ تمکو ڈرائے اور تم یاد کرو جبکہ خدا نے بعد قوم نوح کے تمکو زمین
مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ
کا خلیفہ بنایا ہے اور اپنی مخلوق مین تمکو قوت اور قامت مین زیادہ کیا ہے
فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا
پس خدا کی نعمتون کو یاد کرتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ (اُنہون نے) کہا کیا تم اس لئے
لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ
ہمارے پاس آئے ہو کہ ہم ایک خدا کی (تو) عبادت کرین اور جنکی ہمارے باپ دادا عبادت کیا کرتے تھے اُنکو چھوڑ دین
فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ○ قَالَ
(جاؤ) اگر تم سچے ہو تو جس عذاب کا ہمسے وعدہ کرتے ہو اُسے لے آؤ (حضرت ہودؑ نے) فرمایا
قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ؕ
کہ تمپر تمھارے پروردگار کی طرف سے عذاب اور غضب (تو) آچکا ہے

اور پہاڑ کی بڑی بڑی چٹانین اپنے ہاتھ سے توڑ کر علیحدہ کر لیتا تھا ۱۲ ۲ الآء اللہ کافی مین جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اُن حضرت نے کسی سے دریافت کیا تھا کہ جانتا ہے الآء اللہ یعنی نعمات خدا سے کیا مراد ہے اُسنے عرض کی نہین۔ فرمایا سب سے بڑی نعمت جو خدا نے اپنی مخلوق کو عنایت کی وہ ہماری ولایت ہے ۱۲

منزل ۲

اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ اَسْمَآءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ

کیا تم مجھسے ایسی چیزون کے بارے مین جھگڑتے ہو جنکو تمنے اور تمھارے باپ دادا نے خود سے نامزد کرلیا

مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ

(اور) اللہ نے اُنکے متعلق کوئی دلیل نازل نہین کی لہذا تم (عذاب کے) منتظر رہو مین بھی تمھارے

مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ○ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ

ساتھ انتظار کرنیوالون مین سے ہون پس ہمنے (خود) اُنکو اور جو اُنکے ساتھی تھے اُنکو اپنی رحمت سے نجات دی

مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا

اور جو ہماری آیتون کو جھٹلایا کرتے تھے اور مومن نہ تھے

كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ○ وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ

اُنکی ہمنے نسل قطع کردی اور قوم ثمود کی طرف ہمنے اُنکے بھائی صالح کو بھیجا تھا

قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ

اُنہون نے یہ کہا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو جسکے سوا تمھارا کوئی معبود نہین ہے

قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ

تمھارے پروردگار کی طرف سے تمھارے پاس کھلا معجزہ آیا ہے یہ اللہ کی اونٹنی تمھارے

لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا

لئے ایک نشانی ہے اسے چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین مین چرتی پھرے اور اسے بُری

تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○

طرح نہ چھونا (یعنی تکلیف نہ پہنچانا) ورنہ تمکو دردناک عذاب آلیگا

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ وَّ

اور اسکو یاد رکھو کہ قوم عاد کے بعد (خدا نے) تمکو مالک بنایا ہے اور تمکو

بَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا

اس زمین مین آباد کیا ہے کہ نرم زمینون مین تم محل بناتے ہو

اضافت دی گئی کہ بلا واسطہ (نر و مادہ کے) پیدا کی گئی تھی اور اسلئے خدا کی ایک نشانی تھی ۱۲

وَتَنْحِتُونَ الْجِبَالَ بُيُوتًا ۚ فَاذْكُرُوا آلَاءَ اللَّهِ وَلَا
اور پہاڑون کو کاٹ کاٹ کے تم مکان بناتے ہو تو اب اللہ کی نعمتون کو یاد کرتے رہو اور
تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝ قَالَ الْمَلَأُ
زمین مین فساد مت کرو اُنکی قوم مین سے جو
الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا مِنْ قَوْمِهِ لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا
بڑے بڑے تھے اُنکے سردارون نے اُن کمزور لوگون سے جو
لِمَنْ آمَنَ مِنْهُمْ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ صَالِحًا مُرْسَلٌ
ایمان لائے تھے کہا کیا تم یہ جانتے ہو کہ صالح خدا کی طرف سے بھیجا ہوا
مِنْ رَبِّهِ ۚ قَالُوا إِنَّا بِمَا أُرْسِلَ بِهِ مُؤْمِنُونَ ۝
رسول ہے (اُنہون نے) کہا کہ جو کچھ یہ لیکر آئے ہین ہم تو اُسپر بالیقین ایمان رکھتے ہین
قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا بِالَّذِي آمَنْتُمْ بِهِ
متکبرین نے کہا کہ تم جسپر ایمان رکھتے ہو ہم اُسکے بالیقین
كَافِرُونَ ۝ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ
منکر ہین پھر اُنہون نے اونٹنی کو بے کر دیا اور اپنے پروردگار کے حکم سے
وَقَالُوا يَا صَالِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِنْ كُنْتَ مِنَ
سرکشی کی اور یہ کہدیا کہ اے صالح اگر تم رسولون مین سے ہو تو جس (عذاب) کا تم ہم سے وعدہ
الْمُرْسَلِينَ ۝ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي
کرتے ہو اُسے لے آؤ آخر زلزلہ نے اُنکو آلیا اور وہ اپنے گھرون مین
دَارِهِمْ جَاثِمِينَ ۝ فَتَوَلَّى عَنْهُمْ وَقَالَ يَا قَوْمِ
(بیٹھے کے) بیٹھے رہ گئے اور حضرت صالح اُنسے رو گردان ہوے اور یہ فرمایا کہ اے میری
لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّي وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلَٰكِنْ
قوم مین نے تو اپنے پروردگار کا پیغام تمکو پہنچا دیا تھا اور تمکو نصیحت کر دی تھی ولیکن

لَا تُحِبُّونَ النّٰصِحِيْنَ ○ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ

تم نصیحت کرنیوالونکو دوست نہین رکھتے اور ہمنے لوط کو بھیجا تو اُنھون نے اپنی قوم سے کہا کہ

اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ

کیا تم ایسی بدی کرتے ہو کہ ویسی بدی تمام عالم مین کسی نے

مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ○ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً

نہ کی بیشک تم عورتون کو چھوڑ کر مردون کے ساتھ

مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ○

شہوت رانی کرتے ہو تم ضرور حد سے گزر جانے والے لوگون مین سے ہو

وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ

اور اُنکی قوم کا کوئی جواب نہ تھا سوائے اسکے کہ یہ کہنے لگے کہ انکو اپنے گاؤن

مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ○ فَاَنْجَيْنٰهُ

سے نکالدو اس لئے کہ یہ وہ لوگ ہین جو پاک بنتے ہین پس ہمنے لوط کو

وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ○ وَ

اور اُنکے بال بچون کو نجات دی سوائے اُنکی زوجہ کے کہ وہ پیچھے رہجانیوالون مین تھی اور

اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

اُنپر ہمنے پتھرون کا مینہ برسایا پس غور کرو کہ مجرمون کا انجام

الْمُجْرِمِيْنَ ○ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ ع ۱۲ ۱۷

کیا ہوا اور مدین مین ہمنے اُنکے بھائی شعیبؑ کو بھیجا اُنھون نے کہا

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ

کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو جسکے سوا تمھارا کوئی معبود نہین ہے تمھارے

جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۖ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ

رب کے پاس سے تمھارے پاس کھلی دلیل آچکی ہے تو اب پیمانہ اور ترازو

وَالْمِيزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ
پورے رکھو اور لوگون کو اُنکی چیزین کم نہ دو
وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا ۚ
اور بعد اصلاح ہوجانے کے زمین مین فساد مت پھیلاؤ
ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۝
یہ بات تمھارے لئے بہت ہی اچھی ہے اگر تم مومن ہو
وَلَا تَقْعُدُوا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوعِدُونَ وَ
اور ہر راستہ مین اس غرض سے نہ بیٹھو کہ لوگون کو ڈراؤ اور
تَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ مَنْ آمَنَ بِهِ وَ
جو اللہ پر ایمان لائین اُنکو راہ خدا سے باز رکھو اور اُسکی
تَبْغُونَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوا إِذْ كُنتُمْ
کجی کے خواستگار ہو اور اسکو یاد رکھو کہ تم تھوڑے سے
قَلِيلًا فَكَثَّرَكُمْ ۖ وَانظُرُوا كَيْفَ
تھے خدا نے تمکو بڑھا دیا ہے اور غور کرو کہ فساد کرنیوالون
كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ ۝ وَإِن كَانَ
کا انجام کیا ہوتا رہا ہے اور اگر تم مین
طَائِفَةٌ مِّنكُمْ آمَنُوا بِالَّذِي أُرْسِلْتُ
سے ایک گروہ اُس حکم پر جسکے ساتھ مین بھیجا گیا ہون
بِهِ وَطَائِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوا فَاصْبِرُوا حَتَّىٰ
ایمان لایا اور ایک گروہ ایمان نہ لایا تو صبر کرو جبتک کہ خدا
يَحْكُمَ اللَّهُ بَيْنَنَا ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ ۝
ہمارے مابین فیصلہ نہ فرمادے اور وہ سب سے اچھا فیصلہ فرمانیوالا ہے

الجزء ۹

قَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا مِنْ

اُنکی قوم مین سے جو بڑا بننا چاہتے تھے اُنکے سردارون نے

قَوْمِهِ لَنُخْرِجَنَّكَ يَا شُعَيْبُ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَكَ

کہا کہ اے شعیبؑ ہم تمکو اور تمہارے ساتھ جو ایمان لائے ہین اُنکو

مِنْ قَرْيَتِنَا أَوْ لَتَعُودُنَّ فِي مِلَّتِنَا ۚ قَالَ أَوَلَوْ كُنَّا

اپنے گاؤن سے ضرور نکالدینگے یا تم بھی ہمارے مذہب مین پلٹ آؤ (حضرت شعیبؑ نے) جواب دیا (آیا ہم

كَارِهِينَ ○ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللَّهِ كَذِبًا إِنْ عُدْنَا

پلٹ آئین) گو ہم نفرت کرتے ہون اگر ہم تمہاری ملت مین لوٹ آئین بعد اسکے کہ اللہ

فِي مِلَّتِكُمْ بَعْدَ إِذْ نَجَّانَا اللَّهُ مِنْهَا ۚ وَمَا يَكُونُ

ہمکو اُس سے نجات دیچکا ہے تو ضرور ہم خدا پر جھوٹا بہتان باندھنے والے ہوئے اور ہمکو

لَنَا أَنْ نَعُودَ فِيهَا إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّنَا ۚ وَسِعَ

ہو کیا گیا ہی کہ ہم اس دین مین لوٹ آئین سوا اسکے کہ ہمارے پروردگار کی خواہش یون ہی ہو۔ ہمارے

رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۚ عَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا افْتَحْ

پروردگار کا علم ہر چیز پر حاوی ہے اللہ ہی پر ہمنے بھروسہ کیا ہے اے ہمارے پروردگار تو ہمارے

بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ ○

مابین اور ہماری قوم کے مابین حق کے ساتھ فیصلہ فرمادے اور تو (ہی) سب سے بہتر فیصلہ فرمانیوالا ہے

وَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ قَوْمِهِ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ

اور اُنکی قوم مین سے جو کافر ہوگئے تھے اُنکے سردارون نے یہ کہا کہ اگر تمنے شعیبؑ کی پیروی کی

شُعَيْبًا إِنَّكُمْ إِذًا لَخَاسِرُونَ ○ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ

تو اُس صورت مین تم بھی یقینا نقصان اُٹھانیوالون مین سے ہوجاؤگے۔ پھر اُنکو زلزلے نے آلیا اور

فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ ○ الَّذِينَ كَذَّبُوا

وہ اپنے گھرون مین بیٹھے کے بیٹھے رہگئے جنہون نے شعیبؑ کی تکذیب

مع

شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۚ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا

کی تھی وہ ایسے برباد ہوگئے گویا کبھی آباد ہی نہوے تھے جنہون نے شعیب کو جھٹلایا تھا

كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ۝ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ

نقصان اُٹھانیوالے وہی ہوے پس شعیب اُنسے روگردان ہوے اور فرمانے لگے کہ اے میری قوم

لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ

مین نے تمکو اپنے پروردگار کے پیغام یقیناً پہنچا دیے اور تمہین نصیحت بھی کی تو اب منکر لوگون

اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ ع ۹ ١

کے لئے رنج کیا کرون اور ہمنے کسی بستی مین کوئی نبی نہین بھیجا

نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ

مگر یہ کہ (جب اُسکا انکار کیا تو) وہان کے باشندون کو افلاس و مرض مین (بھی) گرفتار کیا تاکہ اُنکے

يَضَّرَّعُوْنَ ۝ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ

دل نرم ہون اور وہ رونین پیٹین (اگر وہ روئے دھوئے تو) پھر ہمنے اُنکی بلا کو عافیت سے بدل (بھی) دیا

حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ

یہانتک کہ وہ خوب بڑھے اور کہنے لگے کہ ہمارے باپ داداؤن پر مصیبتین اور راحتین (سب ہی کچھ) گزر چکی

فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّ

ہین پھر ہمنے اُنکو یکایک ایسے حال مین کہ وہ بیخبر تھے دھر پکڑا اور اگر بستیون والے

اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ

ایمان لے آتے اور ڈرتے رہتے تو ہم اُنپر آسمان و زمین

مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ

کی برکتین کھول دیتے ولیکن اُنہون نے جھٹلایا پھر ہمنے بھی جیسی (جیسی)

بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ

بدیان وہ کیا کرتے تھے اُسی کے بموجب اُنسے مواخذہ کیا۔ کیا گاؤن والے اس سے بیخوف ہوگئے ہین کہ ہمارا عذاب

طاری ہوتا ہے کبھی بیماری ایسا ہی ہمارے باپ دادا پر بھی کبھی اتفاق پڑا تھا مگر اُنہون نے باوجود اپنے افلاس

بَأْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ ۝ اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى
انکو راتون رات آلے اور وہ سوتے کے سوتے رہین یا گاؤن والے اس سے مطمئن ہوگئے ہین
اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ۝ اَفَاَمِنُوْا
کہ ہمارا عذاب اُنکو دن دہاڑے آلے اور وہ کھیل کود ہی مین ہون کیا وہ خدا کے بدلہ لینے سے
مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ ع ۱۲ ۶ ۲
مطمئن ہوگئے ہین حالانکہ خدا کے عذاب سے سوائے نقصان اُٹھانیوالون کے کوئی مطمئن نہین ہوا کرتا
اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَآ
کیا اُسنے اُن لوگون کو جو پہلے مالکون کے بعد زمین کے وارث ہوے ہین اس امر کی ہدایت نہین کی ہے
اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
کہ اگر ہم چاہین تو اُنکے گناہونکے بدلہ مین اُنپر مصیبت نازل کردین اور اُنکے دلونپر ایسی مُہر لگا دین کہ
فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝ تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ
وہ نہ (کچھ) سنین (نہ سمجھین) وہ بستیان جنکی بعض خبرین ہم تمسے بیان کیا کرتے ہین
مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ
یہی ہین اور اُنکے پیغمبر اُنکے پاس دلیلین لیکر یقینًا آئے تھے
فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ۚ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ
پس جنکو وہ پہلے سے جھٹلا چکے تھے اُنپر کسی طرح ایمان نہ لائے اسی طرح اللہ انکار کرنیوالون
اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ
کے دلون پر چھاپا لگا دیا کرتا ہے اور ہمنے اُنمین سے بہت سون مین (اپنی) بات
مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ۝ ثُمَّ
کا پاس نہ پایا اور ہمنے اُن مین سے بہت سون کو نافرمان پایا پھر
بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ
ہمنے اُنکے بعد موسےٰ کو اپنی نشانیان دیکر فرعون اور اُسکے ارکین دولت کے پاس بھیجا

فَظَلَمُوا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ ○
پس انہوں نے اُن نشانیوں کا انکار کر دیا اب غور کر لو کہ فساد کرنیوالوں کا انجام کیسا ہوا
وَقَالَ مُوسَىٰ يَا فِرْعَوْنُ إِنِّي رَسُولٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ○
اور موسےٰ نے یہ فرمایا کہ اے فرعون میں تمام عالموں کے پروردگار کی طرف سے رسول ہوں
حَقِيقٌ عَلَىٰ أَن لَّا أَقُولَ عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ ۖ قَدْ جِئْتُكُم
میرے لئے شایان ہے کہ اللہ کا نام لیکر حق کے سوا کوئی بات نہ کہوں میں تمہارے رب کے
بِبَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ فَأَرْسِلْ مَعِيَ بَنِي إِسْرَائِيلَ ○ قَالَ
پاس سے دلیل لیکر آیا ہوں پس بنی اسرائیل کو میرے ساتھ بھیجدے (فرعون نے) کہا
إِن كُنتَ جِئْتَ بِآيَةٍ فَأْتِ بِهَا إِن كُنتَ مِنَ
اگر تم کوئی نشانی لیکر آئے ہو (اور) اگر تم سچے بھی ہو تو لاؤ اُسے
الصَّادِقِينَ ○ فَأَلْقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ ○
پیش کرو پس موسےٰ نے اپنا عصا ڈالدیا وہ یکایک ظاہر بظاہر اژدہا بن گیا
وَنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِينَ ○ قَالَ الْمَلَأُ
اور اپنا ہاتھ جو نکالا تو وہ یکایک تمام دیکھنے والوں کے لئے بہت روشن ہو گیا قوم فرعون کے
مِن قَوْمِ فِرْعَوْنَ إِنَّ هَٰذَا لَسَاحِرٌ عَلِيمٌ ○ يُرِيدُ أَن
سرغنے نے کہا کہ ضرور یہ پڑھا ہوا جادوگر ہے یہ تمکو تمہارے ملک
يُخْرِجَكُم مِّنْ أَرْضِكُمْ فَمَاذَا تَأْمُرُونَ ○ قَالُوا أَرْجِهْ
سے نکالدینا چاہتا ہے اب تم کیا مشورہ دیتے ہو انہوں نے کہا کہ انکو اور
وَأَخَاهُ وَأَرْسِلْ فِي الْمَدَائِنِ حَاشِرِينَ ○ يَأْتُوكَ بِكُلِّ
انکے بھائی کو (تو آپ) مہلت دیں اور شہروں میں گرد آور بھیجدیں کہ وہ ہر پڑھے ہوئے جادوگر کو
سَحَّارٍ عَلِيمٍ ○ وَجَاءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوا إِنَّ لَنَا لَأَجْرًا

ع ۱۳ ۹ ۲

منزل ۲

حضور میں لے آئیں اور وہ جادوگر فرعون کے پاس آئے اور دریافت کرنے لگے کہ اگر ہم

إِن كُنَّا نَحْنُ الْغَالِبِينَ ○ قَالَ نَعَمْ وَإِنَّكُمْ لَمِنَ

غالب آگئے (تو) ہمکو کچھ صلہ بھی ملیگا؟ اُسنے کہا ہان (ملیگا) اور تم مقربین درباسے بھی ضرور ہی

الْمُقَرَّبِينَ ○ قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِمَّا أَن تُلْقِيَ وَإِمَّا أَن

ہوجاؤگے (جادوگر) بولے کہ اے موسےٰ تو اب تم ڈالتے ہو یا ہم ہی

نَّكُونَ نَحْنُ الْمُلْقِينَ ○ قَالَ أَلْقُوا ۖ فَلَمَّا أَلْقَوْا

ڈالنے والے بنین (موسےٰ نے) فرمایا کہ (تم ہی) ڈالو پس جب اُنھون نے ڈالا

سَحَرُوا أَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوهُمْ وَجَاءُو

تو لوگون کی نظر بندی کردی اور اُنکو ڈرایا اور بہت بڑا جادو

بِسِحْرٍ عَظِيمٍ ○ وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ أَنْ أَلْقِ عَصَاكَ

لاموجود کیا اور ہمنے موسےٰ کی طرف وحی کی کہ تم بھی اپنا عصا ڈالدو

فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُونَ ○ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ

پس دیکھتے کیا ہین کہ جو جو کچھ ڈھکوسلا اُنھون نے بنا رکھا تھا وہ عصا ہی کہ سبکو نگلے چلا جاتا ہی۔ بس اسطرح حق ثابت ہوگیا اور جو عمل وہ کررہے تھے (وہ سب) باطل ہوگیا۔ پس جادوگر وہین کے وہین مغلوب اور ذلیل

مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانقَلَبُوا

صَاغِرِينَ ○ وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِينَ ○ قَالُوا آمَنَّا

ہوکر رہگئے اور سب کے سب سجدے مین گر پڑے اور کہنے لگے کہ ہم عالمون

بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ○ رَبِّ مُوسَىٰ وَهَارُونَ ○ قَالَ

کے پروردگار پر جو موسےٰ اور ہارون کا پروردگار ہے ایمان لائے فرعون نے

فِرْعَوْنُ آمَنتُم بِهِ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ ۖ إِنَّ هَٰذَا

کہا کہ تم اُسپر قبل اسکے کہ مین تمھین اجازت دون ایمان لے آئے ضرور یہ تمہاری کوئی

لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوهُ فِي الْمَدِينَةِ لِتُخْرِجُوا مِنْهَا أَهْلَهَا

چال ہے جو تم اس شہر مین چلے ہو کہ اس شہر کے باشندونکو یہان سے نکالدو

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ

تو اب تم مزہ بھی چکھ لوگے مین تمہارے مقابل کے ہاتھ پاؤن ضرور کاٹونگا

مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اِنَّآ

پھر تم سب کو ضرور سولی دیدونگا انہون نے کہا کہ ہم تو

اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ۝ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا

لوٹکر ضرور اپنے پروردگار کی حضور مین چلے جائینگے اور تو ہمسے صرف اتنی ہی سی بات پر تو بگڑتا ہی کہ ہم اپنے رب کی

بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ؕ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا

نشانیون پر جسوقت بھی وہ ہمارے پاس آئین ایمان لے آئے اے ہمارے پروردگار ہمکو بہت سا صبر

وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ۝ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ ع ۱۸ ۱۴

عنایت فرما اور ہمارا خاتمہ اسلام پر کردے اور قوم فرعون کے سرداروں نے کہا کہ کیا تو

اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ وَ

موسےٰ کو اور اسکی قوم کو اسلئے چھوڑدیگا کہ وہ ملک مین فساد پھیلائین حالانکہ

يَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ

وہ تجھکو اور تیرے معبودونکو چھوڑ چکے ہین (فرعون نے) کہا کہ ہم عنقریب انکے بیٹونکو قتل کرینگے اور انکی بیٹیون کو

نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ۝ قَالَ مُوْسٰى

زندہ چھوڑدینگے اور ہم انپر یقینًا غالب رہینگے موسےٰ نے اپنی قوم سے

لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ

فرمایا کہ تم اللہ سے مدد مانگو اور صبر کرو بیشک یہ زمین اللہ ہی کی ہے

يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝

وہ اپنے بندون مین سے جسکو چاہتا ہی اسکا وارث کردیتا ہے حالانکہ انجام پرہیزگارون ہی کا بہتر ہے

قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا

(بنی اسرائیل) بولے کہ (اے موسےٰ) ہمنے تمہارے آنے سے پہلے بھی ایذا پائی اور تمہارے آنے کے

جِئْتَنَا ۚ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَ
بعد بھی فرمایا قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تمہارے دشمنوں کو ہلاک کردے اور
يَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ۝ ع ۱۵ ۳ ۵
تمکو زمین مین اُنکا قائم مقام کردے اور پھر دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو
وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ
اور بیشک ہمنے فرعون والون کو متواتر قحطون کی اور پھلون کی کمی کی یقینی
الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ
سزا دی تاکہ وہ عبرت پکڑین پھر جب اُنکے یہان فراغت ہوئی تو اُنھون نے کہدیا
قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى
کہ یہ (فراخی) تو ہماری ہی وجہ سے ہوئی ہے اور اگر اُنکو کوئی تکلیف پہنچتی تو اُسکو موسےٰ اور اُنکے
وَمَنْ مَّعَهٗ ۚ اَلَآ اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ
ساتھیون کی نحوست بیان کرتے آگاہ رہو کہ اسباب نحوست خدا ہی کے اختیار مین ہین لیکن
اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ
اکثر لوگ جانتے ہی نہین اور اُنھون نے یہ بھی کہدیا تھا کہ جب کبھی کوئی ایسی نشانی
اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ فَاَرْسَلْنَا
لاؤ کہ اُس سے ہمپر جادو کردو تو ہم تو تمپر کبھی ایمان لائینگے نہین پس ہم نے اُنپر
عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ
طوفان (بھی) بھیجا ٹڈیان بھی بچڑیان بھی مینڈک بھی
وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا
خون بھی یہ کھلی نشانیان تھین پھر بھی وہ اکڑے اِسلئے کہ وہ لوگ
مُّجْرِمِيْنَ ۝ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى
گنہگار ہی تھے اور جب اُنپر عذاب آتا تو کہنے لگتے کہ اے موسےٰ

ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا
ہمارے واسطے اپنے پروردگار سے بموجب اُس عہد کے جو اُسنے تجھ سے کیا ہے دعا کرو۔ اگر تونے یہ عذاب ہمسے دور
الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۝
کردیا تو ضرور ہم تمپر ایمان بھی لے آینگے اور بنی اسرائیل کو بھی تمہارے ساتھ ضرور ہی بھیجدینگے
فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلَىٰ أَجَلٍ هُمْ بَالِغُوهُ إِذَا هُمْ
پھر جب ہم اُنسے عذاب کو ایک مدت تک کے لئے ہٹا لیتے تو وہ اُس مدت کے پورا ہونے سے پہلے پہلے
يَنْكُثُونَ ۝ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ
پھر بدعہدی کرتے آخر ہمنے اُنسے بدلہ لیا اور اس بات کے عوض مین کہ وہ ہماری آیتون
بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا عَنْهَا غَافِلِينَ ۝ وَأَوْرَثْنَا
کو جھٹلایا کرتے تھے اُنکو سمندر مین ڈبو دیا حالانکہ وہ اس عوض لینے (کے خیال) سے غافل تھے اور ہمنے
الْقَوْمَ الَّذِينَ كَانُوا يُسْتَضْعَفُونَ مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَ
اُس قوم کو جو ضعیف کردی گئی تھی اُس زمین کے اس سرے سے اُس سرے تک کا مالک
مَغَارِبَهَا الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا ۖ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ
بنا دیا جسمین اُنکو برکت بھی دی اور بنی اسرائیل کے حق مین بوجہ اُنکے صبر کے
الْحُسْنَىٰ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۙ بِمَا صَبَرُوا ۖ وَدَمَّرْنَا
تمہارے رب کا اچھا (اور سچا) وعدہ پورا ہوگیا اور فرعون اور اُسکی
ربع مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهُ وَمَا كَانُوا يَعْرِشُونَ ۝
قوم جو کچھ بناتا اور بلند کیا کرتی تھی وہ سب کچھ ہمنے برباد کردیا
وَجَاوَزْنَا بِبَنِي إِسْرَائِيلَ الْبَحْرَ فَأَتَوْا عَلَىٰ قَوْمٍ
اور ہم بنی اسرائیل کو سمندر پار لے گئے اور وہ ایک ایسی قوم کے پاس پہنچے
يَعْكُفُونَ عَلَىٰ أَصْنَامٍ لَهُمْ ۚ قَالُوا يَا مُوسَى اجْعَلْ
جو اپنے بتون کی عبادت پر اڑے ہوے تھے (تو اسوقت) بولے کہ اے موسے ہمارے لئے بھی

لَنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ○

ایک ایسا ہی معبود بنا دیجئے جیسے کہ انکے کئی کئی معبود ہین (موسےٰ نے) فرمایا یقیناً تم جاہل لوگ ہو

اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا

یہ لوگ جس دین مین ہین وہ ضرور تباہ ہونیوالا ہے اور اُنکے کل اعمال اکارت

يَعْمَلُوْنَ ○ قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ

ہونیوالے ہین (یہ بھی) فرمایا کہ کیا مین تمہارے لئے خدا کے سوا کوئی اور معبود تلاش کردون حالانکہ وہ ایسا ہی کہ

فَضَّلَكُمْ عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ○ وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ

اُسنے تمکو تمام عالمون پر فضیلت دی ہے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے تمکو فرعون والون (کے ہاتھ)

فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْۗءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ

سے نجات دی تھی جو تمکو بُرے سے بُرے عذاب دیا کرتے تھے (یعنی) تمہارے بیٹون کو

اَبْنَاۗءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَاۗءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ

قتل کیا کرتے تھے اور تمہاری بیٹیون کو زندہ چھوڑ دیا کرتے تھے اور اسمین تمہارے پروردگار کی طرف سے (تمہاری)

مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ○ وَوٰعَدْنَا مُوْسٰي ثَلٰثِيْنَ ع ۱۲ ۱۶

بڑی سخت آزمائش تھی اور ہمنے موسےٰ سے تیس شبون کا وعدہ

لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ

کیا تھا اور ایک عشرہ اور ملاکر اُسکو پورا کیا پس اُنکے پروردگار کی مقررہ مدت چالیس شبون مین

لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰي لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ

پوری ہوئی اور موسےٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا کہ تم میری قوم مین میرے خلیفہ

قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ○

بنو اور اصلاح کرتے رہو اور مفسدون کی راہ کی پیروی نہ کرنا

وَلَمَّا جَاۗءَ مُوْسٰي لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ

اور جب موسےٰ ہمارے مقررہ وقت پر آئے اور اُنکے پروردگار نے اُنسے باتین کین (موسےٰ نے) عرض کی کہ

رَبِّ أَرِنِي أَنظُرْ إِلَيْكَ ۚ قَالَ لَن تَرَانِي وَلَٰكِنِ انظُرْ

اے میرے پروردگار تو مجھے دکھلا کہ میں تجھے دیکھ لون فرمایا کہ تو مجھے ہرگز نہ دیکھیگا ولیکن پہاڑ کی طرف

إِلَى الْجَبَلِ فَإِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهُ فَسَوْفَ تَرَانِي ۚ فَلَمَّا

نظر کر اگر وہ اپنی جگہ پر ٹھہرا رہا تو آئندہ تو مجھے دیکھ لیگا پس جبوقت

تَجَلَّىٰ رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا وَخَرَّ مُوسَىٰ صَعِقًا ۚ

اُسکے پروردگار (یعنی اُسکا پیدا کیا ہوا نور) پہاڑ (والون) کی طرف جلوہ افروز ہوا تو اُسکے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے اور موسےٰ

فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ سُبْحَانَكَ تُبْتُ إِلَيْكَ وَأَنَا أَوَّلُ

غش کھاکر گر پڑے۔ پھر جب ہوش میں آئے۔ کہنے لگے۔ تیری ذات منزہ ہے میں تیری ہی حضور میں توبہ کرتا ہون

الْمُؤْمِنِينَ ۝ قَالَ يَا مُوسَىٰ إِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى

اور میں (اس بات پر کہ تو دیکھا نہیں جاسکتا) سب سے پہلا ایمان لانیوالا ہون۔ فرمایا ای موسیٰ بیشک میں نے تمکو اپنی

النَّاسِ بِرِسَالَاتِي وَبِكَلَامِي فَخُذْ مَا آتَيْتُكَ وَكُن

رسالت اور اپنے کلام کے لئے کل آدمیون سے منتخب کر لیا ہے پس جو کچھ میں نے تمکو دیا ہے اُسے لو اور

مِّنَ الشَّاكِرِينَ ۝ وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِن كُلِّ

شکر گزار رہو اور ہمنے لوحون میں اُنکے لئے نصیحت کی ہر بات اور ہر چیز کی تفصیل

شَيْءٍ مَّوْعِظَةً وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ

لکھدی تھی (اور اُنکو یہ حکم دیا تھا) کہ اسکو مضبوط ہو کر لو اور اپنی

وَأْمُرْ قَوْمَكَ يَأْخُذُوا بِأَحْسَنِهَا سَأُورِيكُمْ دَارَ

قوم کو حکم سنادو کہ انمین سے اچھی اچھی باتون کو اختیار کرلین عنقریب میں تمکو نافرمانو نکا مکان

الْفَاسِقِينَ ۝ سَأَصْرِفُ عَنْ آيَاتِيَ الَّذِينَ يَتَكَبَّرُونَ

دکھلا دونگا عنقریب میں اپنی نشانیون سے اُن لوگون کو ہٹا دونگا جو

فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَإِن يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوا

بِهَا ۚ وَإِن يَرَوْا سَبِيلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا ۚ
نہ لائینگے اور اگر وہ نیکی کا راستہ دیکھ لینگے تو اُسے اپنا راستہ نہ بنائینگے

وَإِن يَرَوْا سَبِيلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا ۚ ذَٰلِكَ
اور اگر گمراہی کا راستہ دیکھ پائینگے تو اُسے اپنا راستہ بنا لینگے یہ اسوجہ سے کہ

بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا عَنْهَا غَافِلِينَ ۝ وَالَّذِينَ
اُنھون نے ہماری نشانیون کو جھٹلایا اور اُنسے غافل رہے اور جن لوگون نے

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَلِقَاءِ الْآخِرَةِ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ ۚ
ہماری نشانیون کو اور آخرت سے کام پڑجانیکو جھٹلایا اُنکے اعمال باطل ہوگئے

هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَاتَّخَذَ
کیا اُنکو سوائے اُس عمل کے جو کچھ وہ کیا کرتے تھے کوئی اور بدلہ دیا جائیگا اور موسےٰ کی قوم نے

قَوْمُ مُوسَىٰ مِن بَعْدِهِ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا
اُنکے بعد اپنے زیورون سے ایک بچھڑا بنا لیا (وہ) ایک کھوکھلی مورت تھی

لَّهُ خُوَارٌ ۚ أَلَمْ يَرَوْا أَنَّهُ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيهِمْ
جس مین گائے کی سی آواز تھی کیا وہ اتنا نہین سمجھتے تھے کہ وہ اُنھین نہ تو اُنسے بات کرتا تھا اور نہ

سَبِيلًا ۘ اتَّخَذُوهُ وَكَانُوا ظَالِمِينَ ۝ وَلَمَّا
اُنکو کوئی راستہ بتاتا تھا۔ (اسپر بھی) اُنھون نے یہ ظلم کیا کہ اُسے پوجا اور جب وہ

سُقِطَ فِي أَيْدِيهِمْ وَرَأَوْا أَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوا ۙ
حد سے زیادہ نادم ہوے اور یہ سمجھ گئے کہ ہم گمراہ ہوچکے

قَالُوا لَئِن لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ
تو اُنھون نے عرض کی کہ اگر ہمارا پروردگار ہم پر رحم نہ فرمائیگا اور ہمارے گناہ معاف نہ کردیگا تو ہم ضرور

الْخَاسِرِينَ ۝ وَلَمَّا رَجَعَ مُوسَىٰ إِلَىٰ قَوْمِهِ غَضْبَانَ
نقصان اُٹھانیوالون مین سے ہوجائینگے۔ اور جب موسےٰ اپنی قوم کی طرف سخت غصہ مین اور رنجیدہ

أَسِفًا ۚ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُونِي مِنْ بَعْدِي ۖ أَعَجِلْتُمْ

لوٹ کر آئے (اور) فرمایا کہ تمنے میرے بعد کیا ہی بُرا برتاؤ کیا ہے کیا تمنے اپنے پروردگار کی

أَمْرَ رَبِّكُمْ ۖ وَأَلْقَى الْأَلْوَاحَ وَأَخَذَ بِرَأْسِ أَخِيهِ

نسبت جلدی کی اور (غصہ سے) لوحین ڈالدین اور اپنے بھائی کا سر پکڑ کر اپنی طرف

يَجُرُّهُ إِلَيْهِ ۚ قَالَ ابْنَ أُمَّ إِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُونِي

کھینچا (اُنہون نے) عرض کی کہ اے میرے ماں جائے بالتحقیق قوم نے مجھے ضعیف سمجھا

وَكَادُوا يَقْتُلُونَنِي فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْأَعْدَاءَ وَلَا

اور قریب تھا کہ مجھکو قتل کردے پس آپ مجھپر دشمنون کو نہ ہنسوائین اور

تَجْعَلْنِي مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي

ظالم لوگون کے ساتھ میرا شمار نہ کرین (موسےٰ نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار

ع ۱۸ ۸ وَلِأَخِي وَأَدْخِلْنَا فِي رَحْمَتِكَ ۖ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝

تو مجھے اور میرے بھائی کو بخشدے اور ہم دونو کو اپنی رحمت مین داخل کرلے اور تو ہی سب رحم کرنیوالون سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے

إِنَّ الَّذِينَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ

بالتحقیق جن لوگون نے بچھڑا پوجا عنقریب اُنکے رب کی طرف سے اُنپر غضب

مِنْ رَبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَكَذَٰلِكَ

آئیگا اور زندگانی دنیا مین اُنکو ذلت ملیگی اور ہم افترا پردازون کو

نَجْزِي الْمُفْتَرِينَ ۝ وَالَّذِينَ عَمِلُوا السَّيِّئَاتِ ثُمَّ

ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہین اور جن لوگون نے بدیان کین پھر

تَابُوا مِنْ بَعْدِهَا وَآمَنُوا إِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا

اُسکے بعد توبہ کرلی اور ایمان لے آئے بیشک تمہارا پروردگار بعد توبہ کرلینے کے

لَغَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُوسَى

بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور جب موسےٰ کا غصہ فرو ہوا

الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۚ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّ

تو اُنھون نے لوحین اُٹھالین اور اُسکے نسخون مین اُن لوگون کے لئے ہدایت

رَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ○ وَاخْتَارَ

لہ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ یہ آیت غور سے دیکھنے اور پڑھنے کے لائق ہے۔ اسکے نزول سے یہ بتلانا منظور ہے کہ ابتدائی خلقت انسان اور پھر

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ۝ اِنَّ

پیدا کیا ہے اُس میں پرہیزگار لوگوں کے لئے بہت سی نشانیاں موجود ہیں یقیناً وہ

الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

لوگ جنکو ہماری حضور میں آنیکی امید نہیں ہے زندگانی دنیا پر راضی اور اسی پر

وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۝

مطمئن ہو گئے ہیں اور وہ لوگ جو ہماری آیتوں سے غافل ہیں

اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝

بوجہ اُنکے افعال کے اُنہی کا ٹھکانا جہنم ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ

بیشک جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک کام کئے اُنکے ایمان کے سبب اُنکا

بِاِيْمَانِهِمْ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ

پروردگار اُنکو نعمت والی جنتوں میں پہنچا دیگا جنکے نیچے ندیاں بہتی

النَّعِيْمِ ۝ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ

ہیں اُنکی دعا اُن جنتوں میں یہ ہو گی کہ اے اللہ تو پاک ہے اور اُنکی

فِيْهَا سَلٰمٌ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

صاحب سلامت اُسمیں سلام ہو گی اور اُنکی ختم دعا یہ ہو گی کہ ہر قسم کی تعریف تمام عالموں کے پروردگار

الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ

کے لئے زیبا ہے اور اگر خدا یتعالےٰ آدمیوں کے لئے بُرائی میں بھی اتنی ہی جلدی کرے

بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ۭ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ

جتنی کہ اُنکے لئے نیکی میں کرتا ہے تو اُنکی مدت بہت ہی جلدی پوری کر دی جائے۔ ہم تو اُن لوگوں کو جو

لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ وَاِذَا

ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے اُنکی سرکشی میں چھوڑ دیتے ہیں کہ وہ آپ ہی سرگرداں رہیں اور انسان

مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ اَوْ قَاعِدًا اَوْ

جب کوئی مصیبت آپڑتی ہے تو ہمکو لیٹے لیٹے بیٹھے بیٹھے کھڑے کھڑے پکارنے لگتا ہے

قَآىِٕمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَاۤ

پھر جب ہم اُسکی مصیبت دور کردیتے ہیں تو اپنی پہلی ہی رفتار چلنے لگتا

اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا

ہے گویا اُسنے مصیبت دور کرنیکی لئے جو اُسپر پڑی تھی ہمسے دعا ہی نہ کی تھی اسی طرح زیادتی کرنیوالوں کیلئے جو جو عمل وہ

يَعْمَلُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

کیا کرتے ہیں زینت دیدی گئی ہیں اور بیشک ہمنے تم سے پہلے بہت سے ابنائے زمانہ ہلاک کردئے

لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا

جبکہ اُن لوگوں نے نافرمانیاں کیں حالانکہ اُنکے رسول اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تھے مگر وہ اس

كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِى الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ۝

قابل ہی نہ رہے تھے کہ ایمان لاتے گنہگار لوگوں کو ہم اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں

ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِى الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ

پھر اُنکے بعد ہمنے تمکو اس زمین میں خلیفہ قرار دیا تاکہ ہم دیکھیں کہ تم کیسے

كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ

عمل کرتے ہو اور جسوقت اُن لوگوں کے سامنے ہماری کھلی دلیلیں پڑھی جاتی ہیں

قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَاۤ

تو جنکو ہماری ملاقات کی امید نہیں ہے وہ کہدیتے ہیں کہ ایک قرآن ایسا ہی اور لے آؤ یا

اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْۤ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ

اسکو بدل ڈالو تم کہدو کہ مجھے کیا پڑی ہے کہ میں اسے خود اپنی طرف سے بدل دوں میں تو اُسکی

نَفْسِىْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰۤى اِلَىَّ ۚ اِنِّىْۤ اَخَافُ

پیروی کرتا ہوں جو کچھ میری طرف وحی کی جاتی ہے اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں

إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ○ قُلْ

تو میں تو بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں تم یہ کہدو کہ

لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا تَلَوْتُهُ عَلَيْكُمْ وَلَا أَدْرَاكُمْ بِهِ ۖ

اگر اللہ چاہتا تو میں نہ یہ تمکو پڑھکر سناتا اور نہ خدا تمکو اسکی اطلاع دیتا

فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِنْ قَبْلِهِ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ○

آخر اس سے پہلے سے میں نے ایک عمر تم ہی میں گزاری کیا تم اتنی بھی سمجھ نہیں رکھتے

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ

اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو خدا پر جھوٹا بہتان باندھے یا اُسکی آیتوں کو جھٹلائے

بِآيَاتِهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُونَ ○ وَيَعْبُدُونَ مِنْ

بیشک قصوروار فلاح نہیں پاتے وہ اللہ کو چھوڑکر اُنکو پوجتے

دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ

ہیں جو انکو نہ کوئی ضرر پہنچائیں اور نہ کوئی نفع بخشیں اور کہتے ہیں کہ یہ

هَٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللَّهِ ۚ قُلْ أَتُنَبِّئُونَ اللَّهَ بِمَا

خدا کے پاس ہمارے سفارشی ہیں تم یہ کہدو کہ تم خدا کو اُس چیز سے آگاہ کرتے ہو

لَا يَعْلَمُ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ سُبْحَانَهُ وَ

جسے وہ نہ آسمانوں میں جانتا ہے اور نہ زمین میں اور جن چیزوں کو یہ اسکا شریک

تَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ○ وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً

ٹھہراتے ہیں اُسکی ذات اُنسے منزہ اور برتر ہے اور پہلے تو سب آدمی ایک گروہ تھے پھر (خواہش نفسانی

وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُوا ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ

سے) مختلف ہوگئے اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے نہ کر چکی ہوتی

رَبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ○ وَيَقُولُونَ

تو جس بارے میں وہ اختلاف کیا کرتے ہیں اُسمیں اُنکے مابین کبھی کا فیصلہ ہو چکا ہوتا اور وہ یہ کہتے ہیں

لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ
کہ اُسکے رب نے اُسپر کوئی نشانی کیوں نہ نازل فرمائی تم یہ کہدو کہ غیب کا مالک تو خدا ہی ہے
لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝ وَاِذَآ
پس تم بھی منتظر رہو (اور) میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنیوالوں میں ہوں اور جب ہم نے
اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ[1] اِذَا لَهُمْ
لوگوں کو بعد اسکے کہ اُنپر تکلیف گزر چکی تھی (اپنی) رحمت کا مزہ چکھایا تو وہ ہماری آیتوں
مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ۚ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ۚ اِنَّ رُسُلَنَا
میں چالیں چلنے لگے تم یہ کہدو کہ چالوں کا بدلہ دینے میں خدا یتعالے سب سے تیز ہی بیشک
يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ
ہمارے فرشتے جو چالیں تم چلتے ہو وہ سب لکھتے جاتے ہیں وہ وہی تو ہے جو تمکو خشکی اور تری میں لے چلتا ہے
وَالْبَحْرِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ
یہانتک کہ جب تم کشتیوں میں ہوتے ہو اور اچھی اچھی ہواؤں کے ساتھ وہ لوگوں کو لیکر
طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا جَاۗءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَاۗءَهُمُ
چلتی ہیں اور لوگ بھی اُس سے خوش ہوتے ہیں تو یکایک کشتی کو ایک آندھی آلیتی ہے اور ہر طرف سے اُنکو
الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ
موجیں آگھیرتی ہیں اُس وقت وہ گمان کرنے لگتے ہیں کہ اب ہم ہلاک ہوئے تو خدا اسی حملوں
دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ لَىِٕنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ
دل سے دعا مانگنے لگتے ہیں کہ اگر اس سے تو نے ہمکو بچا لیا تو ہم
هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ
ضرور شکر گزاروں میں سے ہو جائینگے پھر جب وہ اُنکو بچا لیتا ہے تو زمین
يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا
میں ناحق (ناحق) فساد کرنے لگتے ہیں اے آدمیو سوائے اسکے نہیں ہے

[1] مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ کہتے ہیں کہ اہل مکہ سات برس تک قحط میں مبتلا رہے یہانتک کہ مرنے کے قریب ہوگئے پس جب

بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ اِلَيْنَا

کہ تمہاری بغاوت کا ضرر اس زندگانی دنیا کے سرمایہ میں تمہاری ہی ذات کو لئے ہے پھر تمہاری بازگشت

مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ اِنَّمَا

ہماری طرف ہوگی پھر جو جو عمل تم کیا کرتے تھے ہم تمکو سب جتلا دینگے سوائے اسکے نہیں ہے

مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ

کہ زندگانی دنیا کی مثال اس پانی کی سی ہے جسکو ہم نے آسمان سے اتارا

فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ

پھر اسکے ساتھ زمین کی وہ نباتات جسکو آدمی اور جانور کھاتے پیتے ہیں مخلوط ہو گئی

حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ

یہانتک کہ جب زمین کی اس سے زینت ہوئی اور وہ بن سنور گئی اور اہل زمین نے یہ خیال بھی

اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ اَتٰىهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا

کرلیا کہ اب ہم اسپر قابو پانیوالے ہیں تو یکایک ہمارا عذاب رات کو یا دن میں آپہنچا

فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ۭ كَذٰلِكَ

اور اسکا ایسا ڈھیر کر دیا گویا کل وہ کوئی چیز ہی نہ تھی اس طرح سے

نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى

ہم اُن لوگوں کے لئے جو غور و فکر کریں مفصل طور پر آیتیں بیان کرتے ہیں اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف

دَارِ السَّلٰمِ ۭ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

بلاتا ہے اور جسے چاہتا ہے اپنی (توفیق سے) راہِ راست تک پہنچا دیتا ہے

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ۭ وَلَا يَرْهَقُ

اُن لوگوں کے واسطے جنہوں نے نیکی کی بہتری بھی ہے اور اسپر زیادتی بھی اُنکے چہروں پر

وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ

نہ سیاہی چھائیگی اور نہ ذلت وہی جنتی ہیں

هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ○ وَالَّذِينَ كَسَبُوا السَّيِّئَاتِ جَزَاءُ

اُسمیں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے اور وہ لوگ جنہوں نے بدی کی ہر بدی کا بدلہ اُسی کے

سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۖ مَا لَهُمْ مِنَ اللَّهِ

برابر ہے اور اُنپر ذلت بھی چھا جائیگی اللہ کی طرف سے کوئی اُنکا

مِنْ عَاصِمٍ ۖ كَأَنَّمَا أُغْشِيَتْ وُجُوهُهُمْ قِطَعًا مِنَ

بچانیوالا نہ ہوگا (ایسا معلوم ہوگا) گویا اُنکے چہروں پر اندھیری رات کا ایک ٹکڑا

اللَّيْلِ مُظْلِمًا ۚ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا

چھا گیا ہے جہنمی وہی ہیں اُس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ)

خَالِدُونَ ○ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ

رہنے والے ہونگے اور جس دن ہم اُن سب کو جمع کرینگے پھر ہم اُن لوگوں سے جو شرک

لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا مَكَانَكُمْ أَنْتُمْ وَشُرَكَاؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا

کیا کرتے تھے یہ کہینگے کہ تم اور تمہارے شرکاء اپنی اپنی جگہ ٹھہرو پھر ہم اُنکے باہمی

بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَاؤُهُم مَّا كُنتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ ○

تعلق قطع کر دینگے اور اُنکے شرکاء یہ کہدینگے کہ تم ہماری عبادت تو نہیں کیا کرتے تھے

فَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ إِن كُنَّا عَنْ

پس ہمارے اور تمہارے مابین گواہی دینے کو اللہ کافی ہے کہ ہم تمہاری عبادت سے

عِبَادَتِكُمْ لَغَافِلِينَ ○ هُنَالِكَ تَبْلُو كُلُّ نَفْسٍ مَّا

بالکل بے خبر ہیں اُسوقت ہر نفس اس بات کو جانچ لیگا کہ وہ پہلے

أَسْلَفَتْ وَرُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ ۖ وَضَلَّ عَنْهُم

کیا کیا کر چکا ہے اور وہ سب اللہ اپنے برحق مالک کی طرف پھیرے جائینگے اور جو کچھ بہتان وہ

مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ○ قُلْ مَن يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاءِ

باندھا کرتے تھے وہ سب کچھ اُنکے ہاتھ سے نکل جائیگا تم یہ کہدو کہ آسمان سے اور زمین سے تمکو رزق

وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ

کون دیتا ہے یا سماعت اور بصارت کا اختیار کون رکھتا ہے اور وہ کون ہے جو زندہ کو

الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ

مردہ سے پیدا کر دیتا ہے اور مردہ کو زندہ سے پیدا کر دیتا ہے اور وہ کون ہے جو تمام

الْاَمْرَ ۭ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ

امور کا انتظام کرتا ہے قریب ہے کہ وہ کہینگے کہ اللہ ہی پس تم یہ کہدو کہ کیا تم (اس سے) نہیں ڈرتے پس وہی اللہ تمہارا

رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝

برحق پروردگار ہے تو حق کے بعد سوائے گمراہی کے اور ہے کیا؟ پھر کہاں پلٹے جاتے ہو؟

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ

اسی طرح تمہارے پروردگار کی بات اُن لوگوں کے برخلاف جنہوں نے نافرمانی کی تھی ثابت ہوگئی کہ وہ

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا

ایمان نہ لائینگے تم یہ کہدو کہ تمہارے شرکا میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو ایسی مخلوق

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ

از سر نو پیدا کردے پھر اسکو دُھرا بھی دے تم کہدو کہ اللہ ہی مخلوق کو از سر نو پیدا کرتا ہے پھر اسکو دوہراتا ہے

فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ

پس تم جاتے کدھر ہو؟ تم کہدو کہ تمہارے شرکا میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو حق کی ہدایت

اِلَى الْحَقِّ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ۭ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى

کرے تم یہ کہدو کہ اللہ حق تک پہنچاتا ہے آیا وہ شخص جو حق تک پہنچادے اسکا زیادہ

الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ

مستحق ہے کہ اسکی پیروی کیجائے یا وہ جسکو خود راستہ نہیں ملتا جبتک کوئی اور اسکو راستہ نہ بتلادے

فَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ۭ

پس تمکو کیا ہوگیا ہے؟ کیسے فیصلہ کرتے ہو؟ اور اُن میں سے اکثر صرف گمان کے پیرو ہیں

إِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا

یقیناً گمان حق سے مستغنی نہیں کرسکتا اور جو کچھ بھی وہ کرتے ہیں اللہ اسکو

يَفْعَلُونَ ○ وَمَا كَانَ هَٰذَا الْقُرْآنُ أَنْ يُفْتَرَىٰ مِنْ

جانتا ہے اور یہ قرآن ایسا نہیں ہے کہ خدا کے سوا کسی اور کی طرف سے

دُونِ اللَّهِ وَلَٰكِنْ تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ

بنا لیا جائے بلکہ یہ اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق ہے اور اس میں کچھ شک نہیں کہ

الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ ○ أَمْ يَقُولُونَ

تمام عالم کے پروردگار کی طرف سے لکھے ہوئے (احکام) کی تفصیل ہے آیا وہ یہ کہتے ہیں

افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ

کہ پیغمبر نے اسکو بنا لیا ہے۔ تم یہ کہدو کہ (اگر میں نے اسکو بنا لیا ہے تو) تم بھی اسکے مانند ایک سورہ بنالاؤ

اسْتَطَعْتُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ○ بَلْ

اور اگر تم سچے ہو تو اللہ کے سوا جس جس کو بلا سکتے ہو بلا لو بلکہ

كَذَّبُوا بِمَا لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ ۚ

انہوں نے تو اسکو جھٹلا دیا جسکے علم کا وہ احاطہ نہ کرسکے اور جسکا مطلب ان تک پہنچا ہی نہیں

كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

اسی طرح ان لوگوں نے بھی جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے تھے پھر غور کرلو کہ ظالموں کا انجام

عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ○ وَمِنْهُمْ مَنْ يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُمْ مَنْ

کیا ہوا؟ اور ان میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو اسپر ایمان رکھتا ہے

لَا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ ○ وَإِنْ ع ۱۰ ۹

اور کوئی کوئی ایسا ہے جو اسپر ایمان نہیں رکھتا اور تمہارا پروردگار فساد کرنیوالوں سے خوب واقف ہے اور اگر وہ تمہیں

كَذَّبُوكَ فَقُلْ لِي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۖ أَنْتُمْ بَرِيئُونَ

جھٹلائیں تو تم یہ کہدو کہ میرا کیا میرے لئے اور تمہارا کیا تمہارے لئے جو کچھ میں کرتا ہوں اس سے

مِمَّآ اَعۡمَلُ وَاَنَا بَرِیۡٓءٌ مِّمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ۝ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ

تم بری ہو اور جو کچھ تم کرتے ہو اُس سے میں بری ہوں اور اُنمیں سے بعض ایسے ہیں

یَّسۡتَمِعُوۡنَ اِلَیۡكَ ؕ اَفَاَنۡتَ تُسۡمِعُ الصُّمَّ وَلَوۡ كَانُوۡا

جو تمہاری باتیں خوب غور سے سُنتے ہیں کیا تم بہرن کو سُنا سکتے ہو جس حال میں کہ وہ عقل ہی

لَا یَعۡقِلُوۡنَ ۝ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ یَّنۡظُرُ اِلَیۡكَ ؕ اَفَاَنۡتَ

نہ رکھتے ہوں اور اُن میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو تمہاری طرف گھور گھور کے دیکھتا ہے

تَهۡدِی الۡعُمۡیَ وَلَوۡ كَانُوۡا لَا یُبۡصِرُوۡنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ

پھر کیا تم اندھوں کو راستہ بتا سکتے ہو جس حال میں کہ وہ کچھ سوجھ بوجھ نہیں رکھتے بالتحقیق اللہ آدمیوں

لَا یَظۡلِمُ النَّاسَ شَیۡـًٔا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنۡفُسَهُمۡ

پر ذرا بھی ظلم نہیں کرتا بلکہ آدمی (خود) اپنی جانوں پر ظلم توڑتے

یَظۡلِمُوۡنَ ۝ وَیَوۡمَ یَحۡشُرُهُمۡ كَاَنۡ لَّمۡ یَلۡبَثُوۡۤا اِلَّا

ہیں اور جس دن ہم اُنکو جمع کرینگے تو ایسا معلوم ہوگا گویا دن کی ایک

سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ یَتَعَارَفُوۡنَ بَیۡنَهُمۡ ؕ قَدۡ خَسِرَ

گھنٹہ بھر سے زیادہ نہیں ٹھہرے آپس میں ایک دوسرے کو پہچان لینگے جو لوگ ہماری حضور میں

الَّذِیۡنَ كَذَّبُوۡا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوۡا مُهۡتَدِیۡنَ ۝

آنیکو جھٹلاتے تھے اور ہدایت یافتہ نہ تھے وہ ضرور نقصان اُٹھائینگے

وَاِمَّا نُرِیَنَّكَ بَعۡضَ الَّذِیۡ نَعِدُهُمۡ اَوۡ نَتَوَفَّیَنَّكَ

اور جس جس چیز کا اُنسے وعدہ کرتے ہیں اگر ہم اُسکا کوئی حصّہ تمکو دکھلا دیں یا تمہاری عمر پوری

فَاِلَیۡنَا مَرۡجِعُهُمۡ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِیۡدٌ عَلٰی مَا یَفۡعَلُوۡنَ ۝ وَلِكُلِّ

کردیں تو بھی تو اُنکی بازگشت ہماری ہی طرف ہوگی پھر جو کچھ وہ کرتے ہیں خدا (خود) اُسکا گواہ ہوگا اور ہر

اُمَّةٍ رَّسُوۡلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ رَسُوۡلُهُمۡ قُضِیَ بَیۡنَهُمۡ بِالۡقِسۡطِ

اُمّت کے لئے ایک رسول ہے پس جب جب اُنکا رسول آجائیگا اُنکے مابین انصاف کے ساتھ فیصلہ

وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن

ہٹایا جائیگا اور انکو نقصان نہ پہنچایا جائیگا اور وہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو بتاؤ یہ

كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي ضَرًّا وَلَا نَفْعًا

وعدہ کب ہوگا؟ تم یہ کہدو کہ سوائے اُتنے کے جتنا اللہ کو منظور ہے میں تو اپنی

إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۗ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۚ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ

ذات کے لئے نہ ضرر کا مالک ہوں نہ نفع کا ہر امت کے لیے ایک وقت مقرر ہے جب اُنکا مقررہ وقت آجاتا ہے

فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ۝ قُلْ

تو نہ وہ ایک ساعت تاخیر کرسکتے ہیں اور نہ پیش قدمی تم یہ کہدو کہ

أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُهُ بَيَاتًا أَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ

آیا تمنے یہ سوچا کہ اگر اُسکا عذاب تم پر یکایک رات کو یا دن میں آپہنچے تو یہ گنہگار اُسکے متعلق

مِنْهُ الْمُجْرِمُونَ ۝ أَثُمَّ إِذَا مَا وَقَعَ آمَنتُم بِهِ ۚ آلْآنَ

جلدی کاہے کی کرتے ہیں کیا تم جب وہ عذاب واقع ہوجائیگا تب اُسپر ایمان لاؤگے اب تم

وَقَدْ كُنتُم بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ ۝ ثُمَّ قِيلَ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا

قائل ہوئے؟ حالانکہ تم ہی تو اسکی جلدی کیا کرتے تھے پھر اُسوقت ظالموں سے کہا جائیگا کہ

ذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا بِمَا كُنتُمْ

ہمیشہ کا عذاب چکھو جو کچھ تم کیا کرتے تھے تمکو اُسی کی تو سزا

تَكْسِبُونَ ۝ وَيَسْتَنبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ ۖ قُلْ إِي وَرَبِّي

دی جاتی ہے اور وہ تم سے دریافت کرتے ہیں کہ کیا وہ واقعہ حق ہے؟ تم کہدو کہ ہاں میرے پروردگار

إِنَّهُ لَحَقٌّ ۖ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ ۝ وَلَوْ أَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ

کی قسم وہ بیشک حق ہے اور تم اُس (خدا) کو عاجز کرنیوالے نہیں ہو اور اگر کسی ظالم شخص کے پاس زمین

ظَلَمَتْ مَا فِي الْأَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهِ ۗ وَأَسَرُّوا النَّدَامَةَ

میں جو کچھ ہے وہ سب کچھ بھی ہوگا تو بھی وہ اُسے فدیہ میں دیدیگا اور جسوقت وہ عذاب کو دیکھینگے

ربع

(نقشہ ۸) یہ لفظ اضداد میں سے ہے جس کے معنی اظہار و اخفاء دونوں کے ہیں۔ قاموس ۱۲

لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ○
ندامت کو چھپائینگے اور اُنکے مابین انصاف سے فیصلہ کیا جائیگا اور اُنپر ظلم نہ کیا جائیگا

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِنَّ
خبردار رہو کہ آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ سب اللہ کا ہے آگاہ رہو کہ اللہ کا

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ○ هُوَ
وعدہ سچا ہے لیکن اُن میں سے اکثر جانتے نہیں وُہی

يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ○ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ
جلاتا ہے اور وہی مارتا ہے اور اُسی کی حضور میں تم سب کی بازگشت ہوگی۔ اے لوگو تمہارے پاس تمہارے

جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ
رب کی طرف سے نصیحت آئی اور جو کچھ سینوں میں ہے اُسکے لئے شفا

وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ○ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ
اور مؤمنین کے لئے ہدایت و رحمت تم کہدو کہ خدا کے فضل اور رحمت ہی

بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ ○
سے تو اُنکو خوش ہونا چاہیے اور جو کچھ وہ جمع کرتے ہیں اُس سے یہ بسا بہتر ہے

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ
تم یہ کہدو کہ ذرا غور تو کرو کہ جو کچھ رزق اللہ نے تمہارے لئے نازل کیا ہے اُس میں سے تمنے کسی کو حلال قرار

حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ○
دے لیا اور کسی کو حرام دریافت کرو کہ آیا اللہ نے تمکو اسکا حکم دیا ہے یا تم خدا پر بہتان باندھتے ہو

وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ
اور جو لوگ اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں قیامت کے دن کے بارے میں اُنکا گمان کیا ہے؟

اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ
بیشک اللہ آدمیوں پر فضل کرنیوالا ہے لیکن اکثر اُن میں سے

لَا يَشْكُرُوْنَ ۝ وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ

ناشکرے ہیں اور (اے رسول) تم جس حال میں بھی ہوتے ہو اور جو حصّہ قرآن بھی

مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ

تم پڑھتے ہو اور جو عمل بھی تم کرتے ہو ہم ہر حال میں تمہارے پاس ہوتے ہیں

شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ

خواہ تم کسی وقت بھی اُسکا آغاز کرو اور تمہارے رب سے زمین و آسمان کی ذرہ بھر

مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَلَاۤ اَصْغَرَ

کوئی چیز غائب نہیں ہوتی اور نہ اُس سے چھوٹی اور نہ بڑی

مِنْ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ اَلَاۤ اِنَّ

مگر یہ کہ روشن کتاب میں سب کچھ موجود ہے آگاہ ہو کہ (جو)

اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ

دوستانِ خدا (ہیں) اُنکو نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ محزون ہونگے وہ (وہی) لوگ

اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ

(ہیں) جو ایمان لائے اور پرہیزگاری برتتے تھے اُنکے لئے زندگانی دنیا میں (بھی) خوشخبری ہے

الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ

اور آخرت میں (بھی) کلمات خدا میں کوئی تبدیلی نہیں ہوسکتی وہی تو بڑی

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ؕ اِنَّ

کامیابی ہے اور تمکو اُنکی باتیں رنج نہ دیں بیشک

الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ

پورا پورا غلبہ خدا کا ہے اور وہی سُننے والا جاننے والا ہے آگاہ ہو کہ آسمانوں میں

مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ؕ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ

اور زمین میں جو جو ہیں وہ سب خدا کے ہیں اور جو اللہ کے سوا کسی اور کو

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ

پکارتے ہیں وہ بھی اُن شرکاء کی پیروی نہیں کرتے وہ محض گمان کی پیروی کرتے ہیں

وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ○ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ

اور وہ محض جھوٹ بولتے ہیں وہ وہی ہے جسنے تمہارے لئے رات اس واسطے مقرر کی

لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

کہ تم اُس میں آرام کرلو اور دن کو دکھانیوالا بنایا بیشک اسی میں اُنکے لئے نشانیاں موجود ہیں

لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ○ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ

جو سُنیں اُنہوں نے تو یہ کہدیا کہ خدا نے بیٹا بنا لیا اُسکی ذات (ایسی باتوں سے) منزہ ہے

هُوَ الْغَنِيُّ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ اِنْ

وہ سب سے بے پرواہی آسمانوں میں اور زمین میں جو جو کچھ ہے وہ سب اُسی کا ہے کیا

عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۢ بِهٰذَا ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

تمہارے پاس اسکی کوئی دلیل ہے؟ یا تم اللہ کے برخلاف وہ کچھ کہتے ہو

مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○ قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

جو تم نہیں جانتے؟ تم یہ کہدو کہ بیشک وہ لوگ جو خدا پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں

الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ○ؕ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا

فلاح نہ پائینگے دنیا میں نفع اُٹھانا تھوڑے دن کا ہے پھر اُنکی بازگشت

مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا

ہماری طرف ہوگی پھر جن باتوں کا وہ انکار کیا کرتے تھے اُنکے بدلے ہم اُنکو سخت عذاب

يَكْفُرُوْنَ ○ ع وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ

چکھائینگے اور اُنکو نوحؑ کی خبر پڑھ کر سناؤ جسوقت اُنہوں نے اپنی قوم سے کہا

يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

کہ اے میری قوم اگر تمکو میرا رہنا اور خدا کی آیتیں سمجھانا ناگوار ہے تو میرا تو

ثلثة ارباع

فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ

بھروسہ اللہ پر ہے پس اپنے معاملہ کو درست کرو اور اپنے شرکاء کو جمع کر لو پھر تمہارا امر تم

اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ○

پوشیدہ نہ رہے (یعنی کھلم کھلا مقابلہ میں آجاؤ) پھر (جو کچھ کرنا ہے) میرے لئے کر گزرو اور مجھے مہلت نہ دو

فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا

پھر اگر تم روگرداں ہو تو میں نے تو تم سے کوئی مزدوری نہیں مانگی میری مزدوری تو اللہ کے

عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○ فَكَذَّبُوْهُ

ذمہ ہے اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں خالص اطاعت کرنیوالوں میں سے ہو جاؤں پس اُن لوگوں نے

فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰۗىِٕفَ وَ

اُنکو جھٹلایا پس ہم نے (خود) اُنکو اور جو کشتی میں اُنکے ساتھ تھے اُنکو نجات دی اور اُنکو پہلوں کا جانشین کیا

اَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

اور جو ہماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے اُن سب کو ہمنے ڈبو دیا پس سوچ لو کہ انجام اُن لوگوں کا جنکو ڈرایا جاتا تھا

الْمُنْذَرِيْنَ ○ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ

کیا ہوا؟ پھر ہمنے اُنکے بعد اور رسول اُنکی اپنی قوموں میں بھیجے

فَجَاۗءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا

پس وہ کھلی دلیلیں لیکر آئے تاہم وہ لوگ جن باتوں کی پہلے سے تکذیب کر چکے تھے اُنپر

بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۭ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰي قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ○

کسی طرح ایمان نہ لائے زیادتی کرنیوالوں کے دلوں پر ہم اسی طرح چھاپا لگا دیا کرتے ہیں

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ

پھر ہمنے اُنکے بعد موسےٰ اور ہارونؑ کو فرعون اور اُسکے درباریوں کے پاس اپنی

وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ○

نشانیاں دیکر بھیجا پس اُن لوگوں نے تکبر کیا اور وہ گنہگار لوگ تھے

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ
پھر جب ہمارے پاس سے اُنکے پاس حق آیا تو کہنے لگے بیشک یہ تو کھلا جادو ہے
مُّبِيْنٌ ○ قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ اَسِحْرٌ
موسےٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کیا تم حق کی نسبت جب وہ تمہارے پاس آیا یہ کہتے ہو کہ
هٰذَا ؕ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُوْنَ ○ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا
یہ جادو ہے حالانکہ جادوگر فلاح نہیں پاتے اُنہوں نے جواب دیا کیا تم ہمارے پاس اسلئے
عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِى الْاَرْضِ ؕ
آئے ہو کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو جسپر پایا ہے اُس سے ہمکو ہٹا دو۔ اور تم دونو کی اس سرزمین میں بزرگی قائم ہو جائے
وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ○ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِىْ بِكُلِّ
حالانکہ ہم تمپر ایمان لانیوالے نہیں ہیں اور فرعون نے یہ کہا کہ ہمارے پاس ہر واقف کار جادوگر
سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ○ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا
کو لے آؤ پس جب سب جادوگر آچکے تو موسیٰ (علیہ السلام) نے اُنسے فرمایا کہ تمکو جو کچھ ڈالنا ہے
مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ○ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ
ڈالو پس جب وہ ڈال چکے موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ جو کچھ تمنے کیا ہے
بِهِ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ
یہ جادو ہے بیشک اللہ اسکو عنقریب باطل کر دیگا بیشک اللہ مفسدوں کے کسی کام کی اصلاح
الْمُفْسِدِيْنَ ○ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ
نہیں فرماتا اور اللہ تعالےٰ اپنے کلمات کے ذریعہ سے حق کو حق ثابت کر دیتا ہے اگرچہ
الْمُجْرِمُوْنَ ○ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ ع ۸ ۱۲ ۱۳
گنہگاروں کو بُرا لگے پس فرعون اور اُسکے سرداروں کے خوف سے کہ کہیں ہمکو تکلیف نہ پہنچائیں
عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ؕ وَاِنَّ
موسےٰ (علیہ السلام) پر اُنکی قوم کے تھوڑے سے آدمیوں کے سوا اور کوئی ایمان نہ لایا اور بیشک

فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الْأَرْضِ وَإِنَّهُ لَمِنَ الْمُسْرِفِينَ ○

فرعون اُس ملک میں غالب تھا اور یقیناً وہ بڑی زیادتی کرنیوالوں میں سے تھا

وَقَالَ مُوسَىٰ يَا قَوْمِ إِن كُنتُمْ آمَنتُم بِاللَّهِ فَعَلَيْهِ

اور موسےٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اے میری قوم اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہو تو اُسپر توکل رکھو

تَوَكَّلُوا إِن كُنتُم مُّسْلِمِينَ ○ فَقَالُوا عَلَى اللَّهِ

اگر تم اطاعت کرنیوالے ہو انہوں نے عرض کی کہ ہمنے اللہ پر بھروسہ

تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ○

کیا اے ہمارے پروردگار ہمکو ظالم لوگوں کی آزمائش نہ بنا

وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ○ وَأَوْحَيْنَا

اور ہمکو اپنی رحمت سے کافروں (کے ظلم) سے نجات دے اور ہمنے موسےٰ اور

إِلَىٰ مُوسَىٰ وَأَخِيهِ أَن تَبَوَّآ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوتًا

اُنکے بھائی کی طرف وحی کی کہ تم دونو اپنی قوم کے لئے مصر میں کچھ مکان بناؤ

وَاجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ قِبْلَةً وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ ۗ وَبَشِّرِ

اور اپنے اُن مکانوں کو نماز کی جگہ قرار دو اور (اُن میں) نماز پڑھا کرو اور مؤمنین کو

الْمُؤْمِنِينَ ○ وَقَالَ مُوسَىٰ رَبَّنَا إِنَّكَ آتَيْتَ فِرْعَوْنَ

خوشخبری سُناؤ اور موسےٰ نے عرض کی کہ اے ہمارے پروردگار بالتحقیق تونے فرعون اور

وَمَلَأَهُ زِينَةً وَأَمْوَالًا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا رَبَّنَا لِيُضِلُّوا

اُسکے درباریوں کو زندگانی دنیا میں سامان آرائش اور مال بہت کچھ دیا ہے اے ہمارے پروردگار

عَن سَبِيلِكَ ۖ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَىٰ أَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ

اسلئے کہ وہ تیری راہ سے بھٹکائیں اے ہمارے پروردگار اُنکے مال غارت کردے اور اُنکے دل سخت

عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوا حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ○

کردے کہ وہ جب تک دردناک عذاب نہ دیکھینگے ایمان نہ لائینگے

قَالَ قَدْ أُجِيبَت دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيمَا وَلَا تَتَّبِعَانِّ

خدا تعالےٰ نے فرمایا کہ تم دونو کی دعا قبول ہو گئی پس تم دونو ثابت قدم رہو اور ہرگز جاہلوں کی

سَبِيلَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ○ وَجَاوَزْنَا بِبَنِي إِسْرَائِيلَ

راہ نہ چلو اور ہمنے بنی اسرائیل کو دریا کے پار اُتار دیا

الْبَحْرَ فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُودُهُ بَغْيًا وَعَدْوًا ۖ حَتَّىٰ

پس فرعون اور اُسکے لشکر نے ازروے بغاوت وظلم اُنکا پیچھا کیا یہانتک کہ جب وہ

إِذَا أَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ آمَنتُ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا الَّذِي

ڈوبنے لگا تو اُسنے کہا کہ میں اس بات پر ایمان لایا کہ جس خدا پر بنی اسرائیل

آمَنَتْ بِهِ بَنُو إِسْرَائِيلَ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ ○

ایمان لائے ہیں اُسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور میں اطاعت کرنیوالوں میں سے ہوں

آلْآنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنتَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ ○

(کہا گیا کہ) کیا اب تو ایمان لاتا ہے حالانکہ پہلے تو نے نافرمانی کی اور تو فساد کرنیوالوں میں سے تھا

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ آيَةً ۚ

پس آج کے دن ہم صرف تیرے بدن کو نجات دینگے تاکہ تو اپنے بعد والوں کے لئے نشانی رہے

وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ آيَاتِنَا لَغَافِلُونَ ○ وَلَقَدْ ع ۹ ۱۴

اور بیشک بہت سے آدمی ہماری نشانیوں سے غافل ہیں اور یقیناً ہم نے

بَوَّأْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ مُبَوَّأَ صِدْقٍ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ

بنی اسرائیل کو بہت ہی اچھے مقام پر آباد کیا اور پاکیزہ چیزیں اُنکو کھانے کو

الطَّيِّبَاتِ ۖ فَمَا اخْتَلَفُوا حَتَّىٰ جَاءَهُمُ الْعِلْمُ ۚ إِنَّ

دیں پس جب تک اُنکے پاس علم نہ آگیا اُنہوں نے کوئی اختلاف نہ کیا بیشک

رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ

تمہارا پروردگار قیامت کے دن اُنکے مابین اُن سب باتوں کا فیصلہ کر دیگا جن میں وہ اختلاف

يَخْتَلِفُونَ ○ وَإِن كُنتَ فِي شَكٍّ مِّمَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ

کیا کرتے تھے پھر اگر تم کو اس میں جو کچھ ہمنے تمہاری طرف نازل کیا شک ہو تو

فَسْئَلِ الَّذِينَ يَقْرَءُونَ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكَ لَقَدْ جَاءَكَ

وہ لوگ جو تم سے پہلے سے کتاب پڑھتے ہیں اُنسے دریافت کرلو بیشک تمہارے پاس

الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ○ وَلَا تَكُونَنَّ

حق تمہارے رب کی طرف سے آیا پس تم ہرگز شک کرنیوالوں میں سے نہ ہونا اور نہ تم اُن میں سے

مِنَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ فَتَكُونَ مِنَ الْخَاسِرِينَ ○

ہونا جنہوں نے آیات خدا کو جھٹلایا ورنہ تم نقصان اُٹھانیوالوں میں سے ہوجاؤگے

إِنَّ الَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ ○

بیشک وہ لوگ جن پر تمہارے رب کا کلمہ (کفر کی موت مرنا) ثابت ہوگیا ایمان نہ لائینگے

وَلَوْ جَاءَتْهُمْ كُلُّ آيَةٍ حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ○

جب تک کہ وہ دردناک عذاب کو دیکھ نہ لیں گو اُنکے پاس ہر نشانی آجائے

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ آمَنَتْ فَنَفَعَهَا إِيمَانُهَا إِلَّا قَوْمَ

پس کوئی بستی ایسی نہیں ہوئی کہ وہ (عذاب کو دیکھکر) ایمان لائی ہو تو اُسکے ایمان نے

يُونُسَ لَمَّا آمَنُوا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي

نفع دیا ہو سوائے قوم یونس کے کہ وہ جسوقت ایمان لائے ہمنے زندگانی دنیا میں رسوائی کا عذاب اُنسے

الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنَاهُمْ إِلَىٰ حِينٍ ○ وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ

ہٹادیا اور پھر ایک مدت تک اُنکو آباد رکھا اور اگر تمہارا پروردگار چاہتا تو

لَآمَنَ مَن فِي الْأَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيعًا ۚ أَفَأَنتَ تُكْرِهُ

زمین میں جتنے ہیں سب کے سب ایمان لے آتے پھر کیا تم لوگوں کو اس بات پر مجبور کروگے

النَّاسَ حَتَّىٰ يَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ○ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أَن

کہ وہ مومن ہوجائیں حالانکہ کوئی نفس بغیر اذن خدا کے

تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ

ایمان نہیں لاتا اور وہ شک کو اُنہی لوگوں پر مسلط کر دیتا ہے جن میں

لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

عقل نہیں تم یہ کہدو کہ جو جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے اُس میں غور کرو

وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝

حالانکہ جو لوگ ایمان نہ لائینگے اُنکو نہ نشانیاں کچھ کام دیتی ہیں اور نہ ڈرانیوالے

فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ

پھر کیا وہ ایسے زمانہ کے منتظر ہیں جیسا کہ اُن سے پہلے گزر گیا

قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝

تم کہدو کہ تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنیوالوں میں سے ہوں

ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا

پھر ہم اپنے رسولوں کو اور اُن لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں نجات دینگے اسی طرح ہم پر حق ہے کہ

عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ ع ۱۱ ۱۵

ہم مؤمنین کو نجات دیں تم کہدو کہ اے آدمیو اگر تم میرے دین کی طرف سے

فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَاۤ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ

شک میں ہو پس میں اُنکی عبادت نہیں کرتا جنکی خدا کو چھوڑ کر تم

دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۖ وَاُمِرْتُ

عبادت کرتے ہو ولیکن میں تو اُس اللہ کی عبادت کرتا ہوں جو تمکو موت دیگا اور مجھے یہ حکم دیا گیا

اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ

ہے کہ میں مؤمنین میں سے ہو جاؤں اور یہ (حکم دیا گیا ہے) کہ تم اسی کی طرف خلوص سے

لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

متوجہ رہو اور یہ کہ تم ہرگز مشرکوں میں سے نہ ہونا

وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ
اور اللہ کے سوا کسی ایسی چیز کو نہ پکارنا جو نہ تم کو نفع پہنچائے نہ ضرر
فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَاِنْ
پھر اگر تم نے ایسا کیا تو تم بھی ظالموں میں سے ہوجاؤ گے اور اگر
يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ
اللہ تمکو کوئی ضرر پہنچائیگا تو اُسکا دور کرنیوالا سوائے خود اُسکے کوئی اور نہوگا اور اگر وہ
يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۭ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ
تمہارے لئے کسی خیر کا ارادہ کرے تو اُسکے فضل کا دفع کرنیوالا بھی کوئی نہیں وہ اپنے بندوں میں سے جسکو چاہتا ہے
مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ قُلْ يٰٓاَيُّهَا
اپنے فضل کو ذریعہ سے خیر پہنچا دیتا ہے۔ اور وہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے تم کہدو کہ اے
النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ
آدمیو بیشک حق تمہارے رب کے پاس سے تمہارے پاس آیا اب جو شخص راہ راست
اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا
اختیار کریگا اپنی ذات کے نفع کے لئے اختیار کریگا اور جو گمراہی اختیار کرے سو اُسکے
يَضِلُّ عَلَيْهَا ۭ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۝ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى
نہیں ہے کہ اُسکا وبال اُسی پر ہیگا اور میں کچھ تمہارا نگراں نہیں ہوں اور جو وحی تمہاری طرف بھیجی جاتی ہے
اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۝ ع ۱۱ ۶ ۱۶
اُسکی پیروی کرو اور بیشک خدا تعالیٰ فیصلہ نہ کرے صبر کرو اور وہ فیصلہ کرنیوالوں میں سب سے بہتر ہے

سورة هود مكية وهي مائة وثلث وعشرون اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

ایاتها ۱۲۳ | ركوعاتها ۱۰ | كلماتها ۱۳۶ | حروفها ۹۲۲

الٓرٰ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ

الٓرٰ۔ وہ کتاب جسکی آیتیں محکم کی گئی ہیں پھر اُسکی تفصیل جاننے والے حکیم کی طرف سے

حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۝ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ

کی گئی ہے کہ سوائے اللہ کے کسی کی عبادت نہ کرو بیشک میں تمہارے لیے اللہ کی طرف سے

نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ۝ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا

ڈرانیوالا اور خوشخبری سنانیوالا ہوں اور یہ کہ اپنے پروردگار سے گناہوں کی مغفرت مانگو پھر اُسکی حضور میں

اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى

توبہ کرو تو وہ تمہیں اچھا کرتا وقت مقرر تک تمکو بہت اچھی طرح سے پہنچائیگا اور ہر زیادہ عطا

وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ۭ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ

کریگا اپنے کو زیادہ عطا فرمائیگا اور اگر وہ روگرداں ہوں تو میں

اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۝ اِلَى اللّٰهِ

تمہارے لئے بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں تم سب کی بازگشت

مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

اللہ ہی کی طرف ہے اور وہ ہر چیز پر پوری پوری قدرت

قَدِيْرٌ ۝ اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ

رکھنے والا ہے آگاہ ہو کہ وہ لوگ اپنے سینوں کو دوہرا کر لیتے ہیں

لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ۭ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ

کہ اللہ سے اپنے راز چھپائیں خبردار ہو جس وقت وہ اپنے کپڑے اوڑھ لیتے

ثِيَابَهُمْ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ

ہیں اللہ تعالےٰ خوب جانتا ہے کہ وہ چھپاتے کس چیز کو ہیں اور ظاہر کس چیز کو کرتے ہیں

اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

بیشک وہ دلوں کے حال سے باخبر ہے

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ
اور زمین میں کوئی چلنے والا نہیں مگر یہ کہ اُسکا رزق خدا کے ذمہ ہے
رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ۚ كُلٌّ
اور وہی (خدا) اُسکے رہنے کی جگہ کو اور (پیدائش سے پہلے کے) اُسکے سپرد کی کے مقام کو جانتا ہے کھلی کتاب میں
فِي كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
ہر بات موجود ہے اور وہ وہی ہے جسنے آسمانوں کو اور زمین کو
وَالْأَرْضَ فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ
چھ دن میں پیدا کیا اور اُسکا عرش پانی پر تھا
لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا ۗ وَلَئِنْ قُلْتَ إِنَّكُمْ
تاکہ تمکو آزمائے کہ تم میں سے زیادہ نیک عمل کون ہے اور (اے رسول) اگر تم یہ کہو کہ تم لوگ موت کے بعد
مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا
ضرور اُٹھائے جاؤگے تو کافر ضرور یہ کہدینگے کہ
إِنْ هٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَلَئِنْ أَخَّرْنَا عَنْهُمُ
یہ تو کھلا جادو ہے اور اگر ہم اُنکے عذاب کو ایک گنے ہوئے
الْعَذَابَ إِلٰٓى أُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ۗ
گروہ کے آنے تک روک رکھینگے تو بھی ضرور وہ یہ کہینگے کہ کیا چیز اُسکو روکتی ہے؟ خبردار ہوجاؤ کہ
أَلَا يَوْمَ يَأْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ
جس دن وہ اُن پر آئیگا پھر اُن سے ہرگز دفع نہوگا اور جسکا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے
مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ وَلَئِنْ أَذَقْنَا الْإِنْسَانَ
وہی اُنکا احاطہ کریگا اور اگر ہم انسان کو اپنی طرف سے رحمت کا مزا
مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ إِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ كَفُوْرٌ ۝
چکھاتے ہیں پھر اُس سے اُسکو چھین لیتے ہیں تو ضرور وہ بڑا ناامید اور ناشکرا ہوجاتا ہے

ع ۱

وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ

اور اگر ہم اُسکو نعمتوں کا مزا بعد اسکے چکھاتے ہیں کہ اُس پر فقر و فاقہ کی تکلیف گزر چکی ہو تو پھر وہ یہ کہنے لگتا

ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ۭ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۝ ۙ اِلَّا

ہے کہ اب میری مصیبتیں دور ہو گئیں بیشک وہ بہت ہی خوش اور فخر کرنیوالا ہو جاتا ہے۔ مگر

الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ

جو لوگ صابر رہتے ہیں اور نیکیاں کرتے ہیں اُنکے لئے گناہوں کی بخشش

مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا

ہے اور بہت بڑا اجر پس کہیں ایسا نہو کہ تمہاری طرف جو وحی

يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَاۗىِٕقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ

بھیجی جاتی ہے تم اُسکے کسی حصہ کو چھوڑ دو اور تمہارا دل اس بات سے تنگ ہو جائے کہ لوگ یہ کہتے ہیں

اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَاۗءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ۭ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ۭ

کہ اِن پر خزانہ کیوں نہ اُترا یا اُنکے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہ آیا تم تو صرف ڈرانیوالے ہو

وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ

اور اللہ ہر شے کا ذمہ دار ہے یا وہ یہ کہتے ہیں کہ (پیغمبر نے) اسکو بنا لیا ہے تم یہ کہدو

فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ

کہ ایسی ہی بنی ہوئی دس سورتیں تم بھی لے آؤ اور اگر تم سچے ہو تو

اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

اللہ کے سوا تم جن جن کو بلا سکتے ہو بلا لو

فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَ

پھر اگر وہ تمہارے کہنے کو منظور نہ کریں تو سمجھ لو کہ جو کچھ نازل کیا گیا ہے خدا کے علم سے نازل کیا گیا ہے

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ مَنْ كَانَ

اور یہ کہ خدا یعنی اُسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے کیا اب بھی تم حکم ماننے والے ہوگے جو شخص

كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ

زندگانی دنیا اور رونق دنیا کا خواستگار ہوگا ہم اسی دنیا میں ایسوں کے اعمال کا

اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ

پورا پورا بدلہ دینگے اور انکو دنیا میں کچھ نقصان نہ دیا جائیگا وہ وہی لوگ ہیں

الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ز وَحَبِطَ مَا

جنکے لئے آخرت میں سوائے جہنم کے اور کچھ نہیں ہے اور دنیا میں جو کچھ

صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ اَفَمَنْ

انہوں نے کیا ہوگا وہ سب مٹ جائیگا اور جو کچھ وہ کیا کرتے تھے وہ سب باطل ہو جائیگا کیا وہ شخص

كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ

جو اپنے رب کی طرف سے کھلی دلیل پر ہو اور اسکے پیچھے پیچھے ایک گواہ آتا ہو جو اسی کا جزو ہو

قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ط اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ

اور اس سے پہلے سے موسیٰ کی کتاب امام و رحمت ہو (کر شاہد تھی) اسی پر تو ایمان لائے ہیں

بِهٖ ط وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ

اور گروہوں میں سے جو بھی اسکا منکر ہوگا پس آگ اسکا ٹھکانا ہے

فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ق اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ

لہذا تم اس سے شک میں نہ رہنا بیشک وہ تمہارے رب کی طرف سے حق ہے لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

بہت سے لوگ ایمان نہیں لاتے اور اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا

افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ط اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ

جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے وہی لوگ ہیں جو اپنے پروردگار کے سامنے پیش کئے جائینگے

وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ

اور گواہ یہ کہدینگے کہ یہی ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کے برخلاف جھوٹ بولا

اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ

خبردار ہو کہ اللہ کی لعنت اُنہی ظالموں پر ہوگی جو اللہ کی راہ سے

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

روکتے تھے اور اُسکی کجی کے خواستگار تھے اور آخرت کے وہ بالکل منکر

كٰفِرُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ

تھے وہ دنیا میں (اللہ کو اِس سے) تھکا نہ سکے (کہ اُنکو عذاب دے)

وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ

اور اللہ کے سوا اُنکا کوئی حمایتی نہوا اُنکا عذاب دُگنا

لَهُمُ الْعَذَابُ ۭ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا

کیا جائیگا نہ وہ سُن ہی سکتے تھے اور نہ دیکھ ہی

يُبْصِرُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَ

سکتے تھے وہ وہی ہیں جنہوں نے اپنی ذات کا نقصان کیا اور جو

ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي

جھوٹ وہ جوڑا کرتے تھے اُسے بھی کھو بیٹھے لامحالہ سب سے زیادہ نقصان

الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اُٹھانیوالے وہی ہونگے بیشک جو لوگ ایمان لائے اور

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ اُولٰٓئِكَ

اُنہوں نے نیک عمل کئے اور اپنے پروردگار کی حضور میں عاجزی کی وہی

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ

جنتی ہیں جس میں وہ (ہمیشہ) ہمیشہ رہینگے اُن دونوں گروہوں کی مثال

كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ۭ هَلْ

ایسی ہی جیسے ایک اندھا اور ایک بہرا اور ایک دیکھنے والا اور ایک سُننے والا کیا

ع

يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

فی المثل یہ دونوں برابر ہیں کیا تم غور نہیں کرتے؟ اور بیشک ہمنے نوحؑ کو انکی قوم

نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖۤ اِنِّیْ لَكُمْ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْۤا

کی طرف بھیجا (انہوں نے فرمایا) کہ یقیناً میں تمکو صاف صاف ڈرانیوالا ہوں کہ سوائے اللہ کے کسی کی

اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ اَلِیْمٍ ۝

عبادت نہ کرو مجھے ضرور خوف ہے کہ ایک دُکھ دینے والے دن کا عذاب تم پر آپڑے

فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا

پس انکی قوم میں سے جو کافر ہوگئے تھے ان میں سے شرفا نے کہا کہ ہم تو آپ کو اپنے ہی

بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِیْنَ هُمْ

جیسا ایک آدمی دیکھتے ہیں اور ہم یہ دیکھتے ہیں کہ آپ کی پیروی کسی نے بھی نہیں کی سوائے ان

اَرَاذِلُنَا بَادِیَ الرَّاْیِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَیْنَا مِنْ

لوگوں کے جو ہم میں سے بظاہر رذیل ہیں اور ہم اپنے مقابلہ میں آپ کی کوئی بزرگی نہیں

فَضْلٍۭ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِیْنَ ۝ قَالَ یٰقَوْمِ اَرَءَیْتُمْ

پاتے بلکہ ہم آپ کو جھوٹا خیال کرتے ہیں (حضرت نوحؑ نے) فرمایا کہ اے میری قوم کیا تم یہ سمجھتے ہو

اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّیْ وَاٰتٰىنِیْ رَحْمَةً مِّنْ

کہ اگر میں اپنے رب کی طرف سے کھلی دلیل پر ہوں اور اسنے اپنے پاس سے مجھے رحمت عنایت کی ہے

عِنْدِهٖ فَعُمِّیَتْ عَلَیْكُمْ ؕ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا

تو تمپر وہ بات پوشیدہ رکھی گئی ہے کیا ہم تمپر (ہدایت جبراً) لازم کردینگے جس حال میں کہ تم

كٰرِهُوْنَ ۝ وَیٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ مَالًا ؕ اِنْ

اسکی کراہت کرنیوالے ہو اور اے میری قوم میں تو احکام پہنچانیکی بابت تم سے اجرت نہیں مانگتا میرا

اَجْرِیَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَمَاۤ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ؕ

اجر تو خدا کے ذمہ ہے اور میں (اپنے پاس سے) ان لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں نکالنے والا نہیں ہوں

ف۵ م آرَاذِلُنَا تفسیر قمی میں ہے کہ آیت اراذلنا کے معنی ہیں فقرا اور مساکین تفسیر صافی میں ہے کہ قوم نوحؑ کی لوگوں نے مومنین کو انکے فقر کی وجہ سے رذیل خیال کیا کیونکہ

إِنَّهُم مُّلَٰقُوا رَبِّهِمْ وَلَٰكِنِّي أَرَىٰكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُونَ ○

بیشک وہ سب اپنے پروردگار سے ملاقات کرنیوالے ہیں لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم لوگ جاہل ہو

وَيَٰقَوْمِ مَن يَنصُرُنِي مِنَ اللَّهِ إِن طَرَدتُّهُمْ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ○

اور اے میری قوم اگر میں اُنکو نکالدوں تو خدا (کے انتقام) سے بچانے کے لئے میرا کون مددگار ہوگا کیا تم غور نہیں کرتے

وَلَا أَقُولُ لَكُمْ عِندِي خَزَائِنُ اللَّهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ

اور میں یہ تو نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ یہ کہ میں غیب جانتا ہوں

وَلَا أَقُولُ إِنِّي مَلَكٌ وَلَا أَقُولُ لِلَّذِينَ تَزْدَرِي

اور نہ میں یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور نہ اُنکی نسبت جو تمہاری نظروں میں حقیر ہیں یہ کہتا ہوں

أَعْيُنُكُمْ لَن يُؤْتِيَهُمُ اللَّهُ خَيْرًا ۖ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا فِي

کہ خدا اُنکو کبھی کوئی خیر و خوبی نہ دیگا اُنکے دلوں میں جو کچھ ہے اللہ اُس سے خوب

أَنفُسِهِمْ ۖ إِنِّي إِذًا لَّمِنَ الظَّالِمِينَ ○ قَالُوا يَٰنُوحُ

آگاہ ہے (اگر میں ایسا کہوں تو) یقیناً میرا شمار بھی ناانصاف لوگوں میں ہوجائے۔ اُن لوگوں نے کہا کہ اے نوح

قَدْ جَٰدَلْتَنَا فَأَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن

تم ہم سے خوب جھگڑے اور اس جھگڑے کو طول بھی دیا اب اگر تم سچے ہو تو جس چیز سے تم

كُنتَ مِنَ الصَّٰدِقِينَ ○ قَالَ إِنَّمَا يَأْتِيكُم بِهِ اللَّهُ

ہمکو ڈراتے ہو وہ لے آؤ (حضرت نوح نے) جواب دیا کہ وہ تو اللہ ہی تم لائیگا

إِن شَاءَ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ ○ وَلَا يَنفَعُكُمْ نُصْحِي

اگر چاہے اور (اُسکو) تم عاجز نہ کرسکو گے اور میری نصیحت تمکو نفع نہ دیگی

إِنْ أَرَدتُّ أَنْ أَنصَحَ لَكُمْ إِن كَانَ اللَّهُ يُرِيدُ أَن

گو میں چاہتا تھا کہ تمکو نصیحت کروں جبکہ خدا کو یہ منظور ہے کہ (تمہارے کفر پر اصرار کرنیکے

يُغْوِيَكُمْ ۖ هُوَ رَبُّكُمْ ۖ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ○ أَمْ يَقُولُونَ

سبب) تمکو تمہارے حال پر چھوڑ دے وہ تمہارا پروردگار ہے اور اُسی کی طرف تمہاری بازگشت ہوگی۔ کیا وہ

منزل ۳

آخرت میں جو کچھ اُنکے لئے مہیا فرمایا ہے وہ اس سے کہیں بہتر ہے جو اُسنے دنیا میں تمکو عطا فرمایا ہے ۱۲۔ ؛ ؛ ؛

افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ

یہ کہتے ہیں کہ اس قرآن کو کوئی بنا لایا ہے تم یہ کہدو کہ اگر میں نے بنایا ہے تو اسکا گناہ میرے ذمہ ہے اور جو گناہ تم کرتے ہو

مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ۝ وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ

اُس سے میں بری ہوں اور نوحؑ کی طرف وحی کی گئی کہ تمہاری قوم میں سے سوائے اُن لوگوں کے

مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا

جو ایمان لا چکے اب اور کوئی ایمان نہ لائیگا پس جو کچھ بھی وہ کرتے ہیں اُس سے تم رنجیدہ

يَفْعَلُوْنَ ۝ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا

نہ ہو اور ہمارے روبرو اور ہمارے حکم سے کشتی بناؤ اور ظالموں کے بارے میں

وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ۝

ہم سے کچھ دعا نہ کرنا وہ ضرور ڈبوئے جائینگے

وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۫ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ

اب نوح (علیہ السلام) تو کشتی بنا رہے ہیں اور شرفاء قوم ہیں کہ جب اُنکے پاس سے گزرتے ہیں تو

سَخِرُوْا مِنْهُ ؕ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ

اُنسے مذاق کرتے ہیں (اُنہوں نے) فرمایا کہ اگر تم ہم سے ہنسی کرتے ہو (کرو کسی وقت) ہم بھی تمسے یونہی

كَمَا تَسْخَرُوْنَ ۝ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ

ہنسی کرینگے اب آگے تمکو خود معلوم ہو جائیگا کہ رُسوا کرنیوالا عذاب کسکو آلیتا ہے

يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ

اور ہمیشہ رہنے والا عذاب کس پر نازل ہوتا ہے نوبت یہ پہنچی کہ جب ہمارا

اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ

حکم آیا اور تنور نے جوش کھایا تو ہم نے کہدیا کہ اس کشتی میں ہر ہر قسم کا ایک ایک جوڑا

اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ

لیلو اور اپنے کل اہل و عیال کو سوار کر لو سوائے اُنکے جنکے برخلاف پہلے ہی ہمارا حکم ہو چکا ہے اور

اٰمَنَ ۘ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا

جو ایمان لایا ہو (اسکو بھی بٹھالو) حالانکہ اُنکے ساتھ ایمان بہت ہی کم لائے تھے اور نوح (علیہ السلام) نے فرمایا کہ بسم اللہ

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

کہکر اس میں سوار ہو جاؤ کہ اسکا چلنا اور ٹھہرنا اسی کے ذریعہ سے ہے بیشک میرا پروردگار بڑا بخشنے والا رحم کرنیوالا ہے

وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۡ وَنَادٰى نُوْحُ

اور وہ کشتی انکو پہاڑ جیسی موجوں میں لیکر چلی جارہی تھی اور نوح نے اپنے بیٹے کو آواز

ابْنَهٗ ۡ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ

دی درآنحالیکہ وہ علیحدہ مقام میں تھا کہ اے میرے پیارے بیٹے ہمارے ساتھ سوار ہو جا اور

مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ

کافروں کے ساتھ مت رہ اُسنے جواب دیا کہ میں پہاڑ پر پناہ لونگا وہ مجھے پانی سے بچا لیگا

مِنَ الْمَاۗءِ ۭ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا

(نوح علیہ السلام نے) فرمایا کہ آج کے دن خدا کے عذاب سے کوئی بچا نیوالا نہیں ہے سوائے

مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ

اُسکے جسپر اللہ تعالےٰ رحم فرمائے اور موج دونوں (باپ اور بیٹے) کے مابین حائل ہوگئی پس بیٹا

الْمُغْرَقِيْنَ ۝ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَاۗءَكِ وَيٰسَمَاۗءُ

ڈوب گیا اور حکم دیا گیا کہ اے زمین اپنے پانی کو نگل لے اور اے آسمان رُک جا

اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَاۗءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ

اور پانی سکھا دیا گیا اور معاملے کر دیا گیا اور کشتی کوہ جودی پر

ربع عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَ

ٹھہر گئی اور یہ کہدیا گیا کہ ظالم لوگوں کے لئے ہلاکت ہو

نَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ

اور نوح نے اپنے پروردگار کو پکار کر عرض کی کہ اے میرے پروردگار میرا بیٹا تو میری اولاد سے ہے

وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ○ قَالَ

اور تیرا وعدہ سچا ہے اور تو سب سے بہتر فیصلہ کرنیوالا ہے (خدا تعالے نے) فرمایا

يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ

کہ ای نوح وہ تمہاری اولاد سے نہیں ہے بیشک وہ بدچلن ہے پس

فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنِّيْٓ اَعِظُكَ اَنْ

جس چیز کا تمکو علم نہیں ہے اُسکی بابت مجھ سے درخواست نہ کرو میں تمکو نصیحت کرتا ہوں کہ

تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ○ قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ

کہیں تم جاہلوں میں سے نہ ہو جانا (نوح نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار ضرور میں اس بات سے تیری پناہ

اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ

مانگتا ہوں کہ تجھسے ایسی بات کی درخواست کروں جسکا مجھے علم نہیں اور اگر تو مجھے نہ بخشدیگا اور مجھپر رحم نہ فرمائیگا تو

اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا

بیشک میں نقصان اُٹھانیوالوں میں سے ہو جاؤنگا حکم دیا گیا کہ اے نوح تم اور جو گروہ تمہارے ساتھ ہے کشتی

وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ؕ وَاُمَمٌ

سے اُترو کہ تم پر اور تمہارے ساتھ والوں پر ہماری طرف سے سلامتی اور برکتیں ہیں اور انہی میں سے کچھ

سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ تِلْكَ

گروہ ایسے ہونگے جنکو عنقریب ہم نفع پہنچائینگے پھر ہماری طرف سے اُنکو دردناک عذاب پہنچیگا (ای رسول) یہ غیب کی

مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ

خبریں ہیں جو بذریعہ وحی کے تمہارے پاس پہنچاتے ہیں اس سے پہلے سے نہ تم ان باتوں سے آگاہ

اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛ فَاصْبِرْ ۛ اِنَّ

تھے اور نہ تمہاری قوم پس اب (مانند نوح) صبر کرو بیشک انجام نیک پرہیزگاروں

الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ○ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ

کے لئے ہے اور قوم عاد کی طرف ہمنے اُنکے بھائی ہود کو بھیجا انہوں نے آکر فرمایا

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا
کہ اے میری قوم صرف اللہ کی پرستش کرو جسکے سوا تمہارا کوئی اور معبود نہیں ہے (یہ اور بات ہے کہ) تم نے نرے جھوٹے
مُفْتَرُوْنَ ۝ يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ
(معبود) بنالئے ہیں اے میری قوم میں تم سے اس پیغام رسانی پر کچھ اجرت نہیں مانگتا میرا معاوضہ اُسی کے
اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ وَيٰقَوْمِ
ذمہ ہے جسنے مجھے پیدا کیا کیا تم اتنی بھی عقل نہیں رکھتے اور اے میری قوم
اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ
تم اپنے پروردگار سے مغفرت مانگو پھر اُسکی حضور میں رجوع کرو کہ وہ تم پر موسلا دھار مینہ
عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا
برسائیگا اور وہ تمہاری قوت پر اور قوت بڑھا دیگا اور گنہگار بنکر منہ نہ موڑو
مُجْرِمِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ
انہوں نے جواب دیا کہ اے ہود نہ تو تم کوئی کھلی دلیل لائے ہو اور نہ ہم تمہارے
بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝
کہنے سے اپنے معبودوں کو چھوڑنیوالے ہیں اور نہ ہم تم پر ایمان لانیوالے ہیں
اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ
ہمارا تو قول یہی ہے کہ تمکو ہمارے کسی دیوتا نے بُری طرح سے جھپٹ میں لے لیا ہے (ہود نے) فرمایا
اِنِّيْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝
کہ میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی گواہ رہنا کہ میں اُنسے بیزار ہوں جن جن کو تم اُسکے ساجھی کرکے شریک
مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ۝
اب تم سب ملکر میرے اوپر داؤں کرو پھر مجھے (ذرا بھی) مہلت نہ دو
اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ
بیشک میں نے اللہ پر جو کہ میرا اور تمہارا پروردگار ہے بھروسہ کیا ہے زمین پر کوئی چلنے والا ایسا نہیں ہے کہ اُسکی پیشانی

إِلَّا هُوَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ۚ إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ○
خود خدا کے قبضۂ قدرت میں نہ ہو بیشک میرا پروردگار راہِ راست پر ہے

فَإِن تَوَلَّوْا فَقَدْ أَبْلَغْتُكُم مَّا أُرْسِلْتُ بِهِ إِلَيْكُمْ ۚ وَ
پھر اگر تم پھر جاؤ تو میں نے تو تمکو وہ پیغام پہنچا دیا جسکے لئے میں تمہاری طرف بھیجا گیا تھا اور

يَسْتَخْلِفُ رَبِّي قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۖ وَلَا تَضُرُّونَهُ شَيْئًا ۚ
میرا پروردگار تمہارے سوا ایک اور قوم کو تمہارا جانشین کردیگا اور تم اُسکو کچھ ضرر نہ پہنچا سکو گے

إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ○ وَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا
بیشک میرا پروردگار ہر شے کا محافظ ہے اور جس وقت ہمارا حکم آیا

نَجَّيْنَا هُودًا وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَ
ہمنے اپنی رحمت سے ہودؑ کو اور جو لوگ اُنکے ساتھ ایمان لائے تھے اُنکو بچا لیا اور

نَجَّيْنَاهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ ○ وَتِلْكَ عَادٌ جَحَدُوا
اُنکو سخت عذاب سے محفوظ رکھا اور یہی (قوم) عاد تھی جو اپنے پروردگار کی آیتوں کا

بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهُ وَاتَّبَعُوا أَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ
انکار کیا کرتے تھے اور اُسکے رسولوں کی نافرمانی کرتے تھے اور ہر کینہ ور ظالم کے فرمان کی تعمیل

عَنِيدٍ ○ وَأُتْبِعُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَيَوْمَ
کرتے تھے (یہی تھے کہ) اس دنیا میں بھی اُنکے پیچھے لعنت لگا دی گئی اور قیامت کے دن

الْقِيَامَةِ ۗ أَلَا إِنَّ عَادًا كَفَرُوا رَبَّهُمْ ۗ أَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ
(بھی ہوگی) خبردار رہو بیشک قوم عادؑ نے اپنے پروردگار کا انکار کیا تھا خبردار ہودؑ کی قوم عاد کے لئے لعنت

قَوْمِ هُودٍ ○ وَإِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا ۚ قَالَ
اور پھٹکار رہی اور پھر قوم ثمودؑ کی طرف ہمنے اُنکے بھائی صالحؑ کو بھیجا (اُنھوں نے یہ) کہا کہ

يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ هُوَ
اے میری قوم تم اللہ کی عبادت کرو جسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے اسی نے

أَنشَأَكُم مِّنَ الْأَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيهَا فَاسْتَغْفِرُوهُ
تمکو زمین سے پیدا کیا ہے اور اُسی نے تمکو اُس میں آباد کیا ہے پس اُس سے مغفرت مانگو
ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ ۚ إِنَّ رَبِّي قَرِيبٌ مُّجِيبٌ ۝ قَالُوا يَا صَالِحُ
پھر اُسکی حضور میں رجوع کرو بیشک میرا پروردگار دعاؤنکا قبول کرنیوالا (اور) سب سے قریب ہے (انھوں نے)
قَدْ كُنتَ فِينَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هَٰذَا ۖ أَتَنْهَانَا أَن نَّعْبُدَ مَا
جواب دیا کہ اے صالح اس سے پہلے تو ہمکو تم سے بڑی بڑی امیدیں تھیں کیا اب تم ہمکو منع کرتے ہو کہ جن جن چیزوں کو
يَعْبُدُ آبَاؤُنَا وَإِنَّنَا لَفِي شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ
ہمارے باپ دادا پوجتے تھے ہم اُنکو نہ پوجیں حالانکہ جسکی طرف تم بلاتے ہو ہمکو اُسی کے بارے میں بہت کچھ
مُرِيبٍ ۝ قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِن كُنتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن
شک ہے (صالح نے) فرمایا کہ اے میری قوم کیا تم اتنا نہیں سمجھتے کہ اگر میں اپنے پروردگار کی طرف سے دلیل پر ہوں
رَّبِّي وَآتَانِي مِنْهُ رَحْمَةً فَمَن يَنصُرُنِي مِنَ اللَّهِ إِنْ
اور اُسنے مجھے اپنی طرف سے رحمت عنایت کی ہو پھر اگر میں اُسکی نافرمانی کروں تو خدا کی گرفت سے بچانے میں
عَصَيْتُهُ ۖ فَمَا تَزِيدُونَنِي غَيْرَ تَخْسِيرٍ ۝ وَيَا قَوْمِ هَٰذِهِ
میری مدد کون کریگا اور تم سوائے گھاٹے کے میرا اور کیا بڑھا دو گے اور اے میری قوم یہ اللہ
نَاقَةُ اللَّهِ لَكُمْ آيَةً فَذَرُوهَا تَأْكُلْ فِي أَرْضِ اللَّهِ وَلَا
کی اونٹنی تمہارے لئے ایک نشانی ہے پس اسے چھوڑ دو کہ یہ اللہ کی زمین میں چرے چگے اور اسے
تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيبٌ ۝ فَعَقَرُوهَا
تکلیف نہ پہنچانا ورنہ تمکو جلد عذاب آلیگا پھر اُنہوں نے اُسکی کوچیں
فَقَالَ تَمَتَّعُوا فِي دَارِكُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ ۖ ذَٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ
کاٹ ڈالیں۔ پس (صالح نے) فرمایا کہ تم تین دن اپنے اپنے گھروں میں فائدہ اُٹھالو یہ وعدہ ایسا ہے جو جھوٹا
مَكْذُوبٍ ۝ فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا صَالِحًا وَالَّذِينَ
نہیں پھر جسوقت ہمارا حکم پہنچا تو ہم نے صالح کو اور اُنکے ساتھیوں کو جو

اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ

ایمان لائے تھے اپنی رحمت سے اور اُس دن کی رسوائی سے بچا لیا بیشک تمہارا پروردگار

هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ

وہی تو زور آور (اور) زبردست ہے اور ظالموں کو ایک چیخ نے آلیا

فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ

پھر وہ اپنے اپنے گھروں میں جس حال میں تھے ویسے ہی رہ گئے گویا وہ اُن میں کبھی آباد ہی نہ ہوئے تھے

اَلَا اِنَّ ثَمُوْدَا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ۝ وَ ع ۶

خبردار رہو کہ ثمود نے اپنے پروردگار کا انکار کیا خبردار قوم ثمود کے لئے لعنت ہوئی اور

لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ؕ

یقیناً ہمارے بھیجے ہوئے ابراہیمؑ کے پاس خوشخبری لیکر آئے اور اُنہوں نے (آکر) سلام کیا

قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ۝ فَلَمَّا

(ابراہیمؑ نے) جواب سلام دیا اور تھوڑی دیر میں ایک موٹا تازہ بچھڑے کا کباب لے آئے پھر جب دیکھا

رَاٰۤ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ

کہ اُنکے ہاتھ کھانے کی طرف نہیں بڑھتے تو اُنسے ناواقف ہونیکے سبب دل ہی دل میں ڈرے

خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ؕ ۝

اُنہوں نے کہا کہ تم ڈرو نہیں ہم قوم لوطؑ کی طرف (عذاب دینے کے لئے) بھیجے گئے ہیں

وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ

اور اُنکی رو بہ کھڑی ہوئی تھی وہ اُسی وقت حائض ہو گئی پھر ہمنے اُسکو ولادت اسحاق کی اور اسحاق

وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ۝ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا

کے بعد یعقوبؑ کی خوشخبری دی اُسنے یہ کہا کہ ہائے خرابی میری کیا مجھسے بچہ پیدا ہوگا حالانکہ

عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝

میں بڑھیا (پھونس) ہوں اور یہ میرے شوہر ضعیف (و بیکار) ہیں یہ تو بہت ہی عجیب بات ہے

قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ
ان فرشتوں نے کہا کہ (اے عورت) کیا تو امر خدا سے تعجب کرتی ہے حالانکہ اے اہلبیت تم پر خدا کی
عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ۭ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ فَلَمَّا
رحمت اور اُسکی برکتیں ہیں بیشک اللہ تعالےٰ سزاوار حمد وثنا ہے پھر جب ابراہیمؑ کا
ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَاۗءَتْهُ الْبُشْرٰى
خوف جاتا رہا اور اُنکو خوشخبری پہنچ گئی تو وہ قوم لوطؑ کے بارے میں
يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ۝ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ
ہم سے جھگڑنے لگے بیشک ابراہیمؑ بڑے بردبار بڑی تضرع کرنیوالی (اور) بڑے
مُّنِيْبٌ ۝ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَاۗءَ
خدا کی طرف رجوع کرنیوالے تھے۔ (ہم نے کہا کہ اے ابراہیمؑ) اس سے دست بردار ہو جاؤ اس بارے میں تمہارے
اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ۝ وَلَمَّا
پروردگار کا حکم قطعی آچکا اور اُنپر وہ عذاب آنیوالا ہے جو رد نہ ہوگا اور جس وقت ہمارے
جَاۗءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْۗءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا
بھیجے ہوئے لوطؑ کے پاس آئے تو اُنکا آنا اُنکو بُرا معلوم ہوا اور اُنکے سبب سے دلتنگ ہوئے
وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ۝ وَجَاۗءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ
اور کہنے لگے کہ آج کا دن بڑا ہی سخت ہے اور اُنکی قوم (کے لوگ) اُنکی طرف دوڑتے ہوئے آئے
اِلَيْهِ ۭ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۭ قَالَ
اور وہ پہلے سے بدکاریاں کرتے تھے انہوں نے فرمایا کہ
يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَاۗءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ
اے میری قوم یہ میری بیٹیاں موجود ہیں وہ تمہارے لئے پاک ہیں (انسے نکاح کرلو) پس اللہ سے ڈرو
وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ۭ اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ۝
اور میرے مہمانوں کے بارے میں مجھے رسوا نہ کرو کیا تم میں کوئی بھی بھلا مانس نہیں ہے

قَالُوا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِي بَنَاتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَإِنَّكَ

اُنہوں نے کہا کہ آپ تو جانتے ہیں کہ آپکی بیٹیوں سے ہمکو کوئی غرض نہیں اور جو کچھ ہم چاہتے ہیں اُس سے

لَتَعْلَمُ مَا نُرِيدُ ○ قَالَ لَوْ أَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً أَوْ آوِي

بھی آپ خوب واقف ہیں حضرت لوطؑ نے فرمایا کہ کاش تم سے بچنے کی مجھے قوت ہوتی یا میں کسی زبردست

إِلَىٰ رُكْنٍ شَدِيدٍ ○ قَالُوا يَا لُوطُ إِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ

پناہ میں جا کر بیٹھ جاتا۔ (اُن فرشتوں نے) کہا کہ اے لوطؑ ہم تو تمہارے پروردگار کے بھیجے ہوئے ہیں

لَنْ يَصِلُوا إِلَيْكَ فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِنَ اللَّيْلِ وَلَا

یہ تمکو کوئی ضرر نہ پہنچا سکینگے پس تم تھوڑی سی رات رہے سے اپنے تابعین کو لیکر چل دو اور تم میں سے

يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ أَحَدٌ إِلَّا امْرَأَتَكَ ۖ إِنَّهُ مُصِيبُهَا مَا

کوئی پلٹ کر پیچھے نہ دیکھے مگر تمہاری زوجہ (اس حکم کی تعمیل نہ کریگی) اُسپر بھی وہی پڑنیوالی ہے جو اُن سب

أَصَابَهُمْ ۚ إِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ۚ أَلَيْسَ الصُّبْحُ

پر پڑیگی انکے وعدہ کا وقت صبح ہے کیا صبح کا وقت قریب

بِقَرِيبٍ ○ فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا

نہیں ہے پھر جسوقت ہمارا حکم پہنچا تو ہم نے اُس طبقہ کو زیروزبر کر دیا اور اُنکے اوپر

وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِنْ سِجِّيلٍ ۙ مَنْضُودٍ ○

ٹھیلے پتھروں کا مینہ برسایا جو تمہارے پروردگار کے پاس جھلے بنے ہوئے اور عذاب

مُسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ۖ وَمَا هِيَ مِنَ الظَّالِمِينَ

کے لئے چھنے ہوئے تھے اور ظالموں کے ساتھ ایسا ہونا کچھ عجیب بات

بِبَعِيدٍ ○ وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ ع ١٥ ٧

نہیں ہے اور مدین میں ہم نے اُنکے بھائی شعیبؑ کو بھیجا (اُنہوں نے) فرمایا کہ اے میری قوم

اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ وَلَا تَنْقُصُوا

اللہ کی عبادت کرو جسکے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں اور ناپ تول میں کمی نہ کرو

کرو نگا اور انکی روزی تکلف سے بہم پہنچیگی ۱۲

الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ إِنِّي أَرَاكُم بِخَيْرٍ وَإِنِّي أَخَافُ

میں تمکو خوشحال دیکھتا ہوں اور اس سے ڈرتا ہوں کہ مجھے تمہارے بارے میں

عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيطٍ ۝ وَيَا قَوْمِ أَوْفُوا الْمِكْيَالَ

ہلاک کرنیوالے دن کے عذاب کا اندیشہ ہے اور اے میری قوم ناپ اور تول عدل و انصاف

وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ

کے ساتھ پوری پوری دو اور لوگوں کو انکی چیزوں میں نقصان نہ پہنچاؤ

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝ بَقِيَّتُ اللَّهِ

اور زمین میں فساد مت کرو اگر تم مومن ہو تو جو کچھ بچ رہے

خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۚ وَمَا أَنَا عَلَيْكُم

حکم خدا تمہارے لئے باقی رہے وہی تمہارے لئے بہتر ہے اور میں تمہارا کچھ نگہبان نہیں ہوں

بِحَفِيظٍ ۝ قَالُوا يَا شُعَيْبُ أَصَلَاتُكَ تَأْمُرُكَ أَن

انہوں نے کہا کہ اے شعیبؑ کیا تمہاری نماز تمہیں اس بات کا حکم دیتی ہے کہ جنکی

نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا أَوْ أَن نَّفْعَلَ فِي أَمْوَالِنَا

ہمارے باپ دادا پرستش کیا کرتے تھے ہم انکو چھوڑ دیں یا اپنے مال و دولت میں جیسا ہمارا جی چاہتا ہے

مَا نَشَاءُ ۖ إِنَّكَ لَأَنتَ الْحَلِيمُ الرَّشِيدُ ۝ قَالَ يَا قَوْمِ

تصرف کریں (کیوں نہو) آپ ہی تو بڑے بردبار اور راستباز شخص ہیں؟ شعیب (علیہ السلام) نے

أَرَأَيْتُمْ إِن كُنتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّي وَرَزَقَنِي مِنْهُ

فرمایا کہ اے میری قوم کیا تمہاری سمجھ میں یہ آتا ہے کہ اگر میں اپنے رب کی طرف سے کھلی دلیل پر ہوں اور

رِزْقًا حَسَنًا ۚ وَمَا أُرِيدُ أَنْ أُخَالِفَكُمْ إِلَىٰ مَا أَنْهَاكُمْ

اسنے مجھے اچھی روزی عنایت فرمائی ہو تو میں اسکی مخالفت کرونگا اور میں یہ بھی نہیں چاہتا کہ جس چیز سے تمکو

عَنْهُ ۚ إِنْ أُرِيدُ إِلَّا الْإِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۚ وَمَا

باز رکھتا ہوں خود اسکی مخالفت کروں مجھ سے جہانتک ممکن ہو میں تو اصلاح چاہتا ہوں میری توفیق اللہ ہی کی طرف

تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ۝ وَ

سے ہے اُسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اُسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں اور

يٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ

اے میری قوم میری مخالفت کرنا کہیں تمکو اس طرف نہ لے آئے کہ تم پر بھی ویسی ہی مصیبت پڑے

اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَمَا

جیسی کہ قوم نوحؑ یا قوم ہودؑ یا قوم صالحؑ پر گزر گئی اور قوم لوطؑ کے اور تمہارے مابین تو کچھ زیادہ

قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ۝ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ

زمانہ بھی نہیں گزرا اور اپنے پروردگار سے مغفرت مانگو پھر اُسی کی طرف

تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ۝ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ

رجوع کرو بیشک میرا پروردگار بڑا رحم کرنیوالا ہے محبت کرنیوالا ہے اُنہوں نے جواب دیا کہ اے شعیبؑ

مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ

جو کچھ تم کہتے ہو ہم تو اُسکا بہت سا حصہ سمجھتے ہی نہیں اور ہم خود یہ دیکھتے ہیں کہ تم ہم میں کمزور ہو

وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ز وَمَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ۝

اور اگر ہمکو تمہارے گروہ کا خیال نہ ہوتا تو ہم تمپر پتھراؤ کر دیتے اور ہماری نظروں میں تمہاری تو کچھ عزت

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ

ہی نہیں ہے۔ (حضرت شعیبؑ نے) فرمایا کہ اے میری قوم آیا میرے بھائی بند تمہارے نزدیک خدا سے بھی زیادہ معزز ہیں

وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ۝ وَ

حالانکہ تمنے اُسکے حکم کو پس پشت ڈالدیا بیشک جو عمل بھی تم کرتے ہو میرا پروردگار اُسکو احاطہ کئے ہوئے ہے اور

يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ؕ سَوْفَ

اے میری قوم تم اپنی جگہ جو جی چاہے کرو میں بھی کچھ کرنیوالا ہوں آگے چل کر تم خود معلوم کر لوگے

تَعْلَمُوْنَ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ

کہ رسوا کرنیوالا عذاب کس پر نازل ہوتا ہے اور جھوٹا کون ہے

كَاذِبٌ ؕ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ۝ وَلَمَّا جَآءَ

اور تم انتظار کرتے رہو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں پھر جب ہمارا حکم آیا تو

اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ

ہمنے شعیبؑ کو اور جو لوگ اُنکے ساتھ ایمان لائے تھے اُنکو نجات دی

مِّنَّا ۚ وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

اور ظالموں کو ایک چیخ نے آپکڑا پس وہ اپنے اپنے گھروں میں

دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا

جس حال میں تھے ویسے ہی رہگئے گویا کبھی اُن میں آباد ہی نہوے تھے خبردار مدین کے لئے

لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

اُسی طرح لعنت ہوئی جیسی کہ ثمود کے لئے اور بیشک ہمنے موسےٰ کو اپنے احکام

مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ

اور کھلی دلیلوں کے ساتھ فرعون اور اُسکے سرداروں کے پاس بھیجا پھر اُن سب نے

فَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ۝

فرعون ہی کے حکم کی تعمیل کی حالانکہ فرعون کا حکم راستی کے موافق نہ تھا

يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ؕ وَبِئْسَ

قیامت کے دن فرعون اپنی قوم کے آگے آگے آئیگا اور اُن سب کو جہنم میں پہنچا دیگا اور وہ کیسی بُرے

الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ۝ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ

اُتارے کی جگہ ہوگی جہاں اُترینگے اور اس دنیا میں اُنکے پیچھے لعنت لگا دی گئی ہے اور قیامت کے دن بھی

الْقِيٰمَةِ ؕ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ۝ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ

کیسا بُرا عطیہ ہے جو اُنکو ملیگا یہ (قصے) بستیوں کے قصوں میں سے

الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّحَصِيْدٌ ۝ وَمَا

ہیں جو ہم تمہیں سنا رہے ہیں بعض ان میں سے باقی ہیں اور بعض اُجڑ گئیں اور ہمنے

ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ

اُن پر ظلم نہیں کیا بلکہ اُنہوں نے خود اپنی جانوں پر ظلم توڑا پس جب حکم خدا آیا تو اُنکے وہ معبود جنہیں

اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا

وہ خدا کو چھوڑ کر پکارا کرتے تھے اُنکے کچھ بھی کام نہ آئے اور

جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ۝ وَ

سوائے ہلاکت بڑھا دینے کے اُنہوں نے اور کچھ نہ کیا اور

كَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ؕ

تمہارے پروردگار کی گرفت جسوقت بھی اُسنے ظالم آبادیوں کی گرفت کی ہے ایسی ہی ہوتی ہے

اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ

بیشک اُسکی گرفت سخت دردناک ہوتی ہے بیشک اس میں اُس شخص کے لئے نشانی ہے

خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ لَّهُ النَّاسُ

جو عذاب آخرت سے ڈرتا ہو یہی دن کل آدمیوں کے مجمع کا ہوگا اور یہی دن ہے

وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ۝ وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ

کہ گواہیاں گزرینگی ہم ایک مقررہ وقت تک اُسکو تاخیر میں

مَّعْدُوْدٍ ۝ يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ

ڈال رہے ہیں جس دن وہ دن آئیگا اس دن کوئی نفس بغیر اُسکے حکم کے بات نہ کرسکیگا پس کوئی

شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ

اُن میں سے بدنصیب ہوگا اور کوئی خوش نصیب ہوگا۔ اب رہے وہ لوگ جو بدبخت ہونگے جہنم میں پڑے ہائے وائے کرینگے

فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ

اور جسوقت تک آسمان وزمین باقی رہینگے وہ اُسی میں رہینگے سوائے

وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝

اسکے کہ تمہارے پروردگار کو کچھ اور منظور ہو بیشک تمہارا پروردگار جو کچھ چاہے کر گزرنے والا ہے

وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ

اور رہے وہ جو خوش نصیب ہونگے جبتک آسمان وزمین باقی ہے برابر جنت میں

السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَيْرَ

رہینگے سوائے اسکے کہ تمہارے پروردگار کو کچھ اور (بہتری) منظور ہو (یہ ایک ایسا عطیہ ہوگا

مَجْذُوْذٍ ۝ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ؕ مَا

ختم ہونیوالا نہیں ہے جن چیزوں کی یہ پرستش کرتے ہیں تم اُنکے بارے میں کچھ شک نہ کرنا یہ بھی

يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا

ویسی ہی پرستش کرتے ہیں جیسی انکے باپ دادا پرستش کرتے آئے اور ہم انکا

لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

حصہ (عذاب) بغیر کم کئے پورا پورا انکو پہنچا دینگے اور بیشک ہمنے موسےٰ کو

مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ

کتاب دی پھر اُس میں اختلاف کیا گیا اور اگر تمہارے رب کی بات (متعلق مہلت)

مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ

پہلے نہ گزر چکی ہوتی تو اِنکے مابین فیصلہ ہو چکا ہوتا اور وہ لوگ یقیناً اسکے بارے میں حیرت انگیز شک میں

مُرِيْبٍ ۝ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ؕ

پڑے ہوئے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کو تمہارا پروردگار اُنکے اعمال کا بدلہ پورا پورا دیگا

اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ

بیشک جو عمل وہ کرتے ہیں اُس سے وہ آگاہ ہے جیسا تمکو حکم دیا گیا ہے اُسپر تم خود اور جو

وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

تمہارے ساتھ تائب ہوئے ہیں قائم رہو اور حد سے نہ بڑھو جو عمل تم کرتے ہو اُس سے وہ مطلع آگاہ

بَصِيْرٌ ۝ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ

ہے اور جو لوگ ظالم ہیں اُنکی طرف مائل نہو ورنہ آگ تمکو چھوئیگی

النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ مِنْ أَوْلِيَاءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُونَ ○

اور اللہ کے سوا نہ کوئی تمہارا حامی ہوگا نہ پھر تمہاری مدد کیجائیگی

وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ ۚ إِنَّ

اور صبح و شام اور کچھ رات گئے نماز پڑھا کرو یقیناً

الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ۚ ذَٰلِكَ ذِكْرَىٰ

نیکیاں بدیوں کو دور کر دیتی ہیں نصیحت حاصل کرنیوالوں کے لئے یہ ایک

لِلذَّاكِرِينَ ○ وَاصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ○

نصیحت ہے اور صبر کرو بیشک اللہ نیکوکاروں کے اجر کو ضائع نہیں فرماتا

فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُونِ مِنْ قَبْلِكُمْ أُولُو بَقِيَّةٍ

پس تم سے پہلے زمانوں میں ایسے دانشمند (بہت سے) کیوں نہ ہوئے جو زمین میں فساد کرنے سے

يَنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْأَرْضِ إِلَّا قَلِيلًا مِمَّنْ

باز رکھتے گنتی کے لوگ اُن میں سے ضرور ایسے تھے جنکو ہم نے

أَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۗ وَاتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَا أُتْرِفُوا

نجات دی اور (عام لوگ) ظالم اُن نعمتوں کے پیچھے پڑ گئے جو انکو دی گئی تھیں

فِيهِ وَكَانُوا مُجْرِمِينَ ○ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ

اور وہ گنہگار ہوئے اور تمہارے پروردگار کا یہ کام نہیں ہے کہ ظلم کرکے

الْقُرَىٰ بِظُلْمٍ وَأَهْلُهَا مُصْلِحُونَ ○ وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ

بستیوں کو برباد کر دے جس حال میں کہ اُنکے باشندے نیک ہوں اور اگر تمہارا پروردگار چاہتا تو

لَجَعَلَ النَّاسَ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَا يَزَالُونَ

کل آدمیوں کو ایک ہی گروہ بنا دیتا اب (تو برابر) وہ اختلاف

مُخْتَلِفِينَ ○ إِلَّا مَنْ رَحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۗ

کرتے رہینگے سوائے اُنکے جنپر تمہارا پروردگار رحم فرمائے اور اسی (رحمت) کے لئے اُنکو پیدا کیا ہے

جناب امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ وَلَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ سے یہ مراد ہے کہ وہ دین میں ہمیشہ اختلاف کرتے رہینگے۔ اور إِلَّا مَنْ رَحِمَ رَبُّكَ سے مراد وہ آل محمد

وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ

اور تمہارے پروردگار کا قول پورا ہوگا کہ میں جہنم کو کل (نافرمان) جنوں اور آدمیوں

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ

سے پاٹ دونگا اور ہم رسولوں کی خبروں میں سے ہر ایک تم سے اس لئے

اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِيْ

بیان کرتے ہیں کہ اس سے تمہارا دل مضبوط کردیں اور ان قصوں کے بیان سے

هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

تم تک تو حق پہنچتا ہے اور مؤمنین کے لئے نصیحت و یادگاری ہوتی ہے

وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنَّا

اور جو لوگ ایمان نہیں رکھتے ہیں اُنسے کہدو کہ تم اپنی جگہ (جو جی چاہے) کام کئے جاؤ ہم بھی

عٰمِلُوْنَ ۝ وَانْتَظِرُوْا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ۝ وَلِلّٰهِ غَيْبُ

(کچھ) کرینگے اور انتظار کئے جاؤ ہم بھی انتظار کرتے ہیں اور آسمانوں کی اور زمین کی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ

پوشیدہ باتیں سب اللہ ہی سے متعلق ہیں اور کل معاملہ اُسی کی طرف رجوع کیا جائیگا پس تم اُسی کی

وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ ع ۱۰ ۱۴ ۱۰

عبادت کرو اور اُسی پر بھروسہ کرو اور جو کچھ تم کرتے ہو اُس سے تمہارا پروردگار غافل نہیں ہے

سورة يوسف مكية وهي مائة واحدى عشرة اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓرٰ ۣ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ قف اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ

الٓرٰ یہ کھلی کتاب کی آیتیں ہیں بیشک ہمنے اس قرآن کو عربی زبان میں

لہ من الجنة والناس اجمعين تفسیر قمی میں ہے کہ ان سے مراد وہ لوگ ہیں جنکی شقاوت کے سبب انکی شان میں یہ آچکا تھا ان الذین حقت علیهم کلمت ربک لا یؤمنون

ایاتها ۱۱۱ | رکوعاتها ۱۲ | کلماتها ۱۸۰۸ | حروفها ۷۴۱۱

(ترجمہ کے لئے دیکھو صفحہ ۳۴۹) ۱۲

قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ○ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ

اُتارا ہے تاکہ تم لوگ سمجھو اس قرآن میں ہم نے جو کچھ تمہاری طرف وحی

اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ

کی اُس میں سے سب سے اچھا قصہ (اب) ہم تمسے بیان کرتے ہیں

وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ○ اِذْ قَالَ

اور پہلے سے تم اس سے ضرور ناواقف تھے (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ یوسفؑ نے

يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا

اپنے والد سے عرض کی کہ باباجان میں نے گیارہ ستاروں کو اور سورج اور چاند کو

وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ○ قَالَ

دیکھا میں نے اُنہیں اپنی طرف سجدہ کرتے ہوئے دیکھا (یعقوبؑ نے) فرمایا کہ

يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا

اے میرے پیارے بیٹے اپنا خواب اپنے بھائیوں سے نہ کہدینا مبادا وہ تم سے کوئی چال

لَكَ كَيْدًا ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ○

چلیں بیشک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے

وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ

اور اسی طرح تمہارا پروردگار تمکو منتخب فرمائیگا اور تمکو خوابوں کی تعبیر سکھائیگا

الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ

اور تم پر اور آلِ یعقوبؑ پر اسی طرح اپنی نعمتیں پوری

يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ

کریگا جیسے کہ پہلے تمہارے پر دادا اور دادا ابراہیمؑ و اسحاقؑ پر کرچکا ہے

وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ○ لَقَدْ كَانَ فِيْ

یقیناً تمہارا پروردگار صاحب علم و حکمت ہے بہ تحقیق یوسفؑ اور اُنکے بھائیوں

ع ۱ ۶ ۱۱

يُوسُفَ وَإِخْوَتِهِ آيَاتٌ لِّلسَّائِلِينَ ۝ إِذْ قَالُوا لَيُوسُفُ
کے قصہ میں سوال کرنیوالوں کے لئے نشانیاں موجود ہیں (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ وہ (سب بھائی) کہنے لگے
وَأَخُوهُ أَحَبُّ إِلَىٰ أَبِينَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ۗ إِنَّ
کہ یقیناً یوسفؑ اور اُسکا حقیقی بھائی ہماری بہ نسبت ہمارے باپ کو جسے زیادہ پیارے ہیں حالانکہ
أَبَانَا لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝ اقْتُلُوا يُوسُفَ أَوِ اطْرَحُوهُ
ہم ایک مضبوط گروہ ہیں بیشک ہمارے باپ کھلی غلطی میں ہیں یوسفؑ کو قتل کر ڈالو یا اُسکو کسی (غیر آباد) جگہ میں
أَرْضًا يَخْلُ لَكُمْ وَجْهُ أَبِيكُمْ وَتَكُونُوا مِن بَعْدِهِ
ڈالدو کہ تمہارے والد کی توجہ تمہاری ہی طرف ہو جائے اور اُسکے بعد نیک تو تم
قَوْمًا صَالِحِينَ ۝ قَالَ قَائِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوا
ہو ہی جاؤ گے اُنہی میں سے ایک کہنے والے نے یہ کہا کہ اگر تمکو کچھ کرنا ہے تو یوسفؑ کو
يُوسُفَ وَأَلْقُوهُ فِي غَيَابَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ
قتل تو نہ کرو اور اُسکو کسی کنوئیں کی گہرائی میں ڈالدو کہ اُسے کوئی راہ گیر
السَّيَّارَةِ إِن كُنتُمْ فَاعِلِينَ ۝ قَالُوا يَا أَبَانَا مَا لَكَ
اُٹھا لیجائے (اب باہم مشورہ کرکے آئے اور) کہنے لگے کہ باباجان یہ کیا بات ہے کہ یوسفؑ
لَا تَأْمَنَّا عَلَىٰ يُوسُفَ وَإِنَّا لَهُ لَنَاصِحُونَ ۝ أَرْسِلْهُ
کے بارے میں آپ ہمپر بھروسہ نہیں کرتے حالانکہ ہم اُسکے خیر طلب ہیں کل صبح اُسے ہمارے ساتھ
مَعَنَا غَدًا يَرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۝ قَالَ
بھیجئے کہ (جنگل میں) میوے کھائے اور کھیلے کودے اور اُسکی حفاظت کو تو ہم موجود ہی ہیں یعقوبؑ نے فرمایا
إِنِّي لَيَحْزُنُنِي أَن تَذْهَبُوا بِهِ وَأَخَافُ أَن يَأْكُلَهُ
کہ اس بات سے تو مجھے رنج ہوگا کہ تم اُسے لیجاؤ اور اُسکا اندیشہ ہے کہ کہیں اُسے بھیڑیا
الذِّئْبُ وَأَنتُمْ عَنْهُ غَافِلُونَ ۝ قَالُوا لَئِنْ أَكَلَهُ
کھا جائے اور تم اُس سے بیخبر ہی رہو اُنہوں نے عرض کی کہ جس حال میں ہم ایک

الذئب ونحن عصبة إنا إذا لخسرون ○ فلما ذهبوا
نوی گروہ ہیں اگر اُسکو بھیڑیا کھا گیا تو پھر ہم تو بالکل نکمے ہی ہوئے چنانچہ جب وہ اُسے لے گئے

به واجمعوا أن يجعلوه في غيبت الجب وأوحينا
اور اس بات پر اجماع کر لیا کہ اُسے گہرے کنوئیں میں ڈالدیں تو ہمنے اُسکی طرف وحی کی کہ

إليه لتنبئنهم بأمرهم هذا وهم لا يشعرون ○
ضرور بالضرور (ایک وقت) تو انکو اِنکا یہ فعل جتلائیگا اور وہ پہچانتے نہونگے

وجاءوا أباهم عشاء يبكون ○ قالوا يا أبانا إنا ذهبنا
اور وہ سب شام کو اپنے والد کے پاس روتے ہوئے آئے کہنے لگے کہ بابا جان ہم تو آپس میں دوڑ لگانے

نستبق وتركنا يوسف عند متاعنا فأكله الذئب
لگے تھے اور یوسف کو اپنے اسباب کے پاس چھوڑ دیا تھا پھر اُسکو بھیڑیا کھا گیا

وما أنت بمؤمن لنا ولو كنا صدقين ○ وجاءوا على
اور گو ہم سچے بھی ہوں مگر آپ ہماری بات کب ماننے والے ہیں اور یوسف کے کُرتے پر

قميصه بدم كذب ط قال بل سولت لكم أنفسكم
جھوٹا خون لگا لائے یعقوبؑ نے فرمایا (یوں تو نہیں ہے) بلکہ کسی بڑی کارروائی پر تمہارے نفسوں

أمرا ط فصبر جميل ط والله المستعان على ما تصفون ○
نے ورغلان کے آمادہ کیا لہذا صبر بہتر ہے اور جو کچھ تمہارا بیان ہے اُسکے متعلق خدا ہی سے مدد مانگنا ہوں

وجاءت سيارة فأرسلوا واردهم فأدلى دلوه ط
اور (وہاں) ایک قافلہ آگیا اُنہوں نے اپنے سقے کو بھیجا اُسنے اپنا ڈول جا ڈالا (یوسفؑ حکم خدا

قال يبشرى هذا غلم ط وأسروه بضاعة ط والله عليم
سے اُس ڈول میں بیٹھ گئے بھیجنے والے نے جب دیکھا تو) بولا آہا کیسی خوشی کی بات ہے یہ تو لڑکا ہے اور اُسکو

بما يعملون ○ وشروه بثمن بخس دراهم
پونجی سمجھکر چھپا لیا حالانکہ جو کچھ وہ کرتے تھے اللہ اُس سے آگاہ تھا۔ (بھائی خبر پاکر پہنچے) اور یوسفؑ کو ناقص قیمت

مَعْدُوْدَةٍ وَّكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ۝ وَقَالَ

چند درہموں (گنتی کے گنوں) پر بیچ آئے کہ وہ یوسفؑ سے متنفر تھے اور مصر کے جس شخص نے

الَّذِي اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ

اُنکو خریدا اُسنے اپنی زوجہ سے کہا کہ اسکو اچھی طرح رکھیو شاید یہ ہمکو

عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ؕ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا

نفع پہنچائے یا ہم اسے بیٹا ہی کرلیں اس طرح ہمنے یوسفؑ کو اُس

لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۖ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ

پر دیس میں جگہ دیدی اور یہ بھی غرض تھی کہ اُسکو خواب کی تعبیر

الْاَحَادِيْثِ ؕ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

سکھا دیں اور خدا تعالےٰ اپنے معاملات میں سب پر غالب رہتا ہے لیکن بہت سے

النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ

لوگ سمجھتے نہیں اور جب وہ اپنی پوری قوت کو پہنچ گیا ہمنے اُسکو حکمت

حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَرَاوَدَتْهُ

و علم عطا کیا اور نیکی کرنیوالوں کو ہم اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں اور اُس عورت نے

الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَ

جسکے گھر میں یوسفؑ تھے خود اُنکی خواہش کی اور پھسلایا اور دروازے بند کرکے یہ کہا لو آؤ

قَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّيْٓ اَحْسَنَ

جلدی کرو (یوسفؑ نے) کہا (ہرگز ایسا نہوگا) خدا کی پناہ (یہ نہیں ہوسکتا) یقیناً میرے مالک نے میرے

مَثْوَايَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ

ساتھ نیک سلوک کیا ہے بیشک ظالم فلاح نہ پائینگے اور ضرور زلیخا نے یوسفؑ سے بدی کا

وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ

قصد کیا اور یوسفؑ بھی زلیخا سے ایسا قصد کرتے اگر اپنے رب کی دلیل دیکھی ہوتے نہ ہوتے یہ اسلئے کہ ہم نے

عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ۝

اُسنے بدی اور بیحیائی کی بات کو دور رکھا بیشک وہ ہمارے خالص بندوں میں سے تھے

وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا

اور وہ دونوں دروازے کی طرف لپکے اور اُس عورت نے یوسفؑ کا کرتہ پیچھے سے پھاڑ ڈالا اور اُسکے شوہر سے

سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ

دروازے کے قریب دونوں کی مڈبھیڑ ہوئی اُس عورت نے کہا کہ جو تیری زوجہ سے بدی کا قصد کرے اُسکی سزا

سُوْٓءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ قَالَ هِيَ

اسکے سوا کیا ہے کہ اُسکو قید کیا جائے یا دردناک عذاب (دیا جائے) یوسفؑ نے کہا کہ اس عورت نے

رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ

مجھے خود مائل کرنا چاہا اور اُس عورت کے کنبہ سے ایک گواہ نے گواہی دی کہ اگر یوسفؑ

اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ

کا کرتہ سامنے سے پھٹا ہوا ہو تب تو یہ عورت سچی ہے اور وہ جھوٹوں میں سے

الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ

ہے اور اگر اُسکا کرتہ پیچھے سے پھٹا ہوا ہو تو وہ عورت جھوٹی ہے اور یوسفؑ

وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ

سچوں میں سے ہے پھر جو قت اُسکا کرتہ پیچھے سے پھٹا ہوا دیکھا تو (عزیز مصر نے) کہدیا کہ بیشک

قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ؕ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ۝ يُوْسُفُ

یہ تم عورتوں کا چلتر ہے اور تمہارا چلتر بڑا چلتر ہے اے یوسفؑ

اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۚ اِنَّكِ

تم تو اب اسکو بھول جاؤ اور (اے زلیخا) تو اپنے گناہ کی مغفرت مانگ بیشک خطاوار

كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ۝ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ

تو ہی ہے اور شہر کی عورتوں نے یہ کہنا شروع کیا کہ عزیز مصر کی بیگم

ع ۹ ۱۳

لہ شَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ خدا تعالیٰ نے یوسف علیہ السلام کو الہام کیا کہ انہوں نے عزیز مصر سے کہدیا

الْعَزِيزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا

اپنے غلام کو پھسلاتی ہے اسکی محبت اسکے دل میں بیٹھ گئی ہے بیشک ہم تو اسکو کھلی غلطی

لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ

میں پاتے ہیں پس جسوقت زلیخا نے انکا طعن سنا تو انکو بلا وا بھیجا

اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ

اور انکے لئے ایک مجلس تیار کی اور ان میں سے ہر ایک کو

وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا

ایک ایک چھری (مع ایک ایک ترنج) دیدی اور یوسف سے کہا کہ انکے سامنے آجاؤ پس جسوقت

رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ز وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ

ان عورتوں نے یوسف کو دیکھا تو انکی عظمت کا سکہ انکے دلوں پر بیٹھ گیا اور بے تحاشہ ان عورتوں نے اپنے اپنے ہاتھ کاٹ لئے

مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ۝ قَالَتْ

اور بول اٹھیں کہ حاشا للہ یہ آدمی نہیں ہے یہ تو کوئی فرشتہ ہے۔ زلیخا نے کہا کہ یہی تو ہے جس کے

فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ؕ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ

بارے میں تم مجھے نام رکھتی ہو میں نے خود اسکو پھسلانا چاہا مگر وہ

نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ؕ وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَاۤ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ

معصوم ثابت ہوا اور جو حکم میں اسکو دیتی ہوں اگر یہ اس کو نکریگا تو ضرور یہ قید (بھی)

وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ

کیا جائیگا اور ذلیل (بھی) ہو جائیگا یوسف نے عرض کی کہ پروردگارا جس کام کی طرف یہ

مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْۤ اِلَيْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ

عورتیں مجھے بلاتی ہیں اسکی بہ نسبت قید مجھے زیادہ پسند ہے اور اگر تو انکا چلتر مجھ سے دور نفرمائیگا تو

اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ

کہیں ایسا نہو کہ میں انکی طرف مائل ہو جاؤں اور میرا شمار بھی جاہلوں میں ہو جائے۔ پس خدا تعالیٰ نے یوسف کی دعا قبول

فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ ثُمَّ

اور اُن عورتوں کا چلتر اُس سے دور کر دیا بیشک وہ بڑا سُننے والا (اور) جاننے والا ہے پھر

بَدَا لَهُمْ مِنْ بَعْدِ مَا رَأَوُا الْآيَاتِ لَيَسْجُنُنَّهُ حَتَّىٰ حِينٍ ۝

بعد ان نشانیوں کے دیکھ لینے کے بھی اُنکو یہی مناسب معلوم ہوا کہ کچھ عرصہ کے لئے یوسف کو قید کر دیں

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ ۖ قَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّي أَرَانِي

اور قید خانہ میں اُن حضرت کے ساتھ ساتھ دو جوان اور داخل ہوئے اُنمیں سے ایک نے یہ کہا کہ میں نے (خواب میں)

أَعْصِرُ خَمْرًا ۖ وَقَالَ الْآخَرُ إِنِّي أَرَانِي أَحْمِلُ فَوْقَ

یہ دیکھا ہے کہ میں انگور نچوڑ کر شراب بنا رہا ہوں اور دوسرے نے یہ کہا کہ میں نے یہ دیکھا کہ میں اپنے سر پر روٹیوں کا ایک خوان

رَأْسِي خُبْزًا تَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ۖ نَبِّئْنَا بِتَأْوِيلِهِ ۖ إِنَّا

اُٹھائے ہوئے ہوں جس میں سے پرند کھا کھا جاتے ہیں اُنکی تعبیر ہمکو بتلا دیجئے بیشک ہم آپکو نیک دیکھتے

نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ۝ قَالَ لَا يَأْتِيكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقَانِهِ إِلَّا

ہیں سے خیال کرتے ہیں حضرت یوسف نے فرمایا کہ جو کھانا تمکو دیا جاتا ہے اُسکے آنے سے پہلے پہلے

نَبَّأْتُكُمَا بِتَأْوِيلِهِ قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَكُمَا ۚ ذَٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِي

میں تمکو اسکی تعبیر بتلا دونگا یہ بوجہ اسکے ہے کہ میرے پروردگار نے مجھکو

رَبِّي ۚ إِنِّي تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَهُمْ

علم عطا فرمایا بیشک میں نے اُن لوگوں کا مذہب چھوڑ دیا جو خدا پر ایمان نہیں رکھتے اور قیامت

بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ ۝ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِي إِبْرَاهِيمَ

کے مُنکر ہیں اور میں نے اپنے پر دادا۔ دادا۔ باپ ابراہیمؑ و اسحاقؑ و

وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ ۚ مَا كَانَ لَنَا أَنْ نُشْرِكَ بِاللَّهِ مِنْ

یعقوبؑ کے مذہب کی پیروی کی ہے۔ ہم لوگوں کا یہ کام نہیں ہے کہ کسی چیز کو خدا کا شریک بنا دیں

شَيْءٍ ۚ ذَٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللَّهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ

یہ ہم پر اور کل آدمیوں پر اللہ کا فضل ہے لیکن

ع ۶ ۱۲

أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ۝ يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَأَرْبَابٌ

بہت سے آدمی شکر ادا نہیں کرتے اے میرے قید خانہ کے ساتھیو آیا جدا جدا پروردگار

مُتَفَرِّقُونَ خَيْرٌ أَمِ اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ مَا تَعْبُدُونَ

اچھے ہیں یا خدائے یکتا جو سب پر غالب ہو اُسکے سوا جن کو تم پوجتے ہو

مِن دُونِهِ إِلَّا أَسْمَاءً سَمَّيْتُمُوهَا أَنتُمْ وَآبَاؤُكُم

وہ صرف نام ہی نام ہیں جو تمنے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں

مَّا أَنزَلَ اللَّهُ بِهَا مِن سُلْطَانٍ ۚ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ۚ أَمَرَ

جنکے متعلق خدا نے کوئی سند نہیں اُتاری (حالانکہ) اصلی حکومت خدا ہی کی ہے اور

أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ

اُسنے یہ حکم دیا ہے کہ تم سوائے اُسکے اور کسی کی عبادت نہ کرو سیدھی راہ یہی ہے لیکن

أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَمَّا

بہت سے لوگ نہیں جانتے اے میرے قید خانہ کے دونو ساتھیو تم میں سے

أَحَدُكُمَا فَيَسْقِي رَبَّهُ خَمْرًا ۖ وَأَمَّا الْآخَرُ فَيُصْلَبُ

ایک تو اپنے مالک کو شراب پلائیگا رہا دوسرا سو پھانسی دیا جائیگا اور اُسکا

فَتَأْكُلُ الطَّيْرُ مِن رَّأْسِهِ ۚ قُضِيَ الْأَمْرُ الَّذِي فِيهِ

بھیجا پرندے نوچ نوچ کر کھائینگے وہ معاملہ جسکے بارے میں تم دریافت کرتے تھے طے ہو گیا

تَسْتَفْتِيَانِ ۝ وَقَالَ لِلَّذِي ظَنَّ أَنَّهُ نَاجٍ مِّنْهُمَا

اور ساتھ ہی اُسکے اُن دونوں میں سے جسکی نسبت یقین تھا کہ نجات پائیگا اُس سے یہ کہا کہ اپنے

اذْكُرْنِي عِندَ رَبِّكَ فَأَنسَاهُ الشَّيْطَانُ ذِكْرَ رَبِّهِ

آقا سے میرا ذکر کر دیجو پس شیطان نے اُسے آقا کے سامنے یہ ذکر کرنا بھلا دیا

فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِينَ ۝ وَقَالَ الْمَلِكُ إِنِّي

اور اس طرح یوسف کئی برس قید خانہ میں رہے اور بادشاہ مصر نے یہ کہا کہ میں نے

أَرَىٰ سَبْعَ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّ
سات موٹی تازی گائیں دیکھیں جنکو سات دُبلی پتلی گائیں کھائے جاتی ہیں اور
سَبْعَ سُنْۢبُلَاتٍ خُضْرٍ وَّأُخَرَ يَابِسَاتٍ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ
سات ہری بھری بالیں دیکھیں اور دوسری سات سوکھی (جو اُنپر غالب آگئیں) اے حاضرین دربار!
أَفْتُونِي فِي رُءْيَايَ إِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا تَعْبُرُونَ ○ قَالُوا
اگر تم خواب کی تعبیر دیسکتے ہو تو میرے اس خواب کی تعبیر دو اُنہوں نے جواب دیا
أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ وَمَا نَحْنُ بِتَأْوِيلِ الْأَحْلَامِ بِعَالِمِينَ ○
کہ یہ تو پریشان خواب ہیں اور ہم پریشان خوابوں کی تعبیر نہیں جانتے
وَقَالَ الَّذِي نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ أُمَّةٍ أَنَا أُنَبِّئُكُمْ
اور اُس شخص نے جو اُن دو میں سے چھوٹکر آیا تھا اور عرصہ کے بعد اُسنے یوسفؑ کو یاد کیا یہ کہا کہ میں
بِتَأْوِيلِهِ فَأَرْسِلُونِ ○ يُوسُفُ أَيُّهَا الصِّدِّيقُ
تمہیں اسکی تعبیر بتا سکتا ہوں (بشرطیکہ تھوڑی دیر کے لئے) مجھے بھیجدو (بھیجا گیا تو جیلخانہ پہنچا اور وہاں جا کر
أَفْتِنَا فِي سَبْعِ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ
یہ عرض کی) اے یوسفؑ اے سب سے زیادہ سچے ہم لوگوں کو اسکی تعبیر دیجئے کہ سات موٹی تازی گائیں کہ سات دُبلی پتلی
وَسَبْعِ سُنْۢبُلَاتٍ خُضْرٍ وَّأُخَرَ يَابِسَاتٍ لَّعَلِّي أَرْجِعُ
گائیں کھا گئیں اور سات ہری بھری بالوں کو سات سوکھی بالیں لپٹ گئیں تاکہ میں لوگوں کے پاس پلٹ کر جاؤں
إِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُونَ ○ قَالَ تَزْرَعُونَ
تو وہ بھی جان لیں (کہ تعبیر بتلانیوالے ایسے ہوتے ہیں) یوسفؑ نے کہا کہ تم سات برس تک
سَبْعَ سِنِينَ دَأَبًا فَمَا حَصَدْتُمْ فَذَرُوهُ فِي سُنْۢبُلِهِ
لگاتار کھیتی کرتے رہوگے پس جیسے تم اُس کھیتی کو کاٹو تو سوائے اُس تھوڑے سے غلہ کے جو
إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّا تَأْكُلُونَ ○ ثُمَّ يَأْتِي مِنْ بَعْدِ
تمہارے کھانے میں آئے باقی سب کو بالوں ہی میں رہنے دینا۔ پھر اسکے بعد

ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا

سات برس سختی کے آئینگے جن میں سوائے اُس تھوڑے سے کے جو تم بیج وغیرہ کیلئے رکھ چھوڑو

قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ۝ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ

اور جو کچھ جمع کیا ہوگا سب کھا جائینگے پھر اسکے بعد ایک ایسا برس آئیگا کہ جس میں لوگ سیر و سیراب

فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ۝ وَقَالَ الْمَلِكُ ع ۶ ۱۶

ہو جائینگے اور جس میں وہ نچوڑینگے بادشاہ نے (جب یہ تعبیر سنی) حکم دیا کہ

ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ

تعبیر کرنیوالے کو میرے پاس لاؤ جب شاہی قاصد حضرت یوسف کے پاس آیا تو انہوں نے فرمایا کہ تو اپنے آقا

فَسْئَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۭ اِنَّ

کے پاس پلٹ کر جا اور اُس سے یہ کہدے کہ اول اُن عورتوں کے بارے میں تحقیق کرے جنہوں نے اپنے اپنے ہاتھ کاٹ ڈالے تھے

رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ۝ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ

میرا پروردگار تو اُنکے حیلے سے خوب واقف ہے بادشاہ نے (اُن عورتوں کو بلاکر) دریافت کیا کہ تمنے جب یوسف کو پھسلایا

يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ

تو تمہاری کیا کیفیت تھی اُنہوں نے یہ کہا کہ حاشا للہ ہمنے اُس میں کوئی بدی نہیں

مِنْ سُوْۗءٍ ۭ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ

پائی عزیز مصر کی بیگم نے اظہار دیا کہ اب تو حق کھل ہی گیا

الْحَقُّ ۡ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ

میں نے اُسکو پھسلانا چاہا تھا اور وہ اپنے بیان میں بالکل

الصّٰدِقِيْنَ ۝ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ

سچا ہے (میں نے صاف اظہار دیدیا) اسلئے کہ (یوسف) جان لے کہ میں نے پس پشت

بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَاۗىِٕنِيْنَ ۝

اُسکے حق میں کوئی خیانت نہیں کی اور یہ کہ اللہ خیانت کرنیوالوں کی چال نہیں چلنے دیتا

الجزء الثالث عشر

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ
اور میں اپنے نفس کو (بدی سے) بری نہیں کہتا نفس تو بالطبع بری کی طرف مائل ہونیوالا
بِالسُّوْۗءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝
ہے سوائے اسکے جسپر میرے پروردگار نے رحم فرمایا ہو (یعنی اُسکو معصوم بنایا ہو) بیشک میرا پروردگار
وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ فَلَمَّا
بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اور بادشاہ نے حکم دیا کہ اُسے میرے پاس لاؤ میں اُسے (مقرر کر)
كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ۝ قَالَ
اپنا خاص کرکے رکھونگا۔ چنانچہ جسوقت بادشاہ نے یوسف سے باتیں کیں تو کہا کہ آج کے دن تم ہمارے ہاں
اجْعَلْنِيْ عَلٰي خَزَاۗىِٕنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّىْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ۝ وَ
صاحب منزلت اور معتمد ہو گئے۔ یوسف نے درخواست کی کہ اس ملک کے خزانوں پر مجھے معین کردو (اور دیکھو)
كَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ
میں کیسا حفاظت کرنیوالا اور وجوہ مصارف جاننے والا ہوں۔ اور اسطرح ہمنے یوسف کو سرزمین مصر پر جگہ دی
يَشَاۗءُ ۭ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَاۗءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ
کہ اس میں جہاں چاہے رہے۔ ہم جسکو چاہتے ہیں اپنی رحمت اسی طرح پہنچا دیا کرتے ہیں اور
الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔ (اور) جو لوگ ایمان لائے ہیں اور پرہیزگاری کرتے رہے
ع ۸ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝ وَجَاۗءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ
انکا آخرت کا اجر بہت ہی بہتر ہے۔ اور یوسف کے بھائی بھی آئے اور خود اُن تک پہنچے پس یوسف نے تو
فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ
انکو پہچان لیا حالانکہ وہ اُنکو نہیں پہچانتے تھے۔ جسوقت یوسف نے انکا سامان ٹھیک ٹھاک
بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ
کرادیا تو اُنسے یہ فرمایا کہ اپنے سوتیلے بھائی کو بھی میرے پاس لیتے آنا کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں

اَلَا تَرَوْنَ اَنِّیْٓ اُوْفِ الْكَیْلَ وَاَنَا خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ○

کیسے پورے پورے پیمانے دیتا ہوں اور کیسا اچھا مہمان نواز ہوں

فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِیْ بِهٖ فَلَا كَیْلَ لَكُمْ عِنْدِیْ وَلَا

اب اگر تم اُسکو میرے پاس نہ لائے تو نہ میرے پاس تمہارے لئے کچھ اجناس ہے اور نہ میرے پاس

تَقْرَبُوْنِ ○ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفَاعِلُوْنَ ○

آکر پھٹکنا انہوں نے یہ کہا کہ ہم اُسکے باب میں اُسکے باپ کو بہلائیں پھسلائینگے اور ہم ضرور ایسا کرینگے

وَقَالَ لِفِتْیٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِیْ رِحَالِهِمْ

اور (حضرت یوسفؑ نے) اپنے ملازموں سے کہدیا کہ انکا (اصل) سرمایہ انکے اسباب میں رکھدو تاکہ

لَعَلَّهُمْ یَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓی اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ

جب یہ اپنے اہل وعیال میں پلٹ کر جائیں تو اس احسان کو بھی سمجھیں تاکہ پھر لوٹ کر

یَرْجِعُوْنَ ○ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓی اَبِیْهِمْ قَالُوْا یٰٓاَبَانَا مُنِعَ

آئیں پس جب یہ اپنے والد کے پاس پلٹ کر آئے تو کہنے لگے کہ باباجان ہمارا تو اناج

مِنَّا الْكَیْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ○

بند کرلیا گیا پس ہمارے بھائی کو ہمارے ساتھ بھیجئے کہ ہم اپنی رسد لائیں اور ہم ضرور اُسکی محافظ رہینگے

قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَیْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓی اَخِیْهِ

(یعقوبؑ نے) فرمایا کیا میں اُسکی نسبت تمہارا ویسا ہی اعتبار کرلوں جیسا پہلے اُسکے بھائی

مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا ۖ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ○

یوسفؑ کے بارے میں کیا تھا پس سب سے اچھا حفاظت کرنیوالا تو اللہ ہے اور وہی سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے

وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ

اور جب اُنہوں نے اپنا اسباب کھولا تو یہ پایا کہ اُنکی پونجی اُنکو لوٹادی گئی تھی

اِلَیْهِمْ ؕ قَالُوْا یٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِیْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ

کہنے لگے کہ باباجان اور ہمکو کیا چاہئے یہ سرمایہ بھی ہمارا ہمکو لوٹادیا گیا

لہ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا تفسیر مجمع البیان میں ایک حدیث منقول ہے کہ خداوند سبحانہ وتعالےٰ نے فرمایا کہ بعد اسکے کہ تو نے مجھپر توکل کرلیا اب میں دونو کو تیرے پاس واپس کردونگا ۱۲

منزل ۳

اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ

اور ہم اپنے کنبہ کے لئے رسد لے آئینگے اور اپنے بھائی کی حفاظت کرینگے اور ایک اونٹ

بَعِيْرٍ ؕ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ۝ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى

کا بار زیادہ لائینگے یہ رسد (جو لائے ہیں یہ) تو تھوڑی ہے (یعقوبؑ نے) فرمایا کہ میں اُسکو تمہارے ساتھ ہرگز نہ بھیجونگا

تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ

جب تک کہ تم مجھے خدا کی ضمانت اِس بارے میں نہ دیدو کہ اِسے ضرور میرے پاس لے آؤ گے سوائے اُس صورت کے

بِكُمْ ۚ فَلَمَّآ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ

کہ تم سب گھیرے میں آجاؤ پس جسوقت اُنہوں نے ضمانت دیدی (یعقوبؑ نے) فرمایا کہ جو کچھ ہم کہتے ہیں اللہ اُسکا

وَكِيْلٌ ۝ وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ[1]

ضامن ہے اور فرمایا کہ اے میرے بیٹو! (اُس شہر میں) ایک دروازہ سے نہ جانا مختلف

وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ

دروازوں سے جانا میں خدا کے ارادہ سے تو تمکو نہیں

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَ

بچاتا ہوں فیصلہ تو صرف اُسی کے ہاتھ ہے اُسی پر بھروسہ ہے اور سب

عَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ

بھروسہ کرنیوالوں کو اُسی پر بھروسہ کرنا چاہیئے اور جب وہ اسطرح سے (شہر میں) گئے

حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ

جس طرح اُنکے والد نے حکم دیا تھا کہ کوئی شے اُنکو (قضاے) خدا سے تو بچا نہیں سکتی تھی یہ

مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَاِنَّهٗ

یعقوب (علیہ السلام) کی ایک دلی خواہش تھی جسکی بابت اُنہوں نے کہدیا تھا اور بیشک جو کچھ

لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

ہمنے اُنکو تعلیم کیا تھا اُسکا وہ علم رکھنے والے تھے لیکن بہت سے لوگ (اس راز کو) نہیں جانتے

ع ۸ ۱۱ ۲

[1] لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ چونکہ یعقوب علیہ السلام کے سب بیٹے بڑے حسین بڑے خوبصورت اور بڑے

وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ

اور جب یہ بھائی یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچے تو انہوں نے اپنے (حقیقی) بھائی کو اپنے پاس جگہ دی

اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا

اور (چپکے سے) یہ کہدیا کہ میں تیرا (سگا) بھائی ہوں پھر اب جو کچھ یہ کر چکے اسکا افسوس نہ کر پس جب یوسف

جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ

انکی روانگی کا سامان کر چکے تو پانی پینے کا برتن اپنے بھائی کے اسباب میں رکھوا دیا پھر ایک

اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسَارِقُوْنَ ۝ قَالُوْا

منادی نے ندا کی کہ اے قافلہ والو! تم چور ہو قافلہ والوں نے انکی طرف

وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ۝ قَالُوْا نَفْقِدُ

رخ کرکے کہا تمہاری کیا چیز کھوئی گئی ہے انہوں نے کہا کہ بادشاہ کا پیمانہ

صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ

ہمکو نہیں ملتا اور جو اسکو ڈھونڈھ لائیگا اسکے لئے ایک اونٹ کا بوجھ (انعام) ہے اور

زَعِيْمٌ ۝ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ

میں اسکا ضامن ہوں انہوں نے کہا کہ خدا کی قسم تم یقیناً جانتے ہو کہ ہم اسلئے نہیں آئے کہ اس ملک میں

فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سَارِقِيْنَ ۝ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗٓ

کوئی خرابی کریں اور نہ ہم چور ہیں انہوں نے کہا کہ اگر تم جھوٹے نکلے تو چوری کی

اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ۝ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ

سزا کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ اسکی سزا جسکے اسباب میں سے وہ نکل آئے (یہ ہے کہ)

رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝

وہ شخص خود اسکا عوض ہو ہم تو نافرمانی (چوری) کرنیوالوں کو یہی سزا دیا کرتے ہیں

فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا

پس (تلاشی لینے والے نے) یوسف کے بھائی کی خورجین سے پہلے اوروں کی خورجیوں سے شروع کیا پھر اس برتن کو

شریعت یعقوب علیہ السلام میں یہ حکم تھا کہ جسکے پاس سے چوری کی چیز نکل آئے وہی غلام بنا لیا جائے ۱۲

مِنْ وِعَاءِ اَخِيْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ

یوسف کے بھائی کی خورجین سے نکالدیا اس طرح ہمنے یوسف کے لئے تدبیر کردی کہ وہ بادشاہ کے

لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ

قانون سے اپنے بھائی کو نہیں لے سکتے تھے سوائے اُس صورت کے کہ اللہ چاہتا ہم جسکو

دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ۝ قَالُوْٓا

چاہتے ہیں درجہ بدرجہ بلند کر دیا کرتے ہیں اور ہر علم والے سے بڑھکر علم والا موجود ہے اب اُنھوں نے یہ

اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا

کہدیا کہ اگر اسنے چوری کی تو (کچھ تعجب نہیں) اسکے (حقیقی) بھائی نے پہلے ہی چوری کی تھی پس یوسف نے

يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ

اسکو اپنے دل میں رکھا اور اُنپر اسکو ظاہر نہ کیا (اور بجائے خود یہ) کہا کہ تم بہت ہی

شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا

بڑے لوگ ہو اور جو کچھ تم بیان کرتے ہو اُسکو اللہ خوب واقف ہے اُن سب نے عرض کی کہ اے

الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ

عزیز اسکا باپ بہت ہی بوڑھا ہے پس اسکی بجائے ہم میں سے ایک کو لے لیجئے

اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ

ہم تو حضور کو بہت ہی نیکدل پاتے ہیں (یوسف نے) کہا اس سے خدا کی پناہ کہ سوائے اُسکے

اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ۝ ع ٩ ٣

جس سے ہمنے اپنا مال پایا ہو ہم کسی اور کو لے لیں کہ اُس صورت میں تو ہم بھی ظالم ٹھہرینگے

فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ؕ قَالَ كَبِيْرُهُمْ

پس جب وہ یوسف کی طرف سے مایوس ہوئے تو مشورہ کرنیکے لئے الگ ہو بیٹھے اُنمیں بڑے نے کہا

اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا

کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے باپ نے تم سے خدا کی ضمانت لیلی تھی اور پہلے سے تم یوسف کے

ربع

ہو سے منقول ہے کہ سب سے بڑے بھائی کا نام ... اور تفسیر قمی میں ہے کہ بڑے کا نام لاوی تھا۔ ١٢

مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمُوْنِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ
بارے میں کیا کچھ قصور کر چکے ہو پس میں تو اس ملک
الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْۤ اَبِيْۤ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ
فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ○ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ○

فرمایا کہ وقتِ معلوم کے دن تک کے لیے تجھے مہلت دیگئی

قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ

عرض کی کہ اے میرے پروردگار جیسے کہ تو نے مجھے اپنی توفیق سلب کرلی میں بھی دنیا میں نافرمانی

وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ○ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ

کو انکی نظر میں زینت دونگا اور انمیں سے سوائے تیرے خالص بندوں کے میں ضرور سبھی کو

الْمُخْلَصِيْنَ ○ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ○

بہکاؤنگا فرمایا یہ علیٰ کا سیدھا راستہ ہے (یا یہ وہ سیدھی راہ ہے جسکی رعایت مجھ پر لازم ہے)

اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ

بیشک میرے بندے (جو ہیں) اُنپر تیرا کوئی قابو نہیں سوائے اُنکے جو گمراہ ہونیوالوں میں

اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ○ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ

سے تیرے پیرو ہو جائیں اور یقیناً جہنم اُن سب کی وعدہ گاہ ہے

ف خدائے تعالےٰ کی مراد سوائے ائمہؑ اور اُنکے شیعوں کے اور کوئی نہیں ہے۔ ۱۲

اجمعين ○ لها سبعة ابواب ط لكل باب منهم
جسکے سات دروازے ہیں اُن میں سے ہر دروازہ کے لئے بٹا ہوا

جزء مقسوم ○ ان المتقين في جنت وعيون ○
حصہ (مقرر) ہے بیشک پرہیزگار لوگ جنتوں اور چشموں (والی زمین) میں ہونگے

ادخلوها بسلم امنين ○ ونزعنا ما في صدورهم
(اُنسے کہا جائیگا کہ) انمیں امن و امان (و سلامتی) کے ساتھ چلے آؤ۔ اور اُنکے دلوں میں جو کچھ کینہ ہوگا ہم اسکو نکال ڈینگے

من غل اخوانا على سرر متقبلين ○ لا يمسهم
اور وہ تختوں پر ایک دوسرے کے مقابل بھائی بھائی کی حیثیت سے بیٹھے ہونگے نہ اُن جنتوں میں اُنکو کوئی رنج

فيها نصب وما هم منها بمخرجين ○ نبئ عبادي
پہنچیگا اور نہ وہ اُنسے نکالے جائینگے (اے رسول) میرے بندوں کو

اني انا الغفور الرحيم ○ وان عذابي هو العذاب
خبر دیدو کہ میں ہی بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہوں اور یہ کہ میرا عذاب بھی دردناک عذاب

الاليم ○ ونبئهم عن ضيف ابرهيم ○ اذ دخلوا
ہے اور انکو ابراہیم کے مہمانوں کا واقعہ سُنا دو کہ جب وہ اُنکے پاس

عليه فقالوا سلما ط قال انا منكم وجلون ○ قالوا
آئے اور اُنہوں نے سلام کیا تو (ابراہیم نے) کہا کہ ہم تو تمسے ڈرتے ہیں اُنہوں نے کہا کہ

لا توجل انا نبشرك بغلم عليم ○ قال ابشرتموني
ڈریئے نہیں ہم تو آپکو ایک صاحب علم لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں (ابراہیم نے) کہا کہ کیا تم مجھکو اسپر

على ان مسني الكبر فبم تبشرون ○ قالوا بشرنك
حال میں خوشخبری دیتے ہو جبکہ مجھپر بڑھاپا چھا گیا ہے تو کس بات کی خوشخبری دیتے ہو؟ اُنہوں نے کہا کہ ہم نے تو آپکو ٹھیک

بالحق فلا تكن من القنطين ○ قال ومن يقنط
ٹھیک خوشخبری دی ہے پس آپ مایوس ہونیوالوں میں سے نہ ہوں فرمایا سوائے گمراہوں کے اپنے

سے منقول ہے کہ غلیم علیہ سے مراد حضرت اسمٰعیل ہیں جو بطن ہاجرہ سے پیدا ہوئے تھے۔ ۱۲۔

مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ۝ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ

رب کی رحمت سے نا امید کون ہو سکتا ہے؟ پھر فرمایا کہ اے ایلچیو! تمکو کیا مہم

اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ

در پیش ہے؟ عرض کی ہم ایک مجرم گروہ کی طرف عذاب دینے کے لئے

مُّجْرِمِيْنَ ۝ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ۭ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝

بھیجے گئے ہیں سوائے آل لوط کے کہ ان سب کو ہم ضرور بچا دینگے

اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۭ قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝ فَلَمَّا جَاۗءَ

مگر زوجۂ لوط (جسکی نسبت) ہمنے سمجھ لیا ہے کہ وہ ضرور پیچھے رہنے والوں میں سے ہوگی پھر جسوقت یہ ایلچی

اٰلَ لُوْطِ ۨ الْمُرْسَلُوْنَ ۝ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝

لوط کے کنبہ کے پاس پہنچے تو لوط نے فرمایا کہ تم تو اجنبی (معلوم ہوتے) ہو

قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ۝ وَ

اُنہوں نے کہا کہ ہم تو آپکے پاس وہ چیز لیکر آئے ہیں جسمیں یہ لوگ شک کیا کرتے تھے اور

اَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ

ہم آپکے پاس برحق حکم لیکر آئے ہیں اور ہم ضرور سچے ہیں پس آپ کچھ رات رہے سے

بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ

اپنے کنبہ کو چلتا کیجئے اور خود اُنکے پیچھے پیچھے جائیے اور آپ صاحبوں میں سے

مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ۝ وَ

کوئی پیچھے پھر کر نہ دیکھے اور جہاں تمکو حکم دیا گیا ہے وہاں چلے جاؤ اور یہ حکم

قَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَاۗءِ

ہمنے قطعی طور سے اُنکو سنا دیا کہ صبح ہوتے ہوتے ان لوگوں کی جڑ

مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ۝ وَجَاۗءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ

کاٹ دیجائیگی اور اُس شہر کے لوگ خوش ہوتے ہوئے

يَسْتَبْشِرُونَ ○ قَالَ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ ضَيْفِي فَلَا تَفْضَحُونِ ○

آئے (لوطؑ نے) فرمایا کہ یہ میرے مہمان ہیں پس تم مجھے فضیحت نہ کرو

وَاتَّقُوا اللَّهَ وَلَا تُخْزُونِ ○ قَالُوا أَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ

اور اللہ سے ڈرو اور مجھے رسوا نہ کرو وہ کہنے لگے کیا ہمنے آپ کو لوگوں کے مہمان کرنے

الْعَالَمِينَ ○ قَالَ هَٰؤُلَاءِ بَنَاتِي إِنْ كُنْتُمْ فَاعِلِينَ ○

سے منع نہیں کردیا تھا؟ فرمایا کہ اگر تمکو کچھ کرنا ہی ہے تو یہ میری بیٹیاں حاضر ہیں

لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِي سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ ○ فَأَخَذَتْهُمُ

(اے رسولؐ) تمہاری جان کی قسم وہ یقیناً اپنے نشے میں لڑکھڑا رہے تھے پس سورج نکلتے نکلتے

الصَّيْحَةُ مُشْرِقِينَ ○ فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَ

اُنکو چیخ نے آلیا پھر ہمنے اُن بستیوں کو زیر و زبر کردیا اور (اوپر سے)

أَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِنْ سِجِّيلٍ ○ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ

ہمنے اُنپر پتھرائی ہوئی مٹی کے ڈھیلے برسائے یقیناً اس (واقعہ) میں سمجھنے والوں

لَآيَاتٍ لِلْمُتَوَسِّمِينَ ○ وَإِنَّهَا لَبِسَبِيلٍ مُقِيمٍ ○ إِنَّ

کے لئے نشانیاں ہیں اور یقیناً وہ (یعنی اُن بستیوں کے نشان) قائم راستہ پر موجود ہیں اس

فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِلْمُؤْمِنِينَ ○ وَإِنْ كَانَ أَصْحَابُ

(واقعہ) میں بیشک مومنوں کے لئے ایک نشانی ہے اور بن والے یقیناً

الْأَيْكَةِ لَظَالِمِينَ ○ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ

نافرمان تھے پس ہمنے اُنسے بھی بدلہ لیا اور ان دونوں کے آثار کھلے

مُبِينٍ ○ وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحَابُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِينَ ○

راستہ پر ہیں اور حجر والوں نے بھی رسولوں کو جھٹلایا تھا

وَآتَيْنَاهُمْ آيَاتِنَا فَكَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ○ وَكَانُوا

اور ہمنے اُنکو نشانیاں دی تھیں پھر وہ اُنسے روگرداں رہے اور پہاڑوں کو

يَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا اٰمِنِينَ ۝ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ

تراش تراش کر امن والے مکان بناتے رہے پھر صبح ہوتے انکو چیخ نے

مُصْبِحِينَ ۝ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝

آلیا پس جو کچھ بھی وہ کیا کرتے تھے وہ انکے کچھ کام نہ آیا

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا

اور ہمنے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان دونو کے درمیان میں ہے اسکو

بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ ؕ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيلَ ۝

ٹھیک ٹھیک ہی پیدا کیا ہے اور قیامت یقیناً آنیوالی ہے پس تم خوبی کے ساتھ درگزر کرتے رہو

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيمُ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا

بیشک تمہارا پروردگار وہی تو پیدا کرنیوالا (اور) واقف ہے اور بیشک ہمنے آپ کو (بار بار) دہرانیکی سات

مِّنَ الْمَثَانِي وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيمَ ۝ لَا تَمُدَّنَّ

آیتیں (سورۂ فاتحہ) اور عظمت والا قرآن عطا کیا ہے انکے گروہوں کو ہمنے

عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ

جن چیزوں سے نفع پہنچایا ہے تم انکی طرف نظر نہ ڈالو اور نہ انکے لئے رنجیدہ

عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ وَقُلْ اِنِّي

ہو اور مؤمنوں سے تواضع کے ساتھ پیش آتے رہو اور کہدو کہ میں تو

اَنَا النَّذِيرُ الْمُبِينُ ۝ كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِينَ ۝

صاف صاف ڈرانیوالا ہوں (ہمنے تمپر یہ قرآن اسی طرح نازل کیا ہے) جیسا ہمنے ان ٹکڑی ٹکڑی کرنیوالونپر نازل کیا تھا

الَّذِينَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِينَ ۝ فَوَرَبِّكَ

جنہوں نے اپنے قرآن کو پارہ پارہ کردیا تھا پس تیرے پروردگار کی قسم ہے

ربع لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِينَ ۝ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

جو کچھ بھی یہ کیا کرتے تھے اسکے بارے میں ہم ضرور ان سبھی سے تو باز پرس کرینگے

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ ○

اب تمکو جو کچھ حکم دیا جاتا ہے وہ کھول کر سنا دو اور مشرکوں کے روگردانی کرلو (یعنی اُنکی ذرا پروا نہ کرو)

إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ ○ الَّذِينَ يَجْعَلُونَ

اُن ہنسنے والوں کے شر سے بچانیکے لئے ہم تمکو کفایت کرینگے جو اللہ کے ساتھ اور معبود قرار

مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ○ وَلَقَدْ نَعْلَمُ

دیتے ہیں پھر آگے چلکر وہ (بھی حقیقت حال) جان لینگے اور ہم یہ جانتے ہیں

أَنَّكَ يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ ○ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

کہ جو کچھ یہ لوگ کہتے ہیں تم اُس سے دلتنگ ہوتے ہو پس تم اپنے رب کی تسبیح پڑھو

وَكُنْ مِنَ السَّاجِدِينَ ○ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتَّىٰ يَأْتِيَكَ الْيَقِينُ ع ۶/۲۰

اور سجدے کرو اور جب تک تمکو موت نہ آئے اپنے رب کی عبادت کرتے رہو

سورة النحل مكية وهي مائة وثمان وعشرون آية

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

أَتَىٰ أَمْرُ اللَّهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوهُ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ

عذاب خدا آگیا پس اُسکے لئے جلدی نہ کرو جن چیزوں کو یہ شریک قرار دیتے ہیں اُنسے

عَمَّا يُشْرِكُونَ ○ يُنَزِّلُ الْمَلَائِكَةَ بِالرُّوحِ مِنْ

وہ منزہ و برتر ہے فرشتوں کو عالم ملکوت سے وحی دیکر اپنے بندوں میں سے

أَمْرِهِ عَلَىٰ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ أَنْ أَنْذِرُوا

جسپر چاہتا ہے نازل فرماتا ہے کہ لوگوں کو یہ جتلا دو کہ میرے سوا کوئی معبود

أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنَا فَاتَّقُونِ ○ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ

نہیں ہے پس مجھ ہی سے ڈرو اُسنے آسمانوں کو اور زمین کو

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ خَلَقَ
غرض صحیح کے ساتھ پیدا کیا ہے (اور) جن چیزوں کو لوگ اسکا شریک قرار دیتے ہیں اُن سب سے برتر ہے اسی نے
الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝
انسان کو نطفے سے پیدا کیا پھر یکایک وہی انسان کھلا جھگڑنیوالا بنگیا
وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا
اور چوپائے اُسی نے پیدا کئے کہ تمہارے لئے اُنمیں جاڑے کا سامان بھی ہے اور نفعے بھی اور
تَاْكُلُوْنَ ۝ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ
اُنہی میں سے تم کھاتے بھی ہو اور اُنہی میں تمہارے لئے جب شام و صبح لاتے اور لیجاتے ہو زینت بھی
تَسْرَحُوْنَ ۝ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا
ہے اور وہی چوپائے تمہارے بھاری بھاری بوجھ اُن شہروں تک لاد کر لیجاتے ہیں
بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ
جن تک تم بغیر سخت جانکاہی کے پہنچ ہی نہ سکتے بیشک تمہارا رب بڑا شفقت کرنیوالا (اور) بڑا رحم کرنیوالا
رَّحِيْمٌ ۝ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا
ہے اور (اُسی نے) گھوڑے اور خچر اور گدھے (پیدا کئے) تاکہ تم اُنپر سوار ہو اور
وَزِيْنَةً ؕ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ
(وہ تمہاری) زینت ہو اور (آئندہ) وہ ایسی سواریاں پیدا کریگا جنکو تم نہیں جانتے اور اللہ کے ذمہ ہی ٹھیک رستہ
السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ؕ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ ع ۱۶
بتا دینا اور اُسی میں سے ایک ٹیڑھا بھی جاتا ہے اور اگر اُسکو منظور ہوتا تو تم سب کو ایک ہی راستہ پر چلا دیتا
هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ
وہ وہی ہے جسنے آسمان سے تمہارے لئے پانی اُتارا ہے جسمیں سے تم پیتے بھی ہو اور اُسی سے
وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ۝ يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهٖ
درخت (بھی) پیدا ہوتے ہیں جن میں تم (مویشی) چراتے ہو اُسی پانی سے وہ

الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ

تمہارے لئے کھیتی پیدا کرتا ہے اور زیتون کے درخت اور کھجور کے درخت اور انگور اور ہر طرح کے پھل

الثَّمَرٰتِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝

بیشک غور و فکر کرنیوالوں کے لئے اسی میں ایک نشانی موجود ہے

وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ

اور اُسنے رات کو اور دن کو اور سورج کو اور چاند کو تمہارے کام میں لگا دیا ہے

وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

اور ستارے اُسی کے حکم کے تابع ہیں بیشک عقل رکھنے والوں کے لئے اسمیں بھی بہت سی

يَّعْقِلُوْنَ ۝ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا

نشانیاں موجود ہیں اور جو کچھ تمہارے نفع کے لئے اُسنے زمین میں پیدا کیا ہے وہ رنگ برنگ ہی

اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ۝ وَهُوَ

بیشک یاد رکھنے والوں کے لئے اس میں (بھی) نشانی موجود ہے اور وہ (خدا)

الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا

وہی ہے جسنے سمندر کو (تمہارا) مطیع کر دیا ہے کہ تم اُس میں سے تازہ تازہ گوشت کھاؤ اور

مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ

اُس میں سے زیور کی چیزیں نکالکر پہنو اور تم دیکھتے ہو کہ جہاز اُسکو چیرتے ہوئے چلے جاتے

وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَاَلْقٰى

ہیں اور (اس مطیع کر دینے سے غرض) یہ ہے کہ تم خدا کے فضل کے خواستگار ہو اور یہ کہ شکر گزار ہو اور زمین

فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا

میں اُسنے بڑے بڑے پہاڑ قائم کر دئے کہ تمکو لیکر وہ کسی طرف جھک نہ جائے اور ندیاں اور راستے

لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ هُمْ

بنا دئے کہ تم راہ پالو اور علامتیں (مقرر کر دیں) اور ایک مقررہ ستارہ کے ذریعہ سے

يهتدون ○ افمن يخلق كمن لا يخلق ط افلا
لوگ راہ پالیتے ہیں کیا وہ جو پیدا کرتا ہے اُسکے مانند ہو سکتا ہے جو کچھ بھی نہیں پیدا کر سکتا کیا تم اتنا
تذكرون ○ وان تعدوا نعمة الله لا تحصوها ط
نہیں سمجھتے اور اگر تم اللہ کی نعمت کا شمار کروگے تو اُسے پورا گن نہ سکوگے
ان الله لغفور رحيم ○ والله يعلم ما تسرون
بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ ظاہر کرتے ہو
وما تعلنون ○ والذين يدعون من دون الله
اللہ اُسکو خوب جانتا ہے اور اللہ کے سوا یہ جنکو پکارتے ہیں وہ ایک چیز (بھی) پیدا
لا يخلقون شيئا وهم يخلقون ○ اموات غير
نہیں کر سکتے بلکہ وہ خود پیدا کئے جاتے ہیں مُردے ہیں زندہ
احياء ج وما يشعرون ايان يبعثون ○ الهكم اله
نہیں ہیں اور یہ (بھی) نہیں جانتے کہ دوبارہ کب اُٹھائے جائینگے تمہارا معبود معبود یکتا
واحد ج فالذين لا يؤمنون بالاخرة قلوبهم
ہے پھر وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے دل اُنکے کافر ہیں
منكرة وهم مستكبرون ○ لا جرم ان الله يعلم
اور وہ خود بڑا بننا چاہتے ہیں بیشک یہ ضرور ہے کہ جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور
ما يسرون وما يعلنون ط انه لا يحب المستكبرين ○
جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں اُس سب کو اللہ جانتا ہے البتہ وہ بڑا بننے والوں کو دوست نہیں رکھتا
واذا قيل لهم ماذا انزل ربكم قالوا اساطير
اور جسوقت اُنسے یہ کہا جاتا ہے کہ تمہارے پروردگار نے یہ کیا نازل کیا ہے تو کہتے ہیں کہ یہ تو پہلوں کی
الاولين ○ ليحملوا اوزارهم كاملة يوم القيمة
کہانیاں ہیں نتیجہ یہ ہوگا کہ قیامت کے دن اپنے بوجھ تو یہ پورے پورے اُٹھائینگے

ع ۲ ۱۲ ۸

تمہارے وہ شریک کہاں ہیں؟ اور جنکی تم دنیا میں اطاعت کیا کرتے تھے وہ کدھر گئے؟ ۱۲

وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اَلَا سَآءَ

اور جن لوگوں کو بغیر جانے بوجھے گمراہ کرتے ہیں اُنکے وبال سے بھی حصہ لینگے خیال تو کرو یہ کیسا

مَا يَزِرُوْنَ ۝ قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ

وبال سمیٹتے جاتے ہیں! جو اُنسے پہلے تھے چال تو وہ بھی چلے تھے پھر اللہ نے اُنکی جڑ

بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ[1] السَّقْفُ

بنیاد سے اُکھیڑ دی تھی پھر اوپر سے اُنپر چھت

مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ

گر پڑی تھی اور عذاب اُنپر اس طرح سے آیا تھا کہ وہ

لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ

سمجھتے ہی نہ تھے پھر قیامت کے دن اُنکو ذلیل کریگا اور یہ فرمائیگا کہ اب وہ

اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ ؕ قَالَ

میرے شریک کہاں ہیں جنکے سبب سے تم (مومنین سے) دشمنی کیا کرتے تھے (اور) جنکو علم

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ[2] اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ

دیا گیا تھا وہ یہ فرمائینگے کہ آج کے دن کی ذلت اور بُرائی اُنہی

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ

کافروں کے لئے ہے جنکا فرشتے اس حالت میں خاتمہ کرتے ہیں کہ وہ اپنی جانوں پر

اَنْفُسِهِمْ ۖ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ

خود ظلم توڑنیوالے ہوں اور (موت دیکھکر) صلح کے خواستگار ہوں اور یہ کہیں کہ ہم تو کوئی بدی

بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ فَادْخُلُوْٓا

کرتے ہی نہ تھے بیشک جو کچھ تم کیا کرتے تھے اللہ اُس سے خوب واقف ہے پس تم جہنم کے دروازوں

اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝

میں چلے جاؤ ہمیشہ تم اُسی میں رہو گے سو تکبر کرنیوالوں کا ٹھکانا بہت ہی بُرا ہے

[1] فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ اس آیت میں خدا تعالیٰ نے اس امر کی تفصیل بیان کی ہے کہ مخالفین کی مکر کی بیخکنی کیونکر کردی۔ اور مطلب یہ ہے کہ انہوں نے بہت سے منصوبے خدا کے ساتھ چلنے کے باندھے اور خدا نے اُنکی ہلاکت انہی منصوبوں میں قرار دیدی۔ اب گویا اُنکی کیفیت اُن لوگوں کی مانند ہوگئی جنہوں نے ایک عمارت بنائی اور اُسے ستونوں سے مضبوط کیا۔ پھر خدا نے عذاب ستون ہی کی تہ میں بھیجا کہ وہ متزلزل ہوگئے اور وہی چھت (جسکی مضبوطی

وَقِيلَ لِلَّذِينَ اتَّقَوْا مَاذَا أَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۚ قَالُوا خَيْرًا ۗ
اور جو لوگ پرہیزگار ہیں اُنسے یہ کہا جاتا ہے کہ تمہارے پروردگار نے کیا نازل کیا ہے

لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۚ وَلَدَارُ الْآخِرَةِ
تو وہ کہتے ہیں خیر (نازل کی ہے) جو نیکی کرتے ہیں اُنکے لئے اس دنیا میں بھی نیکی ہے اور آخرت کا گھر

خَيْرٌ ۚ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِينَ ۝ جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا
بہتر ہے اور پرہیزگاروں کا گھر اور بھی اچھا ہے دوامی باغات ہیں جن میں وہ داخل ہونگے

تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ لَهُمْ فِيهَا مَا يَشَاءُونَ ۚ
اُنکے نیچے ندیاں بہتی ہونگی (اور) اُن میں جو کچھ وہ چاہینگے اُنکو ملیگا اُن پرہیزگاروں کو

كَذَٰلِكَ يَجْزِي اللَّهُ الْمُتَّقِينَ ۝ الَّذِينَ تَتَوَفَّاهُمُ
خدا ایسے لوگوں کو ایسی ہی جزا دیگا جنکا خاتمہ فرشتوں نے ایسی حالت میں

الْمَلَائِكَةُ طَيِّبِينَ ۙ يَقُولُونَ سَلَامٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا
کیا ہوگا کہ وہ پاک وصاف ہونگے اور فرشتے اُنسے یہ کہتے ہونگے سلام علیکم جو عمل تم

الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ هَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا
کیا کرتے تھے اُسکے عوض تم جنت میں جاؤ کیا یہ اِسکے انتظار میں ہیں کہ فرشتے

أَنْ تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ أَمْرُ رَبِّكَ ۚ كَذَٰلِكَ
انکے پاس آجائیں یا تمہارے پروردگار کا حکم (عذاب) اُنپر آجائے؟ جو اُنسے پہلے

فَعَلَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللَّهُ وَلَٰكِنْ
تھے اُنہوں نے بھی ایسا ہی کیا تھا اور اللہ نے اُنپر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ وہ

كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝ فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ
اپنی جانوں پر (آپ) ظلم کیا کرتے تھے پھر اُنکی کرتوت کی بُرائی اُنہیں ملی

ع ۹ ۱۰ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝
اور جس چیز کی وہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے اُسی نے اُنکو آن گھیرا

وَقَالَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ

اور جن لوگوں نے شرک کیا تھا انہوں نے یہ کہدیا کہ اگر اللہ چاہتا تو ہم اُسکے سوا کسی اور

دُونِهِ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُونِهِ

چیز کی عبادت ہی نہ کرتے نہ ہم اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ اُسکے حکم بغیر ہم کسی چیز کو حرام

مِنْ شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ

قرار دیتے ایسا ہی انہوں نے بھی کیا تھا جو انسے پہلے تھے تو کیا رسولوں

عَلَى الرُّسُلِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ

کے ذمہ کھلا پیغام پہنچا دینے کے سوا کچھ اور بھی ہے اور بیشک ہمنے ہر اُمت میں ایک رسول

أُمَّةٍ رَّسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ۖ

(اسی پیغام کے ساتھ) بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت سے بچو

فَمِنْهُم مَّنْ هَدَى اللَّهُ وَمِنْهُم مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ

پس ان میں سے کوئی کوئی ایسا بھی تھا جسکو اللہ نے ہدایت فرمائی اور اُنمیں سے کوئی کوئی ایسا بھی تھا جسپر اپنی

الضَّلَالَةُ ۚ فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ

گمراہی متحقق ہوگئی پس تم زمین میں چلو پھرو اور غور سے دیکھو کہ جھٹلانیوالوں

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝ إِن تَحْرِصْ عَلَىٰ

کا انجام کیسا ہوا؟ (اے رسولؐ) اگر تم اُنکو راہ راست پر لانے میں

هُدَاهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَن يُضِلُّ وَمَا لَهُم

حریص ہو تو اللہ جس سے توفیق ہدایت سلب کرلیتا ہے اُسکی راہبری نہیں فرماتا اور کوئی

مِّن نَّاصِرِينَ ۝ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَا

اُنکا مددگار نہوگا اُنہوں نے اللہ کی سخت سے سخت قسم کھا کر کہا کہ جو مر جائیگا اُسکو اللہ

يَبْعَثُ اللَّهُ مَن يَمُوتُ ۚ بَلَىٰ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا

ہرگز مبعوث نہ کریگا ضرور (مبعوث کریگا) اُسکے بارے میں پختہ وعدہ ہے

وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي
لیکن اکثر لوگ علم نہیں رکھتے (مبعوث کرنیکی غرض یہ ہوگی) تاکہ جس بارے میں وہ
يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ
اختلاف کیا کرتے تھے وہ اُنکے لئے کھولکر بیان کردے اور جو کافر ہوگئے تھے وہ یہ جان لیں کہ خود
كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ۝ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ
وہ یقیناً جھوٹے تھے ہم جب کسی چیز کا ارادہ کرتے ہیں تو ہمارا اُس سے اتنا کہنا کافی
نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ
ہے کہ ہوجا پس وہ ہوجاتی ہے اور وہ لوگ جنہوں نے بعد اسکے کہ اُنپر ظلم
مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۭ
کیا گیا خدا کی خوشنودی کے لئے ہجرت کی ہم ضرور بالضرور اُنکو دنیا میں رہنے کی اچھی جگہ دینگے
وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ
اور آخرت کا اجر تو بہت ہی بڑا ہوگا کاش وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا اور جو اپنے پروردگار
صَبَرُوْا وَعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا
پر بھروسہ رکھتے ہیں اسکو جانتے ہوتے اور (اے رسول) تم سے پہلے ہمنے آدمیوں
مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔـلُوْٓا اَهْلَ
ہی کو کتابوں اور معجزوں کے ساتھ بھیجا تھا جنکی طرف ہم وحی کیا کرتے تھے پس (اُنسے کہدو کہ)
الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ۭ
اگر تم نہیں جانتے تو اہل الذکر (یعنی آل رسول خدا) سے پوچھ لو اور تمہاری طرف یہ قرآن نازل کیا
وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ
تاکہ جو کچھ تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے اُسے تم لوگوں کے لئے کھولکر بیان کردو
وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا
کہ وہ غور و فکر کریں جو بُری چال چلتے ہیں

السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ

کیا وہ اس سے مطمئن ہوگئے ہیں کہ خدا اُنکو زمین میں دھسادے یا عذاب اُن پر

الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ اَوْ يَاْخُذَهُمْ

اس طرح آئے کہ وہ کچھ نہ سمجھیں یا اُنکی آمد و رفت میں

فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝ اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى

اُنکو گرفتار کرلے کہ وہ خدا کو عاجز نہیں کرسکتے یا اُنکو ڈر کی حالت میں دھر پکڑے

تَخَوُّفٍ ؕ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا

بیشک تمہارا پروردگار بڑا نرمی کے ساتھ معاملہ کرنیوالا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے کیا اُنہوں نے ایسی چیزیں

اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ

کی طرف نہیں خیال کیا جنکو اللہ نے پیدا کیا ہے کہ اُنکے سائے دائیں سے اور بائیں سے

وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ۝ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ

خدا کے واسطے سجدے میں (پڑے) ہیں اور وہ (اسی کے) مطیع و منقاد ہیں اور جو حرکت کرنیوالے

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ

آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں اور وہ فرشتے بھی (جنکا

وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ

کوئی معین مقام نہیں ہے) اور یہ سب تکبر نہیں کرتے اپنے پروردگار سے جو اُنسے برتر ہے ڈرتے رہتے ہیں

فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝ وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا

اور جو حکم اُنکو دیا جاتا ہے وہی بجا لاتے ہیں اور اللہ نے یہ فرمایا کہ دو خدا نہ بناؤ

اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ

سوائے اسکے نہیں ہے کہ وہ معبود یکتا ہے پس مجھ ہی سے

فَارْهَبُوْنِ ۝ وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ

ڈرو اور آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے اُسی کا ہے اور واجب

الدِّيْنُ وَاصِبًا ؕ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ۝ وَمَا بِكُمْ

طور پر اطاعت اُسی کے لئے ہے تو کیا اللہ کے سوا کسی اور سے ڈرو گے؟ اور جو نعمت (بھی) تمکو

مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ

ملی ہے وہ اللہ ہی کی طرف سے ہے پھر جب کوئی مصیبت تم پر پڑتی ہے تو اُسی سے فریاد

تَجْـَٔرُوْنَ ۝ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ

کرتے ہو پھر جب وہ مصیبت تم سے دور کر دیتا ہے تو اُسی دم تم ہی میں سے ایک

بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ۝ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا

گروہ اپنے رب کا شریک قرار دینے لگتا ہے تاکہ جو کچھ ہمنے اُنکو عطا کیا ہے اُسکے متعلق وہ کفرانِ نعمت

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ

کریں سو اب تم نفع اُٹھالو آگے چلکر تمہیں معلوم ہی ہو جائیگا اور جو رزق ہمنے اُنکو دیا ہے اُسکا ایک حصہ اُن (مصنوعی)

نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ

خداؤں کے لئے بھی مقرر کرتے ہیں جنکو یہ کچھ نہیں جانتے خدا کی قسم جو جھوٹی باتیں تم بنا رہے ہو اُسکے متعلق تم سے

تَفْتَرُوْنَ ۝ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ

ضرور باز پرس کیجائیگی اور اللہ کے لئے بیٹیاں قرار دیتے ہیں (اے) سبحان اللہ اور اپنے لئے

مَّا يَشْتَهُوْنَ ۝ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ

جو جی چاہتا ہے وہ (یعنی بیٹے) اور اُن میں سے جب کسی کو بیٹی کی (ولادت کی) خوشخبری سُنائی جاتی ہے تو مارے

وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ۝ يَتَوٰرٰى مِنَ الْقَوْمِ

کے اُسکا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے جس بات کی خوشخبری اُسے دیگئی تھی اُسے ناگوار سمجھنے کے باعث

مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ

لوگوں سے پوشیدہ رہتا ہے (اور سوچتا ہے) کہ باوجود ذلت کے اُسے باقی رہنے دے یا چپچاپ

يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝

مٹی میں دفن کر دے غور تو کرو یہ کیسے بُرے فیصلے کرتے ہیں!

لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُنکے لئے بُری حالت ہے اور اللہ کے لئے شان

الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَلَوْ يُؤَاخِذُ

اعلیٰ ہے اور وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے اور اگر خدا تعالےٰ

اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ

آدمیوں کے ظلم کے سبب اُنسے مواخذہ کرتا تو زمین پر کسی چلنے والے کو باقی نہ رکھتا لیکن

يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ

وہ تو ایک وقت مقررہ تک کے لئے انکو ڈھیل میں ڈالے ہوے ہے پھر جب اُنکا وقت آجائیگا تو

لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝ وَ

ایک گھڑی بھر اُس سے نہ پیچھے رہینگے اور نہ آگے بڑھینگے اور

يَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ

اللہ کے لئے وہی چیز قرار دیتے ہیں جو اپنے لئے ناپسند کرتے ہیں اور اُنکی زبانیں جھوٹ بیان

اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ؕ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ

کرتی ہیں کہ اچھی اچھی چیزیں خود اُنہی کے لئے ہیں ضرور جہنم اُنکے لئے ہے اور بیشک وہ اُسمیں ڈالنے

مُّفْرَطُوْنَ ۝ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ

کے لئے آگے بڑھائے جائینگے خدا کی قسم ہمنے تمسے پہلے اُمتوں کی طرف یقیناً رسول بھیجے

قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ

تھے پس شیطان نے اُنکے اعمال کو اُنکی نظروں میں زینت دیدیا تھا سو اُس دن وہی اُنکا

الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ

حمایتی ہوگا اور اُنکے لئے دردناک عذاب ہوگا (اور اے رسول) ہمنے یہ کتاب تمپر صرف اس غرض

الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَهُدًى

سے نازل کی ہے کہ جس جس بارے میں یہ لوگ اختلاف کر چکے ہیں تم اُسے ان لوگوں کے لئے کھولکر بیان کردو

وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ

اور جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اُنکے لئے ہدایت اور رحمت ہو اور اللہ نے آسمان سے پانی اُتارا

مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً

اور اُسی کے ذریعہ سے زمین کو اُسکی موت کے بعد زندہ کردیا بیشک اسمیں اُن لوگوں کے لئے

لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۝ وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ

جو سنتے ہیں نشانی موجود ہے اور بیشک تمہارے لئے چوپایوں میں عبرت موجود ہے

نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا

ہم اُنکے پیٹ میں جو گوبر اور خون وغیرہ ہے اُس سے الگ کرکے تازہ تازہ دودھ تمکو پلاتے ہیں

خَالِصًا سَاۗىِٕغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝ وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ

جو پینے والوں کو بہت ہی گوارا ہوتا ہے اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے تم نشہ کی

وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ۭ

چیز بھی بنا لیا کرتے ہو اور اچھی روزی (بھی) بیشک سمجھنے والوں کے لئے

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ وَاَوْحٰى رَبُّكَ

اسی میں نشانی (موجود) ہے اور تمہارے پروردگار نے

اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ

شہد کی مکھی کے دل میں یہ بات ڈالدی کہ تو پہاڑوں میں گھر بنالے اور درختوں میں اور

وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ۝ ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ

اُن اونچے اونچے چھتوں میں جو لوگ بنا لیتے ہیں پھر ہر پھل میں سے تو کھا اور اپنے پروردگار کے

سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۭ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ

راستوں میں بخوبی انکار کے ساتھ چلی جا اسی مکھی کے پیٹ سے ایک شربت رنگ برنگ کا

مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاۗءٌ لِّلنَّاسِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

نکلتا ہے جس میں آدمیوں کے لئے شفا ہے بیشک غور و فکر کرنیوالوں کے لئے

لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ

اسی میں ایک نشانی (موجود) ہے اور اللہ نے تمکو پیدا کیا ہے پھر وہی تمہارا خاتمہ کریگا

وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ

اور تم میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو نکمی عمر کو پہنچ جاتا ہے کہ جاننے کے بعد پھر ہر علم سے

بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝ وَاللّٰهُ فَضَّلَ ع ۹ ۱۵

لا علم ہو جائے بیشک اللہ جاننے والا (اور) قدرت والا ہے اور خدا نے روزی میں بھی تم

بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا

میں ایک کو دوسرے پر فضیلت دی ہے پس وہ جنکو فضیلت دی گئی ہے وہ اپنا رزق اپنے

بِرَاۗدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰي مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ ۭ ۱۲

ماتحتوں کو دینے والے نہیں ہیں مرزوق ہونے میں تو وہ سب برابر ہیں پھر کیا وہ اللہ کی نعمتوں

سَوَاۗءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ

کا انکار کرتے ہیں اور اللہ نے تمہاری ہی جنس میں سے

مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ

تمہارے لئے ازواج مقرر کی ہیں اور تمہاری ازواج سے تمہارے لئے

بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ

بیٹے اور پوتے بنا دئے اور (اچھی) اچھی چیزیں تمہیں عطا فرمائیں کیا پھر (بھی) وہ باطل پر

يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ۝ وَيَعْبُدُوْنَ

ایمان لائینگے اور اللہ کی نعمتوں کا انکار کئے جائینگے اور اللہ کو چھوڑ کر

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ

انکی عبادت کرتے رہینگے جو آسمان کی اور زمین کی کسی چیز کا اختیار

وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝ فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ

نہیں رکھتے کہ انکو بطور رزق کے دیدیں اور نہ کچھ اور ہی کر سکتے ہیں پس اللہ کی نسبت تم

رسول خدا اور قرآن مجید اور دین اسلام مراد ہیں ۱۲

الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ ضَرَبَ اللّٰهُ
بیشک اللہ (سب کچھ) جانتا ہے اور تم (کچھ) نہیں جانتے اللہ نے ایک ایسے غلام
مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّمَنْ
کی مثال دی ہے جو دوسرے کی ملک ہو اور کسی چیز کا اختیار نہ رکھتا ہو اور اُسکی جسکو
رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا
ہمنے اپنے پاس سے اچھی روزی دے رکھی ہو اور وہ اُسمیں سے پوشیدہ اور ظاہر خوب
وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ
خرچ کرتا ہو آیا یہ برابر ہیں (ہرگز نہیں!) ہر قسم کی تعریف خدا ہی کے لئے ثابت ہے لیکن اُنمیں سے اکثر
لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَا
(کچھ) نہیں جانتے اور اللہ نے دو شخصوں کی مثل بیان کی ہے کہ ایک تو اُن میں سے
اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا
پیدائشی گونگا ہو جو کسی چیز پر قادر نہو اور وہ اپنے سرپرست پر بار (بھی) ہو کہ جدھر وہ
يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ
اُسکو بھیجے تو وہ کوئی کام (بھی) ٹھیک کرکے نہ لائے کیا وہ اور وہ شخص برابر ہو سکتا ہے جو
يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَلِلّٰهِ ع ۱۰ ۱۶
انصاف پر قائم رہنے کا حکم دیتا ہو اور خود (بھی) راہِ راست پر ہو؟ اور
غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا
آسمانوں کی اور زمین کی پوشیدہ باتیں خدا ہی سے متعلق ہیں اور (قیام) قیامت تک کا معاملہ ایک پلک
كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
جھپکنے کا یا اس سے بھی کم کا ہوگا بیشک اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے
قَدِيْرٌ ۝ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

اور اللہ نے تمکو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے اس طرح نکالا کہ تم

خود مالک کے اپنے تصرف میں ہو تب طلاق کسکے ہاتھ ہے؟ فرمایا خود اُسی مالک کے ہاتھ ۱۲ ۵۲ مَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ تفسیر قمی میں ہے کہ وہ جو عدل کا حکم دیتے ہیں جناب امیر المؤمنینؑ اور ائمہ معصومین ہیں ۱۲

لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

کچھ بھی نہ جانتے تھے اور اُسی نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنا دئے

وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ اَلَمْ يَرَوْا اِلٰى

تاکہ تم شکر ادا کیا کرو کیا ان لوگوں نے اُن پرندوں

الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ

کی طرف جو آسمان سے خلا میں تابع فرمان اُڑتے رہتے ہیں خیال نہیں کیا اُس مقام پر سوائے خدا کے اُنکو

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ

کوئی اور روکے ہوئے ہے بیشک ایمان والے لوگوں کے لئے اسی میں نشانیاں موجود ہیں اور اللہ نے تمہارے لئے

لَكُمْ مِّنْ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ

تمہارے گھروں میں آرام کی جگہ بنائی اور تمہارے لئے چوپایوں کی کھال سے مکان (یعنی خیمے) مقرر کردئے

بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ

جنکو تم اپنے کوچ کے دن اور مقام کے دن (اٹھانے بٹھانے میں) ہلکا پاتے ہو

وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا وَّ

اور بھیڑوں کی اُون سے اور اونٹوں کی اُون سے اور بکریوں کے بالوں سے تمہارے لئے اوڑھنے

مَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا

بچھانے کے سامان اور نفع اٹھانیکا اسباب ایک وقتِ معین تک کے لئے (مقرر کردیا) اور جو جو چیزیں اللہ نے

وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

پیدا کی ہیں اُن میں سے بعض کی سائے تمہارے لئے بنا دئے اور پہاڑوں میں تمہارے بسنے کے لئے محفوظ مقام مقرر کئے

سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ

اور تمہارے لئے ایسے کپڑے پیدا کئے جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں اور ایسے لباس بنائے جو تمکو آپس کی جنگوں سے

كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ۝

محفوظ رکھتے ہیں اس طرح وہ اپنی نعمت تمپر پوری کرتا ہے تاکہ تم حقیقی اطاعت کرو

فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ۝ يَعْرِفُونَ

اسپر بھی اگر وہ روگرداں ہوں تو تمہارے ذمہ تو صرف کھولکر پہنچا دینا ہے وہ اللہ کی

نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُونَهَا وَأَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُونَ ۝

نعمت کو پہچانتے ہیں پھر بھی اُسکا انکار کرتے ہیں حال یہ ہے کہ اُن میں سے اکثر کافر ہیں

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ

اور جسدن ہم ہر اُمت کے ایک گواہ کو بلا بینگے پھر وہ لوگ جو کافر ہو گئے ہیں اُنکو کوئی اجازت

لِلَّذِينَ كَفَرُوا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ۝ وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ

دی جائیگی اور نہ اُٹھا کوئی عذر سُنا جائیگا اور جسوقت وہ لوگ جنہوں نے

ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ۝

ظلم کیا ہے عذاب کو دیکھینگے تو پھر نہ اُنکا عذاب کم کیا جائیگا اور نہ اُنکو مہلت دی جائیگی

وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ أَشْرَكُوا شُرَكَاءَهُمْ قَالُوا رَبَّنَا

اور جسوقت وہ لوگ جنہوں نے شرک کیا ہے اپنے شریکوں کو دیکھینگے یہ کہینگے کہ ای ہمارے پروردگار

هٰؤُلَاءِ شُرَكَاؤُنَا الَّذِينَ كُنَّا نَدْعُو مِنْ دُونِكَ ۚ

یہ ہمارے شریک ہیں جنکو ہم تیرے سوا پکارا کرتے تھے پس وہ شرکا اُنکی بات کو

فَأَلْقَوْا إِلَيْهِمُ الْقَوْلَ إِنَّكُمْ لَكٰذِبُونَ ۝ وَأَلْقَوْا

اُنہی پر اُلٹ دینگے کہ تم جھوٹے ہو اور وہ اُس دن

إِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ السَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا

خدا کی حضور میں صلح پیش کرینگے اور جو کچھ جھوٹ وہ بولا کرتے تھے وہ سب اُن سے

يَفْتَرُونَ ۝ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ

جاتا رہیگا وہ لوگ جو کافر ہو گئے اور راہ خدا سے وہ روکا کرتے تھے

زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا

تو بوجہ اسکے کہ وہ فساد کیا کرتے تھے ہم اُنکے عذاب پر عذاب زیادہ

يُفْسِدُونَ ○ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا

کر دینگے اور جسدن ہم ہر اُمت میں سے ایک ایک گواہ اُنہی کے برخلاف مبعوث

عَلَيْهِمْ مِنْ أَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيدًا عَلَىٰ

کرینگے اور (اے رسُول) اُن سب پر تمکو گواہ بناکر بلا بھیجینگے

هَٰؤُلَاءِ ۚ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا لِكُلِّ شَيْءٍ ۱۲

اور ہمنے تمپر یہ کتاب نازل کی ہے کہ ہر چیز کا بلیغ بیان (ہے)

وَهُدًى وَرَحْمَةً وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ ○ إِنَّ اللَّهَ ع ۱۲ ۶ ۱۸

اور حقیقی اطاعت کرنیوالوں کے لئے ہدایت ورحمت وخوشخبری بالتحقیق اللہ

يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَىٰ

عدل کا اور احسان کا اور ذوی القربےٰ کو (اُنکے حقوق) دینے کا

وَيَنْهَىٰ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ

حکم دیتا ہے اور بیحیائی اور بدی اور بغاوت سے منع فرماتا ہے تمکو نصیحت کرتا ہے

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ○ وَأَوْفُوا بِعَهْدِ اللَّهِ إِذَا عَاهَدْتُمْ

تاکہ تم نصیحت حاصل کرو اور اللہ کے عہد کو جب تم عہد کر چکے پورا کرو اور قسموں کو

وَلَا تَنْقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللَّهَ

اُنکے پختہ کر دینے کے بعد نہ توڑو جس حال میں کہ تم اللہ کو

عَلَيْكُمْ كَفِيلًا ۚ إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ○ وَلَا

ضامن دیچکے ہو بیشک جو کچھ تم کروگے اللہ اُسے خوب واقف ہے اور تم

تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا ۚ

اُس عورت کے مانند نہو جانا جو اپنے کاتے ہوئے کو مضبوط ہو جانیکے بعد ٹکڑے ٹکڑے کرے)

تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ أَنْ تَكُونَ

کر دیا کرتی تھی کہ تم (بھی) اپنی قسموں کو باہمی مکر وحیلہ کا سبب بنالو (اس خیال سے) کہ ایک

أُمَّةٌ هِيَ أَرْبَىٰ مِنْ أُمَّةٍ ۚ إِنَّمَا يَبْلُوكُمُ اللَّهُ بِهِ ۚ
گروہ دوسرے سے بڑھا چڑھا ہے سوائے اسکے نہیں ہے کہ اللہ اسکے ذریعہ سے تمہاری

وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝
آزمائش کرتا ہے اور جو کچھ تم کیا کرتے تھے اُس سب کو ضرور تمہارے لئے قیامت کے دن صاف صاف کھولدیگا

وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَٰكِنْ يُضِلُّ
اور اگر اللہ چاہتا تو تمکو ایک ہی گروہ بنا دیتا لیکن وہ جس سے چاہتا ہے توفیق ہدایت سلب کرلیتا

مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ۚ وَلَتُسْأَلُنَّ عَمَّا
ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرما دیتا ہے اور تم جو جو کچھ کرتے رہتے ہو اُسکی بابت تم سے

كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ وَلَا تَتَّخِذُوا أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ
ضرور ضرور باز پرس کیجائیگی اور تم اپنی قسموں کو باہمی مکر و حیلہ کا سبب نہ بناؤ کہ جمنے کے بعد

فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَعْدَ ثُبُوتِهَا وَتَذُوقُوا السُّوءَ
پھر پاؤں اُکھڑ جائیں اور اسکے بدلے میں کہ تم راہِ خدا سے روکتے رہتے تھے برائی

بِمَا صَدَدْتُمْ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَلَكُمْ عَذَابٌ
کا مزا چکھو اور تمہارے لئے سخت

عَظِيمٌ ۝ وَلَا تَشْتَرُوا بِعَهْدِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۚ إِنَّمَا
عذاب ہو اور خدا کے عہد کو تھوڑی سی قیمت پر نہ بیچو بیشک جو کچھ

عِنْدَ اللَّهِ هُوَ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ مَا
اللہ کے پاس ہے وہ بہت اچھا ہے بشرطیکہ تم سمجھو جو کچھ

عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ ۖ وَمَا عِنْدَ اللَّهِ بَاقٍ ۗ وَلَنَجْزِيَنَّ
تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائیگا اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہیگا۔ اور جن لوگوں نے

الَّذِينَ صَبَرُوا أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا
صبر کیا اُنکا اجر ہم ضرور اُس سے کہیں بہتر عطا کرینگے جیسے کہ وہ عمل

نزل

جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ نے حکم دیا تھا کہ علیؑ کو امیر المؤمنین کہکے سلام کیا کرو۔ ۱۲۔ ش ش ش ش ش ش

يَعْمَلُونَ ○ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَىٰ

کیا کرتے تھے مردوں میں سے ہو یا عورتوں میں سے جو شخص بھی کوئی نیک عمل کریگا بجالیکہ

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُ حَيَاةً طَيِّبَةً ۖ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ

وہ ایمان رکھنے والا ہو تو ضرور ہم اسکی زندگی اچھی گزار دینگے اور جو عمل وہ کیا کرتے تھے انکا

أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ فَإِذَا قَرَأْتَ

اُس سے کہیں بہتر صلہ اُنکو ضرور دینگے پھر جسوقت تم قرآن

الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ○ إِنَّهُ

پڑھنا چاہو تو شیطان ملعون کے شر سے خدا کی پناہ مانگ لیا کرو بیشک اُسکا

لَيْسَ لَهُ سُلْطَانٌ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ

کوئی قابو اُن لوگوں پر نہیں ہے جو ایمان لائے ہیں اور اپنے پروردگار پر بھروسہ

يَتَوَكَّلُونَ ○ إِنَّمَا سُلْطَانُهُ عَلَى الَّذِينَ يَتَوَلَّوْنَهُ

رکھتے ہیں اُسکا قابو تو اُنہی لوگوں پر (چلتا) ہے جو اُسکے دوست بنتے ہیں

وَالَّذِينَ هُم بِهِ مُشْرِكُونَ ○ وَإِذَا بَدَّلْنَا آيَةً

اور اُنپر جو اُسکو شریک کرنیوالے ہیں اور جب ہم نے کسی آیت کی جگہ کوئی آیت بدلی

مَّكَانَ آيَةٍ ۙ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوا إِنَّمَا أَنتَ

حالانکہ اللہ جو کچھ نازل فرماتا ہے خود وہ اُس (کی مصلحت) سے زیادہ واقف ہے تو اُنہوں نے یہکہدیا

مُفْتَرٍ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ○ قُلْ نَزَّلَهُ

کہ تو تو مفتری ہے حقیقت یہ ہے کہ ان میں سے بہت سے کچھ نہیں جانتے تم یہ کہدو کہ اسے تو روح القدس

رُوحُ الْقُدُسِ مِن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِينَ

نے تمہارے پروردگار کی طرف سے حق کے ساتھ نازل کیا ہے تاکہ جو ایمان لائے

آمَنُوا وَهُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ ○ وَلَقَدْ

ہیں اُنکو ثابت قدم کردے اور حقیقی اطاعت کرنیوالوں کیلئے ہدایت و بشارت ہو اور ہم خوب

ع ۱۱ ۱۹

نَعْلَمُ أَنَّهُمْ يَقُولُونَ إِنَّمَا يُعَلِّمُهُ بَشَرٌ ۗ لِّسَانُ
جانتے ہیں کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ اِسکو تو ایک آدمی تعلیم دیتا ہے اُسکی زبان
الَّذِي يُلْحِدُونَ إِلَيْهِ أَعْجَمِيٌّ وَهَٰذَا لِسَانٌ
جسکی طرف یہ (تعلیم کی) نسبت دیتے ہیں عجمی ہے اور یہ تو کھلی عربی
عَرَبِيٌّ مُّبِينٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ
زبان ہے بالتحقیق وہ لوگ جو خدا کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے اللہ اُنکو
لَا يَهْدِيهِمُ اللَّهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ إِنَّمَا يَفْتَرِي
ہدایت نہ فرمائیگا اور اُنکے لئے دردناک عذاب ہے سوائے اسکے نہیں کہ
الْكَذِبَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ ۖ وَأُولَٰئِكَ
جھوٹ تو وہی لوگ باندھتے ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے اور وہی
هُمُ الْكَاذِبُونَ ۝ مَن كَفَرَ بِاللَّهِ مِن بَعْدِ إِيمَانِهِ
جھوٹے ہیں جو بعد ایمان لانے کے خدا کا انکار کر جائے سوائے اُس صورت
إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيمَانِ وَلَٰكِن
کے کہ اُسپر جبر کیا گیا ہو درآنحالیکہ اُسکا دل ایمان سے مطمئن ہو لیکن جو دل
مَّن شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللَّهِ ۖ
کھولکر کفر کرے پس ایسے ہی لوگوں پر اللہ کا غضب ہے
وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا
اور اُنہی کے لئے بڑا عذاب (تیار) ہے یہ اس سبب سے کہ اُنہوں نے زندگانی دنیا کو
الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي
آخرت کے مقابلہ میں پسند کرلیا ہے اور بیشک اللہ منکر لوگوں کو ہدایت
الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللَّهُ
نہیں فرماتا وہ وہی ہیں جنکے دلوں پر اور کانوں پر

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ

اور آنکھوں پر اللہ نے چھاپا لگا دیا ہے اور خود وہی

هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۝ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ هُمُ

غافل ہیں ضرور ہے کہ آخرت میں وہی ٹوٹا اٹھانیوالے

الْخٰسِرُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْ

ہونگے پھر ضرور ہے کہ تمہارا پروردگار اُن لوگوں کے واسطے

بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ

جنہوں نے آزمائے جانے کے بعد (اپنے) گھر چھوڑے پھر جہاد کئے اور صبر کیا بیشک تمہارا پروردگار

مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ ع ۱۴ يَوْمَ تَاْتِىْ كُلُّ

ان سب باتوں کے بعد (اُن لوگوں کے لیے) بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے جس دن ہر نفس اپنے آپ سے

نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا

جھگڑتا ہوا آئیگا اور ہر نفس کو جو جو کچھ وہ کیا کرتا تھا پورا پورا

عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

بدلہ دیا جائیگا اور اُنپر ظلم نہ کیا جائیگا اور خدا تعالےٰ نے ایک گاؤں کی مثل

قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا

بیان کی ہے جو بیخوف و مطمئن تھا اور سامان رزق اُس میں ہر طرف سے

مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ

بکثرت چلا آتا تھا پھر وہاں کے باشندوں نے خدا کی نعمتوں کا انکار کیا تو خدا نے اُنکی کرتوت

لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝

کی پاداش میں اُنکو بھوک اور خوف کا نمایاں مزا چکھا دیا

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ

اور اُنکے پاس ایک رسول اُنہی میں سے آیا اُنہوں نے اُسکو جھٹلایا پس جس حال میں کہ وہ نافرمان

الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝ فَكُلُوْا مِمَّا

تھے عذاب نے انکو آلیا پس اللہ نے جو کچھ تمہیں

رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ

دیا ہے اُس میں سے حلال (اور) طیب چیزیں کھاؤ اور اگر اللہ ہی کے بندے بنتا

كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ

چاہتے ہو تو اُسکی نعمتوں کا شکر ادا کرتے رہو سوائے اسکے نہیں ہے کہ اُسنے تم پر مردار اور خون

وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ

اور سؤر کا گوشت اور وہ (ذبیحہ) جو اللہ کے سوا کسی اور کا نام لیکر ذبح کیا گیا ہو حرام کیا ہے

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

پھر جسکو اضطرار ہو نہ وہ نافرمان ہو اور نہ حد سے گزرنیوالا تو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور)

رَّحِيْمٌ ۝ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ

رحم کرنیوالا ہے اور تمہاری زبانوں سے جو جھوٹ نکلتا ہے اُسکے قائل نہو جاؤ

الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ

کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے کہ اسطرح خدا پر جھوٹ باندھنے لگو

الْكَذِبَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ

بیشک جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھینگے وہ فلاح

لَا يُفْلِحُوْنَ ۝ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۖ وَّلَهُمْ عَذَابٌ

نہ پائینگے (یہ) چند روزہ فائدہ ہے اور (آخر) اُنکے لئے دردناک عذاب

اَلِيْمٌ ۝ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا

ہے اور اُنپر جو یہودی تھے ہمنے وہ چیزیں حرام کی تھیں جنکا قصہ ہم تمکو

عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

پہلے سُنا چکے اور ہمنے اُنپر ظلم نہیں کیا تھا بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر

يَظْلِمُونَ ۝ ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ عَمِلُوا السُّوءَ

ظلم کیا کرتے تھے پھر ضرور تمہارا پروردگار اُن لوگوں کے واسطے جنہوں نے ازراہ نادانی بدی

بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوا مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا إِنَّ

کی پھر اُسکے بعد توبہ کرلی اور (خرابی کی) اصلاح کی (تو) بیشک تمہارا

رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ ع ۱۵ ۲۱

پروردگار ان باتوں کے بعد (اُنکے لئے) بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے بیشک ابراہیمؑ ایک

كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِلَّهِ حَنِيفًا وَلَمْ يَكُ مِنَ

خلوص دل سے خدا کی فرمانبرداری کرنیوالے تھے اور وہ مشرکوں میں سے

الْمُشْرِكِينَ ۝ شَاكِرًا لِأَنْعُمِهِ اجْتَبَاهُ وَ

نہ تھے خدا کی نعمتوں کا شکر ادا کرنیوالے تھے اُسنے اُنکو برگزیدہ

هَدَاهُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ۝ وَآتَيْنَاهُ فِي

کرلیا تھا اور اُنکو راہ راست بتلادی تھی اور ہمنے اُنکو دنیا میں بھی

الدُّنْيَا حَسَنَةً وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ

خیر وخوبی عطا کی تھی اور یقیناً آخرت میں (بھی) وہ صالحین میں سے

الصَّالِحِينَ ۝ ثُمَّ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ أَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ ۱۲

ہونگے پھر ہمنے تمہاری طرف وحی کی کہ تم یکسو ہوکر ملت ابراہیمؑ

إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

کی پیروی کرو حالانکہ وہ مشرکوں میں سے نہ تھے

إِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِينَ اخْتَلَفُوا ۱۳

سوائے اسکے نہیں ہے کہ سبت تو اُن لوگوں پر واجب کیا گیا تھا جنہوں نے اسمیں اختلاف کیا

فِيهِ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اور بیشک تمہارا پروردگار قیامت کے دن اُن تمام باتوں کا فیصلہ کردیگا

فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ○

جن (جن) میں یہ لوگ آپس میں اختلاف کیا کرتے تھے

اُدْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ

تم اپنے پروردگار کے راستہ کی طرف حکمت کے ساتھ اور اچھی

وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِي

نصیحتوں کے ساتھ (اُنکو) بُلاؤ اور اُنسے اُس طریقہ سے بحث کرو جو

هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن

بہت ہی اچھا ہو بیشک تمہارا پروردگار اُنسے بھی خوب واقف ہے جو

ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ ۖ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ○

راہ راست سے بھٹکے ہوئے ہیں اور اُنسے بھی خوب واقف ہے جو ہدایت یافتہ ہیں

وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُم

اور اگر بدلہ لو تو اتنا ہی بدلہ لو جتنی کہ تمپر سختی کی گئی تھی

بِهِ ۖ وَلَئِن صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصَّابِرِينَ ○

اور اگر صبر کرو تو وہ صبر کرنیوالوں کے لئے بہت ہی اچھا ہے

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ وَلَا

اور (اے رسول) صبر کرو اور تمسے صبر نہوگا مگر اللہ ہی کی مدد سے اور اُن

تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ

(شہداء احد) کے متعلق رنج نہ کرو اور (کافر) جو چال چلتے ہیں اُس سے

مِّمَّا يَمْكُرُونَ ○ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ

دلتنگ نہو بیشک اللہ اُنکے ساتھ ہے جو (کفر و گناہ سے)

اتَّقَوا وَّالَّذِينَ هُم مُّحْسِنُونَ ○ ع ۱۶ ۲۲

بچتے رہیں اور اُنکے ساتھ ہے جو نیکیاں کرنیوالے ہوں

آیاتها ۱۱۱ — کلماتها ۱۵۸۲ — حروفها ۶۷۱۰ — رکوعاتها ۱۲

الجزء الخامس عشر ۱۵

سورۃ بنی اسرآءیل مکیۃ وھی مائۃ واحد عشر اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ

منزہ ہے وہ جو راتوں رات اپنے بندہ کو

لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ

مسجد الحرام سے مسجد اقصا تک لے گیا

الْاَقْصَا الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنْ

جسکے حوالی کو خود ہمنے برکت دی ہے تاکہ ہم اسکو اپنی نشانیوں میں سے بعض

اٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ○ وَ

دکھاویں بیشک وہ بڑا سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے اور

اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى

موسےٰ کو ہمنے کتاب دی تھی اور اسکو بنی اسرائیل کے لئے

لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ

ہدایت مقرر کیا تھا کہ میرے سوا کسی اور کو

دُوْنِيْ وَكِيْلًا ○ ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا

کارساز نہ بناؤ (یہ) انکی اولاد (تھے) جنکو ہمنے نوح کے ساتھ

مَعَ نُوْحٍ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ○

(کشتی میں) سوار کیا تھا بیشک وہ بڑا شکر گزار بندہ تھا

وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ فِي الْكِتٰبِ

اور ہمنے اسی کتاب میں بنی اسرائیل کو یہ خبر دیدی تھی

نہیں پس اس پر نعمت و عافیت پر تیری حمد و تیرا شکر بہت بہت ہے) تین مرتبہ اس طرح صبح کو فرمائے تھے اور تین مرتبہ شام کو (سوائے اسکے کہ شام کے وقت بجائے

لَتُفْسِدُنَّ فِي الْأَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا
کہ تم ضرور بالضرور زمین میں دو مرتبہ فساد کروگے اور ضرور تم بڑی سرکشی کروگے
كَبِيرًا ۝ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ أُولَاهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ
پھر جبکہ اُن دونوں میں سے پہلے وعدہ کا موقع آیا ہمنے تمہارے برخلاف
عِبَادًا لَّنَا أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ فَجَاسُوا خِلَالَ
اپنے بڑی قوت والے بندے بھیجدئے پس وہ شہروں میں گھس پڑے
الدِّيَارِ ۚ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُولًا ۝ ثُمَّ رَدَدْنَا
اور وعدہ پورا ہوکے رہا پھر ہمنے تمکو اُن پر
لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَأَمْدَدْنَاكُم بِأَمْوَالٍ وَّ
دوبارہ غلبہ دیا اور مال سے اور بیٹوں سے تمہاری
بَنِينَ وَجَعَلْنَاكُمْ أَكْثَرَ نَفِيرًا ۝ إِنْ أَحْسَنتُمْ
مدد کی اور از روئے تعداد تمکو بہت بڑھادیا اگر تمنے نیکی کی تو
أَحْسَنتُمْ لِأَنفُسِكُمْ ۖ وَإِنْ أَسَأْتُمْ فَلَهَا ۚ فَإِذَا
اپنی ذات کے لئے نیکی کی اور اگر تمنے بدی کی تو وہ بھی اپنے ہی لئے پھر جب
جَاءَ وَعْدُ الْآخِرَةِ لِيَسُوءُوا وُجُوهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا
دوسرے وعدہ کا موقع آیا (تو ہمنے اُنکو بھیجدیا) کہ تمہارے منہ بگاڑدیں اور تاکہ مسجد میں
الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوهُ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوا مَا
اُسی طرح گھس جائیں جس طرح پہلی دفعہ اُس میں گھس گئے تھے اور تاکہ جب تک اُنکو غلبہ رہے ایسا ہلاک
عَلَوْا تَتْبِيرًا ۝ عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَن يَرْحَمَكُمْ ۚ وَإِنْ
کردیں جیسا کہ ہلاک کرنیکا حق ہے قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تم پر رحم فرمائے اور اگر تمنے
عُدتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ حَصِيرًا ۝
پھر وہی کیا تو ہم بھی وہی کرینگے اور کافروں کے لئے ہمنے جہنم کو قید خانہ مقرر کیا ہے

إِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ أَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ
بیشک یہ قرآن وہ راستہ بتاتا ہے جو سب سے سیدھا ہے اور اُن مومنوں کو جو
الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ أَنَّ لَهُمْ
نیکیاں کرتے رہتے ہیں (یہ) خوشخبری سناتا ہے کہ اُنکے لئے
أَجْرًا كَبِيْرًا ۝ وَّأَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ
بہت بڑا اجر ہے اور یہ کہ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُنکے لئے
أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيْمًا ۝ وَيَدْعُ الْإِنْسَانُ
ہمنے دردناک عذاب تیار کیا ہے اور انسان بُری چیز کے لئے بھی ویسی ہی دعا
بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْإِنْسَانُ عَجُوْلًا ۝
مانگتا ہے جیسی کہ اچھی چیز کے لئے اور انسان ہے جلد باز
وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ
اور ہمنے رات کو اور دن کو دو نشانیاں مقرر کیا پھر ہمنے رات کی نشانی کو تاریک
الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا
کردیا اور ہمنے دن کی نشانی کو روشن بنادیا تاکہ تم اپنے رب کے فضل کی
مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ
هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ○ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۭ

رب پر ایمان لائے (فرعون نے) کہا کہ قبل اسکے کہ میں اجازت دوں تم اسپر ایمان لے آئے

اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ

(معلوم ہوتا ہے کہ) یہی تم سب کا گرو ہے جسنے تمکو جادو سکھایا ہے تو اب میں تمہارے مقابل کے ہاتھ پاؤں

وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ

کٹوا دونگا اور تمکو کھجور کے درختوں پر دار پر کھنچوا دونگا

النَّخْلِ ۡ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ○ قَالُوْا

اور یہ تمکو علم بھی ہو جائیگا کہ ہم میں سے کونسا زیادہ سخت اور زیادہ پائدار عذاب دینے والا ہے (جواب میں جادوگر بولے

لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا

کہ موسےٰ جو کھلے معجزے لائے اُسکے مقابلہ میں اور جسنے ہمکو پیدا کیا ہی اُسکے برخلاف ہم تجھی ہرگز ترجیح نہ دینگے ہیں

فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝

(اے فرعون) تو جو تجھ حکم دینیوالا ہی دیدے تو فقط اِسی دنیا کی زندگانی ہی میں تو حکم چلا سکتا ہے

اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ

ہم اپنے پروردگار پر تو اسلیے ایمان لائے ہیں کہ وہ ہماری خطاؤنکو اور جس جادو کی کرنے پر تونے ہمکو مجبور کیا تھا اُسکو بخشدے

السِّحْرِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا

اور اللہ سب سے بہتر اور (ثواب دینے کے لیے) سب سے زیادہ باقی رہنیوالا ہی یقینی بات ہی کہ جو اپنے پروردگار کی حضور میں گنہگار ہوکر آئیگا

فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝ وَمَنْ يَّاْتِهٖ

جہنم اُسکے لیے ضرور ہے جس میں وہ نہ مریگا اور نہ جیے گا اور جو اُسکی حضور میں مؤمن ہوکر

مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ

آئیگا جسنے نیک عمل (بھی) کیے ہونگے یہی وہ لوگ ہیں جنکے لیے اعلےٰ درجے

الْعُلٰى ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

ہیں (یعنی) ہمیشہ کی جنتیں جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں اُن میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہونگے

فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى ۝ وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى

اور جو پاک رہے اُسکی جزا یہی ہے اور ضرور ہمنے موسےٰ کو وحی فرمائی تھی

مُوْسٰٓى ۙ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِى الْبَحْرِ

کہ میرے بندوں کو راتوں رات لیجاؤ پھر اُنکے لیے دریا میں خشک راستہ

يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ۝ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ

بنالو کہ تمکو گرفتار ہوجانیکا اندیشہ اور ڈر نہ رہے پھر فرعون نے اپنے لشکر سمیت اُنکا پیچھا کیا

فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ۝ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ

اور دریا اُن (فرعون اور فرعونیوں) کو اپنی موجوں میں لپیٹ لیا اور اس طرح فرعون نے اپنی قوم کو بھٹکا دیا

وَمَا هَدٰى ۝ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ

اور انکا رہنما نہ بنا اے اولاد اسرائیل ہم نے تمکو تمہارے دشمنوں سے یقیناً نجات دی

عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا

اور مبارک پہاڑ طور کے برابر سے اپنا وعدہ پورا کیا اور (صحرا میں) تمہیں

عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۝ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ

من و سلوے نازل کیا (اور یہ حکم دیا کہ) جو کچھ ہم نے تمکو دیا ہے اس میں سے پاک چیزیں کھاؤ

وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ

اور اسکے بارے میں سرکشی نہ کرو ورنہ تمپر میرا غضب نازل ہوگا اور جسپر میرا غضب نازل ہوگا

عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ۝ وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ

وہ یقینی ہلاک ہو جائیگا اور میں اسکے لیے جو توبہ

لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ

کرے اور ایمان لائے اور نیک عمل کرے پھر ہدایت یافتہ بھی ہو ضرور بڑا

اهْتَدٰى ۝ وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ۝ قَالَ

بخشنے والا ہوں اور اے موسے تمکو تمہاری قوم سے کس چیز نے آگے بڑھا دیا عرض کرنے لگے

هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى اَثَرِيْ ۝ وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ۝

کہ وہ تو ہی میرے پیچھے پیچھے آرہے ہیں اور اے میری پروردگار میں نے اسلیے جلدی کی کہ تیری خوشنودی حاصل کروں

قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ

فرمایا تو ہمنے تمہارے بعد تمہاری قوم کی آزمائش کی ہے اور سامری نے انکو

السَّامِرِيُّ ۝ فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ

بہکا لیا ہے پس موسیٰ اپنی قوم کی طرف غصہ میں بھرے ہوئے اور افسوس کرتے ہوئے آئے (اور)

قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۚ اَفَطَالَ

فرمانے لگے کہ اے میری قوم کیا تمہارے پروردگار نے تم سے اچھا وعدہ نہ کیا تھا؟ کیا بھلے گئے ہوئے

عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ أَمْ أَرَدْتُّمْ أَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ

کیا بہت مدت گزر گئی تھی یا تمنے چاہا کہ تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے غضب نازل ہو

مِّنْ رَّبِّكُمْ فَأَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ ۝ قَالُوْا مَآ أَخْلَفْنَا

کہ تمنے میرے وعدہ کے خلاف کیا — وہ بولے کہ ہمنے اپنے اختیار سے تو آپکے وعدہ

مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ أَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ

کے خلاف نہیں کیا بلکہ (واقعہ یوں پیش آیا کہ) قوم فرعون کے زیوروں کے کئی بوجھ ہم پر لادے گئے تھے جنکو ہمنے لا کر (آگ)

الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ أَلْقَى السَّامِرِيُّ ۝ فَأَخْرَجَ

میں ڈالدیا اور ایسا ہی سامری نے (بھی) کیا پھر اُسنے (انہی پگھلے ہوئے زیوروں سے)

لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ إِلٰهُكُمْ وَإِلٰهُ

سب کے دیکھتے دیکھتے ایک بچھڑا بنادیا یعنی ایک جسد تھا جس میں گائے کی سی آواز تھی پر بعض لوگوں نے کہدیا کہ یہ تمہارا بھی معبود ہے اور موسیٰ کا بھی معبود

مُوْسٰى ۵ فَنَسِيَ ۝ أَفَلَا يَرَوْنَ أَلَّا يَرْجِعُ إِلَيْهِمْ قَوْلًا ۵

ہے پس موسیٰ بھول کر (طور پر چلے) گئے ہیں بھلا وہ یہ نہ سمجھے کہ وہ بچھڑا اُنکی کسی بات کا جواب نہیں دے سکتا تھا

وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ۝ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ

اور نہ اُنکے ضرر کا اختیار رکھتا تھا اور نہ نفع کا اور ہارونؑ نے اُنسے پہلے ہی کہدیا تھا کہ اے

ع ۱۳

هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ إِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَإِنَّ

میری قوم تمہاری اس بچھڑے کے ذریعہ سے آزمائش کی گئی ہے اور بیشک تمہارا

رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِيْ وَأَطِيْعُوْٓا أَمْرِيْ ۝ قَالُوْا لَنْ

پروردگار رحمٰن ہے پس تم میری پیروی کرو اور میرے حکم کو مانو (جواب میں) انہوں نے کہا تھا کہ

نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ إِلَيْنَا مُوْسٰى ۝ قَالَ

اب تو ہم اسی کی عبادت کرینگے جب تک کہ موسیٰ ہمارے پاس پلٹ کر نہ آئیں (موسیٰ نے) کہا

يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ إِذْ رَأَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ۝ أَلَّا تَتَّبِعَنِ ۵

اے (بھائی) ہارونؑ جب تمنے اُنکو بہکتے دیکھا تھا تو تمکو کیا چیز مانع تھی کہ تمنے میری پیروی نہ کی کیا تمنے میرے

منزل ۴

...ن فرمائی کہ ہمنے تمہاری غیبت میں تمہاری قوم کی آزمائش کی اور سامری نے اُنکو گمراہ کر دیا۔ اور اُن سب نے ایک ڈکراتا ہوا بچھڑا بو جلو...

أَفَعَصَيْتَ أَمْرِي ○ قَالَ يَابْنَؤُمَّ لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي وَلَا

حکم کی نافرمانی کی انہوں نے کہا کہ اے میرے ماں جائے آپ میرے سر و ریش کو نہ پکڑیں (یعنی

بِرَأْسِي ۚ إِنِّي خَشِيتُ أَنْ تَقُولَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِي إِسْرَائِيلَ

سرتاپا بھی کو الزام نہ دیں) مجھے تو یہ اندیشہ رہا کہ کہیں آپ یہ نہ فرمائیں کہ تو نے بنی اسرائیل میں پھوٹ ڈالدی

وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِي ○ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يَا سَامِرِيُّ ○ قَالَ

اور میری بات کا پاس نہ کیا (موسےٰ نے) پوچھا کہ اے سامری یہ تیری کیا حرکت ہے؟ اسنے عرض کی

بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوا بِهِ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ أَثَرِ

کہ میں نے اسے دیکھا تھا جسے ان لوگوں نے نہیں دیکھا پس میں نے اس (فرشتے کے) پیک کے قدم کے نیچے کی ایک مٹھی

الرَّسُولِ فَنَبَذْتُهَا وَكَذَٰلِكَ سَوَّلَتْ لِي نَفْسِي ○ قَالَ

(خاک) لیلی تھی وہ میں نے اس بچھڑے میں ڈالدی تھی اور میرے دل میں یہی سما گئی تھی (موسےٰ نے) فرمایا

فَاذْهَبْ فَإِنَّ لَكَ فِي الْحَيَاةِ أَنْ تَقُولَ لَا مِسَاسَ ۖ وَ

سمجھا تیری سزا یہ ہے کہ جب تک جیے یہی کہتا رہے کہ مجھے نہ چھونا اور

إِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهُ ۖ وَانظُرْ إِلَىٰ إِلَٰهِكَ الَّذِي

تیرے لیے ایک وعدہ گاہ ہے جسکے خلاف نہیں کیا جائیگا اور لے اپنے معبود کی طرف دیکھ جسکی عبادت

ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا ۖ لَّنُحَرِّقَنَّهُ ثُمَّ لَنَنسِفَنَّهُ فِي الْيَمِّ

کی طرف تو مائل تھا ہم ضرور اسکو بھسم کر دینگے پھر اسکا ذرہ ذرہ کرکے دریا میں ڈالدینگے

نَسْفًا ○ إِنَّمَا إِلَٰهُكُمُ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ وَسِعَ

سوائے اسکے نہیں کہ تمہارا معبود وہی اللہ ہے جسکے سوا کوئی اللہ نہیں وہ اپنے علم سے

كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ○ كَذَٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَاءِ مَا

ہر شے پر حاوی ہے اسی طرح ہم ان واقعات کی خبریں جو پہلے گزر چکے ہیں تمکو سناتے

قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ آتَيْنَاكَ مِن لَّدُنَّا ذِكْرًا ۝

ہیں اور ہے ہی اپنے پاس سے تمکو قرآن عطا کیا ہے

ہوئی کہ اے موسےٰ اسے قتل نہ کرو اسلیے کہ یہ مرد بھی ہے ۱۲

مَنْ أَعْرَضَ عَنْهُ فَإِنَّهُ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وِزْرًا ۝

جو اس سے روگرداں ہوگا قیامت کے دن وہی ایک (بھاری) بوجھ لادے ہوئے آئیگا

خَالِدِينَ فِيهِ ۖ وَسَاءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حِمْلًا ۝ يَوْمَ

ہمیشہ وہ اسی حالت میں رہینگے اور قیامت کے دن انکا یہ دبال بہت ہی برا ہوگا جسدن

يُنفَخُ فِي الصُّورِ ۚ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِينَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ۝

صور پھونکا جائیگا اور گنہگاروں کو ہم نیلی آنکھوں کے ساتھ محشور کرینگے

يَتَخَافَتُونَ بَيْنَهُمْ إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا عَشْرًا ۝ نَّحْنُ أَعْلَمُ بِمَا

بوچھ بچھکے آپس میں یہ کہتے ہونگے کہ (دنیا میں یا قبر میں) تم کوئی دس دن رہے ہوگی جو انہیں یہ لوگ کہینگے ہم اس سے

يَقُولُونَ إِذْ يَقُولُ أَمْثَلُهُمْ طَرِيقَةً إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا

خوب واقف ہیں کہ جو ان میں سے زیادہ واقف کار اور روبراہ ہوگا وہ یہ کہیگا کہ (نہیں جی) تم بس ٹھہرے ہو گے تو

يَوْمًا ۝ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنسِفُهَا رَبِّي ع ۱۵ ۱۴

ایک ہی دن اور یہ لوگ تم سے پہاڑوں کا حال دریافت کرتے ہیں تم یہ کہدو کہ میرا پروردگار انکو ذرہ ذرہ

نَسْفًا ۝ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۝ لَّا تَرَىٰ فِيهَا

کردیگا پھر انکی جگہ چٹیل میدان کردیگا جس میں نہ تم موڑ دیکھوگے

عِوَجًا وَلَا أَمْتًا ۝ يَوْمَئِذٍ يَتَّبِعُونَ الدَّاعِيَ

اور نہ کوئی ٹیلا نیکرا جس دن وہ سب ایک بلانیوالے کے پیچھے چلے جائینگے جس سے

لَا عِوَجَ لَهُ ۖ وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمَٰنِ فَلَا

کوئی پہلو نہ کریگا اور خوف خدا سے آوازیں پست ہو جائینگی پس تم کو

تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا ۝ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ إِلَّا مَنْ

کچھ کھسر پھسر ہی سنائی دیگی عام طور پر اُسدن کوئی سفارش فائدہ نہ دیگی سوائے اُس شخص

أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَٰنُ وَرَضِيَ لَهُ قَوْلًا ۝ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ

کی سفارش کے جسکیلئے خدائے رحمن نے اذن دیدیا ہو اور جسکی بات پسند فرمائی ہو وہ انکے گزشتہ

اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ۝ وَ

اور آئندہ سے واقف ہے اور یہ اُسکے علم کا احاطہ نہیں کرسکتے اور

عَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ؕ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ

اُس ہمیشہ قائم رہنے والے زندہ کے سامنے سب کے سب جھک گئے اور جو ظلم کے بار سے لدا ہوا آیا وہ یقیناً

ظُلْمًا ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ

ناکام ہوگیا اور جو شخص مومن ہونیکی حالت میں کوئی نیکی کریگا تو اُسکو کسی کمی

فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ۝ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا

اور نقصان کا اندیشہ نہیں ہے اور اسی طرح ہمنے اسے عربی زبان کا قرآن

عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ

اُتارا ہے اور اُس میں بار بار خوف دلایا ہے تاکہ وہ باز رہیں یا یہ اُنکے لیے

اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ

نصیحت تازہ کرے پس خدا بادشاہ برحق برتر ہے

وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۫

اور تم قرآن کے پڑھنے میں قبل اسکے کہ اُس آیت کی وحی پوری ہوچکی ہو جلدی نہ کیا کرو

وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ

اور یہ کہا کرو کہ اے میرے پروردگار میرا علم بڑھادے اور آدم کو ہمنے پہلے ہی ایک حکم دیا تھا پس وہ

قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ۝ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ

اُسکو بھول گئے اور ہمنے اُن میں پختگی نہ پائی اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے کل فرشتوں سے کہا تھا کہ

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى ۝ فَقُلْنَا

تم آدم کو سجدہ کرو پس سواے ابلیس کے سب ہی نے سجدہ کیا وہ منکر رہا پس ہمنے کہدیا کہ

يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا

اے آدم یہ تمہارا اور تمہاری زوجہ کا یقینی دشمن ہے ایسا نہو کہ یہ تم دونو کو جنت سے

ع ۶ ۱۱ ۱۵

مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ○ اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى ○

نکالدے پھر تم تکلیف میں پڑجاؤ حالانکہ اب تمہیں یہ بات حاصل ہے کہ نہ تم اس جنت میں بھوکے رہتے ہو اور نہ ننگے

وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ○ فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ

اور نہ اسمیں کبھی پیاسے ہوتے ہو اور نہ دھوپ کھاتے ہو اب شیطان نے چپکے چپکے دل میں ڈالی

الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَ

اور یہ کہا کہ اے آدمؑ کیا میں تمہیں ہمیشہ کی زندگی کا درخت بتاؤں اور ایسی سلطنت

مُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ○ فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا

جو کبھی پرانی نہو پس دونو نے اُس میں سے کچھ کھالیا پس اُنکی شرمگاہیں اُنپر ظاہر ہو گئیں

وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ز وَعَصٰٓى

اور وہ دونو جنت کے پتے اپنے بدن پر لپیٹنے لگے اور آدمؑ نے اپنے

اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ○ ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَ

رب کے خلاف کیا لہذا ناکام رہے پھر اُنکے پروردگار نے اُنکو منتخب کرلیا اور اُنکی توبہ قبول کرلی اور

هَدٰى ○ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ

راہ راست بتلادی فرمایا اب تم دونو اس میں سے ایک ساتھ چلے جاؤ تم سب آپس میں ایک دوسرے کے

عَدُوٌّ ج فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۵ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ

دشمن ہوگے پھر جب میری ہدایت تمہارے پاس آئے اُسوقت جو میری ہدایت کی پیروی کریگا پس

فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى ○ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ

نہ وہ بہکیگا اور نہ بدبخت رہیگا اور جو میری نصیحت سے روگرداں رہیگا اُسکی زندگی بھی ضیق

لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ○ قَالَ

میں بسر ہوگی اور قیامت کے دن ہم اُسے اندھا کرکے اُٹھائینگے وہ عرض کریگا

رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ○ قَالَ

اے میرے پروردگار تو نے مجھے اندھا کرکے کیوں اُٹھایا حالانکہ میں تو آنکھوں والا تھا خدا تعالےٰ فرمائیگا

ع نہ اُنکا قول سنتا تھا اور نہ اُنکے حکم کی اطاعت کرتا تھا یعنی اُنکو چھوڑ دیا تھا اسی طرح آج تو بھی جہنم میں چھوڑ دیا جائیگا ۱۲

كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ

ایسے ہی تو نے کیا تھا یعنی، جب ہماری نشانیاں تیرے پاس آئی تھیں تو تو نے انکو بھلا دیا تھا اور آج کے دن اسی طرح تو بھلا ہی

تُنْسٰى ۝ وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْ

جائے گا۔ اور جو شخص زیادتی کرے اور اپنے پروردگار کے احکام پر ایمان نہ لائے

بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ۝

اسکو ہم اسی طرح سزا دیا کرتے ہیں اور آخرت کا عذاب زیادہ سخت اور زیادہ پائدار ہے

اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ

کیا اسنے انکو بتا نہیں دیا کہ انسے پہلے ہم کتنے زمانے (والے) ہلاک

الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

کر دیئے جن کے گھروں میں یہ چلتے پھرتے ہیں بیشک سمجھداروں کے لیے اسی میں

لِّاُولِي النُّهٰى ۝ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

نشانیاں (موجود) ہیں اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک بات کی نہیں اور ایک وقت

لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ۝ فَاصْبِرْ عَلٰي مَا

کا تعین نہ ہو چکا ہوتا تو عذاب ضرور آتا پس اب یہ جو کچھ کہیں اسے برداشت کرو

يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ

اور سورج نکلنے سے پہلے اور اسکے ڈوبنے سے پہلے اپنے پروردگار

الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَاۗئِ الَّيْلِ

کی حمد کی تسبیح پڑھا کرو اور رات کی گھڑیوں میں

فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ۝ وَلَا تَمُدَّنَّ

اور دن کے اوقات میں اسکی پاکی بیان کیا کرو تاکہ تم خوش رہو اور زندگانی دنیا کی

عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ

رونق (ان چیزوں سے جنہے کفار کے مختلف گروہوں کو اس غرض سے نفع پہنچایا ہے کہ ہم انکی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ۭ وَرِزْقُ رَبِّكَ

اسمیں آزمائش کریں تم اُنکی طرف آنکھ اُٹھا کے بھی نہ دیکھنا اور تمہارے پروردگار کا عطیہ

خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ

سب سے اچھا اور پائدار ہے اور اپنے اہلبیت اور اُمت کو نماز کا حکم دو اور خود بھی اُسکے

عَلَيْهَا ۭ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ۭ

پابند رہو ہم تم سے کچھ کھانیکو تو نہیں مانگتے ہم تو خود تمکو سب کچھ دیتے ہیں

وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ۝ وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا

اور انجام پرہیزگاری ہی کا اچھا ہے اور انھوں نے یہ کہدیا کہ یہ اپنے پروردگار کی

بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي

کوئی نشانی کیوں نہیں لاتا کیا اُنکے پاس پہلی کتابوں میں جو کچھ ہے اُسکی شہادت

الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝ وَلَوْ اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ

نہیں آچکی اور اگر ہم اُنکو رسول کے آنے سے پہلے ہی کسی عذاب سے

مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا

ہلاک کر دیتے تو یہ کہتے کہ اے ہمارے پروردگار تو نے ہمارے پاس کوئی رسول

رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ

کیوں نہ بھیجا کہ ہم ذلیل و رسوا ہونے سے پہلے (پہلے) تیرے احکام کی

نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ۝ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ

پیروی کرتے تم کہدو کہ ہر ایک منتظر ہے

فَتَرَبَّصُوْا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ

سو تم بھی انتظار کرو عنقریب تم جان لوگے کہ سیدھی راہ والے

الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ۝

کون ہیں اور ہدایت یافتہ کون ہیں

ع ۸ ۱۷

سورة الانبياء مكية وهي مائة واثنتا عشرة آية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ
لوگوں کے لیے اُنکے حساب کا وقت قریب آ پہنچا حالانکہ وہ ابھی غفلت میں منہ موڑے

مُّعْرِضُوْنَ ○ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ
ہوئے ہیں کوئی نئی نصیحت اُنکے پاس انکے پروردگار کی طرف سے نہیں آتی مگر یہ کہ وہ اسے

اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ○ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ وَ
کان لگا کر سنتے تو ہیں اور اسکا مذاق اڑاتے ہیں دل اُنکے کھیل میں لگے ہوئے ہیں اور

اَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا هَلْ هٰذَا اِلَّا
یہ ظالم چپکے چپکے سرگوشیاں کرتے ہیں (اور یہ کہتے ہیں کہ) یہ رسول ہے ہی کیا؟ تم ہی جیسا تو

بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ○
آدمی ہے کیا تم کھلی آنکھوں جادو کے پاس آتے ہو

قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ
(رسول نے) فرمایا میرا پروردگار آسمان اور زمین کی ہر بات کو جانتا ہے اور وہ بڑا سننے والا

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ بَلْ قَالُوْا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ بَلِ
(اور بڑا) جاننے والا ہے بلکہ انہوں نے تو یہ کہدیا کہ یہ پریشان خیالات ہیں بلکہ اسنے اس کو

افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَا اُرْسِلَ
دل سے بنا لیا ہے بلکہ وہ ایک شاعر ہے (اگر ایسا نہیں ہے) تو ہمارے پاس ایک معجزہ کیوں نہیں لے آتا جیسے

الْاَوَّلُوْنَ ○ مَا اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ
(پہلے پیغمبر) بھیجے گئے تھے ان سے پہلے جس بستی کو ہم نے ہلاک کر دیا وہ تو ایمان لائے نہیں

اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ

تو کیا یہ ایمان لائینگے؟ اور ہمنے تم سے پہلے بھی آدمی ہی

اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ

بھیجے تھے جنکی طرف ہم وحی کیا کرتے تھے پس اگر تم نہیں جانتے تو یاد والوں سے (یعنی اہل

كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ

رسول سے) پوچھ لو اور ہمنے انکے ایسے جسم نہ بنائے تھے کہ وہ کھانا نہ کھاتے

الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۝ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ

ہوں اور نہ وہ ہمیشہ رہنے والے تھے پھر ہمنے اپنے وعدۂ (عذاب) کو جو انسے کیا

فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۝ لَقَدْ

تھا سچ کر دکھایا پھر خود انکو اور جس جس کو ہمنے چاہا نجات دیدی اور زیادتی کرنیوالوں کو ہمنے ہلاک کردیا (ای قوم قریش)

اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ وَ ع ۱

ہمنے یقیناً ایک کتاب تمہاری طرف نازل کی ہے جسمیں تمہارے لیے نصیحت موجود ہے کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے؟ اور

كَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا

ہمنے کتنی ہی بستیاں جو نافرمان تھیں اجاڑ دیں اور انکے اجاڑنیکے بعد اور اور لوگ

قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا

پیدا کردیے پھر جسوقت انہوں نے ہمارے عذاب کو محسوس کیا تو لگے وہاں سے

يَرْكُضُوْنَ ۝ لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ

تیز تیز بھاگنے (ہمنے انسے کہا) اب تیز نہ بھاگو اور جہاں تمکو آسائش ملا کرتی تھی اُس مقام کی طرف

وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا

اور اپنے مکانوں کی طرف لوٹ کر جاؤ تاکہ تمہاری مزاج پرسی کی جائے وہ بولے کہ ہائے خرابی ہماری ہم تو یقیناً

ظٰلِمِيْنَ ۝ فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى

نافرمان تھے پس وہ برابر یہی پکارتے رہے یہاں تک کہ ہمنے انکو مار کر

جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ۝ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ

کٹی ہوئی کھیتی کا سا ڈھیر کر دیا اور ہمنے آسمان کو اور زمین کو اور جو کچھ

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ۝ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ

ان دونوں کے درمیان ہے کھیل کے طور پر نہیں پیدا کیا اگر ہم کوئی کھیل ہی بنانا چاہتے تو اپنی طرف سے

لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝ بَلْ

(اپنی شان کے موافق) کرتے بشرطیکہ ہمکو ایسا ہی کرنا ہوتا بلکہ

نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ

ہم تو حق کو باطل پر غالب کر دیتے ہیں پس وہ اُسکا سر توڑ دیتا ہے پھر یکایک وہ باطل کافور

زَاهِقٌ ؕ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ۝ وَلَهٗ مَنْ

ہو جاتا ہے اور تمہارے لیے جو کچھ تم بیان کرتے ہو افسوس ہے اور جو ذوی العقول

فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ

آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اُسی کے ہیں اور اُسکی حضور میں ہیں نہ اُسکی عبادت سے

عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ۝ يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ

سرتابی کرتے ہیں اور نہ تھکتے ہیں رات اور دن اُسکی پاکی بیان

وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ۝ اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ

کرتے رہتے ہیں (اور) کاہلی نہیں کرتے کیا اُنہوں نے زمین سے ایسے خدا بنا لیے ہیں جو

الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ۝ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ

(مُردوں کو) زندہ کر دیں اگر آسمان و زمین میں اللہ کے سوا اور کئی خدا ہوتے تو

لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝

یہ دونوں (کبھی کی) اجڑ گئی ہوتیں پس جو جو کچھ یہ بیان کرتے ہیں خدا تعالےٰ عرش کا مالک اُن سب (باتوں سے) منزہ ہے

لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ۝

جو کچھ وہ کرتا ہے اُسکی نسبت اُس سے باز پرس نہیں کی جا سکتی اور اُنسے باز پرس کی جائیگی

أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ آلِهَةً ۖ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ ۖ
کیا انہوں نے اُسے چھوڑ کر اور خدا بنا لیے ہیں تم کہدو کہ تم اپنی (اپنی) دلیل پیش کرو
هَٰذَا ذِكْرُ مَن مَّعِيَ وَذِكْرُ مَن قَبْلِي ۗ بَلْ أَكْثَرُهُمْ
یہ (قرآن مجید) اُنکے لیے بھی نصیحت ہے جو میرے ساتھ ہیں اور اُنکے لیے بھی نصیحت تھی جو مجھ سے پہلے ہیں
لَا يَعْلَمُونَ الْحَقَّ فَهُم مُّعْرِضُونَ ○ وَمَا أَرْسَلْنَا
لیکن بہت سے لوگ حق کو سمجھتے نہیں اسی سے وہ روگرداں ہوتے ہیں اور ہمنے تم سے پہلے ایک
مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ إِلَّا نُوحِي إِلَيْهِ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ
رسول بھی ایسا نہ بھیجا کہ اُسکی طرف ہم یہ وحی نہ کرتے رہے ہوں کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے پس
إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِ ○ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا
تم میری ہی عبادت کیا کرو اور وہ کہتے ہیں کہ رحمن نے کسی کو بیٹا بنا لیا اُسکی ذات
سُبْحَانَهُ ۚ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُونَ ○ لَا يَسْبِقُونَهُ
(اس تہمت سے) بری ہے بلکہ وہ تو اُسکے معزز بندے ہیں جو بات کہنے میں اُس سے سبقت
بِالْقَوْلِ وَهُم بِأَمْرِهِ يَعْمَلُونَ ○ يَعْلَمُ مَا
نہیں کرتے اور اُسکے امر کے بموجب عمل کرتے رہتے ہیں وہ اُنکے آئندہ اور
بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُونَ ۙ إِلَّا لِمَنِ
گزشتہ (سب) کا حال جانتا ہے اور وہ کسی کی سفارش نہیں کرتے سوائے اُسکے جو
ارْتَضَىٰ وَهُم مِّنْ خَشْيَتِهِ مُشْفِقُونَ ○ وَمَن
اُسکو پسند ہو اور وہ اُسکے خوف سے ڈرتے رہتے ہیں اور جو اُن میں
يَقُلْ مِنْهُمْ إِنِّي إِلَٰهٌ مِّن دُونِهِ فَذَٰلِكَ نَجْزِيهِ
سے یہ کہدے کہ میں بھی اُسکے علاوہ ایک معبود ہوں پس ایسے ہی کا بدلہ تو ہم جہنم
جَهَنَّمَ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ ○ أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ ع ۲ ۱۹ ۲
مقرر کرینگے ہم ظالموں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں جو لوگ کافر ہو گئے ہیں

كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ

کیا انکی سمجھ میں یہ نہیں آیا کہ آسمان و زمین دونو بند تھے پھر ہمنے دونو کو کھولدیا

وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ؕ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَ

اور ہمنے ہر زندہ چیز کو پانی سے بنا دیا گیا (اب بھی) وہ ایمان نہ لائینگے؟ اور

جَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ ۪ وَجَعَلْنَا

زمین میں ہمنے بھاری بھاری پہاڑ قائم کردیے کہ کہیں انکو لیکے جھک نہ جائے اور اُس میں کُشادے

فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا

لمبے چوڑے راستے بنا دیے کہ وہ راہ پائیں اور آسمان کو

السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ۚ وَهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ۝

ہمنے ایک محفوظ چھت قرار دیدیا اور وہ ہیں کہ اُسکی نشانیوں سے روگرداں ہوتے ہیں

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ

اور وہ وہی تو ہے جسنے رات کو اور دن کو اور سورج کو اور چاند کو پیدا کردیا کہ وہ سب

فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ۝ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ؕ

آسمان میں تیر رہے ہیں اور دوام تو ہمنے تم سے پہلے کسی آدمی کے لیے مقرر نہیں کیا

اَفَاۡئِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ۝ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ

کیا تم مرجاؤ گے تو یہ ہمیشہ رہینگے؟ ہر نفس موت کا چکھنے والا ہے

وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ؕ وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝

اور ہم آزمائش کے طور پر بدی اور نیکی سے تمہارا امتحان لینگے اور ہماری ہی طرف تمہاری بازگشت ہوگی

وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ

اور جسوقت وہ لوگ جو کافر ہوگئے ہیں تمہیں دیکھتے ہیں تو تمہاری ہنسی ہی اڑاتے ہیں (اور یہ کہتے ہیں)

اَهٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ

هُمْ كٰفِرُوْنَ ○ خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ۭ سَاُورِيْكُمْ

منکر ہیں انسان (گویا) پیدا جلدی سے کیا گیا ہے عنقریب میں تمکو اپنی نشانیاں

اٰيٰتِيْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ○ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

دکھلاؤنگا پس تم مجھ سے جلدی کی خواہش نہ کرو اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو بتلاو کہ یہ

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وعدہ آئیگا کب؟ کاش یہ لوگ جو کافر ہو گئے ہیں اُسوقت کو جان لیتے

حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ

جبکہ یہ لوگ آتش جہنم کو نہ اپنے منہ کی طرف سے روک سکینگے اور نہ اپنی پیٹھ کی طرف سے اور نہ

ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ○ بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً

انکی (کسی قسم کی) مدد کی جائیگی (تو کبھی جلدی نہ کرتے) لیکن قیامت تو انکو یکایک آئیگی

فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ○

پھر وہ انکو مبہوت کردیگی پس نہ یہ اُسکو ہٹا سکینگے اور نہ انکو مہلت دیجائیگی

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ

اور یقیناً تم سے پہلے رسولوں کی (بھی) ہنسی اُڑائی گئی ہے پھر جو اُنسے تمسخر کیا کرتے تھے

سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ○ قُلْ مَنْ ع ٣ ١٢ ٣

توجس عذاب کی بابت وہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے اسی نے اُنکو آلیا تم یہ کہدو کہ

يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ۭ بَلْ

رات میں اور دن میں (عذاب) خدا سے تم کو بچا کون لیگا؟ مگر وہ تو

هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ○ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ

اپنے پروردگار کے ذکر ہی سے روگرداں ہونیوالے ہیں آیا اُنکے کوئی ایسے خدا ہیں جو

تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ۭ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ

ہمارے عذاب سے اُنکو بچالیں؟ وہ اپنی ذات کی مدد تو کرہی نہیں سکتے

لہ خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ تفسیر قمی میں ہے کہ جب خدا تعالیٰ نے جسمِ آدمؑ میں روح ڈالی ابھی وہ گھٹنوں ہی تک پہنچی تھی کہ آدمؑ نے اُٹھنے کا ارادہ کیا اور نہ اُٹھ سکے اسی پر خدا تعالیٰ نے یہ فرمایا۔ نہج البلاغۃ میں ہے کہ تمام معاملات میں جب تک کہ اُنکا وقت نہ آجائے جلدی کرنے سے احتراز کرو۔ اور جب اُنکا کرنا ممکن ہو اُس وقت سستی سے بچو۔ ۱۲-۰ ف

منزل ۴

وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُونَ ○ بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ

اور نہ ہماری طرف سے انکا ساتھ دیا جاتا ہے بلکہ ہمنے انکو اور انکے باپ دادا ؤں کو فائدہ پہنچایا

حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۭ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ

یہانتک کہ (خوشحالی میں) انکی عمریں گذر گئیں کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو برابر اسکے اطراف

نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ۭ اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ○ قُلْ اِنَّمَآ

سے کم کرتے چلے آتے ہیں کیا اب بھی وہی غالب ہیں؟ تم یہ کہدو کہ سوائے اسکے

اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ ۡ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاۗءَ اِذَا مَا

نہیں کہ میں وحی کے مطابق تمکو ڈراتا ہوں اور بہروں کو جبوقت ڈرایا جائے تو وہ کسی کی

يُنْذَرُوْنَ ○ وَلَىِٕنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ

سنتے ہی نہیں اور اگر تمہارے پروردگار کا عذاب ذرا سا بھی انکو چھو لیگا تو ضرور یہ

رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ○ وَنَضَعُ

کہنے لگینگے کہ ہائے خرابی ہماری ہم ہی تو نافرمان تھے اور ہم قیامت کے

الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ ۭ

دن انصاف کی میزانیں قائم کرینگے پس کسی نفس پر ذرا سا بھی ظلم نہ کیا جائیگا

شَيْـــًٔا ۭ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا

اور اگر رائی کے دانہ کے برابر بھی (کوئی عمل) ہوگا تو ہم اسے لاحاضر کرینگے

بِهَا ۭ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ○ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى

اور حساب لینے کو ہم ہی کافی ہیں اور یقیناً ہمنے موسےٰ و ہارون کو

وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَاۗءً وَّذِكْرًا

(حق و باطل کی) جانچ اور ان پرہیزگاروں کے لیے روشنی اور نصیحت عنایت

لِّلْمُتَّقِيْنَ ○ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ

کی تھی جو بے دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے رہتے ہیں

وہ روشنی جس سے جہالت اور حیرت کی تاریکیوں سے نکل آئیں۔ اور ذکر سے مراد ہے وہ نصیحت جس سے پرہیزگار لوگ نصیحت حاصل کرتے ہیں ۱۲

وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ○ وَهٰذَا ذِكْرٌ
اور قیامت کے آنے سے خائف ہیں اور یہ برکت والی نصیحت ہے
ع ۴ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ○ وَلَقَدْ
جسکو ہمنے نازل کیا ہے کیا تم اسی کے منکر ہو؟ اور ہمنے
ربع اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ○
ابراہیمؑ کو پہلے ہی سے سمجھ عنایت کی تھی اور ہم اُن (کی قابلیت) سے واقف تھے
اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ
اُسوقت کو یاد کرو جبکہ اُنہوں نے اپنے چچا سے اور اپنی قوم سے یہ کہا تھا کہ یہ مورتیں چیز کیا ہیں
اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ○ قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا
جنکی تم تعظیم کرتے ہو؟ اُنہوں نے کہا تھا کہ ہمنے اپنے باپ دادا کو انکی پرستش
عٰبِدِيْنَ ○ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ
کرتے پایا فرمایا تم اور تمہارے باپ دادا بیشک کھلی گمراہی
ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ
میں تھے اُنہوں نے کہا کہ آپ کوئی حق بات لائے ہیں یا یونہی دل لگی
اللّٰعِبِيْنَ ○ قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
کرنیوالے ہیں؟ فرمایا ہاں تمہارا پروردگار وہی آسمانوں کا اور زمین کا پروردگار ہے
الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۫ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ
جسنے انکو پیدا کیا ہے اور میں (بھی) اس بات پر گواہی دینے والوں میں سے
الشّٰهِدِيْنَ ○ وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ
ہوں اور خدا کی قسم جب تم پیٹھ پھیر کر چلے جاؤ گے تو میں تمہارے
ربع بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ○ فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا
اِن بتوں کے ساتھ کوئی نہ کوئی) چال ضرور چلونگا چنانچہ اُنکے بڑے کو چھوڑ کر اور سب ہی کا

إِلَّا كَبِيرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ إِلَيْهِ يَرْجِعُونَ ۝ قَالُوا

چکنا چور کر دیا تاکہ وہ اسکی طرف لوٹ کر آئیں (تو اسے سلامت پائیں۔ جب لوٹے تو) بولے

مَن فَعَلَ هَٰذَا بِآلِهَتِنَا إِنَّهُ لَمِنَ الظَّالِمِينَ ۝ قَالُوا

ہمارے معبودوں کی جنسے یہ گت بنائی ہے وہ بیشک بڑا ہی ظالم ہے بعض نے کہا

سَمِعْنَا فَتًى يَذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهُ إِبْرَاهِيمُ ۝ قَالُوا

کہ ہمنے تو ایک نوجوان کو جو ابراہیمؑ کے نام سے مشہور ہے انکا ذکر برائی کے ساتھ کرتے ہوئے سنا تھا وہ کہنے لگے

فَأْتُوا بِهِ عَلَىٰ أَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُونَ ۝

ایسا ہی ہے تو اسے آدمیوں کے روبرو لاؤ کہ وہ گواہی دیں (جب حاضر کیے گئے

قَالُوا أَأَنتَ فَعَلْتَ هَٰذَا بِآلِهَتِنَا يَا إِبْرَاهِيمُ ۝ قَالَ

تو لوگ) بولے اے ابراہیمؑ کیا تو نے ہی ہمارے معبودوں کی یہ گت بنائی ہے؟ فرمایا

بَل فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَٰذَا فَاسْأَلُوهُمْ إِن كَانُوا يَنطِقُونَ ۝

جو اُن میں سب سے بڑا ہے (معلوم ہوتا ہے کہ) اُسنے ایسا کیا ہے پس اگر یہ بولتے ہوں تو انہی سے پوچھ لو

فَرَجَعُوا إِلَىٰ أَنفُسِهِمْ فَقَالُوا إِنَّكُمْ أَنتُمُ الظَّالِمُونَ ۝

اُسوقت وہ اپنے اپنے دل میں سوچے اور (بجائے خود) قائل ہوئے کہ ظالم تو تم خود ہی ہو

ثُمَّ نُكِسُوا عَلَىٰ رُءُوسِهِمْ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هَٰؤُلَاءِ

پھر اپنے اپنے گریبانوں میں مُنہ ڈالے ہوئے بولے یہ تو تم یقیناً جانتے ہو کہ یہ

يَنطِقُونَ ۝ قَالَ أَفَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا

بولتے نہیں فرمایا کیا تم خدا کو چھوڑ کر ایسوں کو پوجتے ہو جو نہ تمکو کوئی نفع

لَا يَنفَعُكُمْ شَيْئًا وَلَا يَضُرُّكُمْ ۝ أُفٍّ لَّكُمْ وَ

پہنچائیں اور نہ تمکو نقصان پہنچائیں تم پر بھی تف ہے اور

لِمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝

اُنپر بھی جنکی تم خدا کے سوا پرستش کرتے ہو کیا تم اتنی بھی سمجھ نہیں رکھتے۔

قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانْصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ فَاعِلِينَ ۝
(اب تو کفار بگڑ کر) کہنے لگے کہ اگر تم سے ہو سکتا ہے تو اسکو جلا دو اور اپنے دیوتاؤں کی مدد کرو

قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ ۝ وَ
ہمنے کہا کہ اے آگ تو ابراہیمؑ پر ٹھنڈی ہو جا مگر سلامتی کے ساتھ اور

أَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ ۝ وَنَجَّيْنَاهُ
انہوں نے ابراہیمؑ سے چال چلی مگر ہمنے انہی کو سب سے زیادہ نقصان اٹھانیوالا کر دیا اور ہمنے ابراہیمؑ کو

وَلُوطًا إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا لِلْعَالَمِينَ ۝ وَ
اور لوطؑ کو نجات دیکر ایک ایسی زمین پر پہنچا دیا جس میں ہمنے تمام عالموں کے لیے برکت دی تھی اور

وَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ نَافِلَةً وَكُلًّا جَعَلْنَا
ہمنے اُسے (بیٹا) اسحٰقؑ اور پوتا یعقوبؑ عنایت کیے اور اُن میں سے ہمنے ہر ایک

صَالِحِينَ ۝ وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا
کو نیک بنایا اور اُنکو ہمنے ایسا امام بنایا جو ہمارے حکم کے بموجب ہدایت کرتے تھے

وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَإِقَامَ الصَّلَاةِ
اور اُنکی طرف ہمنے نیکیاں کرنیکی اور نماز پڑھنے کی اور زکوٰۃ دینے کی

وَإِيتَاءَ الزَّكَاةِ وَكَانُوا لَنَا عَابِدِينَ ۝ وَلُوطًا
وحی فرمائی اور وہ سب کے سب ہماری بندگی کرنیوالے تھے اور لوطؑ کو ہمنے

آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْقَرْيَةِ
فیصلہ کی قوت اور علم عنایت کیا اور اُنکو اُس بستی سے نجات دی

الَّتِي كَانَتْ تَعْمَلُ الْخَبَائِثَ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمَ
جو بدکاریاں کیا کرتی تھی بیشک وہ بدکار (اور) نافرمان

سَوْءٍ فَاسِقِينَ ۝ وَأَدْخَلْنَاهُ فِي رَحْمَتِنَا
لوگ تھے اور ہمنے لوطؑ کو اپنی رحمت میں داخل کر لیا

إِنَّهُ مِنَ الصَّٰلِحِينَ ۝ وَنُوحًا إِذْ نَادَىٰ مِن قَبْلُ ع ۵

یقیناً وہ نیک لوگوں میں سے تھے اور نوحؑ جبکہ اُنہوں نے ہمکو پہلے ہی پکارا تھا

فَاسْتَجَبْنَا لَهُ فَنَجَّيْنَٰهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ ۝

ہمنے اُنکی دعا قبول کرلی تھی اور اُنکو اور اُنکے کنبہ کو سخت مصیبت سے نجات دی تھی

وَنَصَرْنَٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِـَٔايَٰتِنَآ ۚ إِنَّهُمْ

اور اُن لوگوں کے مقابلہ میں جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ہمنے اُنکو مدد دی تھی بیشک وہ

كَانُوا قَوْمَ سَوْءٍ فَأَغْرَقْنَٰهُمْ أَجْمَعِينَ ۝ وَدَاوُۥدَ

لوگ بدکار تھے پھر ہمنے اُن سب کو ڈبو (بھی) دیا تھا اور داؤدؑ

وَسُلَيْمَٰنَ إِذْ يَحْكُمَانِ فِى الْحَرْثِ إِذْ نَفَشَتْ فِيهِ

و سلیمانؑ جبکہ اُس کھیتی کے بارے میں فیصلہ کر رہے تھے جس میں رات کے وقت

غَنَمُ الْقَوْمِ ۖ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شَٰهِدِينَ ۝

ایک گروہ کی بکریاں چر گئی تھیں اور ہم اُنکے فیصلہ کے دیکھنے والے تھے

فَفَهَّمْنَٰهَا سُلَيْمَٰنَ ۚ وَكُلًّا ءَاتَيْنَا حُكْمًا وَعِلْمًا

پس ہمنے سلیمانؑ کو وہ فیصلہ سمجھا دیا تھا اور (یوں) فیصلہ کی قوت اور علم تو ہمنے ہر ایک کو دیا تھا

وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوُۥدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۚ وَكُنَّا

اور پہاڑوں کو ہمنے داؤدؑ کے تابع کر دیا تھا کہ اُنکے ساتھ (ساتھ) تسبیح (خدا) کیا کرتے تھے اور اسی طرح پرندوں کو

فَٰعِلِينَ ۝ وَعَلَّمْنَٰهُ صَنْعَةَ لَبُوسٍ لَّكُمْ

اور ان باتوں کے کرنیوالے ہم ہی تو تھے۔ اور ہمنے داؤدؑ کو زرہ بنانی سکھائی تھی کہ تمکو

لِتُحْصِنَكُم مِّنۢ بَأْسِكُمْ ۖ فَهَلْ أَنتُمْ شَٰكِرُونَ ۝

لڑائی میں محفوظ رکھے آیا تم اب (بھی) شکر گزار ہو

وَلِسُلَيْمَٰنَ الرِّيحَ عَاصِفَةً تَجْرِى

بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَكُنَّا بِكُلِّ
بموجب اُس سرزمین میں لیجایا کرتی تھی جسمیں ہمنے برکت دی تھی اور ہم ہرہر چیز کے
شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ۝ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ
جاننے والے ہیں اور شیاطین میں سے (اُنکے تابع وہ کر دیے تھے) جو سمندر میں)
لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ
اُنکی خاطر غوطے لگاتے تھے اور اسکے علاوہ بہت سے کام انجام دیا کرتے تھے اور ہم اُن سب کے
حٰفِظِيْنَ ۝ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ
نگہبان تھے اور ایوبؑ جبوقت اُنہوں نے اپنے پروردگار کو آواز دی کہ مجھے بیماری نے بہت ستایا
الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ
ہے حالانکہ تو سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے تو ہمنے اُنکی دعا قبول کرلی اور جو
فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ ۡ وَاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ
تکلیف اُنکو تھی وہ دفع کردی اور اپنی طرف سے رحمت کے
مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى
طور پر اور اِس غرض سے کہ عبادت کرنیوالوں کے لیے ایک یادگار رہے اُنکے اہل وعیال (جو مرچکے
لِلْعٰبِدِيْنَ ۝ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ۭ
تھے) پھر عطا کیے اور اُتنے ہی اور دیے اور اسمٰعیلؑ اور ادریسؑ اور ذوالکفلؑ اِن میں سے
كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ۭ
ہرایک صبر کرنیوالا تھا اور اِن سب کو ہمنے اپنی رحمت میں داخل کرلیا تھا
اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ
کہ وہ یقیناً نیکوں میں سے تھے اور ذوالنون (یونسؑ) جبکہ وہ خفا ہوکر چلے گئے
مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى
تھے اور اُنکو یقین تھا کہ ہم اُنپر (رزق کی) تنگی نہ کرینگے پس وہ اندھیریوں میں

فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ

(حاکر) پکارا تیرے کہ سوائے تیرے کوئی معبود نہیں ہے

اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ

میں تو اندھیرے میں آپھنسا پس ہمنے اُنکی دعا قبول کرلی اور

وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

اُنکو اُس مصیبت سے نجات دیدی اور ہم مومنوں کو اسی طرح نجات دیدیا کرتے ہیں

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا

اور زکریا نے جبوقت اپنے پروردگار کو پکارا کہ اے میرے پروردگار مجھے تنہا نہ چھوڑ یو حالانکہ تو ہی تو

وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۠ وَوَهَبْنَا

سب سے بہتر وارث ہے پس ہمنے اُنکی دعا قبول کرلی اور اُنکو یحییٰ (سا بیٹا)

لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا

عطا کیا اور اُنکی خاطر سے اُنکی زوجہ میں (جننے کی) صلاحیت پیدا کردی بیشک وہ سب کے سب

يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ۭ

نیک کاموں میں جلدی کیا کرتے تھے اور امید و بیم کے ساتھ ہمسے دعا مانگا کرتے تھے

وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ۝ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ

اور ہمارے لیے عاجزی کرنیوالے تھے اور وہ عورت (مریم) جسنے اپنی شرمگاہ کی

فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ

حفاظت کی تھی پھر ہمنے اُس میں اپنی (پیدا کی ہوئی) روح پھونک دی تھی اور ہمنے اُسکو اور اُسکے بیٹے کو

اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً

تمام عالموں کے لیے ایک معجزہ بنادیا تھا بیشک یہ تمہارا گروہ ایک ہی گروہ ہے

وَّاحِدَةً ۠ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۝

اور میں تمہارا پروردگار ہوں پس میری ہی عبادت کیا کرو

وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ۝ ع ۶ ۱۸ ۶

اور لوگوں نے اپنے دین کو آپس میں ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا (آخر تو سب ہمارے پاس آنیوالے ہیں

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ

پس جو شخص مومن ہونیکی حالت میں نیکیاں کریگا اُسکی کوشش کی ناقدری نہ

فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ۝ وَحَرٰمٌ

کی جائیگی جس حال میں کہ ہم اُسکو لکھتے جاتے ہیں اور جس بستی کو ہم

عَلٰي قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝ حَتّٰٓى

ہلاک کر چکے اُسکے لیے ممانعت ہے کہ وہ رجعت کے زمانہ میں واپس نہ آئینگے یہانتک کہ

اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ

جب یاجوج اور ماجوج کھولے جائینگے اور وہ ہر بلندی پر سے پھیلتے

حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ۝ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا

چلے آئینگے اور سچا وعدہ قریب آپہنچیگا تو یکایک اُن لوگوں کی

هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ يٰوَيْلَنَا

جو کافر ہو گئے تھے آنکھیں کھلی کی کھلی رہجائینگی (اور وہ یہ کہینگے) ہائے خرابی ہماری

قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝

ہم تو اس سے غفلت ہی میں رہے بلکہ ہم نافرمان تھے

اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ۭ

(کہا جائیگا کہ) یقیناً تم بھی اور جنکی تم خدا کے سوا عبادت کرتے تھے وہ بھی جہنم کا ایندھن ہو

اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ۝ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَاۗءِ اٰلِهَةً

تم اسی میں اُترنیوالے ہو اگر یہ خدا ہوتے تو یہ جہنم میں نہ اُترتے

مَّا وَرَدُوْهَا ۭ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

حالانکہ ان میں سے ہر ایک ہمیشہ اسی میں رہنے والا ہے

لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَهُمْ فِيهَا لَا يَسْمَعُونَ ۝ إِنَّ

اُنکی چیخ پکار اُسی میں ہوگی اور وہ اُس میں اور کچھ نہ سُن سکینگے بالتحقیق

الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنَّا الْحُسْنَىٰ أُولَٰئِكَ عَنْهَا

وہ لوگ جنکے حق میں ہماری طرف سے نیکی پہلے ہی طے ہوچکی ہے وہ اُس سے

مُبْعَدُونَ ۝ لَا يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا ۖ وَهُمْ

دور رہینگے وہ اُسکے جلنے کی آواز نہ سُنینگے اور جن جن

فِي مَا اشْتَهَتْ أَنْفُسُهُمْ خَالِدُونَ ۝ لَا يَحْزُنُهُمُ

چیزوں کو اُنکا جی چاہیگا مدام اُنہی کا لطف اُٹھاتے رہینگے (وہ قیامت کا) بڑا بھاری خوف

الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَتَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ۖ هَٰذَا يَوْمُكُمُ

اُنکو رنج نہ دیگا اور فرشتے اُنکو لینے آئینگے (اور یہ کہینگے کہ) جسدن کا تم سے

الَّذِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ۝ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ

وعدہ کیا گیا تھا وہ یہی ہے اُسدن آسمان کو ہم اس طرح لپیٹ لینگے

كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۚ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيدُهُ ۚ

جس طرح خط ماکاغذ لپیٹا جاتا ہے جیسے ہمنے اول اسکو پیدا کیا تھا اُسی طرح اُسکو دُہرادینگے

وَعْدًا عَلَيْنَا ۚ إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ۝ وَلَقَدْ كَتَبْنَا

(یہ کرنا) ہمارے ذمہ ہے اور ہم ہی ضرور اُسکے کرنیوالے ہیں اور بیشک زبور میں ہمنے نصیحت کے

فِي الزَّبُورِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا

بعد لکھدیا تھا کہ (آخر میں) میرے نیک بندے زمین کے

عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ ۝ إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا

وارث ہوجائینگے بیشک خدا پرست لوگوں کے لیے اسی میں

لِقَوْمٍ عَابِدِينَ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً

کافی نصیحت موجود ہے اور (اے رسول) ہمنے تمکو تمام عالموں کے لیے رحمت ہی کرکے

لِلْعٰلَمِيْنَ ○ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ

بھیجا ہے تم کہدو کہ سوائے اسکے نہیں ہے کہ مجھے وحی کی گئی ہے کہ تمہارا معبود

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○ فَاِنْ

معبود یکتا ہے تو آیا تم اب بھی مانو گے؟ پھر اگر وہ

تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ۭ وَاِنْ اَدْرِيْٓ

روگردانی ہوں تو تم یہ کہدو کہ میں نے تو برابر اطلاع دی ہے اور میں یہ نہیں جانتا کہ جس چیز

اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ○ اِنَّهٗ يَعْلَمُ

کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ قریب ہے یا بعید بیشک وہ بلند آواز کی

الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ○

بات کو (بھی) جانتا ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اُسکو (بھی) جانتا ہے

وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ

اور میں یہ نہیں جانتا کہ شاید یہ (تاخیر) تمہارے لیے آزمائش ہو اور چند روز کا

اِلٰى حِيْنٍ ○ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ۭ وَرَبُّنَا

نفع پہنچانا (رسول نے) عرض کی اے میرے پروردگار تو حق کساتھ فیصلہ کردے اور ہمارا پروردگار

الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰي مَا تَصِفُوْنَ ○

ہی وہ رحمٰن ہے جس سے اُن تمام باتوں پر جو تم بیان کرتے ہو مدد طلب کی جاتی ہے

سُوْرَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ

اے آدمیو! تم اپنے پروردگار سے ڈرو بیشک قیامت کا زلزلہ

ایاتھا ۹۸ رکوعاتھا ۶ کلماتھا ۱۲۸۳ حروفھا ۵۴۳۲

السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ ۝ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ

بہت بڑی چیز ہے جس دن تم اُس (قیامت) کو دیکھو گے

كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ

ہر دودھ پلانیوالی اُس سے غافل ہو جائیگی جسے دودھ پلایا کرتی تھی اور ہر حمل والی اپنا حمل

حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارَىٰ وَمَا هُم

گرا دیگی اور تم لوگوں کو نشہ کی سی حالت میں دیکھو گے حالانکہ وہ متوالے

بِسُكَارَىٰ وَلَٰكِنَّ عَذَابَ اللَّهِ شَدِيدٌ ۝ وَمِنَ

نہونگے بلکہ خدا کا عذاب ہی سخت ہوگا اور آدمیوں میں سے

النَّاسِ مَن يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّبِعُ

(کوئی) کوئی ایسا بھی ہے جو بغیر علم کے خدا کے بارے میں جھگڑتا ہے اور ہر سرکش شیطان

كُلَّ شَيْطَانٍ مَّرِيدٍ ۝ كُتِبَ عَلَيْهِ أَنَّهُ مَن تَوَلَّاهُ

کی پیروی کرتا ہے اُس (شیطان) کے لیے یہ طے کر دیا گیا ہے کہ جو بھی اُس سے

فَأَنَّهُ يُضِلُّهُ وَيَهْدِيهِ إِلَىٰ عَذَابِ السَّعِيرِ ۝

تو لا رکھیگا وہ اُسکو ضرور بہکائیگا اور اُسکو دہکتی ہوئی آگ کے عذاب تک پہنچا یگا

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ

اے آدمیو! اگر تم مبعوث ہونیکی طرف سے شک میں ہو تو (اسی سے سمجھ لو کہ ابتداءً) ہمنے تمکو

فَإِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ

مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ سے پھر

مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِن مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَغَيْرِ

بستہ بوند سے پھر گوشت کے لوتھڑے سے (جو پانو) کامل الخلقت (ہو گیا) یا ناقص

مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۚ وَنُقِرُّ فِي الْأَرْحَامِ

(گر گیا) تاکہ تمہارے لیے واضح کر دیں اور ہم جسکو چاہیں رحم میں ایک مدت معینہ

مَا نَشَآءُ إِلَىٰٓ أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا

تک کے لیے ٹھہرائیں پھر تمکو بچہ بناکر نکالیں

ثُمَّ لِتَبْلُغُوٓا۟ أَشُدَّكُمْ ۖ وَمِنكُم مَّن يُتَوَفَّىٰ ۖ وَ

پھر تم اپنی پوری قوت کو پہنچو اور تم میں سے کوئی تو (جوان ہی) مرجائے اور

مِنكُم مَّن يُرَدُّ إِلَىٰٓ أَرْذَلِ ٱلْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ

کوئی تم میں سے بوڑھا پھونس ہوجائے کہ جاننے کے بعد پھر

مِنۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۚ وَتَرَى ٱلْأَرْضَ هَامِدَةً

انجان بنجائے اور زمین کو تم خشک اور مردہ دیکھتے ہو

فَإِذَآ أَنزَلْنَا عَلَيْهَا ٱلْمَآءَ ٱهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَ

پھر جسوقت ہم اُسپر پانی اُتارتے ہیں تو وہ ہری بھری ہوجاتی ہے اور

أَنۢبَتَتْ مِن كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيجٍ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّ ٱللَّهَ

طرح بطرح کے لہلہاتی ہوئی نباتات کے جوڑے پیدا کردیتی ہے اِس ذکر سے غرض یہ ہے کہ اللہ

هُوَ ٱلْحَقُّ وَأَنَّهُۥ يُحْىِ ٱلْمَوْتَىٰ وَأَنَّهُۥ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ

وہی تو برحق ہے اور وہی مُردہ کو زندہ کردیتا ہے اور وہی ہر چیز پر پوری پوری قدرت

قَدِيرٌ ۝ وَأَنَّ ٱلسَّاعَةَ ءَاتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا ۙ وَ

رکھنے والا ہے اور قیامت آنیوالی ہے جس میں کسی قسم کا شک نہیں اور

أَنَّ ٱللَّهَ يَبْعَثُ مَن فِى ٱلْقُبُورِ ۝ وَمِنَ ٱلنَّاسِ

اللہ اُن سب کو جو قبروں میں ہیں اُٹھا کھڑا کریگا اور آدمیوں میں سے کوئی کوئی

مَن يُجَٰدِلُ فِى ٱللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَٰبٍ

ایسا بھی ہے جو اللہ کے بارے میں جھگڑتا ہے حالانکہ نہ اُسکو علم ہے اور نہ ہدایت پہنچی ہے اور نہ کوئی کتاب

مُّنِيرٍ ۝ ثَانِىَ عِطْفِهِۦ لِيُضِلَّ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ ۚ

روشنی پہنچانیوالی ہو (وہ) نرا متکبر ہے جسکی غرض یہ ہے کہ (لوگوں کو) راہ خدا سے بہکائے

لَهٗ فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ وَّنُذِیْقُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عَذَابَ

اُسکے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم جلنے کے عذاب کا اُسے مزہ

الْحَرِیْقِ ○ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ یَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَیْسَ

چکھائینگے (اور یہ کہینگے کہ) یہ اُسی عمل کا بدلہ ہے جو تیرے ہاتھوں نے پہلے کیا اور اللہ اپنے بندوں کے

بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ ○ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰی ع ۱۰ ۸

حق میں ظالم نہیں ہے اور آدمیوں میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو دین کے کنارے پر ہو کر

حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَیْرُ ِۨاطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ

اللہ کی عبادت کرتا ہے پھر اگر اُسکو خیر و خوبی پہنچ گئی تب تو اُس سے مطمئن ہو جاتا ہے اور اگر اُسپر کوئی

اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ِۨانْقَلَبَ عَلٰی وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْیَا

مصیبت آپڑی تو منہ پھیر کے پلٹ جاتا ہے ایسا شخص دنیا اور آخرت دونو

وَالْاٰخِرَةَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ ○ یَدْعُوْا

کی طرف سے ٹوٹے میں ہے (اور) یہی صریح نقصان ہے وہ اللہ کو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَضُرُّهٗ وَمَا لَا یَنْفَعُهٗ ؕ ذٰلِكَ

چھوڑ کر اُس چیز کو پکارتا ہے جو نہ اُسے ضرر پہنچائے ورنہ اُسے نفع پہنچائے یہی تو

هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِیْدُ ○ یَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ

بڑی گمراہی ہے (بلکہ) وہ تو اُسکو پکارتا ہے جسکا ضرر نفع کی بہ نسبت

مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ لَبِئْسَ الْمَوْلٰی وَلَبِئْسَ الْعَشِیْرُ ○

زیادہ یقینی ہے وہ بہت ہی بُرا مددگار اور بہت ہی بُرا رفیق ہے

اِنَّ اللّٰهَ یُدْخِلُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

بیشک اللہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے

جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَفْعَلُ

ایسی جنتوں میں داخل کریگا جنکے نیچے نہریں جاری ہیں بیشک اللہ جو چاہتا ہے

مَا يُرِيدُ ۝ مَنْ كَانَ يَظُنُّ أَنْ لَنْ يَنْصُرَهُ اللَّهُ فِي

کرتا ہے جس شخص کو یہ گمان ہو گیا ہو کہ اللہ اُسکی دنیا اور آخرت میں ہرگز

الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَاءِ

مدد نہ کریگا پس اُسکو چاہیے کہ آسمان کی طرف ایک رسی تانے

ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهُ مَا يَغِيظُ ۝

پھر اُسے گلے میں ڈالکر لٹک جائے پھر دیکھے کہ آیا اُسکی یہ تدبیر غیظ دلانیوالی چیز کو رفع کرتی ہے یا نہیں

وَكَذَٰلِكَ أَنْزَلْنَاهُ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَأَنَّ اللَّهَ يَهْدِي

اور اس طرح ہمنے اِس قرآن کو کھلی آیتیں کرکے اُتارا ہے اور اللہ جسکی چاہتا ہے راہبری

مَنْ يُرِيدُ ۝ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا

فرماتا ہے بیشک جو لوگ ایمان لائے اور جو یہودی ہو گئے

وَالصَّابِئِينَ وَالنَّصَارَىٰ وَالْمَجُوسَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا

اور ستارہ پرست اور نصارے اور آتش پرست اور جن لوگوں نے شرک کیا

إِنَّ اللَّهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ

قیامت کے دن خدا یتعالےٰ اِن سب کے مابین فیصلہ فرمائیگا یقیناً اللہ ہر چیز کا

كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَسْجُدُ لَهُ مَنْ

دیکھنے والا ہے کیا تُنے اس میں غور نہیں کیا کہ جو آسمانوں میں ہیں اور

فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

جو زمین میں ہیں اور سورج اور چاند

وَالنُّجُومُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ وَكَثِيرٌ

اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے اور بہت سے آدمی اللہ ہی

مِنَ النَّاسِ ۗ وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۗ وَمَنْ

کو سجدہ کرتے ہیں اور بہت سے عذاب کے مستحق ہو گئے ہیں اور جسکی

يُهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا

خدا اہانت کرے اُسکو عزت دینے والا کوئی نہیں ہوگا بیشک اللہ جو چاہتا ہے

يَشَآءُ ۝ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ۖ

کرتا ہے یہ دونو (آپس میں) دشمن ہیں جو اپنے پروردگار کے بارے میں جھگڑتے رہے

فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ يُّصَبُّ

پس جو کافر ہوگئے اُنکے لیے آگ کے کپڑے قطع کردیے گئے (اور) اُنکے

مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ۝ يُصْهَرُ بِهٖ مَا

سروں پر گرم پانی اُنڈیلا جائیگا جسکے ذریعے سے جو کچھ اُنکے

فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ۝ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ

پیٹ میں ہوگا وہ اور اُنکی کھالیں پگھلادی جائینگی اور اُنکے لیے لوہے کے ہتوڑے

حَدِيْدٍ ۝ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ

ہیں جسوقت تکلیف کے سبب وہ یہ ارادہ کرینگے کہ اُس میں سے نکلیں

غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۠ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝

اُسی میں لوٹا دیے جائینگے اور (اُنسے یہ کہا جائیگا کہ) جلنے کے عذاب کا مزا چکھو

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

بالتحقیق اللہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے ایسی

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا

جنتوں میں داخل کریگا جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں اُن بہشتوں میں اُنکو

مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا

سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائینگے اور (وہاں) پوشاک اُنکی

حَرِيْرٌ ۝ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَ

ریشمی ہوگی وجہ یہ ہے کہ اُنہوں نے پاکیزہ کلمہ کی ہدایت پائی تھی اور

هُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

خدائے حمید کے راستہ کی ہدایت پائی تھی) بیشک جو کافر ہو گئے

وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ

اور لوگوں کو راہ خدا سے اور مسجد الحرام سے روکتے ہیں جس میں

جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ِ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ؕ

ہمنے سب آدمیوں کا حق برابر رکھا ہے وہاں کا رہنے والا ہو تو اور باہر سے آنیوالا ہو تو

وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍۭ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ

اور جو اُس میں ناحق کجی کا خواستگار ہوگا اُسکو ہم دردناک عذاب کا مزہ چکھائینگے

اَلِيْمٍ ○ وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ ع ۳ ۱۰

اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے ابراہیمؑ کو بیت اللہ کے پاس اس غرض سے جگہ دی کہ

لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـًٔا وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ

میرا کسی چیز کو شریک نہ کرو اور میرے مکان کو طواف کرنیوالوں کے لیے اور قیام کرنیوالوں کے لیے اور رکوع و سجود

وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ○ وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ

کرنیوالوں کے لیے پاک وصاف رکھو اور لوگوں کو حج کے لیے اعلان دو کہ وہ تمہارے

يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ

پاس پیدل آئیں اور تمام دور کے راستوں سے (دبلے) دبلے اونٹوں پر

كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ○ لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا

سوار ہوکر چلے آئیں تاکہ وہ اپنے دینی اور دنیوی نفعے بھی دیکھیں اور معلوم دنوں

اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ

میں جو چوپائے خدا نے اُنکو عطا کیے ہیں خدا کا نام لیکر اُنکی

مِّنْ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا

قربانی (بھی) کریں پس اُن میں سے خود بھی کھاؤ اور مصیبت زدہ

الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ۝ ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا

محتاجوں کو (بھی) کھلاؤ پھر چاہیے کہ اپنی کثافتیں دور کریں اور اپنی نذریں

نُذُوْرَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ۝ ذٰلِكَ ۚ

پوری کریں اور اس آزاد خانۂ (خدا) کا طواف کریں یہ تو ہو چکا

وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ

اور جو شخص احکام خدا کی عظمت کریگا تو وہ اُسکے لیے اُسکے رب کے نزدیک بہت ہی اچھا ہے

وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ

اور تمہارے لیے چوپائے حلال کیے گئے ہیں سوائے اُنکے جنکا ذکر تمکو سنایا جائیگا

فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ

پس اب تم بتوں کی گندگی سے بچو اور تمام لہو و لعب کی باتوں سے

الزُّوْرِ ۝ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ

اجتناب کرو خالص دل سے خدا کے ہو جاؤ اُسکے ساتھ شرک کرنیوالے نہ رہو اور جو شخص کسی کو اللہ کا

بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ

شریک کرتا ہے تو وہ ایسا ہے جیسے کوئی آسمان سے گر پڑا پھر اُسکو پرندے اُچک لے گئے یا

تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ۝ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ

ہوا نے اُسے اُڑا کر کسی دور کی جگہ پھینکدیا یہ تو ہوا اور جو شخص

يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ۝

خدا کی نشانیوں کی عظمت کریگا پس یہ امر دلوں کی پرہیزگاری میں شامل ہے

لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى

تمہارے لیے ایک وقت مقررہ تک قربانی کے جانوروں میں منافع ہیں پھر اسی آزاد گھر کے پاس

الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ۝ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا

اُنکے حلال ہونیکا محل ہے اور ہر امت کے لیے ہمنے ایک عبادت کی جگہ

لِيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْ بَهِيْمَةِ
قرار دیدی ہے کہ جو چوپائے ہمنے اُنکو رزق کے طور پر دیے ہیں اُنکو
الْاَنْعَامِ ۭ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ۭ وَبَشِّرِ
اللہ کا نام لیکر ذبح کیا کریں پس تمہارا معبود معبود یکتا ہے پس تم اُسی کے تابع ہو جاؤ اور اُن
الْمُخْبِتِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ
تضرع وزاری کرنیوالونکو خوشخبری سُنادو جنکے سامنے جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُنکے دل سہم جاتے ہیں
وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰي مَآ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَ
اور جو مصیبت اُن پر پڑتی ہے اُسپر صبر کرنیوالے ہیں اور نماز کے ادا کرنیوالے ہیں اور جو کچھ
مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا
ہمنے اُنکو دیا ہے اُسکا ایک حصہ (راہ خدا میں) خرچ کرتے ہیں اور موٹے تازے اونٹ اُنکو (بھی) ہمنے تمہارے
لَكُمْ مِّنْ شَعَاۗىِٕرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۠ فَاذْكُرُوا
لیے خدا کی نشانیوں میں سے قرار دیا ہے اُن میں تمہارے لیے (دینی اور دنیوی) نفعے ہیں پس اُنکو
اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَاۗفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا
نحر کرتے وقت خدا کا نام لیا کرو پھر جب وہ اپنے پہلوؤں کے بھل گر پڑیں
فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۭ كَذٰلِكَ
تو تم خود (بھی) اُن میں سے کھایا کرو اور قناعت کرنیوالے مسکینوں اور پھیری کرنیوالے فقیروں کو (بھی) کھلایا کرو اسطرح
سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا
ہمنے اُنکو تمہارا مطیع کر دیا ہے تاکہ تم شکر گزار ہو خدا کو نہ کبھی اُنکے گوشت پہنچتے
وَلَا دِمَاۗؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ۭ كَذٰلِكَ
اور نہ اُنکے خون بلکہ اُسکو (تو) تمہاری پرہیزگاری پہنچیگی اِسی طرح
سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰي مَا هَدٰىكُمْ ۭ
اُسنے اُنکو تمہارا تابع کر دیا ہے تاکہ اُس ہدایت پر جو اُسنے کی ہے تم خدا کی بڑائی (بیان) کرنے لگو

وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِينَ ۝ إِنَّ اللَّهَ يُدَافِعُ عَنِ الَّذِينَ آمَنُوا

اور (اے رسولؐ) تم نیکی کرنیوالوں کو خوشخبری سنا دو۔ بالتحقیق اللہ اُن لوگوں سے جو ایمان لائے ہیں (مشرکین کی

إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُورٍ ۝ أُذِنَ لِلَّذِينَ

تکلیف دہی کو) دفع فرماتا رہیگا بیشک اللہ کسی خیانت کرنیوالے ناشکرے کو دوست نہیں رکھتا اُن لوگوں کو جنسے جنگ کی جاتی ہے

يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ

اسلیے اجازت دیگئی ہے کہ اُنپر ظلم کیا گیا تھا اور بیشک اللہ اُنکو مدد دینے پر پوری پوری قدرت

لَقَدِيرٌ ۝ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ

رکھنے والا ہے جو اپنے ملک سے ناحق صرف اتنی سی بات کہنے پر نکالے گئے تھے کہ

إِلَّا أَنْ يَقُولُوا رَبُّنَا اللَّهُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ

ہمارا پروردگار اللہ ہے اور اگر خدا آدمیوں کو ایک کے ذریعہ سے دوسرے کو

بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ

دفع نہ کرتا رہتا تو عبادت خانے اور گرجا اور کنیسے اور مسجدیں جن میں خدا کا

وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللَّهِ كَثِيرًا ۗ وَلَيَنْصُرَنَّ اللَّهُ

نام زیادہ لیا جاتا ہے سب گرا دیے جاتے اور اللہ اُسکی مدد ضرور کریگا

مَنْ يَنْصُرُهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ ۝ الَّذِينَ

جو خود اللہ کی مدد کرتا ہے بیشک اللہ قوت والا (اور) زبردست ہے وہ وہ لوگ ہیں

إِنْ مَكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ

جنکو اگر ہم زمین میں تمکن دینگے تو وہ (باقاعدہ) نماز پڑھینگے اور زکوٰۃ دینگے

وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۗ وَلِلَّهِ عَاقِبَةُ

اور نیک کاموں کا حکم کرینگے اور بدی سے مانع ہونگے اور تمام کاموں کا انجام

الْأُمُورِ ۝ وَإِنْ يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

اللہ ہی کے ہاتھ ہے اور اگر یہ لوگ تمکو جھٹلاتے ہیں تو اُن سے پہلے

قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ۝ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ

نوح کی قوم اور عاد اور ثمود اور ابراہیم کی قوم اور لوط

لُوْطٍ ۝ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ

کی قوم اور مدین والے (اپنے اپنے نبی کو) جھٹلا چکے ہیں اور موسٰے بھی جھٹلائے گئے تھے پھر میں نے

لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۝ فَكَاَيِّنْ

کافروں کو مہلت دی پھر انکو دھر پکڑا پھر میرا عذاب کیسا تھا؟ پھر کتنی ہی

مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ

بستیاں ایسی تھیں جنکو ہمنے انکی نافرمانی کے سبب ہلاک کر دیا پس وہ اپنی اپنی چھتوں پر

عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ۝ اَفَلَمْ

گری پڑی ہیں اور کتنے ہی کنوئیں بیکار پڑے ہیں اور مضبوط محل کیا وہ زمین

يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ

میں نہیں چلے پھرے کہ انکے ایسے دل ہو جاتے جن سے سمجھتے بوجھتے

بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ

یا انکے ایسے کان ہو جاتے جن سے سنتے اِسلیے کہ آنکھیں ہی اندھی نہیں ہوا کرتیں

وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ۝ وَ

بلکہ دل جو سینوں میں ہیں وہ بھی اندھے ہو جایا کرتے ہیں اور

يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ؕ

(اے رسول) وہ عذاب کے بارے میں تم سے جلدی کرتے ہیں حالانکہ اللہ کبھی اپنے وعدہ کے خلاف کرنیکا

وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا

اور تمہارے پروردگار کے نزدیک ایک دن تمہاری گنتی سے ہزار برس کے برابر

تَعُدُّوْنَ ۝ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ

ہے اور کتنی ہی بستیاں ایسی ہوئیں جو نافرمان تھیں اور میں نے انکو

ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ۝ قُلْ يٰٓاَيُّهَا ع ۶ ۱۳
مہلت دی پھر اُنکو دھر پکڑا اور میری ہی طرف بازگشت ہے تم یہ کہدو کہ اے
النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
آدمیو! سوائے اسکے نہیں ہوں کہ میں تم سب کے لیے ایک کھلا ڈرانیوالا ہوں پس جو لوگ ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝
اور جنہوں نے نیک عمل کیے اُنکے واسطے گناہوں کی بخشش ہوگی اور عزت کی روزی
وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ
اور جو لوگ ہماری آیتوں کے بارے میں عاجز کر دینے کی نیت سے کوشش کرتے ہیں وہی جہنمی
الْجَحِيْمِ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا
ہیں اور ہمنے تم سے پہلے کوئی رسول اور نبی نہیں بھیجا مگر یہ کہ جس وقت
نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ
اُس نے کوئی خواہش کی شیطان نے اُسکی خواہش میں کوئی (نہ کوئی) دخل دیا
فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ
پس شیطان جو دخل دیتا ہے اللہ اُسکو مٹا دیتا ہے پھر اللہ اپنی آیتوں کو مضبوط کر دیتا ہے اور اللہ
عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ
جاننے والا (اور) حکمت والا ہے تاکہ شیطان نے جو دخل دیا ہے اُسکو اُن لوگوں کے لیے آزمائش
فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ
قرار دے جنکے دلوں میں روگ ہے اور اُنکے لیے جو سنگدل ہیں اور بیشک
الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ۝ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ
ظالم سخت نافرمانی میں ہیں اور ایک غرض یہ بھی تھی کہ وہ لوگ
اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ
جنکو علم دیا گیا ہے وہ یہ جان لیں کہ حق تمہارے پروردگار ہی کی طرف سے ہے پس وہ اُسپر ایمان لے آئیں

فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا
پس اُنکے دل اُس کے لیے نرم ہوجائیں اور ضرور اللہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں صراطِ مستقیم
اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
تک پہنچا دینے والا ہے اور جو لوگ کافر ہوچکے وہ تو برابر
فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ
اُسکی طرف سے شک میں رہینگے یہانتک کہ قیامت اُنکو یکایک آلیگی یا
يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ۝ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ؕ
انوکھے دن کا عذاب اُن پر آجائیگا اختیار اُس دن خدا ہی کو ہوگا
يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
وہی اُنکے مابین فیصلہ کریگا اب جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے
فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا
وہ تو نعمت والی جنتوں میں ہونگے اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا
فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا ع ۹ ۱۴
پس اُنہی کے لیے ذلیل کرنیوالا عذاب ہوگا اور جنہوں نے راہِ خدا میں
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ
ہجرت کی پھر قتل کردیے گئے یا مرگئے ضرور اللہ تعالےٰ اُنکو بہت ہی اچھا
رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝
رزق عطا فرمائیگا اور بیشک اللہ سب سے اچھا رزق عطا کرنیوالا ہے
لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ
ضرور اُنکو ایسے مقام میں پہنچا دیگا جسکو وہ پسند کرینگے اور بیشک اللہ بڑا جاننے والا (اور)
حَلِيْمٌ ۝ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ
بُردبار ہے یہ (تو ہوگا) اور جو اتنی تکلیف پہنچائے جتنی تکلیف خود اُسکو پہنچائی گئی ہو

ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ

پھر بھی اُسکے برخلاف بغاوت کی جائے تو اللہ اُسکی نصرت ضرور کریگا بیشک اللہ بڑا معاف کرنیوالا (اور)

غَفُوْرٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ

بخشنے والا ہے یہ اسوجہ سے کہ اللہ رات کو دن میں داخل کردیتا ہے اور

يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝

دن کو رات میں داخل کردیتا ہے اور اللہ بڑا سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ

نیز اسوجہ سے کہ اللہ وہی توحق ہے اور جسکو اللہ کے سوا پکارتے ہیں

دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ۝

وہ باطل ہے اور اللہ وہی عالیشان (اور) بڑائی والا ہے

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَتُصْبِحُ

کیا تُو نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ آسمان سے پانی اُتارتا ہے پھر زمین

الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝ لَهٗ

ہری بھری ہوجاتی ہے بیشک اللہ صاحب لطف و خبر ہے جو کچھ

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اُسی کا ہے اور یقیناً اللہ بے پروا (اور)

الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي ع ۸ ۱۵

قابل تعریف ہے کیا تُو نے یہ نہیں دیکھا کہ زمین میں جو کچھ ہے اللہ نے اُسکو تمہارا

الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ؕ وَيُمْسِكُ

مطیع کردیا ہے اور کشتی سمندر میں اُسی کے حکم سے چلتی ہے اور وہ آسمان کو

السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ

اِس بات سے روکے ہوئے ہے کہ بغیر اُسکے حکم کے زمین پر گر پڑے

إِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝ وَهُوَ الَّذِي

ضرور خدا تعالیٰ لوگوں پر بڑا مہربانی کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور وہ وہی ہے جسنے

أَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ إِنَّ الْإِنسَانَ

تمکو زندہ کیا پھر وہ تمکو موت دیگا پھر وہ تمکو زندہ کریگا بیشک انسان بڑا ناشکرا

لَكَفُورٌ ۝ لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ

ہے ہر امت کے لیے ہمنے ایک طریقہ (بندگی) مقرر کیا ہے جسپر وہ چلنے والے ہیں

فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ إِنَّكَ

پس چاہیے کہ وہ تمسے امر دین میں نہ جھگڑیں اور تم اپنے رب کی طرف بلائے چلے جاؤ یقیناً

لَعَلَىٰ هُدًى مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَإِن جَادَلُوكَ فَقُلِ اللّٰهُ

تم ہدایت مستقیم پر ہو اور اگر وہ تم سے جھگڑا ہی کریں تو کہدو کہ جو

أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝ اللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

عمل تم کرتے ہو اللہ اس سے خوب واقف ہے قیامت کے دن اللہ تمہارے مابین ان معاملات میں

فِيمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ

فیصلہ فرمائیگا جن میں تم اختلاف کیا کرتے تھے کیا تم یہ نہیں جانتے کہ آسمان میں

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِنَّ ذٰلِكَ فِي كِتٰبٍ

اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ اسے جانتا ہے بیشک یہ سب ایک نوشتے میں ہے

إِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرٌ ۝ وَيَعْبُدُونَ مِن

بیشک یہ اللہ پر آسان ہے اور وہ اللہ کو چھوڑ کر اس چیز کو

دُونِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطٰنًا وَمَا لَيْسَ لَهُم

پوجتے ہیں جسکے بارے میں خدا نے کوئی دلیل نازل نہیں کی اور جسکے بارے میں انکو

بِهِ عِلْمٌ وَمَا لِلظّٰلِمِينَ مِن نَّصِيرٍ ۝ وَإِذَا تُتْلَىٰ

کوئی علم نہیں ہے اور ظالموں کا کوئی (بھی) مددگار نہوگا اور جسوقت انکے سامنے

منزل ۴

له فلا ینازعنک فی الامر الجوامع میں ہے کہ بدیل بن ورقہ وغیرہ قبیلہ خزاعہ کے کفار نے مسلمانوں سے یہ کہا تھا کہ تمہیں یہ کیا ہو گیا ہے کہ اپنے مارے ہوئے کو تو کھا لیتے ہو اور جسکو اللہ مارا ہے یعنی مردار کو نہیں کھاتے اسپر یہ آیت نازل ہوئی ۱۲

عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ

ہماری کھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو جو لوگ کافر ہوگئے ہیں اُنکے چہروں سے تم انکار

كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ۭ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ

(کے آثار) پہچان لوگے قریب ہے کہ جو ہماری آیتیں پڑھتے ہیں

يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۭ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ

اُن پر یہ لوگ حملہ کر بیٹھیں تم کہدو کیا میں تمکو اس سے بدتر کی خبر

ذٰلِكُمُ ۭ النَّارُ ۭ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ

دوں وہ دوزخ ہے جو لوگ کافر ہوگئے ہیں اللہ نے اُنسے اُسکا وعدہ کیا ہے

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ ۝ ع ۹ ۸ ۱۲

اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے اے آدمیو! ایک مثل بیان کی گئی ہے

فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ

اُسکو غور سے سُن لو یقیناً وہ جنکو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ کبھی

يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ۭ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ

ایک مکھی بھی پیدا نہ کرسکینگے گو اسکے لیے سب جمع ہوجائیں اور اگر مکھی اُن سے کوئی چیز

الذُّبَابُ شَيْـــًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ۭ ضَعُفَ الطَّالِبُ

چھین لیجائے تو اُس سے چھڑا نہ سکینگے پیچھے پڑنیوالے اور جسکے پیچھے

وَالْمَطْلُوْبُ ۝ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

پڑے وہ دونو بودے ہیں اُنھوں نے اللہ کو پہچانا ہی نہیں جیسا کہ اُسکے پہچاننے کا حق ہے بیشک اللہ

لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ

قوت والا اور زبردست ہے اللہ فرشتوں میں سے اور آدمیوں میں سے رسولوں کو

رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝

چھانٹ لیتا ہے بیشک اللہ سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

وہ اُنکے آیندہ کا حال (بھی) جانتا ہے اور گزشتہ کا (بھی) اور اللہ ہی کی طرف

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا

کل امور کی بازگشت ہوگی اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو تم رکوع کرو

وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ

اور سجدے کرو اور اپنے پروردگار کی عبادت کرو اور نیکی کرو

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ

تاکہ تم فلاح پاؤ اور خدا کی راہ میں ایسا جہاد کرو جو حق جہاد کرنیکا ہے

هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي

اُسنے تمکو چن لیا ہے اور تم پر دین کے بارے میں کوئی سختی روا نہیں

الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ

رکھی یہ تمہارے باپ ابراہیمؑ ہی کی ملت ہے (اور) اُس (خدا) نے

سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا

پہلے ہی سے تمہارا نام مسلم (مطیع و فرمانبردار) رکھا اور اس (قرآن) میں بھی (وہی نام رکھا)

لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا

تاکہ رسول تمہارے اعمال و افعال پر گواہی دیں اور تم لوگوں کے

شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۚ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا

اعمال و افعال پر گواہی دو پس اب تم نماز پڑھو اور زکوٰۃ

الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ

دو اور اللہ پر پورا (پورا) بھروسہ رکھو وہی تمہارا کارساز ہے

فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝

پس وہ سب سے بہتر کارساز اور سب سے بہتر مددگار ہے

سجدۃ مسنونۃ

ع ۱۰ ۶ ۱۷

آیاتها ۱۱۸ رکوعاتها ۶ کلماتها ۱۰۷۰ حروفها ۴۵۳۸

الجزء الثامن عشر ۱۸

سورة المؤمنون مكية وهي مائة وثمان عشرة آية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ

بیشک اُن مومنوں نے فلاح پائی جو اپنی نمازوں میں

صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ

خشوع کرنیوالے ہیں اور جو بیہودہ باتوں سے منہ پھرانیوالے

مُعْرِضُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ

ہیں اور جو زکوٰۃ ادا کرنیوالے ہیں اور جو اپنی

هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا

شرمگاہوں کی حفاظت کرنیوالے ہیں سوائے اپنی ازواج کے یا اپنے ہاتھ کے مال

مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝ فَمَنِ ابْتَغٰى

(لونڈیوں) کے کہ اس صورت میں وہ قابل ملامت نہیں ہیں پس جو اسکے سوا خواہش

وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ

کرے پس وہی تو زیادتی کرنیوالے ہیں اور وہ جو اپنی امانتوں

لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى

کی اور عہد و پیمان کی رعایت کرنیوالے ہیں اور جو اپنی نمازوں کی حفاظت

صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوَارِثُوْنَ ۝

کرتے ہیں یہی لوگ تو وارث ہیں

الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَلَقَدْ

جو جنت فردوس کو میراث میں لے لینگے (اور) وہ ہمیشہ اسی میں رہنے والے ہونگے اور ضرور

خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً

ہمنے انسان کو مٹی کے خلاصہ سے پیدا کیا پھر ہمنے اسکو ایک ٹھہرنی جگہ

فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا

جگہ میں نطفہ قرار دیدیا پھر ہمنے اُس نطفہ کو ایک بستہ بوند بنا دیا پس ہمنے اُس بستہ بوند

الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا

کو ایک لوتھڑا بنا دیا پس اُس لوتھڑے کو ہمنے ہڈیاں بنا دیا پس ہمنے اُن ہڈیوں پر گوشت

الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۭ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ

کی پوشش پہنائی پھر اسکے بعد ہمنے اسکی ایک دوسری صورت بنا دی تو کیسا برکت والا ہے

اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ۝

اللہ جو سب بنانیوالوں سے اچھا ہے پھر اسکے بعد تم سب ضرور مرنیوالے ہو

ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ

پھر قیامت کے دن تم دوبارہ اُٹھائے جاؤ گے اور یقیناً ہمنے تمہارے اوپر سات آسمان

سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ۝ وَاَنْزَلْنَا

بنائے اور ہم مخلوق (کے پیدا کرنے) سے غافل نہیں ہیں اور ہمنے آسمان سے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّا عَلٰى

ایک اندازہ سے پانی اُتارا پھر اُسکو زمین میں ساکن کر دیا اور یقیناً ہم اُسکو

ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ۝ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ

دور کر دینے پر قادر ہیں پھر ہمنے اُسی کے ذریعے سے تمہارے لیے کھجوروں

نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۖ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝

اور انگوروں کے باغات پیدا کیے جنمیں تمہارے لیے بہت سے میوے ہیں اور انہی میں سے تم کھایا (پیا) کرتے ہو

وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ

اور ایک درخت جو طورِ سینا سے نکلتا ہے جو ایک روغن کو بھی ساتھ ہی لیے ہوئے اُگتا ہے

وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ○ وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ

اور کھانیوالوں کے لیے سالن (کا بھی) اور یقیناً تمہارے لیے چوپایوں میں ایک نصیحت ہے

نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ ۙ

کہ جو کچھ اُنکے پیٹ میں ہے اُس میں سے ہم تمکو پلاتے (بھی) ہیں اور تمہارے لیے اُن میں بہت سے فائدے ہیں

وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ○ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ○

اور اُن ہی میں سے تم بعض کو کھاتے بھی ہو اور اُن پر اور کشتیوں پر لدے (پھندے) پھرتے ہو

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

اور بیشک ہمنے نوحؑ کو اُنکی قوم کی طرف بھیجا تھا پھر اُنہوں نے یہ کہا کہ اے میری قوم تم اللہ کی عبادت کرو

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ○ فَقَالَ الْمَلَؤُا

جسکے سوا تمہارا کوئی اور معبود نہیں ہے کیا تم ڈرتے نہیں؟ تو اُنکی قوم میں سے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ

جو کافر ہو گئے تھے اُنکے سرداروں نے کہا کہ یہ کچھ (بھی) نہیں ہے مگر تم ہی جیسا ایک آدمی چاہتا

اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚ

ہے کہ تم سے افضل ہو جائے اور اگر اللہ چاہتا تو فرشتے اُتارتا

مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْۤ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ○ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌ

ہمنے تو اپنے باپ دادا ؤں میں پہلے ایسی بات سُنی نہیں یہ کچھ نہیں ہے مگر ایک مرد

بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ○ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا

جسکو جنون ہو گیا ہے پس تم بھی اُسکے بارے میں کچھ انتظار کرو (نوحؑ نے) عرض کی اے میرے پروردگار جیسا انہوں نے

كَذَّبُوْنِ ○ فَاَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَ

مجھ کو جھٹلایا ہے تو بھی میری مدد کر پس ہمنے اُنکی طرف وحی کی کہ تم کشتی ہمارے سامنے اور ہماری وحی کے موافق تیار کرو

وَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ

پھر جسوقت ہمارا حکم پہنچے اور تنور سے فوارہ نکلے اُسوقت ہر جانور کا جوڑا اِس کشتی میں

۱ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۔ یعنی خشکی اور تری میں کہ یہ گھاٹ خشکی کا جہاز مشہور ہے ۱۲ ۲ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ

فِيهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَنْ سَبَقَ

داخل کر دینا اور اپنے گھر والوں کو (بٹھا لینا) سوائے اسکے جسکی بابت پہلے ہی بات

عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۚ

طے ہو چکی ہے اور جو نافرمان ہو گئے ہیں اُنکے بارے میں مجھسے خطاب نہ کرنا

إِنَّهُمْ مُغْرَقُونَ ۝ فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنْتَ وَمَنْ مَعَكَ

وہ ضرور ڈبو دیے جائینگے پھر جسوقت تم اور جو تمہارے ساتھ ہیں وہ کشتی میں

عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ

ہو بیٹھو تو یہ کہنا کہ سب تعریف اُسی اللہ کے لیے ہے جسنے ہمکو نافرمان لوگوں سے

الظَّالِمِينَ ۝ وَقُلْ رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا مُبَارَكًا وَأَنْتَ

نجات دی اور یہ عرض کرنا کہ اے میرے پروردگار مجھے برکت کی جگہ اُتار دو اور تو ہی

خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ وَإِنْ كُنَّا

سب سے اچھا اُتارنیوالا ہے بیشک اِس میں نشانیاں ہیں اور ضرور ہم ہی آزمائش

لَمُبْتَلِينَ ۝ ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ۝

کرنیوالے ہیں پھر اُنکے بعد ہمنے اور زمانہ کے لوگ نئے سرے سے پیدا کر دیے پس

فَأَرْسَلْنَا فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ

اُن میں ایک رسول اس حکم کے ساتھ بھیجا کہ تم اللہ کی عبادت کرو جسکے سوا تمہارا کوئی اور

إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۚ أَفَلَا تَتَّقُونَ ۝ وَقَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِينَ

معبود نہیں ہے کیا تم ڈرتے نہیں؟ اور اُنکی قوم میں سے وہ سردار جو کافر ہو گئے تھے

كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِلِقَاءِ الْآخِرَةِ وَأَتْرَفْنَاهُمْ فِي الْحَيَاةِ

اور آخرت کے آنیکو جھٹلایا کرتے تھے اور ہمنے اُنکو زندگانی دنیا کی نعمتیں دے رکھی تھیں

الدُّنْيَا مَا هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يَأْكُلُ مِمَّا

کہنے لگے کہ یہ تو تم ہی جیسا ایک آدمی ہے جو کچھ تم کھاتے ہو اُسی میں سے

ع ۱۰ ۲

خدا تعالیٰ نے تمکو محفوظ رکھا ہے کہ تم پر ظلم کرے مگر اس سے امان نہیں دی کہ تمہارا امتحان نہ لے اور آزمائش نہ کرے چنانچہ خود فرماتا ہے اِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ۝

تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ۝ وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ

یہ کھاتا ہے اور جو کچھ تم پیتے ہو اُسی میں سے یہ پیتا ہے اور اگر تم اپنے ہی جیسے آدمی

بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝ اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ

کی اطاعت کرنے لگو گے تو اُس صورت میں تم بھی ضرور نقصان اٹھانیوالے ہو جاؤ گے۔ کیا وہ تمہیں اس بات سے

اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ۝

ڈراتا ہے کہ جب تم مر جاؤ گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جاؤ گے تو تم پھر (قبروں سے) نکالے جاؤ گے؟

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ۝ اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا

جس بات سے تمکو ڈرایا جاتا ہے وہ بہت ہی بعید (از عقل) ہے جو کچھ بھی ہے یہی دنیا کی زندگانی

الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا

ہے جہاں ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہم مبعوث نہیں کیے جائینگے یہ کچھ اور نہیں ہے مگر

رَجُلٌ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ قَالَ

ایسا شخص جسنے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا ہے اور ہم اسپر ایمان لانیوالے نہیں ہیں۔ (اُس سوال کے جواب

رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ۝ قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ

کی لے میرے پروردگار بسبب اسکے کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا تو میری مدد کر۔ خدا نے فرمایا کہ عنقریب یہ ندامت اٹھانیوالے

نٰدِمِيْنَ ۝ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً

ہو جائینگے پھر انکو ایک حقیقی چیخ نے آلیا پھر ہمنے انکو خس و خاشاک کر دیا

فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا

پس نافرمان لوگوں کے لیے دوری ہو پھر ہمنے انکے بعد اور زمانہ کے لوگ نئے سرے سے

اٰخَرِيْنَ ۝ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝

بنا دیے کوئی گروہ نہ اپنے مقررہ وقت سے آگے بڑھ سکتا ہے اور نہ وہ پیچھے رہ سکتے ہیں

ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ۭ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا

پھر ہمنے اپنے رسول لگاتار بھیجے جب کسی اُمت کا رسول اُسکے پاس آیا

كَذَّبُوهُ فَاتَّبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيثَ
اُنہوں نے اُسی کو جھٹلایا پس ہمنے بھی ایک کو دوسرے کے قدم بقدم کر دیا اور اُنکو قصہ کہانی بنا دیا پس اُن لوگوں کے لیے
فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُونَ ۝ ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوسٰى وَاَخَاهُ
جو ایمان نہیں لاتے ہلاکت ہو پھر ہمنے موسےٰ اور اُنکے بھائی ہارون
هٰرُونَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِينٍ ۝ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ
کو اپنی نشانیوں کو اور کھلے غلبہ کے ساتھ فرعون اور اُسکے سرداروں کی طرف بھیجا پس
مَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوا۟ وَكَانُوا۟ قَوْمًا عَالِينَ ۝ فَقَالُوٓا۟
اُنہوں نے تکبر کیا اور وہ تھے ہی متکبر اور وہ کہنے لگے کہ
اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُونَ ۝
کیا ہم اپنے ہی جیسے دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں حالانکہ اِن دونو کی قوم ہمارے ماتحت ہے؟
فَكَذَّبُوهُمَا فَكَانُوا۟ مِنَ الْمُهْلَكِينَ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوسَى
پس اُنہوں نے اُن دونو کو جھٹلایا پس ہلاک ہو گئے اور ضرور ہمنے موسےٰ کو کتاب عنایت
الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ ۝ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ
کی تاکہ وہ لوگ ہدایت پائیں اور ہمنے مریم کے بیٹے اور اُسکی ماں کو ایک
اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِينٍ ۝ يٰٓاَيُّهَا
نشانی مقرر کیا اور اُن دونو کو ایک اونچے پر چور ٹھہرنے کی جگہ تھی اور پانی کے پاس جگہ دی اے پیغمبرو!
الرُّسُلُ كُلُوا۟ مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوا۟ صَالِحًا ۭ اِنِّىْ بِمَا
تم پاک چیزوں میں سے کھاؤ اور نیکی کرتے رہو بیشک جو کچھ تم کرتے ہو اُسکو
تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ۝ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً
بخوبی جاننے والا میں ہوں اور تمہارا یہ گروہ حقیقۃً ایک ہی گروہ ہے اور میں تمہارا پروردگار
وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُونِ ۝ فَتَقَطَّعُوٓا۟ اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ
ہوں پس مجھ ہی سے ڈرو پھر (اُمت کے لوگوں نے) اپنے معاملۂ (دین) کو آپس میں ٹکڑے ٹکڑے

زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝ فَذَرْهُمْ فِيْ

کر ڈالا ہر فرقے کے لوگ جو کچھ اُنکے پاس ہے اُسی سے خوش خوش ہیں پس تم ایک زمانہ تک اُنکو اُنہی

غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ

کی جہالت میں رہنے دو کیا یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم جو اُنکی مدد مال سے اور بیٹوں

مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ۝ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ

سے کر رہے ہیں تو یہ کچھ اُنکے لیے خوبیوں کی جلدی کر رہے ہیں؟ بلکہ وہ

لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ

شعور ہی نہیں رکھتے بالتحقیق وہ لوگ جو اپنے پروردگار سے

مُّشْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝

ڈرنیوالے ہیں اور وہ جو اپنے پروردگار کی نشانیوں پر ایمان رکھتے ہیں

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ

اور وہ لوگ جو اپنے پروردگار کا کسی کو شریک نہیں کرتے اور وہ لوگ جو دیتے ہیں جو کچھ بھی دیتے

اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۝

ہیں اس حالت میں کہ اُنکے دل اس سے ڈرے ہوئے ہوتے ہیں کہ ہم اپنے پروردگار کی حضور میں پلٹ کر جانیوالے ہیں

اُولٰٓئِكَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ۝

وہی نیکیوں میں جلدی کیا کرتے ہیں اور وہی اُن میں سب سے بڑھ جانیوالے ہیں

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ

اور ہم کسی نفس کو اُسکی قوت (برداشت) سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور ہمارے پاس ایک نوشتہ ہے جو حق

بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ

بولیگا اور اُن لوگوں پر کوئی ظلم نہ کیا جائیگا لیکن اُنکے دل اُسکی طرف سے غفلت میں ہیں

هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ۝

اور اُنکے اعمال بد اِسکے سوا کچھ اور بھی ہیں جنکے وہ (عادۃً) کرنیوالے ہیں

حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ
یہاں تک کہ جب ہم اُنکے مالداروں کو عذاب میں گرفتار کرتے ہیں تو وہ یکایک واویلا کرنے لگتے
يَجْـَٔرُوْنَ ۝ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ ۖ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ۝
ہیں (ہماری طرف سے کہا جاتا ہے کہ) آج کے دن واویلا نہ مچاؤ تمکو ہماری طرف سے کوئی مدد نہ دیجائیگی
قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ
تم پر میری آیتیں ضرور پڑھی جایا کرتی تھیں پس تم اپنے پچھلے پاؤں پلٹ جایا کرتے تھے اور تکبر کرکے اُس
تَنْكِصُوْنَ ۝ مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ۝
(ہمارے رسول) کو مثل کہانی کہنے والے کے چھوڑ بیٹھا کرتے تھے
اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ
کیا اُنہوں نے کلام خدا میں غور نہیں کیا یا اُنکے پاس اب کچھ آگیا ہے جیسا اُنکے پہلے باپ دادا ؤں کے پاس
الْاَوَّلِيْنَ ۝ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝
نہیں آیا تھا؟ یا اُنہوں نے اپنے رسول کو نہیں پہچانا کہ وہ اُسکے منکر ہو گئے؟
اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ۖ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ
یا وہ یہ کہتے ہیں کہ اُسے جنون ہے؟ بلکہ وہ تو اُنکے پاس حق لیکر آیا ہے حالانکہ اُن میں سے اکثر
كٰرِهُوْنَ ۝ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ
حق سے نفرت رکھنے والے ہیں اور اگر حق اُنکی خواہشوں کی پیروی کرنے لگے تو آسمانوں کا اور زمین کا اور
وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۚ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ
جو کچھ اُن میں ہے سب کا سب ناس ہی ہو جائے بلکہ ہم نے تو اُنکی نصیحت کی چیز اُنکو دی ہے پھر وہ اپنی
مُّعْرِضُوْنَ ۝ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۚ وَّهُوَ خَيْرُ
نصیحت کی چیز سے ہی روگردان ہو رہے ہیں۔ کیا تم اُنسے کوئی مزدوری مانگتے ہو تو تمہارے پروردگار کی مزدوری سب سے اچھی ہے اور وہی سب سے
الرّٰزِقِيْنَ ۝ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝
اچھا رزق دینے والا ہے اور تم ضرور اُنکو راہِ راست کی طرف بلاتے ہو

وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ

اور ضرور وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے راہ راست سے ہٹ جانیوالے

لَنٰكِبُوْنَ ○ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا ع ۴

ہیں اور اگر ہم اُنپر رحم کریں اور جو تکلیف انکو ہو اُسے رفع کردیں تو وہ اپنی

فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ○ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ

سرکشی میں اور بڑھ جائیں اور سرگرداں ہوں اور ہمنے اُنکو عذاب میں گرفتار کیا تو اُنہوں نے

فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ○ حَتّٰۤى اِذَا فَتَحْنَا

اپنے پروردگار کے سامنے نہ اظہار عجز کیا اور نہ گڑگڑائے یہاں تک کہ جب ہمنے اُنپر

عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ○ ع ۲۷ ۴

سخت عذاب کا دروازہ کھولدیا تو اُس میں وہ یکایک ناامید ہونے لگے

وَهُوَ الَّذِيْۤ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ

اور وہ (خدا) وہی ہے جسنے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل پیدا کردیے تم کس قدر

قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ○ وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ

کم شکر ادا کرتے ہو! اور وہ وہی ہے جسنے تمکو زمین میں پھیلا دیا اور اُسی کی طرف

وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ○ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ

تم جمع کیے جاؤگے اور وہ وہی ہے جو تمہیں جلاتا اور مارتا ہے اور اُسی کے سبب سے

اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○ بَلْ قَالُوْا

رات کا اور دن کا ادلنا بدلنا ہے کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے؟ بلکہ انہوں نے تو ویسی ہی

مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ○ قَالُوْۤا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا

بات کہدی جیسی پہلے لوگ کہا کرتے تھے وہ کہنے لگے کہ کیا جب ہم مرجائینگے اور مٹی اور ہڈیاں

وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ○ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا

ہوجائینگے تو کیا ہم پھر بھی اُٹھائے جائینگے؟ یہ وعدہ تو ہمسے اور ہمارے باپ دادا سے

هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ قُلْ
پہلے ہی سے ہوتا چلا آیا ہے یہ کچھ بھی نہیں ہے سوائے اسکے کہ پہلے لوگوں کے ڈھکوسلے ہیں تم یہ کہدو کہ
لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ
یہ زمین کسکی ہے اور جو اس زمین میں ہیں (وہ کسکے ہیں) اگر تم جانتے ہو (تو بتلاؤ) قریب ہے کہ وہ یہ کہینگے
لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ
اللہ ہی کے ہیں تم کہدو پھر کیا تم غور نہیں کرتے؟ تم کہو کہ ساتوں آسمان اور عرش عظیم
السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ
کا پروردگار کون ہے؟ قریب ہے کہ وہ یہ کہینگے اللہ ہی کے ہیں تم کہدو کہ
اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ قُلْ مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ
پھر کیا تم اُس سے ڈرتے نہیں؟ تم یہ کہو کہ اگر تم جانتے ہو (تو بتلاؤ کہ) وہ کون ہے جسکے ہاتھ ہر چیز کا اختیار ہے
يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ
اور وہ جسکو چاہتا ہے پناہ دیتا ہے اور اُسکے برخلاف (کسی کو) پناہ نہیں دیجاتی؟ قریب ہے کہ وہ یہ کہینگے کہ اللہ
لِلّٰهِ ۭ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ۝ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ
کا ہاتھ ہے تم کہدو کہ پھر تم کہاں جادو میں گھرے چلے جاتے ہو؟ بلکہ ہم تو اُنکے پاس حق لائے اور وہ ضرور
لَكٰذِبُوْنَ ۝ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ
جھوٹے ہیں نہ تو اللہ نے کوئی بیٹا بنایا اور نہ اُسکے ساتھ کوئی اور خدا
مِنْ اِلٰهٍ ۭ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ
ہے کہ اُس صورت میں ہر ہر خدا جو جو کچھ پیدا کرتا اُسی کو لیجاتا اور اُن میں سے ایک دوسرے
عَلٰي بَعْضٍ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ عٰلِمِ الْغَيْبِ
پر غالب آجاتا (غرض) جو کچھ بھی یہ بیان کرتے ہیں اللہ اُس سے منزہ اور پاک ہے (وہ) چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے
وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ ع ۵ ۱۵ ۵
اور جن جن چیزوں کو یہ اُسکا شریک ٹھہراتے ہیں اُن سب سے منزہ اور برتر ہے (اے رسول) تم یہ کہو کہ اے میرے پروردگار میں

مَا يُوعَدُونَ ۝ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِي فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِينَ ۝

عذاب کا انسے وعدہ کیا جاتا ہے اگر تو کبھی وہ مجھے بھی دکھائے تو اے میرے پروردگار تو مجھے ان نافرمان لوگوں کے پاس نہ رکھیو

وَإِنَّا عَلٰى أَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُونَ ۝ اِدْفَعْ

اور ہم ضرور اس بات پر قادر ہیں کہ جسکا ان لوگوں سے وعدہ کرتے ہیں وہ تمہیں دکھلا دیں (یعنی تمہاری موجودگی میں نازل کر دیں)

بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ۚ نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَصِفُونَ ۝

(اے رسول) تم بدی کو اس چیز سے دفع کرو جو بہت ہی اچھی ہو جو کچھ یہ بیان کرتے ہیں ہم اس سے خوب واقف ہیں

وَقُلْ رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِينِ ۝ وَ

اور تم یہ دعا کرو کہ اے میرے پروردگار میں شیطان کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اے میرے پروردگار

أَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَّحْضُرُونِ ۝ حَتّٰى إِذَا جَاءَ

میں اس بات سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آکر پھٹکیں (کافروں کی حالت یہی رہیگی) یہاں تک کہ جب انمیں سے

أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُونِ ۝ لَعَلِّي أَعْمَلُ

کسی کو موت آئیگی تو وہ عرض کریگا کہ اے میرے پروردگار اب مجھے لوٹا دے تاکہ جو کچھ میں چھوڑ آیا ہوں اس میں

صَالِحًا فِيمَا تَرَكْتُ كَلَّا ۚ إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَائِلُهَا ۚ وَمِنْ

کچھ نیکی کروں (کہا جائیگا کہ) ایسا نہیں ہو سکتا یہ تو ایک بات ہے جو یہ بنا رہا ہے اور انکے آگے

وَّرَائِهِمْ بَرْزَخٌ إِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝ فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ

اس دن تک کے لیے جس دن وہ مبعوث کیے جائینگے (عالم) برزخ موجود ہے پھر جسوقت صور پھونکا جائیگا

فَلَا أَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَاءَلُونَ ۝ فَمَنْ ثَقُلَتْ

تو اسدن نہ آپس کے حسب و نسب باقی رہینگے اور نہ باہم پوچھ گچھ کرینگے پس جسکے پلے بھاری

مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ وَمَنْ خَفَّتْ

ہو گئے وہ تو فلاح پانیوالے ہوئے اور جسکے پلے ہلکے رہے پس

مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ

وہ وہی ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا (اور) ہمیشہ جہنم میں رہنے والے

بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ (اور ایک دوسرے کے پاس اسکا حال پوچھتا آئیگا) اسلیے کہ ایک میں تو صور پھونکے جانیکے وقت کا ذکر ہے اور دوسرے میں

خٰلِدُوْنَ ۝ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا

ہوئے آگ اُنکے چہروں کو جھلس دیگی اور وہ اُس میں بدصورت

كٰلِحُوْنَ ۝ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا

ہو جائینگے کیا میری آیتیں تم پر نہیں پڑھی جاتی تھیں۔ پھر تم اُنکو جھٹلایا کرتے

تُكَذِّبُوْنَ ۝ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا

تھے؟ عرض کرینگے کہ اے ہمارے پروردگار ہماری کم بختی ہم پر غالب آگئی تھی اور ہم گمراہ لوگ

قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۝ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا

بن گئے تھے اے ہمارے پروردگار اس میں سے ہمکو نکال لے پھر اگر ہم ایسا کریں تو ہم ضرور

ظٰلِمُوْنَ ۝ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ۝ اِنَّهٗ كَانَ

ظالم ہونگے (خدا) فرمائیگا اسی میں ذلیل پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کرو بیشک میرے بندوں میں سے

فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا

ایک گروہ ایسا بھی تھا جو یہ کہا کرتے تھے کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے پس تو ہمارے گناہ بخش دے

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا

اور ہم پر رحم کر اور تو سب سے اچھا رحم کرنیوالا ہے پس تم اُنکا مذاق بنایا کرتے تھے

حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ۝ اِنِّيْ

یہاں تک کہ اُنہوں نے تمکو میری یاد بھلا دی تھی اور تم اُنسے ٹھٹھا ہی کرتے رہتے تھے آج جبکہ

جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝

اُنہوں نے صبر کیا تھا اُنکو میں نے جزا دی کہ وہ کامیاب ہیں

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ۝ قَالُوْا لَبِثْنَا

(پھر) دریافت فرمائیگا کہ تم زمین میں کتنے برس رہے ہوگے؟ عرض کرینگے کہ ایک دن

يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ۝ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ

یا دن کا کچھ حصہ پس تو گننے والوں سے پوچھ لے فرمائیگا کہ ہاں تم تھوڑے ہی

إِلَّا قَلِيلًا لَّوْ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ○ أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا

رہے ہوگے کاش یہی سمجھے ہوتے کیا تمنے یہ گمان کرلیا تھا کہ ہمنے

خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ ○ فَتَعَالَى

تمکو بیفائدہ پیدا کیا - اور یہ کہ تم ہماری حضور میں پلٹ کر نہ آؤ گے پس خدا بادشاہ

اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ

برحق برتر ہے سوائے اُسکے کوئی معبود نہیں وہی بڑے عرش کا مالک

الْكَرِيمِ ○ وَمَن يَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ لَا بُرْهَانَ

ہے اور جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکاریگا جسکے بارے میں اُسکے پاس کوئی دلیل

لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِندَ رَبِّهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ ○

نہیں تو سوائے اسکے نہیں ہے کہ اُسکا حساب خدا کے پاس رہیگا یقیناً کافر فلاح نہ پائینگے

وَقُل رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ ○ ع ۶ ۲۶ ۶

اور تم یہ کہدو کہ اے میرے پروردگار تو بخشدے اور رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنیوالا ہے

سُورَةٌ أَنزَلْنَاهَا وَفَرَضْنَاهَا وَأَنزَلْنَا فِيهَا آيَاتٍ

یہ ایک سورہ ہے جسکو ہمنے نازل کیا اور جسکو ہمنے فرض گردانا اور اس میں ہمنے کھلے کھلے

بَيِّنَاتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ○ الزَّانِيَةُ وَالزَّانِي

احکام نازل کیے تاکہ تم یاد رکھو زنا کرنیوالی عورت اور زنا کرنیوالا مرد

فَاجْلِدُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ

اُن میں سے ہر ایک کو (سو) سو کوڑے لگاؤ

وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

اور اُن دونو کے بارے میں قانون خدا کے اجرا میں تمکو رحم نہ آجائے بشرطیکہ تم اللہ پر اور

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ

قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو اور یہ (بھی) ضرور ہے کہ اُنکی سزا کے وقت مومنوں کا

مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۚ

ایک گروہ موجود ہو زناکر نیوالا مرد سوائے زناکر نیوالی عورت یا مشرک عورت کو کسی سے نکاح

وَّالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ

نہ کرنے پائے اور زناکار عورت سے سوائے زناکار مرد کے اور مشرک کے اور کوئی نکاح نہ کرنے پائے اور یہ نکاح

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا

مومنوں پر حرام کیا گیا ہے اور جو لوگ شوہر والی عورتوں پر الزام لگائیں پھر چار گواہ پیش نہ کرسکیں

بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا

تو اُنکو (اسّی) اسّی کوڑے لگاؤ اور اُنکی

تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

گواہی کبھی قبول نہ کرو اور وہ ضرور

الْفٰسِقُوْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ

نافرمان ہیں سوائے اُنکے جو اسکے بعد توبہ کریں اور (خرابی کی)

اَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ

اصلاح کریں تو اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور جو لوگ اپنی لنڑواج پر

اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ

اتہام لگائیں اور سوائے اُنکی ذات کے اور کوئی گواہ نہو تو اُنکی اکیلے کی گواہی

اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝

یہ ہے کہ وہ چار مرتبہ خدا کا نام لیکر گواہی دے کہ میں سچا ہوں

وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ
اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ اگر میں جھوٹا ہوں تو مجھ پر خدا کی
الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ
لعنت ہو اور اُس عورت سے سزا کو یہ بات ٹال دیگی کہ وہ چار مرتبہ خدا کا نام لیکر
شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةَ
یہ گواہی دے کہ وہ جھوٹا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہے
اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَلَوْلَا
کہ اگر وہ سچا ہے تو مجھ پر خدا کا غضب (نازل) ہو اور اگر تم پر
فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ
خدا کا فضل اور اُسکی رحمت نہوتی (تو یہ قاعدے کیطبق تعلیم کرتا) اور بیشک اللہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور)
حَكِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ
حکمت والا ہے بیشک جن لوگوں نے تہمت لگائی وہ تم ہی میں سے ایک گروہ ہے
لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ
اُسکو اپنے حق میں بُرا نہ سمجھو بلکہ وہ تمہارے لیے اچھا ہے اُن میں سے ہر شخص کے لیے
مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ
جو گناہ (جسمیں) وہ کریگا وہی ہے اور جو اُن میں سے گناہ کا بڑا حصہ لیگا اُسی کے لیے
لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ
بڑا عذاب ہے جسوقت کہ تمنے اسکو سُنا تھا تو مومن
الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا
مردوں اور مومن عورتوں نے نیک گمان کیوں نہ کیا اور یہ کیوں نہ کہا کہ
هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ۝ لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ
یہ صریح بہتان ہے وہ اس بات پر چار گواہ کیوں نہ لائے

ع ۲

فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ
پس جب چار گواہ نہ لائے تو وہ اللہ کے نزدیک ضرور جھوٹے
الْكٰذِبُوْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي
ہیں اور اگر دنیا اور آخرت میں تم پر خدا کا فضل اور اسکی رحمت نہوتی
الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ
تو جس بات کا تمنے چرچا کیا تھا اسکے سبب سے تمپر بڑا عذاب نازل
عَظِيْمٌ ۝ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ
ہوتا جبکہ تم اسکو ایک دوسرے کی زبان سے نقل کرتے تھے اور اپنے
مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ
منہ سے وہ کچھ بکتے تھے جسکا تمکو علم نہیں ہے اور اسکو خفیف سی بات سمجھتے تھے حالانکہ وہ اللہ
عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ۝ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا
کے نزدیک بڑی بات تھی اور جسوقت تمنے اسکو سنا تھا یہ کیوں نہ کہا کہ ہمیں کیا پڑی ہے
يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ
کہ ہم اسکے بارے میں کلام کریں حاشا وکلا یہ تو بہت بڑا بہتان ہے
عَظِيْمٌ ۝ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ
خدا تعالےٰ تمکو نصیحت کرتا ہے کہ اگر تم مومن ہو تو پھر ایسا کبھی
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ
نہ کرنا اور اللہ تم سے اپنے احکام کو کھولکر بیان کرتا ہے اور اللہ بڑا جاننے والا (اور)
حَكِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي
حکمت والا ہے یقیناً وہ لوگ جو اس بات کو دوست رکھتے ہیں کہ ایمان لانیوالوں میں بیحیائی کی باتیں
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ
رائج ہوں انکے لیے دنیا میں (بھی) دردناک عذاب ہے اور آخرت میں (بھی)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اور اللہ (اسکو) خوب جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ہو اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اُسکی رحمت نہوتی

وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

(تو وہ تمپر جلد عذاب نازل کرتا) اور بیشک اللہ بڑا مہربان (اور) رحم کرنیوالا ہے اے ایمان لانیوالو شیطان

لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ

کے قدم بقدم نہ چلو اور جو شخص شیطان کے قدم بقدم

الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاۗءِ وَالْمُنْكَرِ ۭ وَلَوْلَا

چلیگا تو وہ ضرور اُسکو بیحیائی اور بدی کی باتوں کا حکم دیگا اور اگر تمپر اللہ کا

فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ

فضل اور اُسکی رحمت کی نظر نہوتی تو تم میں سے کوئی کبھی پاک ہی

اَبَدًا وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

نہوتا ولیکن اللہ جسکو چاہتا ہے پاک کردیتا ہے اور اللہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے

وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي

اور تم میں سے مالدار اور صاحب مقدور لوگ یہ قسم نہ کھا بیٹھیں کہ وہ رشتہ داروں کو

الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۡ وَلْيَعْفُوْا

اور مساکین کو اور راہ خدا میں ہجرت کرنیوالوں کو کچھ نہ دینگے اور اُنکو چاہیے کہ

وَلْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

معاف کردیں اور درگزریں کیا تم اسکو پسند نہیں کرتے کہ اللہ تعالےٰ تمہارے گناہ بخشدے اور اللہ بڑا

رَّحِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ

بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ بالتحقیق جو لوگ پاک دامن بیخبر ایماندار عورتوں پر عیب لگاتے ہیں

الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ

اُن پر دنیا میں بھی لعنت کی گئی ہے اور آخرت میں بھی اور اُنکے لیے بہت بڑا عذاب

عَظِيمٌ ۝ يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَ

ہے جس دن اُنکی زبانیں اور اُنکے ہاتھ اور اُنکے پاؤں اُنکی کرتوتوں کے بارے میں

أَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ اللَّهُ

اُنکے برخلاف گواہی دینگے اُسی دن اللہ تعالے اُنکا ٹھیک ٹھیک

دِينَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِينُ ۝

بدلہ اُنکو پورا پورا دیگا اور وہ یہ جان لینگے کہ اللہ وہی تو حق مرئی ہے

الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ ۚ وَالطَّيِّبَاتُ

بُری بُری (باتیں) بُرے لوگوں کے لیے (زیبا ہیں) اور بُرے لوگ بُری بُری (باتوں) کے لیے (موزوں ہیں) اور اچھی اچھی (باتیں)

لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ ۚ أُولَٰئِكَ مُبَرَّءُونَ

اچھے لوگوں کے لیے (زیبا) ہیں اور اچھے لوگ اچھی (باتوں) کے لیے (موزوں) ہیں یہ (اچھے) لوگ اُن باتوں سے جو (بُرے

مِمَّا يَقُولُونَ ۖ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝ ع ۳

لوگ) بکتے ہیں بری ہیں اُنکے لیے گناہوں کی بخشش بھی ہے اور آبرو کی روزی (بھی)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتَّىٰ

اے ایمان لانیوالو! اپنے گھروں کے سوا اور گھروں میں جب تک کہ اجازت نہ لیلو اور

تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَىٰ أَهْلِهَا ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

اُسکے رہنے والوں پر سلام نہ کرلو نہ جا گھسنا یہی طریقہ تمہارے لیے بہتر ہے

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ فَإِن لَّمْ تَجِدُوا فِيهَا أَحَدًا فَلَا

تاکہ تم نصیحت پاؤ پھر اگر تم اُن میں کسی کو نہ پاؤ تو جب تک

تَدْخُلُوهَا حَتَّىٰ يُؤْذَنَ لَكُمْ ۖ وَإِن قِيلَ لَكُمُ ارْجِعُوا

نکو اجازت نہو ہرگز اُن میں نہ جاؤ اور اگر تم سے کہا جائے کہ لوٹ جاؤ

فَارْجِعُوا هُوَ أَزْكَىٰ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ۝

تو پلٹ جاؤ یہی تمہارے لیے بہتر ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے باخبر ہے

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ

اس بارے میں تم پر کوئی الزام نہیں ہے کہ تم ایسے گھروں میں جاؤ جن میں کوئی

فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا

رہتا نہو اور اُن میں تمہارا کچھ فائدہ ہو اور اللہ اسکو خوب جانتا ہے جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو

تَكْتُمُوْنَ ۝ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَ

کچھ تم چھپاتے ہو (اے رسول) مومنوں سے کہدو کہ وہ اپنی آنکھیں بند رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کو

يَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ

(غیروں کی نظر سے) بچائیں یہ اُنکے لیے بہتر ہے بیشک خدا اُن چیزوں سے واقف ہے

بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ

جو کچھ وہ کرتے رہتے ہیں اور تم مومن عورتوں سے بھی کہدو کہ وہ اپنی آنکھوں کو بند

اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ

رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کو (غیروں کی نظر سے) بچائیں اور اپنے بناؤ سنگار کو سوائے اُسکے جو

اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ

خود بخود ظاہر ہو ظاہر نہ کریں اور انکو لازم ہے کہ اپنے گریبانوں پر سے اپنے دوپٹوں کے بکل مارے رہیں

وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ

اور اپنا بناؤ سنگار کسی پر ظاہر نہونے دیں سوائے اپنے شوہروں کے یا اپنے باپ داداؤں کے یا اپنے

بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ

شوہروں کے باپ داداؤں کے یا اپنے بیٹوں کے یا اپنے شوہروں کے بیٹوں کے یا اپنے بھائیوں کے

اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ

یا اپنے بھتیجوں کے یا اپنے بھانجوں کے یا اپنی (ہم مذہب) عورتوں کے یا اپنے لونڈی

اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التَّابِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ

غلاموں کے یا ایسے نوکر مردوں کے جنکو عورتوں کی کوئی ضرورت نہیں ہے یا ایسے لڑکوں کے

الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۪ وَلَا يَضْرِبْنَ

جو ابھی عورتوں کے بدنوں سے واقف (یعنی بالغ) نہوئے ہوں اور عورتیں (چلنے میں) اپنے

پہاڑ کے پہاڑ آ گرے۔ پس فرعون نے اسوقت گھبرا کر یہ کہا اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ (ترجمہ

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرٰهِيْمَ لِأَبِيْهِ إِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ إِيَّاهُ کے ترجمہ کے لیے دیکھو صفحہ ۳۲۵ سطر ۱۱) ۱۲ ش
[illegible]

عٰكِفِيْنَ ○ قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ إِذْ تَدْعُوْنَ ○ أَوْ

بنے ہوئے ہیں۔ فرمایا آیا جب تم پکارتے ہو یہ تمہاری سنتے بھی ہیں؟ یا تمکو

يَنْفَعُوْنَكُمْ أَوْ يَضُرُّوْنَ ○ قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ

نفع یا نقصان پہنچاتے ہیں؟ انہوں نے کہا (یہ تو کچھ نہیں) بلکہ ہمنے اپنے باپ دادا کو ایسا ہی کرتے پایا

يَفْعَلُوْنَ ○ قَالَ أَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ○

فرمایا تمنے خیال بھی کیا کہ تم اور تمہارے پہلے باپ دادا پوجتے کن

أَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ الْأَقْدَمُوْنَ ○ فَإِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ إِلَّا

چیزوں کو رہے ہو؟ پس یہ میرے تو یقینی دشمن ہیں ہاں پروردگار عالم

رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ○

(حقیقی دوست ہے) جسنے مجھکو پیدا کیا بس وہی مجھے راہ بتائیگا

وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ○ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ

اور وہ وہی ہے جو مجھے کھانا کھلاتا ہے اور مجھے پانی پلاتا ہے اور جب میں بیمار ہوجاتا ہوں تو وہ مجھے

يَشْفِيْنِ ○ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ○ وَالَّذِيْٓ أَطْمَعُ

شفا دیتا ہے اور وہ وہی ہے جو مجھے موت دیگا پھر مجھے زندہ کریگا اور وہی ہے جس سے میں

أَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ○ رَبِّ هَبْ لِيْ

خواہش رکھتا ہوں کہ قیامت کے دن میرے گناہ بخشدے اے میرے پروردگار مجھے حکم (خلافت

حُكْمًا وَّأَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ

حقیقی) عنایت کر اور مجھے نیک لوگوں کے ساتھ ملادے اور میرے لیے آخر آنیوالوں میں سے ایک

صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ○ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ

سچائی کی زبان مقرر فرما اور مجھے نعمت والی جنتوں کے وارثوں میں سے

النَّعِيْمِ ○ وَاغْفِرْ لِأَبِيْٓ إِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ○

قرار دے۔ اور میرے چچا کے گناہ بخشدے بیشک وہ گمراہوں میں سے تھا

کرتا رہے جو میرے اصل دین کی تجدید کرتا رہے۔ اور تمام لوگوں کو انہی باتوں کی دعوت دیتا رہے جنکی میں دعوت دیتا رہا تو وہ محمد ﷺ
[illegible]

وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ يُبْعَثُونَ ۝ يَوْمَ لَا يَنفَعُ مَالٌ وَلَا بَنُونَ ۝
اور جسدن لوگ مبعوث کیے جائینگے مجھے رسوا نہ کرنا۔ جسدن نہ مال کسی کو نفع پہنچائیگا اور نہ بیٹے

إِلَّا مَنْ أَتَى اللَّهَ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ۝ وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ
سوائے اُسکے جو سالم دل سے خدا کی حضور میں آئے اور جنت پرہیزگاروں کے قریب

لِلْمُتَّقِينَ ۝ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِلْغَاوِينَ ۝ وَقِيلَ لَهُمْ
کردیجائیگی اور جہنم گمراہوں کے لیے کھولدی جائیگی اور اُنسے کہا جائیگا کہ

أَيْنَمَا كُنتُمْ تَعْبُدُونَ ۝ مِن دُونِ اللَّهِ هَلْ يَنصُرُونَكُمْ
جنکی تم خدا کے سوا پرستش کیا کرتے تھے وہ اب کہاں ہیں؟ آیا وہ کچھ تمہاری مدد کرینگے

أَوْ يَنتَصِرُونَ ۝ فَكُبْكِبُوا فِيهَا هُمْ وَالْغَاوُونَ ۝ وَ
یا انتقام لینگے؟ پھر وہ (معبود بھی) اور وہ گمراہ لوگ بھی اور ابلیس کا

جُنُودُ إِبْلِيسَ أَجْمَعُونَ ۝ قَالُوا وَهُمْ فِيهَا يَخْتَصِمُونَ ۝
لشکر بھی سب کے سب اوندھے منہ جہنم میں ڈالدیے جائینگے اور جہنم میں جکڑے وہ لڑتے ہونگے

تَاللَّهِ إِن كُنَّا لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝ إِذْ نُسَوِّيكُم بِرَبِّ
یہ کہینگے کہ خدا کی قسم ہم صریح کھلی گمراہی میں تھے جبکہ ہم تمکو پروردگار عالم کی برابر کیے دیتے

الْعَالَمِينَ ۝ وَمَا أَضَلَّنَا إِلَّا الْمُجْرِمُونَ ۝ فَمَا لَنَا مِن
تھے۔ اور ہمکو تو دوسرے گنہگاروں نے گمراہ کیا پس اب نہ ہمارا کوئی

شَافِعِينَ ۝ وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٍ ۝ فَلَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً
سفارشی ہے اور نہ کوئی دلسوز دوست۔ پس اگر ہمکو واپس جانا ملتا تو ہم ضرور

فَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا
مومنوں میں سے ہو جاتے بیشک اِس میں نشانی موجود ہے حالانکہ

كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ
اکثر ابراہیم میں سے بہت ایمان لانیوالے نہ تھے اور بیشک تمہارا پروردگار ہی تو بڑا زبردست (اور)

پس خدا تعالیٰ ارشاد فرمائیگا کہ میں تیرا پروردگار ہوں اور میں اس بات کا زیادہ حق رکھتا ہوں کہ تیری طرف سے معاوضہ دوں۔ چنانچہ پروردگار عالم باوجود اُسکی ایک نیکی تھوڑے بھی اُسے

ع ۵ ۳۶ ۹

الرَّحِيمُ ○ كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحٍ ۨ الْمُرْسَلِينَ ○ إِذْ قَالَ

رحم کرنیوالا ہے نوح کی قوم نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا جس وقت انکے ہم قوم

لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ○ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ

نوح نے کہا کہ کیا تم ڈرتے نہیں؟ میں تم سب کے لیے ایک امانت دار

أَمِينٌ ○ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ○ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ

پیغمبر ہوں پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور میں تم سے اس پیغمبری کی کوئی

مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ○ فَاتَّقُوا اللَّهَ

مزدوری نہیں مانگتا میرا اجر تو پروردگار عالم کے ذمہ رہا مگر تم اللہ سے ڈرو

وَأَطِيعُونِ ○ قَالُوا أَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْأَرْذَلُونَ ○

اور میری اطاعت کرو۔ وہ کہنے لگے کیا ہم آپ پر ایمان لے آئیں اس حال میں کہ ادنیٰ درجہ کے لوگوں نے آپکی پیروی کی ہے

قَالَ وَمَا عِلْمِي بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ إِنْ حِسَابُهُمْ

فرمایا جو کچھ وہ کرتے رہے ہوں اسکا تو مجھے علم نہیں اگر تم شعور رکھتے ہو تو

إِلَّا عَلَىٰ رَبِّي ۖ لَوْ تَشْعُرُونَ ○ وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِينَ ○

انکا حساب تو میرے پروردگار ہی کے ذمہ ہے اور میں تو مومنوں کو نکالنے والا ہوں نہیں

إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ ○ قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَا نُوحُ

میں تو ایک کھلا ڈرانیوالا ہوں انہوں نے کہا کہ اے نوح اگر تم باز نہ آئے تو تم

لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمَرْجُومِينَ ○ قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِي

ضرور سنگساروں میں سے ہو جاؤ گے (نوح نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار میری

نصف

كَذَّبُونِ ○ فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَنَجِّنِي وَمَنْ

قوم نے میری تکذیب کی پس تو میرے اور انکے درمیان فیصلہ فرما اور تو مجھکو اور جو ایمان لانیوالوں

مَعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ○ فَأَنْجَيْنَاهُ وَمَنْ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ

میں سے ہیں انکو نجات دے پس ہمنے نوح کو اور جو بھری ہوئی کشتی میں انکے ساتھ تھے

لہ ۱۹

الْمَشْحُوْنِ ۝ ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

اُنکو نجات دی پھر باقی ماندون کو ہمنے ڈبو دیا یقیناً اِس میں نشانی ہے

لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ

حالانکہ امتِ نوحؑ میں سے بہت سے ایمان لانیوالے نہ تھے اور بیشک تمہارا پروردگار بڑا زبردست

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ كَذَّبَتْ عَادُ ۨ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ

(اور) رحم کرنیوالا ہے (اسی طرح) قبیلۂ عادؑ نے بھی رسولوں کو جھٹلایا تھا جسوقت اُنکے بھائی ہودؑ

لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ

نے اُنسے کہا کہ کیا تم ڈرتے نہیں؟ بیشک میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول

اَمِيْنٌ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ

ہوں پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور میں اس رسالت کی تم سے کوئی مزدوری

مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَتَبْنُوْنَ

نہیں مانگتا میرا اجر تو پروردگارِ عالم کے ذمے ہے۔ کیا تم ہر اونچی اونچی

بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ ۝ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ

جگہ پر بیکار (بیکار) نشانیاں بناتے ہو؟ اور مضبوط (مضبوط) عمارتیں چنتے ہو۔

لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ۝ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝

گویا تم ہمیشہ یہیں رہوگے؟ اور جب تم غضب میں آتے ہو تو غضب کے ظالم بنجاتے ہو

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ

پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور اُس سے ڈرو جسنے تمہاری ایسی چیزوں سے مدد کی ہے

بِمَا تَعْلَمُوْنَ ۝ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ۝ وَجَنّٰتٍ

جنکو تم جانتے ہو اُس نے تمہاری چوپایوں سے اور بیٹوں سے اور باغوں سے اور چشموں

وَّعُيُوْنٍ ۝ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝

سے مدد کی ہے بیشک میں تمہارے لیے بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔

ع ١٨ ١٢

منزل ٥

أَتَأْتُونَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعَالَمِينَ ۝ وَتَذَرُونَ مَا خَلَقَ

کیا تم ساری خدائی میں سے مردوں ہی کے پاس جاتے ہو؟ اور انکو چھوڑے دیتے ہو جو تمہاری ازواج ہیں

لَكُمْ رَبُّكُمْ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ عَادُونَ ۝

سے تمہارے لیے تمہارے پروردگار نے پیدا کی ہیں بلکہ تم زیادتی کرنیوالے لوگ ہو۔

قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَا لُوطُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِينَ ۝ قَالَ

وہ بولے کہ اے لوط اگر تم باز نہ رہے تو تم ضرور نکالے جاؤ گے لوط نے کہا کہ

إِنِّي لِعَمَلِكُمْ مِنَ الْقَالِينَ ۝ رَبِّ نَجِّنِي وَأَهْلِي مِمَّا

میں تمہارے اعمال کو سخت ناپسند کرنیوالوں میں سے ہوں اے میرے پروردگار مجھکو اور میرے گھر والوں کو جو عمل یہ کرتے ہیں

يَعْمَلُونَ ۝ فَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ ۝ إِلَّا عَجُوزًا

اس (کے وبال) سے نجات دے پس ہمنے اُنکو اور اُنکے گھر والوں کو سب کو نجات دی سوائے ایک بڑھیا کے جو

فِي الْغَابِرِينَ ۝ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْآخَرِينَ ۝ وَأَمْطَرْنَا

پیچھے رہجانیوالوں میں سے تھی۔ پھر ہمنے دوسروں کو ہلاک کردیا اور اُن پر (پتھروں کا)

عَلَيْهِمْ مَطَرًا ۖ فَسَاءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِينَ ۝ إِنَّ فِي

مینہہ برسایا پس اُن لوگوں کا جنکو (عذاب سے) ڈرایا گیا تھا یہ کیسا برا مینہہ تھا۔ بیشک اِس میں

ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ

ایک نشانی ہے حالانکہ اکثر لوط میں سے اکثر ایمان لانیوالے نہ تھے اور یقیناً تمہارا

رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ كَذَّبَ أَصْحَابُ لْئَيْكَةِ ع ۹ ۱۶ ۱۳

پروردگار زبردست (اور) رحم کرنیوالا ہے (اسی طرح) بن والوں نے بھی پیغمبروں کو

الْمُرْسَلِينَ ۝ إِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۝

جھٹلایا جسوقت کہ شعیبؑ نے اُنسے کہا کیا تم خدا سے نہیں ڈرتے؟

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝ وَمَا

بیشک میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور میں

[illegible] پھر ایک بادل [illegible] سایہ کرنیکو بھیجا جسکے نیچے وہ سب جمع ہو گئے پھر اسی سے انپر آگ برسا دی کہ وہ سب جل کر رہ گئے ۱۲

[illegible]

أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۚ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ۝

تم سے اس رسالت کی کوئی مزدوری نہیں مانگتا میرا اجر تو پروردگار عالم کے ذمے ہے

أَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُخْسِرِينَ ۝ وَزِنُوا

پیمانے پورے کرو اور نقصان دینے والے نہ بنو۔ اور ٹھیک ترازو

بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ۝ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ

سے تولو۔ اور لوگوں کو انکی چیزوں میں گھاٹا

أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝ وَاتَّقُوا

نہ پہنچاؤ۔ اور زمین میں فساد کرتے نہ پھرو۔ اور جسنے تمکو

الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْأَوَّلِينَ ۝ قَالُوا إِنَّمَا أَنْتَ

اور پہلی مخلوق کو پیدا کیا ہے اس سے ڈرو۔ وہ بولے کہ تم پر تو جادو

مِنَ الْمُسَحَّرِينَ ۝ وَمَا أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا وَإِنْ

کر دیا گیا ہے اور تم ہم ہی جیسے تو آدمی ہو اور ہم تو تم کو

نَظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِينَ ۝ فَأَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِنَ السَّمَاءِ

جھوٹا گمان کرتے ہیں پھر اگر تم سچے ہو تو ہم پر آسمان کا

إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِينَ ۝ قَالَ رَبِّي أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝

ایک ٹکڑا گرا دو۔ فرمایا جو کچھ بھی تم کرتے ہو میرا پروردگار اس سے خوب واقف ہے

فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۚ إِنَّهُ كَانَ

پس ان لوگوں نے انکی تکذیب کی پھر انکو سائبان کے دن والے عذاب نے آلیا بیشک وہ بڑے دن

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَةً ۚ وَمَا كَانَ

کا عذاب تھا۔ یقیناً اس میں نشانی ہے حالانکہ امت شعیب میں سے

أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝

اکثر ایمان لانیوالے نہ تھے۔ اور تمہارا پروردگار ضرور زبردست (اور) رحم کرنیوالا ہے۔

ع ۱۰ ۱۶ ۱۴

منزل ۵

۱ فَأَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ تفسیر قمی میں ہے کہ اسکے معنی ہیں گرمی کے دن اور باد سموم چلنے کے دن صاحب تفسیر قمی فرماتے ہیں کہ ہمکو یہ خبر پہنچی ہے کہ ان لوگوں کو اپنے گھروں میں سخت گرمی معلوم ہوئی تو وہ اپنے گھروں سے نکلے اور راحت پانیکے لیے ایک بادل کی طرف بڑھے جسکو خدا تعالیٰ نے انکو عذاب دینے کیلئے بھیجا تھا پس جیسے ہی اسکے سائے میں پہنچے تو انپر وہ حالت گزری جسے خدا تعالیٰ نے فرمایا ہے وَكَذٰلِكَ أَخَذَ رَبُّكَ ظُلَّمُ الصَّيْحَةِ فَأَصْبَحُوا فِي

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ۝

اور یقیناً یہ تمام عالموں کے پروردگار کا اتارا ہوا ہے۔ روح الامین نے اسکو صاف عربی زبان میں تمہارے

عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ

قلب پر اتارا ہے تاکہ تم ڈرانیوالوں میں سے

مُّبِيْنٍ ۝ وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ۝ اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً

ہو جاؤ اور ضرور اسکا ذکر پہلی کتابوں میں موجود ہے۔ کیا یہ آپکے لیے کوئی نشانی نہیں

اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى

ہوئی کہ بنی اسرائیل کے علماء اس سے واقف ہیں؟ اور اگر ہم اسکو کسی عجمی پر

بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ۝ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ۝

اتارا ہوتا اور وہ آپکے سامنے پڑھتا تو وہ اسپر کبھی ایمان لانیوالے نہ ہوتے

كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ

اسی طرح ہم نے گنہگاروں کے دل میں (انکے اصرار کے سبب سے) یہ بات ڈالدی ہے کہ جب تک وہ دردناک عذاب

حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ۝ فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا

کو نہ دیکھینگے ایمان نہ لائینگے۔ اور وہ عذاب بھی انکو یکایک آلیگا اور انکو خبر تک

يَشْعُرُوْنَ ۝ فَيَقُوْلُوْا هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ۝ اَفَبِعَذَابِنَا

نہ ہوگی۔ اسوقت وہ کہینگے کہ کیا ہمکو مہلت دی جاسکتی ہے؟ کیا یہ ہمارے عذاب کی

يَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ۝ ثُمَّ جَآءَهُمْ

جلدی مچا رہے ہیں؟ کیا تم نے غور کیا کہ اگر ہم انکو کچھ برسوں تک فائدہ پہنچادیں پھر بھی ان پر وہ آئیگا

مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا

جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے (اور) جن چیزوں سے یہ فائدہ اٹھا چکے ہیں وہ انکو کچھ

ع ۹ يُمَتَّعُوْنَ ۝ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ ۝

فائدہ نہ دینگی اور ہم نے کوئی بستی بھی ایسی برباد نہیں کی کہ جہاں آگاہ کرنیکو ڈرانیوالے نہ آئے ہوں

ذِكْرٰى ۖ وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ۝

اور ہم ظالم نہیں ہیں اور اس کلام کو شیاطین لیکر نہیں اترے

وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ

اور نہ وہ اس لائق ہی تھے اور نہ وہ ایسا کر ہی سکتے تھے یقیناً وہ تو (فرشتوں کا کلام) سننے سے

لَمَعْزُوْلُوْنَ ۝ فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ

بھی ہٹا دیے گئے ہیں پس اللہ کے سوا کسی اور معبود کو نہ پکارو ورنہ تم بھی اُن لوگوں میں سے ہو جاؤ گے جنکو

الْمُعَذَّبِيْنَ ۝ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۝ وَاخْفِضْ

عذاب دیا جائیگا اور اپنے بہت قریب کے کنبہ والوں کو ڈراؤ اور مؤمنین میں

جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ فَاِنْ عَصَوْكَ

سے جو تمہارے پیرو ہیں اُن سے بتواضع پیش آؤ پھر اگر وہ تمہاری نافرمانی

فَقُلْ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ

کریں تو کہدو کہ جو عمل تم کرتے ہو میں اُس سے بری ہوں اور اُس زبردست (اور) رحم کرنیوالے پر بھروسہ

الرَّحِيْمِ ۝ الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ۝ وَتَقَلُّبَكَ فِي

رکھو جو اُس وقت بھی تمکو دیکھتا رہا ہے جب تم نبوت پر قائم ہوئے اور سجدہ کرنیوالوں کے صلب و رحم میں تمہارے منتقل

السّٰجِدِيْنَ ۝ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ

ہونیکو (بھی دیکھتا رہا) بیشک وہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے کیا میں تمکو اس بات کی خبر دوں

عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ۝ تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۝

کہ شیاطین کن (کن) پر اترتے ہیں؟ ہر جھوٹے گنہگار پر اترتے ہیں

يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ۝ وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ

اور وہ اُنکی باتوں پر کان دھرتے ہیں اور اُن میں اکثر جھوٹے ہوتے ہیں اور شاعروں کی پیروی گمراہ لوگ

الْغَاوٗنَ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ۝ وَاَنَّهُمْ

کیا کرتے ہیں کیا تمنے نہیں دیکھا کہ وہ ہر میدان میں سرگردان پھرتے ہیں اور منہ سے

يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

وہ کچھ کہتے ہیں جو کرتے نہیں ہاں وہ لوگ مستثنیٰ ہیں جو ایمان لائے اور انہوں نے

الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا

نیک عمل کیے اور اللہ کی یاد زیادہ کی اور بعد اسکے کہ ان پر ظلم کیا گیا تھا انہوں نے بدلا لیا

وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ۝

اور عنقریب وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا ہے یہ جان لینگے کہ کس کروٹ وہ پلٹتے ہیں

ع ١١ ٣٦ ١٥

سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثٌ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

طٰسٓ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۝ هُدًى

طٰسٓ۔ یہ قرآن مجید اور کھلی کتاب کی آیتیں ہیں ان مومنوں

وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ

کے لیے ہدایت اور بشارت ہیں جو نماز پڑھتے ہیں اور

يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ اِنَّ

زکوٰۃ دیتے ہیں اور آخرت پر وہ (پورا پورا) یقین رکھتے ہیں بیشک

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہمنے انکے اعمال کو انکے لیے زینت دیدیا ہے پس وہ

فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ

(خود ہی) سرگرداں ہیں وہ وہی ہیں جنکے لیے سخت عذاب ہے

وَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ۝ وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى

اور وہی آخرت میں سب سے زیادہ ٹوٹا اٹھانیوالے ہونگے اور یقیناً تم کو یہ قرآن

آیاتها ٩٣ — رکوعاتها ٧ — کلماتها ١١٦٧ — حروفها ٤٨٧٩

الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ○ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ

صاحب حکمت (و) علم کے پاس سے سکھایا جاتا ہے (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ موسےٰ نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ

اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا ؕ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ

میں نے ایک آگ دیکھلی ہے میں بہت جلد اُسکے پاس سے تمہارے پاس یا تو کوئی خبر لاتا ہوں یا کوئی

قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ○ فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ

دہکتا ہوا انگارا لاتا ہوں تاکہ تم تاپو۔ پس جب موسےٰ اُسکے پاس پہنچے تو اُنکو آواز دیگئی کہ جو اس

بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ

آگ میں ہے وہ اور جو اسکے اِرد گرد ہے وہ سب برکت دیے گئے ہیں۔ اور اللہ تمام عالموں کا پروردگار

الْعٰلَمِيْنَ ○ يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

منزہ اور پاک ہے۔ اے موسےٰ میں ہی تو زبردست (اور) صاحب حکمت خدا ہوں

وَاَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى

اور اپنا عصا تو ڈالدو۔ پھر جب اُسکو اس طرح حرکت کرتے دیکھا گویا وہ ایک تیز رَو سانپ ہے تو

مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ؕ يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ قف اِنِّيْ لَا يَخَافُ

منہ پھیر کر بھاگے اور پلٹ کر نہ دیکھا (ہماری طرف سے یہ آواز دیگئی کہ) اے موسےٰ ڈرو نہیں کہ رسول میرے

لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ○ قف صلے اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًا

پاس ڈرا نہیں کرتے۔ سوائے اُسکے جس سے کوئی زیادتی ہو جائے پھر وہ بدل کر بدی کے

بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ

بعد نیکی کرے تو بیشک میں بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہوں اور تم اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈالدو

جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ قف فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى

کہ وہ بے عیب سفید و نورانی ہو کر نکلیگا۔ (یہ دونو) منجملہ نو معجزوں کے ہیں جو فرعون

فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ○

اور اُسکی قوم کے لیے ہیں یقیناً وہ نافرمان لوگ ہیں۔

فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

پس جب اُنکے پاس ہماری کھلی نشانیاں پہنچیں تو اُنہوں نے یہ کہدیا کہ یہ تو کھلا جادو ہے

وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ؕ

اور اُنہوں نے ازروئے ظلم و تکبر اُن معجزات کا انکار کیا۔ حالانکہ اُنکے دل اُنکا یقین رکھتے تھے

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

پس غور کرو کہ فساد کرنیوالوں کا انجام کیا ہوا! اور بیشک ہمنے داؤدؑ اور

دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا

سلیمانؑ کو علم عطا کیا اور اُن دونو نے یہ کہا کہ سب تعریف اُس خدا ہی کیلئے زیبا ہے

عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ

جس نے اپنے بندوں میں سے بہت سوں پر ہمکو فضیلت دی ہے اور سلیمانؑ داؤدؑ کے وارث

دَاوٗدَ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَ

ہوئے اور یہ کہا کہ اے لوگو! ہمکو پرندوں کی بولی تعلیم کی گئی ہے اور

اُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ؕ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ۝

ہمکو ہر چیز میں سے حصہ دیا گیا ہے یقیناً یہی تو کھلی فضیلت ہے۔

وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ

اور سلیمانؑ کے لیے اُنکے لشکر جنوں میں سے اور آدمیوں میں سے اور پرندوں میں سے اکٹھے کیے گئے وہ سب (قسم وار)

فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ قَالَتْ

پاس پاس کھڑے کیے جاتے تھے یہانتک کہ جب وہ چیونٹیوں کے میدان سے گزرے تو ایک چیونٹی نے کہا کہ

نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ

اے چیونٹیو! اپنے اپنے بلوں میں گھس جاؤ ایسا نہو کہ سلیمانؑ

سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فَتَبَسَّمَ

اور اُنکا لشکر تمکو کچل ڈالے اور اُنکو خبر بھی نہو۔ پس (سلیمانؑ) اُسکی اس بات

ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِيْ أَنْ أَشْكُرَ

ہنسنے کے لیے مسکرائے اور عرض کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار مجھکو اس بات کی توفیق دے کہ جو نعمتیں

نِعْمَتَكَ الَّتِيْ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ

تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر مبذول فرمائی ہیں انکا شکر ادا کروں اور کوئی ایسا نیک عمل بجالاؤں

صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَأَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ○

جسکو تو پسند فرمالے۔ اور اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں مجھے داخل کر

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ أَمْ كَانَ

اور پرندوں کی حاضری لی تو فرمایا کیا بات ہے کہ میں ہدہد کو نہیں دیکھتا؟ آیا وہ

مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ○ لَأُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا أَوْ

غیر حاضر ہے؟ میں ضرور اسکو سخت عذاب دونگا یا اسکو

لَأَاذْبَحَنَّهٗ أَوْ لَيَأْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ○ فَمَكَثَ

ذبح کر ڈالونگا یا ضرور ہے کہ وہ میرے پاس کوئی کھلی دلیل لائے۔ پس کچھ زیادہ دیر

غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ أَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَجِئْتُكَ مِنْ

نہوئی تھی کہ وہ (آگیا اور) کہنے لگا کہ مجھے اس بات کی خبر لگی ہے جسکی آپکو بھی خبر نہیں اور میں ملک سبا سے

سَبَإٍ بِنَبَإٍ يَّقِيْنٍ ○ إِنِّيْ وَجَدْتُّ امْرَأَةً تَمْلِكُهُمْ وَ

ایک یقینی خبر لیکر آیا ہوں میں نے ایک عورت کو پایا کہ وہ انکی بادشاہ ہے اور

أُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّلَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ ○ وَجَدْتُّهَا

اسکو ہر چیز سے حظ وافر ملا ہے اور اسکا تخت (تو) بہت ہی بڑا ہے میں نے خود اسکو اور

وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ص وَزَيَّنَ

اسکی قوم کو یہ پایا کہ وہ خدا کو چھوڑ کر سورج کو سجدہ کرتے ہیں اور شیطان نے انکے

لَهُمُ الشَّيْطٰنُ أَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ

اعمال کو انکی نظر میں زینت دیدیا ہے اسطرح راہ راست سے انکو روک دیا ہے اسی سے انکو یہ بات

پہچانتے ہیں۔ ۱۲۔ سلہ امرأۃ تملکھم۔ تفسیر صافی میں ہے کہ اس عورت کا نام بلقیس بنت شراحیل بن مالک بن ریان تھا۔ ۱۲

لَا يَهْتَدُونَ ۝ أَلَّا يَسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي يُخْرِجُ الْخَبْءَ

نہیں سوجھتی کہ وہ خدا کو کیوں نہ سجدہ کریں جو آسمانوں کی اور زمین کی پوشیدہ چیزوں کو

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُونَ وَمَا تُعْلِنُونَ ۝

ظاہر کرتا ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اسکو جانتا ہے۔

اللَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۝ قَالَ سَنَنظُرُ

اللہ کہ اسکے سوا کوئی معبود نہیں وہی بڑے عرش کا مالک ہے (سلیمان نے) فرمایا کہ ہم ابھی جانچ لیتے

أَصَدَقْتَ أَمْ كُنتَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ۝ اذْهَب بِّكِتَابِي

ہیں کہ تو سچ بولا یا جھوٹوں میں سے ہے۔ میرا یہ خط لیجا اور انکے

هٰذَا فَأَلْقِهْ إِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانظُرْ مَاذَا يَرْجِعُونَ ۝

سامنے ڈالدے پھر ذرا ہٹ کر دیکھ کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں؟ (اس حکم کی

قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَؤُا إِنِّي أُلْقِيَ إِلَيَّ كِتَابٌ كَرِيمٌ ۝ إِنَّهُ مِن

تعمیل ہوگئی تو بلقیس اپنی جگہ) بولی اے بزرگان قوم! میرے پاس یہ بزرگ خط ڈالا گیا ہے یہ سلیمان کی

سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝ أَلَّا تَعْلُوا

طرف سے ہے اور اسمیں یہ لکھا ہے کہ رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) میرے برخلاف

عَلَيَّ وَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ۝ قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَؤُا أَفْتُونِي فِي

تعلی نہ کرو اور میرے پاس فرمانبردار ہو کر چلے آؤ (بلقیس نے) کہا اے ارکان دولت! مجھے اس معاملہ میں

أَمْرِي مَا كُنتُ قَاطِعَةً أَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُونِ ۝ قَالُوا

رائے دو کیونکہ میں کوئی معاملے کرنیوالی نہیں ہوں جب تک کہ تم میری حضور میں نہو انہوں نے کہا کہ

نَحْنُ أُولُو قُوَّةٍ وَأُولُو بَأْسٍ شَدِيدٍ وَالْأَمْرُ إِلَيْكِ

ہم بڑی قوت والے اور سخت لڑائیاں جھیلنے والے ہیں اور حکم حضور کے ہاتھ میں ہے

فَانظُرِي مَاذَا تَأْمُرِينَ ۝ قَالَتْ إِنَّ الْمُلُوكَ إِذَا دَخَلُوا

اب آپ خود غور فرمالیں کہ آپ کیا حکم دیتی ہیں (بلقیس نے) کہا کہ بادشاہ جب کسی بستی میں آیا کرتے ہیں تو اسے

قَرْيَةً أَفْسَدُوهَا وَجَعَلُوا أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً ۚ وَكَذَٰلِكَ

اُجاڑ دیا کرتے ہیں اور اُسکے عزت دار باشندوں کو ذلیل کر دیا کرتے ہیں اور (معمولاً) وہ ایسا ہی

يَفْعَلُونَ ○ وَإِنِّي مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِم بِهَدِيَّةٍ فَنَاظِرَةٌ

کیا کرتے ہیں اور میں تو اُنکے پاس ایک تحفہ بھیجنے والی ہوں پھر دیکھتی ہوں کہ

بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُونَ ○ فَلَمَّا جَاءَ سُلَيْمَانَ قَالَ

قاصد کیا خبر لیکر پلٹتے ہیں پس جسوقت (ایلچی) سلیمانؑ کے پاس حاضر ہوا تو اُنھوں نے فرمایا

أَتُمِدُّونَنِ بِمَالٍ فَمَا آتَانِيَ اللَّهُ خَيْرٌ مِّمَّا آتَاكُم ۖ بَلْ

کیا تم مال سے میری مدد کرنا چاہتے ہو پس اللہ نے جو کچھ مجھے عطا فرمایا ہے وہ اُس سے جو تمکو دیا ہے کہیں بہتر ہے تو

أَنتُم بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُونَ ○ ارْجِعْ إِلَيْهِمْ فَلَنَأْتِيَنَّهُمْ

اپنے اِس تحفہ سے تو تم ہی خوش رہو اپنے اہل دولت کے پاس پلٹ کر جا (اور اُنکو خبر دے کہ)

بِجُنُودٍ لَّا قِبَلَ لَهُم بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُم مِّنْهَا أَذِلَّةً وَهُمْ

ہم اُنکے پاس ایسے لشکر لیکر آئے ہیں جسکے مقابلے کی اُن میں قوت نہوگی اور ہم اُنکے ملک سے اُنکو ذلیل خوار کرکے نکال دینگے

صَاغِرُونَ ○ قَالَ يَا أَيُّهَا الْمَلَؤُا أَيُّكُمْ يَأْتِينِي

(اِسکے بعد سلیمانؑ نے) فرمایا اے ارکانِ دولت! تم میں سے کون ایسا ہے جو بلقیس کا تخت میرے پاس

بِعَرْشِهَا قَبْلَ أَن يَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ○ قَالَ عِفْرِيتٌ

لے آئے قبل اِسکے کہ (اُسکی قوم کے لوگ) میرے پاس فرمانبردار بنکر حاضر ہوں جنّات میں سے ایک سرکش

مِّنَ الْجِنِّ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن تَقُومَ مِن مَّقَامِكَ ۖ

بولا کہ قبل اِسکے کہ حضور اپنے مقام سے اُٹھیں میں اُسے آپکے پاس لاسکتا ہوں

وَإِنِّي عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِينٌ ○ قَالَ الَّذِي عِندَهُ عِلْمٌ

اور مجھ میں اُسکے اُٹھانیکی قوت بھی ہے اور میں بھروسہ کے قابل بھی ہوں اور اُس شخص نے جسکے پاس علم کتاب کا ایک اونے

مِّنَ الْكِتَابِ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن يَرْتَدَّ إِلَيْكَ

جزو تھا یہ عرض کی کہ میں اُسے لائے دیتا ہوں قبل اِسکے کہ آپکی پلک (بھی) جھپکے

طَرْفُكَ ۚ فَلَمَّا رَآهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهُ قَالَ هٰذَا مِنْ

چنانچہ جب اُسکو اپنے پاس رکھا دیکھا تو فرمایا کہ یہ میرے پروردگار کا

فَضْلِ رَبِّي ۖ لِيَبْلُوَنِي ءَأَشْكُرُ أَمْ أَكْفُرُ ۖ وَمَنْ شَكَرَ

فضل ہے تاکہ مجھ کو آزمائے کہ آیا میں شکرگزاری کرتا ہوں یا کفران نعمت اور جو شکر کریگا تو سوائے

فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ رَبِّي غَنِيٌّ

اسکے نہیں ہے کہ اپنی ذات کے لیے شکر کریگا اور جو کفران نعمت کریگا تو یقیناً میرا پروردگار بے پروا (اور)

كَرِيمٌ ۝ قَالَ نَكِّرُوا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ أَتَهْتَدِي أَمْ

صاحب کرم ہے۔ فرمایا بلقیس کے لیے اُسکے تخت کی ہیئت کو بدل دو کہ ہم دیکھیں کہ آیا وہ راہ پر آتی ہے یا انہی

تَكُونُ مِنَ الَّذِينَ لَا يَهْتَدُونَ ۝ فَلَمَّا جَاءَتْ قِيلَ

لوگوں میں سے ہوتی ہے جو راہ پر نہیں آتے۔ پس جب وہ حاضر (دربار) ہوئی تو اُس سے کہا گیا کہ

أَهٰكَذَا عَرْشُكِ ۖ قَالَتْ كَأَنَّهُ هُوَ ۚ وَأُوتِينَا الْعِلْمَ

آیا یہ تیرا ہی تخت ہے؟ کہنے لگی کہ معلوم تو ویسا ہی ہوتا ہے اور ہمکو اسکا علم پہلے ہی

مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِينَ ۝ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ

دیدیا گیا ہے اور ہم مسلمان ہو گئے ہیں۔ اور جس چیز کی وہ خدا کے سوا عبادت کیا کرتی

تَعْبُدُ مِنْ دُونِ اللَّهِ ۖ إِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كَافِرِينَ ۝

تھی اُسنے اُسے روک رکھا تھا بیشک وہ کافر قوم میں سے تھی۔

قِيلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۖ فَلَمَّا رَأَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً

اُس سے کہا گیا کہ محل میں چلیے پس اُسنے جب اُسکو دیکھا تو اُسے (گہرا) پانی کی

وَكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ۚ قَالَ إِنَّهُ صَرْحٌ مُمَرَّدٌ مِنْ

کیا اور اپنی دونو پنڈلیاں کھولڈالیں (تو سلیمانؑ نے) فرمایا کہ یہ تو (شیش) محل ہے جسکے فرش میں بھی شیشے

قَوَارِيرَ ۗ قَالَتْ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي وَأَسْلَمْتُ

جڑے ہوئے ہیں (بلقیس) عرض کرنے لگی کہ اے میرے پروردگار بیشک میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا تھا اور اب میں سلیمانؑ

مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰى ع ۱۳ ۳ ۱۸
کے ساتھ تمام عالموں کے پروردگار پر ایمان لاتی ہوں۔ اور بیشک ہم نے قبیلۂ ثمود کی طرف اُنکے

ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ
بھائی صالح کو اس حکم کے ساتھ بھیجا کہ تم اللہ کی عبادت کرو تو یکایک وہ دو

فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ
گروہ ہوکر لڑنے لگے۔ (صالح نے) فرمایا کہ اے میری قوم! تم نیکی سے پہلے بدی

بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ
کی جلدی کیوں کرتے ہو؟ تم اللہ سے اپنے گناہوں کی بخشش کیوں نہیں مانگتے تاکہ تم پر

تُرْحَمُوْنَ ۝ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ۭ قَالَ
رحم کیا جائے؟ اُنہوں نے کہا کہ ہمنے تمکو اور جو تمہارے ساتھ ہیں اُنکو منحوس سمجھا ہے۔ فرمایا تمہاری

طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ۝ وَكَانَ
بدفالی تو اللہ کے ہاتھ ہے بلکہ اصلیت یہ ہے کہ تم لوگوں کا امتحان لیا جارہا ہے۔ اور اُس بستی میں

فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا
نو آدمی تھے جو اُس سرزمین میں فساد کیا کرتے تھے اور اصلاح

يُصْلِحُوْنَ ۝ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ
نہ چاہتے تھے۔ اُن سب نے باہم خدا کی قسم کھا کر کہا کہ ہم رات کے وقت صالح کو اور اُسکے گھر والوں کو

ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا
مار ڈالینگے پھر اُسکے ورثہ سے کہدینگے کہ ہم تو اُن کی ہلاکت کے وقت موجود (ہی) نہ تھے اور ہم

لَصٰدِقُوْنَ ۝ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ
سچے ہیں۔ اور وہ ایک چال چلے اور ہم بھی ایک چال چلے اور اُنکو

لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ
خبر (بھی) نہ ہوئی۔ پس غور کرکے دیکھو کہ اُنکی چال کا نتیجہ کیا ہوا کہ

أَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ أَجْمَعِينَ ○ فَتِلْكَ بُيُوتُهُمْ

ہمنے اُنکو اور اُنکی قوم کو سب ہی کو ہلاک کر دیا۔ اب یہ اُنکے گھر بوجہ اسکے کہ وہ ظلم

خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوا ۗ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ○

کیا کرتے تھے خالی پڑے ہیں بیشک جو لوگ علم رکھتے ہیں اُنکے لیے اِس میں ایک نشانی موجود ہے۔

وَأَنْجَيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ○ وَلُوطًا

اور ہمنے اُن لوگوں کو جو ایمان لائے تھے اور ڈرتے رہتے تھے نجات دی اور لوطؑ کو ہمنے

إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ وَأَنْتُمْ تُبْصِرُونَ ○

بھیجا) جسوقت اُنہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم جانتے بوجھتے بیحیائی کی بات کرتے ہو

أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُونِ النِّسَاءِ ۚ

تم عورتوں کو چھوڑ کر شہوت رانی کے لیے مردوں کے پاس جاتے ہو؟ بات یہ ہے

بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ ○ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ

کہ تم جاہل لوگ ہو۔ پس اُنکی قوم کا جواب اِسکے سوا کچھ نہ تھا

إِلَّا أَنْ قَالُوا أَخْرِجُوا آلَ لُوطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۖ إِنَّهُمْ

کہ اُنہوں نے یہ کہا کہ لوطؑ کے گھر والوں کو اپنی بستی سے نکالدو یہ وہ لوگ ہیں جو

أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ ○ فَأَنْجَيْنٰهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ ۖ

پاکیزہ بنتے ہیں۔ پس ہمنے لوطؑ کو اور اُنکے گھر والونکو نجات دی سوائے اُنکی زوجہ کے

قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِينَ ○ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۖ فَسَاءَ

جسکی نسبت ہمنے اندازہ کر لیا تھا کہ وہ پیچھے رہجانیوالوں میں ہوگی۔ اور اُنکے اوپر ہمنے (پتھروں کا) مینہ برسایا پس جنکو

مَطَرُ الْمُنْذَرِينَ ○ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى[1]

(عذاب سے) ڈرایا گیا تھا اُنکی بارش کیسی بُری (بارش) تھی تم یہ کہو کہ ہر قسم کی تعریف خدا ہی کے لیے زیبا ہے اور اُسکے اُن

عِبَادِهِ الَّذِينَ اصْطَفٰى ۗ ءَآللّٰهُ خَيْرٌ أَمَّا يُشْرِكُونَ ○

بندوں پر جنکو اُسنے برگزیدہ کر لیا سلام ہے۔ آیا اللہ بہتر ہے یا جن چیزوں کو یہ شریک ٹھہراتے ہیں وہ؟

ع ۴ ۱۴ ۱۹

[1] سَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِينَ اصْطَفٰى ۔ تفسیر قمی میں ہے کہ یہ بندے جنکو خدا تعالیٰ نے برگزیدہ کیا آل محمدؐ ہیں علیہم السلام۔ ۱۲۔

الجزء ۲۰ ن والعشر

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ

آیا وہ کون ہے جسنے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا اور تمہارے لیے آسمان

مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا

سے پانی اُتارا پھر ہمنے اُسکے ذریعہ سے بارونق باغات پیدا کر دیے تمہاری تو

كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ

یہ مقدرت نہ تھی کہ تم اِن باغوں کے درختوں کو اُگا لو کیا خدا کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ (ہے تو نہیں)

قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ۝ؕ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ

لیکن یہ لوگ ہیں کہ حق سے منحرف ہوئے جاتے ہیں آیا وہ کون ہے جس نے زمین کو جائے قرار مقرر کیا ہے اور اُسکے

خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ

بیچ بیچ میں دریا بہا دیے ہیں اور اُسکے لیے بڑے بھاری بھاری پہاڑ مقرر کر دیے ہیں اور دو دریاؤں کے مابین ایک پردہ

حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ؕ اَمَّنْ

حائل کر دیا ہے آیا خدا کے ساتھ کوئی اور خدا ہے؟ (ہے تو نہیں) مگر ان میں سے بہت سے نہیں جانتے ۔ آیا وہ کون ہے جو

يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ

مضطر کی دعا قبول کر لیتا ہے جب بھی وہ دعا مانگے اور تکلیف کو رفع کر دیتا ہے اور تم کو زمین کا حاکم

خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝ؕ

مقرر کرتا ہے آیا اللہ کے ساتھ کوئی اور خدا ہے؟ (اُسکی نعمتوں کو) تم کسقدر کم سوچتے ہو

اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ

آیا وہ کون ہے جو خشکی اور تری کی اندھیریوں میں تمہاری راہبری کرتا ہے اور وہ کون ہے جو اپنی رحمت (بارش) سے

بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا

پہلے خوشخبری کے طور پر ہواؤں کو بھیج دیتا ہے کیا خدا کے ساتھ کوئی اور اللہ ہے جن چیزوں کو یہ شریک ٹھہراتے ہیں

يُشْرِكُوْنَ ۝ؕ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ

اللہ کی ذات اُن سب سے بری ہے آیا وہ کون ہے جو خلقت کی ابتدا کرتا ہے پھر اُسکو دوبارہ پھیر دیگا اور وہ کون ہے جو

مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ
آسمان و زمین سے تمکو رزق دیتا ہے کیا خدا کے ساتھ کوئی اور خدا ہے کہدو کہ اگر تم سچے ہو تو
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
اپنی دلیل پیش کرو تم یہ کہدو کہ جو جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں (اُن میں سے)
وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۝
غیب کو سوائے اللہ کے کوئی نہیں جانتا اور اُنکو یہ بھی خبر نہیں کہ وہ مبعوث کب کیے جائینگے ؟
بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۚ
بلکہ اُنکا علم تو آخرت میں جاکر پورا ہوگا بلکہ وہ اُسکی طرف سے شک میں ہیں
بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا ع ۸ ۱
بلکہ اُسکی طرف سے یہ اندھے (قطعاً بے خبر) ہیں اور جو لوگ کافر ہوگئے اُنہوں نے یہ کہا کہ کیا جب ہم
تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ۝ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ
اور ہمارے باپ دادا مٹی ہو جائینگے تو کیا ہم نکالے جائینگے ؟ اِسکا ہم سے اور ہمارے باپ دادا سے
وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝
پہلے ہی سے وعدہ ہوتا چلا آیا یہ تو فقط اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں
قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
تم کہدو کہ تم زمین میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ گنہگاروں کا انجام
الْمُجْرِمِيْنَ ۝ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا
کیا ہوا ؟ اور (اے رسول) تم اُنکے لیے افسوس نہ کرو اور جو چالیں یہ چلتے ہیں اُن سے
يَمْكُرُوْنَ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ
دل تنگ نہو اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ بتاؤ کہ یہ وعدہ (عذاب)
صٰدِقِيْنَ ۝ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ
کب آئیگا ؟ تم کہدو کہ جسکی تم جلدی کر رہے ہو قریب ہے کہ اُسکا کچھ حصہ

الَّذِي تَسْتَعْجِلُونَ ○ وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى

تمہارے پس پشت آ ہی پہنچا ہو اور بیشک تمہارا پروردگار کل آدمیوں پر فضل کرنیوالا

النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ○ وَإِنَّ رَبَّكَ

ہے لیکن ان میں سے اکثر شکر گزار نہیں ہیں اور بیشک تمہارا پروردگار ان سب

لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ ○ وَمَا مِنْ

چیزوں کو جانتا ہے جنکو انکے دل چھپائے ہوئے ہیں اور جنکا وہ اظہار کرتے ہیں اور آسمان و زمین

غَائِبَةٍ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ○ إِنَّ

میں کوئی پوشیدہ چیز ایسی نہیں ہے جو کھلی کتاب میں نہو بیشک

هَٰذَا الْقُرْآنَ يَقُصُّ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَكْثَرَ الَّذِي هُمْ

یہ قرآن بنی اسرائیل سے بہت سی وہ باتیں بیان کرتا ہے جن میں وہ

فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ○ وَإِنَّهُ لَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ ○

اختلاف کیا کرتے ہیں اور یقیناً یہ مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے

إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ○

بیشک تمہارا پروردگار انکے مابین اپنے حکم سے فیصلہ کریگا اور وہ بڑا زبردست (اور) جاننے والا ہے

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۖ إِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِينِ ○ إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ

پس تم اللہ پر بھروسہ کرو یقیناً تم (صاف) صاف حق پر ہو یہ ضروری بات ہے کہ تم

الْمَوْتَىٰ وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاءَ إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ ○

مُردوں کو نہیں سنا سکتے اور نہ بہروں کو آواز سنا سکتے ہو جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر چلدیں

وَمَا أَنْتَ بِهَادِي الْعُمْيِ عَنْ ضَلَالَتِهِمْ ۖ إِنْ تُسْمِعُ إِلَّا

اور نہ تم اندھوں کو گمراہی سے راہِ راست پر لاسکتے ہو تم صرف اُس شخص کو سنا سکتے ہو

مَنْ يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ مُسْلِمُونَ ○ وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ

جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتا ہے کہ ایسے لوگ ماننے والے ہیں اور جب بات اُنپر پوری ہوگی

عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ
تو ہم اُنکے لیے زمین میں سے ایک چلنے والا نکالینگے جو اُنسے باتیں کریگا

اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ۝ وَيَوْمَ نَحْشُرُ
کہ لوگ ہماری آیتوں پر یقین نہیں رکھتے تھے اور اُس دن ہم ہر اُمت

مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝
میں سے ایک ایک ایسے گروہ کو جو ہماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے جمع کرلینگے پھر وہ برابر کھڑے کیے جائینگے

حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا
یہانتک کہ جب سب آجائینگے تو (خدا انسے) فرمائیگا کہ کیا تمنے ہی میری آیتوں کو جھٹلایا تھا حالانکہ ازروئے علم کے

عِلْمًا اَمَّا ذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ
تم انکا احاطہ نہیں کرسکتے تھے یا تم کچھ اور کیا کرتے تھے؟ اور اُنکے برخلاف بوض اسکے کہ وہ

بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ۝ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا
نافرمانی کیا کرتے تھے (ہمارا) قول پورا ہو جائیگا پھر وہ بول نہ سکینگے کیا انھوں نے غور نہیں کیا کہ ہمنے رات اِس لیے

الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ
بنائی ہے کہ وہ اُس میں آرام کریں اور دن کو دکھانیوالا (مقرر کیا ہے) بیشک اُن لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي
اِس میں نشانیاں موجود ہیں اور جس دن صور پھونکا جائیگا تو جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین

السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ
میں ہیں سوائے اُنکے جنکو اللہ چاہے سب ہی دہل جائینگے اور سب ذلیل ہوکر

اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ۝ وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ
اُسکی حضور میں چلے آئینگے اور (اُسوقت) تم پہاڑوں کو دیکھو گے کہ تم تو اُنکو قائم سمجھتے ہوگے حالانکہ

تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْۤ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ؕ اِنَّهٗ
وہ بادل کا سا چلہ چل رہے ہونگے یہ اُس اللہ کی کاریگری ہے جسنے ہر چیز کو مضبوط بنایا ہے بیشک

ع ١٦

الجزء ٢٠

بِمَا تَفْعَلُونَ ۝ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا
تم کرتے ہو اس سے وہ آگاہ ہے جو شخص کوئی نیکی لیکر آئیگا پس اسکے لیے اسکا عوض اس سے بہتر ہے

وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ۝ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ
اور وہ اس دن خوف سے امن میں ہونگے اور جو بدی لیکر آئیگا تو وہ اوندھے منہ

فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ۭ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ
جہنم میں ڈالدیے جائینگے (اور اُنسے یہ کہا جائیگا کہ) جو عمل تم کیا کرتے تھے اُسکے سوا تمکو کسی اور چیز کا بدلا

تَعْمَلُوْنَ ۝ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ
نہیں دیا جاتا ہے؟ سوائے اسکے نہیں ہے کہ مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں اس شہر کے پروردگار کی عبادت کروں

الَّذِيْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَيْءٍ ۡ وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ
جسنے اسکو محترم قرار دیا ہے اور ہر چیز اُسی کی ہے اور مجھکو یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں اطاعت

مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى
کرنیوالوں میں سے ہو جاؤں اور یہ کہ میں قرآن (مجید) کی تلاوت کیا کروں پس جو شخص راہ پر آجائے

فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا
تو سوائے اسکے نہیں کہ وہ اپنی ذات کیلیے راہ پر آئیگا اور جو شخص گمراہ رہے تو تم یہ کہدو کہ میں تو صرف

مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ
ڈرانیوالا ہوں اور تم یہ کہدو کہ سب تعریف اللہ کے لیے زیبا ہے جو عنقریب تمکو اپنی

فَتَعْرِفُوْنَهَا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝
نشانیاں دکھائیگا پھر تم انہیں پہچان لوگے اور جو عمل تم کر رہے ہو تمہارا پروردگار اُن سے بیخبر نہیں ہے

سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانُوْنَ وَثَمَانُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

طٰسٓمٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ نَتْلُوْا

طسم یہ کھلی کتاب کی آیتیں ہیں ہم اُن لوگوں کی خاطر

عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ

جو ایمان رکھتے ہیں تمکو موسےٰ اور فرعون کی سچی خبر پڑھکر سُناتے

يُّؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ

ہیں بیشک فرعون اُس سرزمین میں غالب تھا اور اُسکے باشندوں

اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ

کو اُس نے کئی گروہ بنادیا تھا کہ اُن میں سے ایک گروہ کو کمزور رکھتا تھا اُنکے بیٹوں کو ذبح

اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ

کیا کرتا تھا اور اُنکی بیٹیوں کو زندہ رکھتا تھا بیشک وہ فساد کرنیوالوں میں

الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ

سے تھا اور ہم یہ ارادہ رکھتے ہیں کہ اُن لوگوں پر جو اس سرزمین میں

اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّ

کمزور کردیے گئے ہیں احسان کریں اور اُنکو امام بنائیں اور

نَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۝ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَ

اُنکو ہم وارث قرار دیں اور اُس سرزمین میں اُنکو تسلط عطا کردیں اور اُس کے

نُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا

فرعون کو اور ہامان کو اور اُن دونو کے لشکر کو جو اُنہی میں سے تھے وہ کچھ دکھلادیں جسکا اُنکی

كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ

طرف سے) خوف کیا کرتے تھے اور ہم نے والدۂ موسےٰ کی طرف وحی کی کہ تم

اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ

اِسکو دودھ پلاؤ پھر اگر تم اِسکی بابت خوف کرو تو اِسکو دریا میں ڈالدو

وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ
اور تم نہ (اسکے آئندہ کے متعلق) غم کرو اور نہ (اسکے فراق کا) رنج کرو یقیناً ہم اسکو تمہارے پاس واپس بھی کر دینگے اور اسکو رسولوں
مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ
میں سے بھی قرار دینگے پس فرعون کے کنبہ والوں نے اسکو اٹھا لیا (اور اسکی خبر نہ تھی کہ کیا
عَدُوًّا وَّحَزَنًا ۭ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا
(انکے) لیے دشمنی اور رنج (کا باعث) ہوگا بیشک فرعون اور ہامان اور اُن دونوں کے لشکر
كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ۝ وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ
خطاوار تھے اور زوجۂ فرعون نے کہا کہ (یہ) میری آنکھ کی بھی ٹھنڈک ہوگا اور
لِّيْ وَلَكَ ۭ لَا تَقْتُلُوْهُ ۡ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ
تیری آنکھ کی بھی اسے قتل مت کرو قریب ہے کہ یہ ہمیں نفع دے یا ہم اسکو بیٹا
وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى
بنالیں حالانکہ انکو (آئندہ کی) خبر نہ تھی اور والدۂ موسٰے کا دل بیچین
فٰرِغًا ۭ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰي
ہوگیا اگر ہم اسکے دل کو مضبوط نہ کر دیتے کہ وہ ایمان لانیوالوں میں سے رہے تو قریب تھا کہ
قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ
وہ اسکے متعلق راز کو ضرور کھول دیتی اور اسنے موسٰے کی بہن سے کہا کہ
قُصِّيْهِ ۚ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝
تم اسکے پیچھے پیچھے چلی جا پس وہ دور سے اسکو دیکھتی رہی اور اُن لوگوں کو خبر بھی نہ ہوئی
وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ
اور ہم نے اسپر دائیاں تو پہلے ہی سے حرام کر دی تھیں تو اسنے (جاکر) کہا کہ کیا
اَدُلُّكُمْ عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ
میں تمکو ایسے گھر والے بتلادوں جو تمہاری خاطر اس بچہ کی کفالت کریں اور وہ اس کے

ع ۵

نَاصِحُوْنَ ○ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا

خیرخواہ (بھی) ہوں پس ہمنے موسٰے کو اُنکی والدہ کے پاس لوٹا دیا کہ اُسکی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ

تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

رنج نہ کرے اور وہ یہ بھی جان لے کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے لیکن اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ○ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰٓى اٰتَيْنٰهُ

ناواقف ہیں اور جبکہ موسٰے اپنی پوری قوت کو پہنچے اور خوب ہاتھ پاؤں نکالے تو

حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ○ وَ

ہمنے اُنکو فیصلہ کی قوت اور علم عطا کیا اور ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں اور

دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ

وہ شہر میں ایسے وقت جبکہ اہل شہر غافل تھے پہنچے تو اُس میں دو شخصوں کو

فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۖ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ

لڑتے ہوئے پایا ایک تو اُن کے شیعوں میں سے تھا اور ایک اُن کے

عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِيْ

دشمنوں میں سے پس اُس شخص نے جو اُنکے شیعوں میں سے تھا اُس شخص کے برخلاف

مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ ۖ قَالَ هٰذَا

جو اُنکے دشمنوں میں سے تھا اُنسے استغاثہ کیا پس موسٰے نے اُسکے ایک گھونسہ مارا کہ اُسکا خاتمہ ہوگیا فرمانے لگے کہ یہ

مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ○ قَالَ

(انکا جھگڑا) شیطان کی کارروائی تھی بیشک وہ کھلا دشمن (اور) بھٹکانیوالا ہے عرض کرنے لگے

رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

کہ اے میرے پروردگار میں نے اپنے آپ کو یہاں بے موقع پہنچایا پس تو مجھے بچالے (یعنی دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ کرلے)

الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ

پس خدا نے اُنکو بچالیا بیشک وہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ عرض کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار بسبب اسکے کہ تو نے مجھے نعمت عطا فرمائی ہے

فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ○ فَاَصْبَحَ فِي الْمَدِيْنَةِ

میں کبھی گنہگاروں کا پشت پناہ نہ بنونگا پس موسیٰ نے اُس شہر میں اس حال میں صبح

خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ

کی کہ خوف بھی کھاتے تھے اور آس بھی لگائے ہوئے تھے یکایک دیکھتے کیا ہیں کہ جس شخص نے کل اُن سے مدد مانگی

يَسْتَصْرِخُهٗ ؕ قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓى اِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِيْنٌ ○

تھی (آج بھی) اُنکو پکار رہا ہے موسیٰ نے اُس سے فرمایا کہ تو صریح گمراہ ہے

فَلَمَّآ اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ

پھر جب یہ ارادہ کیا کہ اُس شخص کو جو اُن دونو کا دشمن تھا مغلوب کردیں تو اُس نے یہ کہا کہ

يٰمُوْسٰٓى اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْاَمْسِ ۖ

اے موسیٰ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ مجھے بھی اُسی طرح قتل کردو جس طرح تم نے کل ایک شخص کو قتل کر ڈالا

اِنْ تُرِيْدُ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِي الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ

پس تم یہی چاہتے ہو کہ اس زمین میں بڑے سرکش بنجاؤ اور یہ نہیں چاہتے کہ

اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ○ وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا

اصلاح کرنیوالوں میں سے ہو اور اُس شہر کے انتہائی حصہ سے ایک شخص دوڑتا ہوا

الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ۡ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ

آیا (اور) کہنے لگا کہ اے موسیٰ ارکانِ دولت تمہارے بارے میں یہ مشورہ

بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ○

کر رہے ہیں کہ تمکو قتل کردیں پس تم فوراً نکل جاؤ میں یقیناً تمہارا خیرخواہ ہوں

فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۡ قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ

پس موسیٰ اُس شہر سے ڈرتے ہوئے اور آس لگائے ہوئے نکل کھڑے ہوئے۔ عرض کرنے لگے کہ اے

الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ

میرے پروردگار مجھے ظالم لوگوں کے ہاتھ سے نجات دے اور جب مدین کی طرف ہو لیے تو

ع ۲ ۸ ۵

اور نہ کوئی سواری نہ کوئی خدمتگار (گرتے پڑتے) نشیب و فراز طے کرتے سرحد مدین میں پہنچے۔ اور ایک ایسے درخت کے سایہ میں جا کر دم لیا جسکے نیچے کنواں بھی تھا ۱۲

قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۝ وَلَمَّا

کہنے لگے کہ قریب ہے کہ میرا پروردگار مجھے ٹھیک ٹھیک راستہ بتلا دے اور جب

وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ

مدین کے پانی (کنوئیں) پر پہنچے تو اُس پر آدمیوں کے ایک گروہ کو پانی پلاتے ہوئے

يَسْقُوْنَ ۝ وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ

پایا اور اُن سے نیچے کی طرف دو عورتوں کو اپنی بھیڑ بکریاں روکے ہوئے

تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ۭ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى

پایا اُن سے پوچھا کہ تمہاری کیا حالت ہے اُن دونوں نے کہا کہ جبتک یہ چرواہے

يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ۭ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ۝ فَسَقٰى

(اپنی مویشی کو) نہ ہٹالیں ہم نہیں پلا سکتے اور ہمارے باپ بہت بوڑھے ہیں پس موسےٰ نے

لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّىْ لِمَآ

اُن دونوں کی خاطر سے (اُنکی مویشی کو) پانی پلا دیا پھر سایہ میں چلے گئے اور عرض کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار جو

اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ۝ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا

خیر و خوبی بھی تو میرے لیے نازل کرے میں اُسی کا محتاج ہوں پس اُن دونو عورتوں میں سے ایک

تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۡ قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ

شرمائی ہوئی چال سے اُنکے پاس آئی اور کہنے لگی کہ میرے والد تم کو بُلا رہے ہیں

لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ۭ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ

تاکہ تمنے جو ہماری خاطر سے پانی پلا دیا تھا تمکو اُسکا معاوضہ دیں پس جب موسےٰ اُنکے پاس پہنچے اور

عَلَيْهِ الْقَصَصَ قَالَ لَا تَخَفْ ۡ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ

اُن سے (اپنا) سارا قصہ بیان کیا تو اُنہوں نے فرمایا کہ اب مت ڈرو تمنے ظالموں کے ہاتھ سے نجات

الظّٰلِمِيْنَ ۝ قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۡ

پائی اُن دونوں سے ایک بولی کہ باباجان! اِنکو اجرت پر رکھ لیجیے

إِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْأَمِينُ ۝ قَالَ

کیونکہ بھی آپ اجرت پر رکھیں اُن میں وہی بہتر ہے جو قوی بھی ہو اور امانت دار بھی ہو (شعیبؑ نے) فرمایا کہ

إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أُنْكِحَكَ إِحْدَى ابْنَتَيَّ هَاتَيْنِ عَلَىٰ

میں یہ چاہتا ہوں کہ ان دو لڑکیوں میں سے ایک کا نکاح آپکے ساتھ اس شرط پر کردوں کہ آپ

أَنْ تَأْجُرَنِي ثَمَانِيَ حِجَجٍ فَإِنْ أَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ

آٹھ برس میری خدمت کریں پھر اگر آپ دس پورے کردیں تو یہ آپ کا

عِنْدِكَ ۖ وَمَا أُرِيدُ أَنْ أَشُقَّ عَلَيْكَ ۚ سَتَجِدُنِي

احسان ہے اور میں آپ پر کوئی دباؤ ڈالنا نہیں چاہتا انشاء اللہ

إِنْ شَاءَ اللَّهُ مِنَ الصَّالِحِينَ ۝ قَالَ ذَٰلِكَ بَيْنِي وَ

آپ مجھے صالحین میں سے پائینگے (موسےٰ نے) عرض کی کہ میرے اور آپکے مابین یہ

بَيْنَكَ ۖ أَيَّمَا الْأَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ

معاملہ طے ہوگیا دونو مدتوں میں سے جون سی مدت بھی میں پوری کردوں پھر میرے ذمہ کوئی بار

عَلَيَّ ۖ وَاللَّهُ عَلَىٰ مَا نَقُولُ وَكِيلٌ ۝ فَلَمَّا قَضَىٰ ع ۳

نہوگا اور جو کچھ میری اور آپ کی تقریر ہوئی ہے خدا تعالےٰ اُسکا شاہد ہے پھر جب موسےٰ نے وہ

مُوسَى الْأَجَلَ وَسَارَ بِأَهْلِهِ آنَسَ مِنْ جَانِبِ

مدت پوری کرلی اور اپنے اہل کو لیکر چلے تو اُنکو کوہ طور کی طرف سے ایک

الطُّورِ نَارًا ۖ قَالَ لِأَهْلِهِ امْكُثُوا إِنِّي آنَسْتُ نَارًا

آگ نظر آئی تو اُنہوں نے اپنے اہل سے کہا کہ تم یہیں ٹھہرے رہو میں نے آگ دیکھی ہے

لَعَلِّي آتِيكُمْ مِنْهَا بِخَبَرٍ أَوْ جَذْوَةٍ مِنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ

یا تو میں اُسکے پاس سے تمہارے لیے کوئی خبر لیکر آتا ہوں یا آگ کی چنگاری لاتا ہوں کہ تم

تَصْطَلُونَ ۝ فَلَمَّا أَتَاهَا نُودِيَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ

تاپ سکو پھر جب اُسکے پاس پہنچے تو اُس مبارک جگہ میدان کے دائیں کنارے سے

الجزء ۲۰

الْاَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ يّٰمُوْسٰٓى

ایک درخت سے اُن کو یہ آواز دیگئی کہ اے موسٰے

اِنِّيْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ

میں ہی تو تمام عالموں کا پروردگار اللہ ہوں اور تم اپنا عصا تو ڈالدو

فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ

پھر جب اُسکو اس طرح لہراتا ہوا دیکھا جیسے جیتا جاگتا سانپ تو پیچھے کو پھرے اور پھر کر

يُعَقِّبْ ؕ يٰمُوْسٰٓى اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ ۫ اِنَّكَ مِنَ

نہ دیکھا (پھر آواز دیگئی کہ) اے موسٰے آگے بڑھو اور ڈرو نہیں تم یقیناً امن پانیوالوں

الْاٰمِنِيْنَ ۝ اُسْلُكْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ

میں سے ہو اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال لو کہ وہ بے عیب

بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ۫ وَّاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ

سفید (اور) روشن نکلیگا اور رفع خوف کے لیے اپنے بازو کو اپنی

مِنَ الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ

طرف سکیڑ لو پس تمہارے رب کی طرف سے یہ دو حجتیں فرعون اور اُس کے

وَمَلَا۟ئِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ

درباریوں کے لیے ہیں بیشک وہ نافرمان لوگ ہیں (موسٰے نے) عرض کی کہ اے

اِنِّيْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ۝

میرے پروردگار میں نے اُن میں سے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا پس میں ڈرتا ہوں کہ وہ (قصاص میں) مجھے مار ڈالینگے

وَاَخِيْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِيَ

اور میرے بھائی ہارون میری نسبت زبان میں زیادہ صحیح ہیں پس اُنکو میرے ساتھ مددگار

رِدْاً يُّصَدِّقُنِيْٓ ۫ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ۝ قَالَ

بنا کر بھیج کہ وہ میری تصدیق کریں یقیناً میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلائینگے (خدا تعالےٰ نے) فرمایا کہ

الربع

سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا

عنقریب ہم تمہارے بھائی کے ذریعہ سے تمہارے بازو کو قوی کر دینگے اور تم دونوں کے لیے ایسا غلبہ مقرر کر دینگے

فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚ بِاٰيٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا وَمَنِ

وہ تم تک پہنچ نہ سکینگے اور تم دونو اور جو تم دونو کی پیروی

اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ۝ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا

کرینگے وہ ہماری نشانیوں کے ذریعہ غالب رہینگے پھر جب موسیٰ اُنکے پاس ہماری کھلی نشانیاں لیکر آئے

بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا

تو اُنہوں نے یہ کہدیا کہ یہ تو (خدا پر) افترا کیا ہوا جادو ہی ہے اور ہمنے تو ایسا اپنے پہلے

بِهٰذَا فِىْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّىْٓ اَعْلَمُ

بزرگوں میں سنا ہی نہیں اور موسیٰ نے فرمایا کہ میرا پروردگار اُسے بھی

بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ

خوب واقف ہے جو اُسکے پاس سے ہدایت لیکر آیا ہے اور اُس سے بھی جسکے لیے اُس گھر کا انجام

الدَّارِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَقَالَ فِرْعَوْنُ

نیک ہے یقیناً ظالم لوگ فلاح نہ پائینگے اور فرعون نے کہا کہ

يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِىْ ۚ فَاَوْقِدْ لِىْ

اے ارکان دولت میں تو اپنے سوا کسی کو تمہارا خدا جانتا نہیں پس اے ہامان ہمارے

يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّىْ صَرْحًا لَّعَلِّىْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى

خاطر ایک پزاوا چڑھا پھر ہمارے لیے ایک اونچا محل بنا کہ ہم اُسپر چڑھکر

اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّىْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَاسْتَكْبَرَ

موسیٰ کے خدا کے حالات معلوم کریں حالانکہ ہم تو اسکو جھوٹا ہی جانتے ہیں اور اُسنے اور اُسکے لشکر

هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ

نے اُس سرزمین میں ناحق بڑائی چاہی اور اُنہوں نے یہ گمان کرلیا کہ وہ

ستاروں کو اُسی طرح دیکھ رہا ہوں جسطرح زمین سے دیکھا کرتا تھا۔ اور زمین کی طرف جو دیکھتا ہوں تو اندھیرے کے سوا کچھ سوجھتا ہی نہیں۔ روایت ہیں

إِلَيْنَا لَا يُرْجَعُونَ ۝ فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنَاهُمْ

ہماری طرف پلٹ کر ہی نہ آئینگے پھر ہمنے اُسکو اور اُسکے لشکر کو گرفتار کیا پھر اُن کو سمندر

فِي الْيَمِّ ۖ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ۝ وَ

میں ڈالدیا پس غور کرو کہ نافرمان لوگوں کا انجام کیسا ہوا! اور

جَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَدْعُونَ إِلَى النَّارِ ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ

ہمنے وہ ایسے سردار بنائے جو جہنم کی طرف بُلاتے ہیں اور قیامت کے دن اُنکی

لَا يُنْصَرُونَ ۝ وَأَتْبَعْنَاهُمْ فِي هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۖ

کوئی مدد نہ کیجائیگی اور اِس دنیا میں ہمنے اُنکے پیچھے لعنت لگادی ہے

وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ هُمْ مِنَ الْمَقْبُوحِينَ ۝ وَلَقَدْ آتَيْنَا ع ۱۴

اور قیامت کے دن وہ (نہایت ہی) بُرے حال والوں میں سے ہونگے اور ہمنے موسےٰ کو بعد اسکے

مُوسَى الْكِتَابَ مِنْ بَعْدِ مَا أَهْلَكْنَا الْقُرُونَ

کہ پہلے زمانہ کے لوگوں کو ہلاک کرچکے تھے ایسی کتاب عطا فرمائی جو لوگوں

الْأُولَىٰ بَصَائِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَعَلَّهُمْ

کے لیے بصیرت تھی اور ہدایت اور رحمت تاکہ وہ نصیحت

يَتَذَكَّرُونَ ۝ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ إِذْ قَضَيْنَا

حاصل کریں اور (اے پیغمبر) جسوقت ہمنے موسےٰ کا معاملہ کیا ہے اُسوقت

إِلَىٰ مُوسَى الْأَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشَّاهِدِينَ ۝ وَلٰكِنَّا

تم تو طور کی غربی جانب موجود نہ تھے اور نہ تم (اس معاملہ کے) معائنہ کرنیوالوں میں سے تھے لیکن ہمنے

أَنْشَأْنَا قُرُونًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا

بہت سے گروہ پیدا کیے پھر اُنکے اوپر ایک زمانہ گزر گیا اور نہ تم اہل

كُنْتَ ثَاوِيًا فِي أَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا

مدین ہی میں مقیم تھے کہ اُنکے متعلق اِنکو ہماری نشانیاں پڑھکر سُناتے

لہ بنا دیئے گئے تھے۔ اِس کے بعد حضرت نے اپنے قول کی تائید میں یہ پوری آیت تلاوت فرمائی۔ ۱۲۔

وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ
بلکہ ہم ہی تمکو رسول بنا کر بھیجنے والے تھے اور جسوقت ہمنے آواز دی تھی تم طور کے کسی پہلو میں
اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا
موجود نہ تھے بلکہ یہ (علم تمکو ملنا تو) تمہارے پروردگار کی طرف سے رحمت ہے تاکہ تم اُن لوگوں کو
مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ
ڈراؤ جنکے پاس تم سے پہلے کوئی ڈرانیوالا نہیں آیا ہے تاکہ یہ لوگ نصیحت
يَتَذَكَّرُوْنَ ۝ وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌ بِمَا
حاصل کریں اور ایسا نہو کہ ان پر جو کچھ اُنکے ہاتھوں پہلے ہو چکا ہے اسکے بدلے میں
قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا
کوئی مصیبت آئے تو یہ کہدیں کہ اے ہمارے پروردگار تونے ہمارے پاس کوئی رسول کیوں
رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
نہ بھیجا کہ ہم تیری آیتوں کی پیروی کرتے اور ہم بھی ایمان لانیوالوں میں سے ہوجاتے
فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ
پھر جب ہمارے پاس سے اُنکے پاس حق پہنچا تو اُنہوں نے یہ کہدیا کہ انکو ویسی ہی چیزیں
مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ۭ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ
کیوں نہ دی گئیں جیسی موسےٰ کو دیگئی تھیں تو کیا لوگوں نے اُنکا جو موسےٰ کو دیگئی تھیں پہلے سے
مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۡ وَقَالُوْٓا
انکار نہیں کیا تھا انہوں نے تو یہ کہا تھا کہ یہ دونو جادوگر ہیں اور ایک دوسرے کے مددگار ہیں اور یہ کہدیا تھا
اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ۝ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ
کہ ہم تو ہر ایک کے منکر ہیں تم یہ کہدو کہ اگر تم سچے ہو تو تم اللہ کے پاس سے کوئی ایسی کتاب لاؤ
هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝
جو (توریت و قرآن) دونو سے زیادہ ہدایت کرنیوالی ہو کہ میں اُس کی پیروی کرنے لگونگا

فَإِنْ لَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكَ فَاعْلَمْ أَنَّمَا يَتَّبِعُونَ

پس اگر وہ تمہاری (بات) نہ مانیں تو یہ سمجھ لو کہ وہ اپنی خواہشوں کی پیروی

أَهْوَاءَهُمْ ۚ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوَاهُ بِغَيْرِ

کرتے ہیں اور اُس سے زیادہ گمراہ کون ہوگا جو خدا کی ہدایت کو چھوڑ کر اپنی

هُدًى مِّنَ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝

خواہش کی پیروی کرے بیشک خدا ایسے نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ۝

اور ہمنے اُنکے واسطے یقیناً ایک قول کو دوسرے (قول) سے ملا رکھا ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ مِن قَبْلِهِ هُم بِهِ يُؤْمِنُونَ ۝

وہ لوگ جنکو ہمنے اس سے پہلے سے کتاب دی تھی وہ اِس پر ایمان رکھتے ہیں

وَإِذَا يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ قَالُوا آمَنَّا بِهِ إِنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّنَا

اور جب اُنکے سامنے کلام خدا پڑھا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم اسپر ایمان لائے بیشک یہ ہمارے

إِنَّا كُنَّا مِن قَبْلِهِ مُسْلِمِينَ ۝ أُولَٰئِكَ يُؤْتَوْنَ

پروردگار کی طرف سے برحق ہے ہم پہلے ہی اسکے تسلیم کرنیوالے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جنکو بوجہ اسکے کہ

أَجْرَهُم مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوا وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ

اُنہوں نے صبر کیا دُہرا اجر دیا جائیگا اور یہی بدی کو نیکی کے ذریعہ سے دفع کرتے

السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ۝ وَإِذَا سَمِعُوا

رہتے ہیں اور جو کچھ ہمنے انکو دیا ہے اُسمیں سے (ہماری راہ میں) خرچ کرتے رہتے ہیں اور جسوقت کوئی

اللَّغْوَ أَعْرَضُوا عَنْهُ وَقَالُوا لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ

لغو بات سنتے ہیں تو اُس سے منہ پھیر لیتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہمارے اعمال ہمارے لیے ہیں اور تمہارے

أَعْمَالُكُمْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجَاهِلِينَ ۝

اعمال تمہارے لیے ہیں تم پر سلام ہو ہم جاہلوں کے خواستگار نہیں ہیں

ع ۵ ۸ نصف

الجزء ۲۰

اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ

یقیناً جسکو تم چاہو راہ پر نہیں لا سکتے لیکن اللہ جس کو چاہے راہ

مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ○ وَقَالُوْٓا

پر لے آئے اور وہ راہ پر آنیوالوں سے خوب واقف ہے۔ اور اُنہوں نے یہ

اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ؕ

کہدیا کہ اگر ہم آپکے ساتھ ہدایت کے پیرو ہو جائیں تو ہم اپنے ملک سے اُچک لیے جائیں

اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ

کیا ہمنے اُنکو ایسے امن دینے والے حرم میں جگہ نہیں دی جسکی جانب ہماری طرف سے رزق کے طور پر

كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

ہر چیز کے پھل (بکثرت) لائے جاتے ہیں لیکن اُن میں سے بہت سے کچھ

لَا يَعْلَمُوْنَ ○ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۭ بَطِرَتْ

نہیں جانتے اور ہمنے کتنی ہی بستیاں ہلاک کر دیں جو (آسایش سے) اترا کر اپنی بسر

مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ

کرتی تھیں اب یہ اُن کے مکانات اُنکے بعد بہت ہی کم

بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ؕ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ○ وَمَا

آباد کیے گئے اور (اصلی) وارث ہم ہی ہیں اور تمہارا

كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا

پروردگار بستیوں کا برباد کرنیوالا نہیں ہے جب تک کہ اُنکے صدر مقام میں کسی رسول کو مبعوث

رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي

نہ کرے جو اُنکو ہماری آیتیں پڑھکر سُنائے اور ہم بستیوں کے برباد کرنیوالے

الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ○ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ

نہیں ہیں سوائے اُس صورت کے کہ اُنکے باشندے نافرمان ہوں اور تم لوگوں کو جو چیز بھی دیگئی ہے

اسلام دونگا اور اہل روم کو بھی۔ اس پر قریش بہت کچھ بپھرے۔ اور بہت ہی اینٹھے۔ اور حضرت ابوطالب سے کہا کہ آپ کے بھتیجے صاحب کیا کہتے ہیں۔ واللہ اگر فارس و روم

مِّن شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِينَتُهَا ۚ وَمَا عِندَ اللَّهِ
وہ زندگانی دنیا کا سرمایہ اور اسکی زینت ہے اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے
خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ أَفَمَن وَعَدْنَاهُ ع ۶
(سب سے) بہتر اور زیادہ باقی رہنے والا ہے کیا تم اتنی سمجھ نہیں رکھتے؟ کیا وہ شخص جس سے ہم نے ایک اچھا وعدہ کیا ہے
وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيهِ كَمَن مَّتَّعْنَاهُ مَتَاعَ
اور اسکو وہ وعدہ ملنے والا بھی ہے اُس شخص کے برابر ہوسکتا ہے جسکو ہمنے زندگانی دنیا کے
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِينَ ۝
سرمایہ سے نفع پہنچایا ہے پھر وہ قیامت کے دن (عذاب کے لیے) حاضر کیا جائیگا
وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِينَ
اور جس دن خدا اُنکو آواز دیگا پھر فرمائیگا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں جن پر
كُنتُمْ تَزْعُمُونَ ۝ قَالَ الَّذِينَ حَقَّ عَلَيْهِمُ
تم گھمنڈ کیا کرتے تھے اُس وقت وہ لوگ جن پر ہمارا قول ثابت ہو جائیگا
الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَغْوَيْنَا ۖ أَغْوَيْنٰهُمْ
یہ عرض کرینگے کہ اے ہمارے پروردگار یہی ہیں وہ جنکو ہم نے بہکایا ہمنے انکو اسی طرح بہکایا
كَمَا غَوَيْنَا ۖ تَبَرَّأْنَا إِلَيْكَ ۖ مَا كَانُوا إِيَّانَا
جسطرح ہم خود بہک گئے تھے اب ہم تیری حضور میں اُنسے تبرا کرتے ہیں یہ ہماری پرستش نہیں
يَعْبُدُونَ ۝ وَقِيلَ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ
کیا کرتے تھے اور اُن سے کہا جائیگا کہ تم اپنے شریکوں کو پکار لو
فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَرَأَوُا الْعَذَابَ ۚ
پس وہ اُنکو پکاریںگے اور وہ اُنکو کوئی جواب نہ دینگے اور وہ عذاب کو دیکھینگے (اور یہ تمنا کرینگے کہ)
لَوْ أَنَّهُمْ كَانُوا يَهْتَدُونَ ۝ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ
کاش وہ ہدایت یافتہ ہوتے اور جسدن خدا اُنکو آواز دیگا

فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ○ فَعَمِيَتْ
پھر یہ فرمائیگا کہ تمنے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھا؟ پھر اُس دن اُن سے
عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ○
کوئی جواب نہ بن پڑیگا (اور) وہ ایک دوسرے سے سوال بھی نہ کر سکینگے
فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ
پھر جو شخص توبہ کریگا اور ایمان لے آئیگا اور نیک عمل کریگا تو امید ہے کہ
يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ○ وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ
وہ فلاح پانیوالوں میں سے ہوجائے اور تمہارا پروردگار جو کچھ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے
وَيَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى
اور منتخب کرتا ہے بندوں کو (انتخاب کا) کوئی اختیار نہیں ہے جن چیزوں کو یہ شریک ٹھہراتے ہیں
عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ
اللہ اُن سے منزہ اور برتر ہے اور تمہارا پروردگار اُن چیزوں کو بھی جانتا ہے جنکو اُنکے سینے چھپائے ہوئے ہیں
وَمَا يُعْلِنُوْنَ ○ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ
اور اُنکو (بھی) جنکو وہ ظاہر کرتے ہیں اور وہی اللہ ہے جسکے سوا کوئی اللہ نہیں ہے اوّل و
الْحَمْدُ فِى الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ
آخر ہر قسم کی تعریف اُسی کے لیے زیبا ہے اور اُسی کو حکم (کا حق) حاصل ہے اور تم سب کی بازگشت
تُرْجَعُوْنَ ○ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ
اُسی کی طرف ہوگی (اے رسُول) تم یہ کہدو کہ آیا تمنے غور کیا کہ اگر اللہ قیامت کے دن تک ہمیشہ برابر
الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ
رات ہی کو مسلط کردیتا تو اللہ کے سوا اور کونسا معبود ہے جو تمہارے
يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ○ قُلْ اَرَءَيْتُمْ
لیے روشنی لے آتا کیا تم (توجہ سے) نہیں سنتے؟ تم یہ کہدو کیا تمنے سوچا کہ

إِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
اگر اللہ قیامت کے دن تک کے لیے تم پر برابر دن ہی رکھتا تو اللہ کے سوا
مَنْ إِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَأْتِيكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُونَ فِيهِ ط
کون ایسا معبود ہے جو تمہارے لیے رات کو لے آتا جس میں تم آرام کرتے
أَفَلَا تُبْصِرُونَ ○ وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ
کیا اسے تم (دیدۂ دل سے) نہیں دیکھتے اور اُسی نے اپنی رحمت سے تمہارے لیے رات (بھی)
اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ
بنائی اور دن (بھی) تاکہ اُس (رات) میں تم آرام کرو اور اس لیے کہ (دن میں) تم اُسکے فضل
فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ○ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ
کے خواستگار ہو اور اس لیے کہ (عام طور پر) تم شکر گزار بنو اور جسدن خدا تعالےٰ اُنکو بلائیگا پھر دریافت فرمائیگا
أَيْنَ شُرَكَاءِيَ الَّذِينَ كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ○ وَنَزَعْنَا
کہ وہ میرے شریک کہاں ہیں جنکی نسبت تم گمان کیا کرتے تھے؟ اور ہم ہر ہر اُمت
مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا فَقُلْنَا هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ
میں سے ایک ایک گواہ کو الگ کرینگے پھر ہم (اُنسے) کہینگے کہ تم اپنی اپنی دلیل پیش کرو
فَعَلِمُوا أَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوا
اُسوقت وہ سمجھ لینگے کہ حق تو اللہ ہی کا ہے اور جو جھوٹی باتیں وہ بنایا کرتے تھے وہ سب اُنسے
يَفْتَرُونَ ○ ع إِنَّ قَارُونَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوسٰى
جاتی رہیں بیشک قارون موسےٰ کی قوم میں سے تھا
فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ص وَآتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوزِ مَا إِنَّ
پھر وہ اُنسے باغی ہو گیا تھا اور ہمنے اُسکو خزانوں کی اتنی مقدار دی تھی کہ
مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوءُ بِالْعُصْبَةِ أُولِي الْقُوَّةِ ق إِذْ قَالَ
اُنکی کنجیاں بڑے قوت والے کثیر گروہ پر بھی گراں گزرتی تھیں جس وقت اُسکی قوم نے

لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ۝

اُس سے کہا کہ تو اِترا نہیں یقیناً اللہ اِترانیوالوں کو دوست نہیں رکھتا

وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ

اور جو کچھ اللہ نے تجھکو دے رکھا ہے تو اُسکے ذریعہ سے دارِ آخرت کا طلبگار ہو اور اپنے دنیا کے

نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ

حصہ کو فراموش نہ کر اور جس طرح اللہ نے تیرے ساتھ احسان کیا ہے تو بھی

اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِى الْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

(اللہ کے بندوں کے ساتھ) احسان کر اور زمین میں فساد کا خواستگار نہو بیشک اللہ

لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى

فساد کرنیوالوں کو دوست نہیں رکھتا اُسنے کہا کہ یہ جو کچھ مجھے دیا گیا یہ تو اُس علم کے ذریعہ سے

عِلْمٍ عِنْدِىْ ؕ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ

دیا گیا ہے جو میرے پاس ہے کیا وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ اللہ نے اُس سے پہلے بہت سے

مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً

گروہوں کو جو اُس سے قوت میں بھی زیادہ تھے اور گروہ میں بھی ہلاک کر دیا تھا

وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ؕ وَلَا يُسْـَٔلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

اور پہلے گناہگاروں سے اِنکے گناہوں کی بابت سوال نہ کیا جائیگا

فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِىْ زِيْنَتِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ

پھر وہ اپنی قوم کے سامنے بناؤ سنگار کر کے نکلا تو وہ لوگ جو زندگانی دنیا

يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ

کے طلبگار ہیں کہنے لگے کہ کاش ہمارے لیے بھی ایسا کچھ ہوتا

مَآ اُوْتِىَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝

جیسا کچھ قارون کو دیا گیا ہے یقیناً وہ بڑا صاحب نصیب ہے

وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ
اور اُن لوگوں نے جنکو علم دیا گیا تھا یہ کہا کہ تمہارا بُرا ہو اُس شخص کے لیے جو
لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا
ایمان لائے اور نیک عمل کرے اللہ کی طرف سے جو معاوضہ ملیگا وہ بہتہی اچھا ہے اور یہ بات
الصّٰبِرُوْنَ ۝ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ فَمَا
سوائے صبر کرنیوالوں کے کسی اور کو نہیں سکھائی جاتی۔ پھر ہمنے قارون کو اور اُسکے مکان کو زمین میں دھسا دیا پس نہ
كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ وَمَا
اُسکا کوئی گروہ تھا جو اللہ کے عذاب سے بچانے میں اُسکی نصرت کرتا اور نہ وہ خود ہی
كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ۝ وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا
اپنے آپ کو بچا سکا اور وہ لوگ جو کل اُسکی منزلت کی خواستگاری
مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ
کر رہے تھے یہ کہنے لگے ہے ہے یہ تو اللہ ہی ہے جو اپنے بندوں میں سے جسکے لیے
الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ
چاہتا ہے رزق میں وسعت کر دیتا ہے اور (جسکے لیے چاہتا ہے) تنگی کر دیتا ہے اگر
اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ۭ وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ
اللہ نے ہمپر احسان نہ کیا ہوتا تو ہمیں بھی دھسا دیتا ارے غضب کا فر تو (کہیں)
الْكٰفِرُوْنَ ۝ تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا
پناہ ہی نہیں پاتے یہ آخرت کا گھر ہم اُن لوگوں کے لیے مقرر کرتے ہیں
لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۭ
جو نہ زمین میں تکبّر چاہتے ہیں اور نہ فساد
وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ
اور انجام نیک پرہیزگاروں ہی کے لیے ہے جو ایک (خاص) نیکی لائیگا پس (اُسکا بدلا)

خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى

اُسکے لیے اُس سے بہتر ہوگا اور جو ایک (خاص) بدی لائیگا تو اُن لوگوں کو جو بدی کیا کرتے تھے صرف ویسا ہی بدلا

الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا

دیا جائیگا جیسے کہ وہ عمل کیا کرتے

يَعْمَلُوْنَ ○ اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ

تھے بالتحقیق وہ جسنے تمپر قرآن کو واجب کیا ہے

لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ

تمکو تمہارے ٹھکانے کی طرف لوٹانیوالا ہے تم یہ کہدو کہ میرا پروردگار اُس سے بھی خوب واقف ہے جو

بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ وَمَا كُنْتَ

ہدایت کو لیکر آیا اور اُس سے بھی (آگاہ ہے) جو صریح گمراہی میں ہے اور تمکو تو کوئی یہ امید

تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ

نہ تھی کہ تم پر کوئی کتاب اُتاری جائیگی مگر تمہارے پروردگار کی طرف سے

رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ○ وَلَا يَصُدُّنَّكَ

رحمت ہوئی پس تم ہرگز کافروں کے پشت پناہ نہونا اور تمکو آیات سے بعد

عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى

اسکے کہ وہ تمپر نازل کی گئیں ہرگز کوئی چیز نہ روکے اور تم (لوگوں کو) اپنے پروردگار کی طرف

رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○ وَلَا تَدْعُ

بلاؤ اور تم ہرگز مشرکوں میں سے نہونا اور اللہ کے ساتھ

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ كُلُّ شَيْءٍ

کسی دوسرے کو اللہ نہ بنالو اُسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے ہر چیز سوائے وجہ اللہ

هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○

کے ہلاک ہونیوالی ہے (اصلی) حکم اُسی کا ہے اور اُسی کی طرف تم سب کی بازگشت ہوگی

لیجائیں تو ضرور ایک وقت ایسا آئیگا کہ ہر شے فنا ہو جائیگی مگر ذات خدا جو ازلی و ابدی ہے اور نور محمدی جو ازلی تو نہیں کیونکہ مخلوق ہے مگر ابدی ضرور ہے کہ بوجہ اطاعت کاملہ دوام و ابد حاصل کر چکا ہے اور فنا سے محفوظ ہے۔ باقی رہینگے ۱۲

سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّسِتُّوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓمّٓ ○ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا

الٓمّٓ کیا آدمیوں نے یہ گمان کرلیا ہے کہ وہ اتنا کہنے سے چھوڑ دیے جائینگے کہ ہم

اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ○ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ

ایمان لے آئے اور اُنکی آزمائش نہ کیجائیگی اور بیشک ہمنے اُنسے پہلوں کو بھی

مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ

آزمایا تھا پس اللہ ضرور اُنکو بھی جان لیگا جو سچے ہیں اور وہ

لَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ○ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

جھوٹوں کو بھی ضرور جان لیگا کیا اُن لوگوں نے جو بدیاں کیا کرتے ہیں یہ گمان

السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ○

کرلیا ہے کہ وہ ہم سے سبقت لے جائینگے یہ کیسے بُرے حکم لگاتے ہیں

مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ

جسکو خدا کی حضور میں جانیکی امید ہے تو خدا کا مقرر کیا ہوا وقت ضرور آنیوالا ہے

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا

اور وہ سُننے والا (اور) جاننے والا ہے اور جو شخص جہاد کریگا سوائے اسکے نہیں ہے

يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ○

کہ اپنی ہی ذات کے نفع کے لیے جہاد کریگا اس میں شک ہی نہیں کہ خدا تعالےٰ تمام اہل عالم سے بے پروا ہے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ

اور جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے ہم ضرور اُنکی بدیوں کو اُنسے

سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○
دور کر دینگے اور جو عمل وہ کیا کرتے تھے ہم اُنکو ضرور اُس سے بہتر بدلا دینگے

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ[1] حُسْنًا ؕ وَاِنْ
اور ہمنے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیکی کرنیکا حکم دیا ہے اور (یہ بھی کہ) اگر

جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ[2] بِهٖ عِلْمٌ فَلَا
وہ دونو تجھ پر زبردستی کریں کہ تو میرا شریک ایسی چیز کو قرار دے جسکا تجھے علم نہو تو تو اُن دونو

تُطِعْهُمَا ؕ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ
کی اطاعت نہ کر تم سب کی بازگشت میری ہی طرف ہوگی پھر جو جو عمل تم کیا کرتے تھے ہم اُس سے

تَعْمَلُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
تمکو آگاہ کر دینگے اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے نیک عمل کیے ہم ضرور

لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ○ وَمِنَ النَّاسِ
اُنکو صالحین میں داخل کرینگے اور آدمیوں میں سے

مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ[3] جَعَلَ
کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو (منہ سے تو) یہ کہتا ہے کہ ہم اللہ پر ایمان لے آئے پھر جب دین خدا کی راہ

فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ
میں اُسکو کوئی تکلیف دیجاتی ہے تو وہ آدمیونکی تکلیف دہی کو عذاب خدا کی برابر قرار دے لیتا ہے اور جو وقت تمہارے پروردگار کی

رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ
طرف سے مدد پہنچ جائیگی تو ضرور وہ سب کے سب یہ کہینگے کہ ہم تو آپ ہی کے ساتھ تھے کیا اللہ اہل عالم کے دلوں میں

بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ○ وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ
جو کچھ ہے اُس سے آگاہ نہیں ہے؟ اور ضرور اللہ اُنکو بھی جان لیگا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ○ وَقَالَ
جو ایمان لے آئے اور وہ منافقوں کو بھی ضرور جان لیگا اور کافروں نے

[1] بِوَالِدَيْهِ تفسیر قمی میں ہے کہ اس سے مراد ہر شخص کے جسمانی ماں باپ ہیں جن سے کہ وہ پیدا ہوا ۱۲ [2] مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ تفسیر

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ

ایمان لانیوالوں سے یہ کہا کہ تم ہمارے راستہ کی پیروی کرو اور تمہارے گناہوں کا

خَطٰيٰكُمْ ؕ وَمَا هُمْ بِحَامِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ

بوجھ ہم اُٹھا لینگے حالانکہ وہ اُنکے گناہوں کا بوجھ کچھ بھی نہیں اُٹھائینگے

اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَ

وہ یقیناً جھوٹے ہیں اور ضرور وہ اپنے بوجھ اُٹھائینگے اور

اَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ز وَلَيُسْئَلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اپنے بوجھوں کے ساتھ اور بوجھ بھی اور جو جو افترا پردازیاں وہ کیا کرتے ہیں قیامت کے دن

عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا

اُنسے اُنکے متعلق ضرور باز پرس کی جائیگی اور یقیناً ہمنے نوحؑ کو اُن کی قوم کی طرف

اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ

بھیجا پس وہ اُن میں پچاس برس کم ہزار سال رہے

عَامًا ؕ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝

پھر اُن (اُمت کے) لوگوں کو طوفان نے آلیا جس حال میں کہ وہ نافرمان تھے

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً

اور ہمنے نوحؑ کو اور کشتی والوں کو نجات دی اور اُس کشتی کو تمام اہل عالم کے لیے

لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ

ایک نشانی قرار دیا اور ابراہیم کو (بھیجا) جبکہ اُنہوں نے اپنی قوم سے یہ کہا کہ

اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ

تم اللہ کی عبادت کرو اور اُس سے ڈرو اگر تم علم رکھتے ہو تو یہ تمہارے لیے

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ

(سب سے) بہتر ہے سواے اِسکے نہیں ہے کہ تم اللہ کو چھوڑ کر

وہ خم ٹھوکا کرتے تھے ۲ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا الاکمال میں جناب امام محمد باقر سے منقول ہے کہ اس

دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ
بتوں کو پوجتے ہو اور جھوٹی باتیں (خود بخود) بناتے ہو بالتحقیق وہ جنکی تم
تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا
خدا کے سوا پرستش کرتے ہو تمہارے کسی طرح کے رزق کا اختیار نہیں رکھتے
فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا
پس اللہ ہی سے رزق طلب کرو اور اُسی کی پرستش کرو اور اُسی کا شکر ادا کرو
لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ وَاِنْ تُكَذِّبُوْا[1] فَقَدْ
اُسی کی طرف تمہاری بازگشت ہوگی اور اگر تم جھٹلاؤ تو تم سے پہلی اُمتیں بھی
كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ
جھٹلا چکی ہیں اور رسول کے ذمہ سوائے کھولکر
اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ○ اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ
پہنچا دینے کے اور کچھ ہے ہی نہیں کیا اُنہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ خلق کی ابتدا کیونکر
الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ○
کرتا ہے پھر اُسکو دُہراتا ہے بیشک یہ بات اللہ کے لیے آسان ہے
قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ
تم یہ کہدو کہ تم زمین میں چلو پھرو پھر غور سے دیکھو کہ اللہ نے خلق کو شروع
الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
کیونکر کیا پھر وہی اللہ اُنکی آخری اُٹھان بھی اُٹھائیگا بیشک اللہ ہر چیز پر
عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ○ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ
(پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے جسکو وہ چاہیگا عذاب دیگا اور جسپر چاہیگا
مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ○ وَمَآ اَنْتُمْ
رحمت فرمائیگا اور تم (سب) اُسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے اور تم خدا کو

[1] وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ... تا ... وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ۔ تفسیر قمی میں ہے کہ جہاں سے آیت

اور ماتحت افسر صاحب کو ۱۲ ۳ لوط حضرت لوط حضرت ابراہیم کے خالہ زاد بھائی تھے (ان کے قصہ کے لیے دیکھو صفحہ ۳۶۶ و ۳۶۷ کے کل نوٹ) ۱۲

بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ز وَمَا لَكُمْ

نہ زمین میں تھکانیوالے ہو اور نہ آسمان میں اور خدایتعالےٰ کے سوا

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ ع وَالَّذِيْنَ

نہ تمہارا کوئی کارساز ہوگا اور نہ مددگار اور جن لوگوں نے

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا

اللہ کی آیتوں کا اور اُس کی حضور میں جانیکا انکار کیا ہے وہی تو میری رحمت سے

مِنْ رَّحْمَتِيْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

مایوس ہوئے ہیں اور اُنہی کے لیے دردناک عذاب ہے

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ

پس ابراہیمؑ کی قوم کا جواب اِسکے سوا کچھ نہ تھا کہ اُنہوں نے یہ کہا کہ اِنکو قتل کردو

اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ط اِنَّ فِيْ

یا اِنکو جلا دو پس اللہ نے اُنکو آتش (نمرود) سے نجات دی بیشک اُن لوگوں کے لیے

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَقَالَ اِنَّمَا

جو ایمان رکھتے ہیں اس میں نشانیاں موجود ہیں اور اُنہوں نے یہ فرمایا کہ

اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا لا مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ

سوائے اِسکے نہیں ہے کہ تمنے اللہ کو چھوڑ کر زندگانی دنیا میں آپس کی محبت کے لحاظ سے بتوں کو

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ج ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ

مان لیا ہے پھر قیامت کے دن تم ایک دوسرے کو

بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ز وَّمَاْوٰىكُمُ

کافر بناؤ گے اور تم میں کا ایک دوسرے پر لعنت کریگا اور تمہارا ٹھکانا

النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ لازق فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ م

جہنم ہوگا اور تمہارا کوئی مددگار نہوگا پس لوط ابراہیمؑ پر ایمان لائے

وقف لازم

تفسیر صافی میں ہے کہ اسکا مطلب یہ ہے کہ کفار سے خطاب ہے کہ تم ایک دوسرے پر لعنت کرتے ہوگے یا جن بتوں کی تم پوجا کرتے تھے اُنکو

وَقَالَ إِنِّي مُهَاجِرٌ إِلَىٰ رَبِّي ۖ إِنَّهُ هُوَ الْعَزِيزُ

اور کہنے لگے کہ میں اپنے پروردگار کی طرف ہجرت کرکے جانیوالا ہوں۔ بیشک وہ زبردست (اور)

الْحَكِيمُ ○ وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَٰقَ وَيَعْقُوبَ وَ

حکمت والا ہے اور ہمنے اُنکو اسحٰق اور یعقوب عطا کیے اور اُنکی

جَعَلْنَا فِي ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ وَآتَيْنَاهُ

ذریت میں نبوت اور کتاب • قرار دیدی اور اُنکا اجر اُنکو

أَجْرَهُ فِي الدُّنْيَا ۖ وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ ○

دنیا میں (بھی) دیا اور آخرت میں (بھی) وہ صالحین میں سے ہونگے

وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ

اور لوط کو (بھیجا) جسوقت کہ اُنہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ کیا تم وہ

الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ أَحَدٍ مِّنَ

بیحیائی کی بات کرتے ہو جو تم سے پہلے ساری خدائی میں کسی نے

الْعَالَمِينَ ○ أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ وَ

نہیں کی؟ کیا تم مردوں کے پاس جاتے ہو اور (اپنی

تَقْطَعُونَ السَّبِيلَ ۖ وَتَأْتُونَ فِي نَادِيكُمُ

بیہودگی کے سبب) راستہ بھی روکتے ہو اور اپنے جلسوں میں بدکاری

الْمُنكَرَ ۖ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَن قَالُوا

کرتے ہو تو اُنکی قوم کے پاس سوائے اِسکے اور کوئی جواب نہ تھا کہ اُنہوں نے یہ

ائْتِنَا بِعَذَابِ اللَّهِ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ○

کہدیا کہ اگر تم سچوں میں سے ہو تو ہم پر خدا کا عذاب لے آؤ

قَالَ رَبِّ انصُرْنِي عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِينَ ○

(لوط نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار اِن مفسد لوگوں کے برخلاف میری مدد فرما۔

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ
اور جسوقت ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) ابراہیمؑ کے پاس خوشخبری لیکر آئے

قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ اِنَّ
تو اُنہوں نے کہا کہ ہم اِس بستی کے رہنے والوں کو ہلاک کرنیوالے ہیں بیشک

اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝ قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ۭ
اِسکے باشندے نافرمان ہیں (ابراہیمؑ نے) فرمایا کہ اس میں تو لوطؑ بھی ہیں

قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ۡ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ
اُن (فرشتوں) نے کہا کہ جو (جو) اسمیں ہیں ہم اُنسے خوب واقف ہیں ہم ضرور اُنکو اور اُنکے کنبہ والوں کو

اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۡ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝ وَلَمَّآ اَنْ
نجات دینگے سوائے اُنکی زوجہ کے جو پیچھے رہجانیوالوں میں سے ہوگی اور جس وقت (وہی)

جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ
ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) لوطؑ کے پاس آئے اُنکو اُنکا آنا ناگوار ہوا اور اُنکے بارے میں اپنے آپکو

ذَرْعًا وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ۡ اِنَّا مُنَجُّوْكَ
کوتاہ دست پایا تو اُنہوں نے کہا کہ نہ تم ڈرو اور نہ رنجیدہ ہو ہم تمکو اور تمہارے کنبہ والوں کو

وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝
نجات دینے والے ہیں سوائے تمہاری زوجہ کے جو پیچھے رہجانیوالوں میں سے ہوگی

اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا
بیشک ہم اِس بستی کے رہنے والوں پر بوجہ اِسکے کہ نافرمانی کیا کرتے ہیں

مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝ وَلَقَدْ
آسمان سے عذاب نازل کرنیوالے ہیں اور یقیناً

تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝
ہمنے اُن لوگوں کے لیے جو عقل رکھتے ہیں اُسی بستی کو ایک نشانی بنا کر چھوڑ دیا ہے

الم ۲۰

وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا فَقَالَ يَا قَوْمِ
اور مدین کی طرف اُن کے بھائی شعیبؑ کو (بھیجا) پس اُنہوں نے یہ فرمایا کہ اے میری قوم
اعْبُدُوا اللَّهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْآخِرَ وَلَا تَعْثَوْا
تم اللہ کی عبادت کرو اور آخرت کے دن کے امیدوار رہو اور زمین میں
فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝ فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَتْهُمُ
فساد نہ کرتے پھرو پس اُنہوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا پھر اُنکو زلزلہ
الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ ۝
نے آلیا پھر وہ اپنے (اپنے) گھروں میں بیٹھے کے بیٹھے رہگئے
وَعَادًا وَثَمُودَا وَقَدْ تَبَيَّنَ لَكُمْ مِنْ مَسَاكِنِهِمْ ۖ
اور قوم عاد اور ثمود کو (بھی ہلاک کیا) جنکے مکانات کے نشان تو تمپر ظاہر ہو ہی چکے ہیں
وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ
اور شیطان نے اُنکے اعمال کو اُن کی نظروں میں زینت دیدیا تھا پس اُنکو راہِ راست
عَنِ السَّبِيلِ وَكَانُوا مُسْتَبْصِرِينَ ۝ وَقَارُونَ
سے روک دیا تھا حالانکہ وہ سوجھ بوجھ والے تھے اور قارون
وَفِرْعَوْنَ وَهَامَانَ ۖ وَلَقَدْ جَاءَهُمْ مُوسَىٰ
اور فرعون اور ہامان کو (بھی ہلاک کیا) اور موسےٰ ضرور اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر
بِالْبَيِّنَاتِ فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ وَمَا كَانُوا
آئے تھے پھر اُنہوں نے اُس سرزمین میں بڑائی چاہی اور اُنکی کچھ
سَابِقِينَ ۝ فَكُلًّا أَخَذْنَا بِذَنْبِهِ ۖ فَمِنْهُمْ
پیش نہ چلی پھر ہمنے ہر ایک کو اُسکے گناہ کے عوض میں گرفتار کیا پس اُن میں سے
مَنْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۖ وَمِنْهُمْ مَنْ
کوئی تو ایسا تھا کہ ہمنے اُسپر پتھراؤ بھیجا اور کوئی ایسا تھا کہ

اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ

اُسکو چیخ نے آلیا اور کوئی ایسا تھا کہ اُسکو ہمنے زمین میں

الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ

دھسا دیا اور کوئی ایسا تھا کہ اُسکو ہمنے ڈبو دیا اور اللہ کا یہ کام نہیں ہے

لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ○

کہ اُنپر ظلم کرے لیکن وہ اپنی جانوں پر خود ہی ظلم کیا کرتے تھے

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ

اُن لوگوں کی مثال جنہوں نے اللہ کے سوا دوسرے کارساز بنا لیے ہیں

كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۖ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ؕ وَاِنَّ

مکڑی کی سی مثال ہے جسنے ایک گھر بنایا حالانکہ

اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا

بودے سے بودا گھر مکڑی کا ہے کاش وہ

يَعْلَمُوْنَ ○ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ

اِس بات کو جانتے ہوتے یقیناً اللہ اُس چیز کو جسے وہ اُسکے سوا پکارتے

مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

ہیں جانتا ہے اور وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ

اور یہ مثالیں بیان تو ہم کل آدمیوں کے لیے کرتے ہیں حالانکہ سوائے اہل علم کے

اِلَّا الْعَالِمُوْنَ ○ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

سمجھتا اِنکو ایک بھی نہیں اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو غرض صحیح کے ساتھ

بِالْحَقِّ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ○

پیدا کیا ہے بیشک اِن میں ایمان لانیوالوں کے لیے نشانی موجود ہے

وقف لازم

ع ۴ ۱۴ ۱۶

عالم وہ ہے جو خدا کی طرف سے سمجھ رکھتا ہو۔ اُسکی طاعت کے بموجب عمل کرتا ہو اور اُسکی ناراضی سے اجتناب کرتا ہو ۱۲

اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ

تمہاری طرف اس کتاب میں سے جو وحی کیگئی ہے اُسے تلاوت کرو اور نماز

الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَ

پڑھو یقیناً نماز بیحیائی کی بات اور بدکاری سے باز رکھتی ہے اور

لَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ○ وَلَا تُجَادِلُوْٓا

ضرور خدا کی یاد سب سے بڑی چیز ہے اور جو کچھ تم لوگ کرتے ہو اللہ اُسے جانتا ہے اور اہل کتاب سے

اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

مجادلہ نہ کرو مگر اُسی طرح سے جو بہت ہی اچھا ہو سوائے اُنکے جو اُن میں سے ظالم ہو گئے اور یہ کہو کہ ہم

مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ

اُس پر بھی ایمان لائے ہیں جو ہماری طرف نازل کیا گیا اور (اُسپر بھی) جو تمہاری طرف نازل کیا گیا

وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ○ وَ

اور ہمارا معبود اور تمہارا معبود ایک ہی ہے اور ہم اُسی کے فرمانبردار ہیں اور

كَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ

اسی طرح ہمنے تمہاری طرف بھی یہ کتاب نازل کی ہے پس وہ لوگ جنکو ہمنے (پہلے) کتاب دی تھی

يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا يَجْحَدُ

اُسپر ایمان رکھتے ہیں اور ان میں سے بھی کوئی کوئی ایمان رکھتا ہے اور سوائے کافروں کے

بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ○ وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ

ہماری آیتوں کا انکار تو کوئی بھی نہیں کرتا حالانکہ نہ تم پہلے سے کوئی نوشتہ پڑھتے

كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ○ بَلْ

تھے اور نہ اپنے دائیں ہاتھ سے کچھ لکھتے تھے کہ ایسی صورت میں یہ ہٹ دھرم کچھ نہ کچھ شک پیدا کرتے بلکہ

هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ وَمَا يَجْحَدُ

وہ کھلی آیتیں اُن لوگوں کے سینوں میں موجود ہیں جنکو علم دیا گیا ہے اور سوائے ظالم لوگوں کے

تک آنیوالے ہیں اُن کے حالات موجود ہیں ۱۲ ۵ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ کافی میں ہے کہ جناب امام محمد باقر نے اس آیت کو

بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ
ہماری آیتوں کا انکار کوئی بھی نہیں کرتا اور اُنہوں نے یہ کہدیا کہ اُسپر اُسکے پروردگار کی طرف سے کچھ نشانیاں (معجزے)
مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ
کیوں نہ آئیں کہدو تم یہ کہدو سوائے اسکے نہیں کہ نشانیاں تو خدا ہی کے پاس (یعنی اُسکے اختیار میں) ہیں اور میں تو فقط ایک کھلا
مُّبِيْنٌ ۝ اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ
ڈرانیوالا ہوں کیا اُنکے لیے یہ بات کافی نہیں ہوئی کہ ہمنے تم پر ایک ایسی کتاب نازل کی جو اُنکو پڑھکر
يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ
سُنائی جاتی ہے ۔ بیشک جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اُنکے لیے ضرور اس میں رحمت اور نصیحت
يُّؤْمِنُوْنَ ۝ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ
(موجود) ہے تم کہدو کہ ہمارے اور تمہارے مابین گواہی دینے کو اللہ ہی کافی ہے وہ آسمانوں
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ
میں اور زمین میں جو کچھ ہے اُس سے آگاہ ہے اور جو لوگ باطل پر ایمان لائے اور اُنہوں نے
وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ
اللہ کا انکار کردیا وہی تو نقصان اُٹھانیوالے ہیں اور وہ تم سے عذاب کے بارے میں
بِالْعَذَابِ ۭ وَلَوْلَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَاۗءَهُمُ الْعَذَابُ ۭ
جلدی کرتے ہیں حالانکہ اگر میعاد مدت نامزد نہ کردی گئی ہوتی تو اُنپر عذاب کبھی کا آچکا ہوتا
وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ
اور ضرور وہ اُنکو یکایک آلیگا اور اُنکو خبر تک نہو گی وہ تم سے عذاب کی بابت جلدی
بِالْعَذَابِ ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝ يَوْمَ
کرتے ہیں حالانکہ جہنم کافروں کو ضرور گھیر نیوالا ہے جس دن
يَغْشٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ
عذاب اُنکو اُن کے اوپر کی طرف سے بھی ڈھانپ لیگا اور اُن کے پاؤں کے نیچے کی طرف سے بھی

ع ۵ ۱

منزل ۵

وَيَقُولُ ذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ○ يٰعِبَادِيَ الَّذِينَ

اور (خدا تعالےٰ اُنسے) یہ فرمائیگا کہ جو جو عمل تم کیا کرتے تھے اُسکا مزہ چکھو اے میرے وہ بندے! جو ایمان

اٰمَنُوٓا اِنَّ اَرْضِي وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُونِ ○ كُلُّ

لائے ہو یقیناً میری زمین (بڑی) فراخ ہے پس تم میری ہی عبادت کیا کرو ہر نفس

نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُونَ ○ وَالَّذِينَ

موت کا مزہ چکھنے والا ہے پھر تم سب کی بازگشت ہماری ہی طرف ہوگی اور جو لوگ

اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا

ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے ہم ضرور اُنکو جنت کے اونچے اونچے غرفوں میں جگہ دینگے

تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَا ۭ نِعْمَ اَجْرُ

جنکے نیچے ندیاں بہتی ہونگی وہ (ہمیشہ) ہمیشہ انہی میں رہینگے اُن عمل کرنیوالوں کا بدلہ

الْعٰمِلِينَ ○ الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ○

جنہوں نے صبر کیا اور جو اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں کتنا اچھا ہوگا!

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا

اور کتنے زمین پر چلنے والے ایسے ہیں جو اپنا رزق نہیں اُٹھائے پھرتے اللہ اُنکو بھی رزق پہنچاتا ہے

وَاِيَّاكُمْ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ

اور تمکو بھی اور وہی بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے اور اگر تم اُنسے یہ سوال کرو گے

مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ

کہ آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کسنے کیا ہے اور سورج کو اور چاند کو مطیع کس نے

وَالْقَمَرَ لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُونَ ○ اَللّٰهُ يَبْسُطُ

کر لیا ہے تو وہ ضرور یہ کہینگے کہ اللہ نے پھر وہ کدھر بہکے جاتے ہیں؟ اللہ اپنے بندوں میں سے

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

جسکے لیے چاہتا ہے رزق کو وسیع کر دیتا ہے اور جسکے لیے چاہتا ہے کم کر دیتا ہے بیشک اللہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ نَزَّلَ مِنَ
ہر چیز سے (پورا پورا) واقف ہے اور اگر تم اُنسے یہ دریافت کرو گے کہ آسمان سے پانی کس نے
السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا
نازل کیا؟ پھر اُسکے ذریعہ سے زمین کو اُسکے مر جانیکے بعد زندہ کس نے کیا
لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ
تو وہ ضرور یہ کہینگے کہ اللہ نے تم کہدینا کہ سب طرح کی تعریف اللہ ہی کے لیے زیبا ہے لیکن اُن میں بہت سے
لَا يَعْقِلُونَ ۝ وَمَا هَٰذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَهْوٌ ع ١٢ ٦ ٢
عقل نہیں رکھتے اور یہ زندگانی دنیا تو سوائے کھیل کود کے کچھ بھی نہیں اور دار آخرت
وَلَعِبٌ ۚ وَإِنَّ الدَّارَ الْآخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوا
وہ تو یقیناً ہمیشہ کی زندگی ہے کاش یہ اتنا تو
يَعْلَمُونَ ۝ فَإِذَا رَكِبُوا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللَّهَ
سمجھتے پھر جب وہ جہاز میں سوار ہو جاتے ہیں تو خالص دل سے خدا کی اطاعت
مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۖ فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ إِذَا هُمْ
کا اظہار کرکے اُسی کو پکارتے ہیں پھر جب وہ اُنکو نجات دیکر خشکی تک پہنچا دیتا ہے تو کایک وہی
يُشْرِكُونَ ۝ لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ ۖ وَلِيَتَمَتَّعُوا فَسَوْفَ
شرک کرنے لگتے ہیں تاکہ جو کچھ ہمنے اُنکو عطا کیا ہے اُسکی ناشکری کریں اور چند روزہ نفع اٹھائیں پھر
يَعْلَمُونَ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا آمِنًا
آگے چلکر تو وہ جان ہی لینگے کیا اُنہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ ہمنے تو حرم کو امن کا مقام مقرر کیا
وَيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ۚ أَفَبِالْبَاطِلِ
اور اُسکے آس پاس سے لوگوں کو اُچک لیا جاتا ہے کیا یہ لوگ باطل پر ایمان
يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَةِ اللَّهِ يَكْفُرُونَ ۝ وَمَنْ أَظْلَمُ
رکھتے ہیں اور اللہ کی نعمتوں کا انکار کرتے ہیں؟ اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ

جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے یا حق کو جب بھی اُس کے پاس آئے جھٹلائے

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا

کیا کافروں کا ٹھکانا جہنم نہیں ہے؟ اور جو ہمارے (دین کے) بارے

فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ ع

میں کوشش کرینگے ہم ضرور بالضرور انکو اپنا راستہ دکھلا دینگے اور اللہ ضرور نیکی کرنیوالوں کے ساتھ (ساتھ) ہے

سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سِتُّوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓمّٓ ۝ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۝ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ

الٓمّٓ۔ روم والے پاس کی زمین میں مغلوب ہو گئے اور وہ عنقریب

مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ۝ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ؕ

چند ہی سال میں مغلوب ہونیکے بعد (پھر) غالب آجائینگے اللہ کی حکومت پہلے سے

لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ؕ وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ

بھی تھی اور بعد میں بھی رہیگی اور اُس دن ایمان والے اللہ

الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ

کی نصرت سے خوش ہونگے وہ جسکی چاہتا ہے نصرت فرماتا ہے اور وہ زبردست

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ

(اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے یہ اللہ کا وعدہ ہے اور اللہ کبھی وعدہ کے خلاف نہیں کرتا

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا

لیکن اکثر لوگ جانتے ہی نہیں۔ یہ لوگ زندگانی دنیا کے ظاہر حال کو

ذریعے سے مغلوب ہو جائینگے۔ اور آگے ایک دن وہ آئیگا کہ خدا کی نصرت سے تم اور تمہارے شیعہ سب خوش ہوگے۔ ۱۲

مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۖ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝
جانتے ہیں اور آخرت سے وہ (بالکل) غافل ہیں

اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۭ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ
کیا انہوں نے اپنے دل میں (اس پر) غور نہیں کیا کہ اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ وَاِنَّ
اور جو کچھ اُن دونوں کے درمیان میں ہے اُسکو نہیں پیدا کیا ہے مگر حق کے ساتھ اور مقررہ مدت تک

كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝ اَوَلَمْ
کے لیے حالانکہ آدمیوں میں سے اکثر اپنے پروردگار کی حضوری کے منکر ہیں کیا وہ زمین

يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
میں نہیں چلے پھرے کہ وہ یہ دیکھتے کہ اُنسے پہلوں کا انجام کیسا ہوا تھا

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا
جو اُن سے قوت میں بھی زیادہ تھے اور زمین کو جوتا بویا کرتے تھے

الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَاۗءَتْهُمْ
اور اُس سے زیادہ بسایا تھا جتنی انہوں نے بسائی ہے اور اُنکے رسول اُنکے

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا
پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تھے اور اللہ کی تو یہ شان نہیں ہے کہ اُنپر ظلم کرتا لیکن وہ اپنے آپ پر

اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوا
خود ہی ظلم کیا کرتے تھے پھر اُنکا انجام جنہوں نے بدی کی تھی برا ہی ہوا

السُّوْٓآٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ ع ۱
کہ اُنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور اُن کی ہنسی اڑاتے رہے۔

اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝
اللہ مخلوق کی ابتدا کرتا ہے پھر وہی اُسے دوبارہ بنائیگا پھر اُسی کی طرف تم سب کی بازگشت ہوگی۔

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ○ وَلَمْ يَكُنْ

اور جس دن قیامت قائم ہوگی گناہگار ناامید ہو کر رہجائینگے۔ اور اُنکے شریکوں میں

لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ○

سے کوئی اُنکا سفارشی نہوگا۔ اور وہ بھی اپنے شریکوں کے منکر ہو جائینگے۔

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ○ فَاَمَّا

اور جس دن قیامت قائم ہوگی اُس دن سب الگ الگ ہوجائینگے۔ پس وہ لوگ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ○

جو ایمان لائے تھے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے تھے اُنکا تو (باغ) بہشت میں اعزاز واکرام کیا جائیگا۔

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ

اور رہے وہ لوگ جو کافر ہو گئے تھے اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو اور قیامت کی حاضری کو جھٹلایا تھا

فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ○ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ

پس وہی عذاب میں (ہر وقت) حاضر رکھے جائینگے پس جسوقت تمکو شام ہوتی ہے اور جسوقت

تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ○ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ

تم کو صبح ہوتی ہے خدا کی پاکیزگی بیان کیا کرو اور آسمانوں میں اور زمین میں اور شام کے قریب

وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ○ يُخْرِجُ الْحَيَّ

اور جسوقت تم لوگوں کو دوپہر ہوتی ہر طرح کی تعریف اُسی کے لیے (زیبا) ہے۔ وہ مُردے سے زندہ

مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ

کو نکالتا ہے اور زندہ سے مُردے کو نکالتا ہے اور زمین کو بعد اُسکی موت کے

بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ○ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ

پھر زندہ کر دیتا ہے اور اسی طرح تم (قبروں سے) نکالے جاؤگے۔ اور اُسکی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ

خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ○ وَ

اُسنے تمکو مٹی سے پیدا کیا پھر تم یکایک آدمی بنکر پھیلے ہوئے ہو۔ اور

مِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا
اُسکی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ تمہارے لیے تمہاری جنس سے بیبیاں بھی پیدا کردیں کہ تم اُنکے پاس جاکر
اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
راحت پاؤ اور تمہارے درمیان مودّت اور رحمت قرار دی بیشک اُن لوگوں کے لیے جو غور و فکر
لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ○ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ
کریں اسی میں نشانیاں موجود ہیں اور اُسکی نشانیوں میں سے آسمانوں کا اور زمین کا
وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
پیدا کرنا اور تمہاری زبانوں کا اور تمہارے رنگوں کا مختلف ہونا بھی ہے یقیناً جاننے والوں کے لیے
لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ○ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ
اس میں (بھی) نشانیاں موجود ہیں اور اُسکی نشانیوں میں سے تمہارا رات کا اور دن کا سونا اور تمہارا
وَابْتِغَاۗؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ
اُسکے فضل کا خواستگار ہونا بھی ہے یقیناً اُن لوگوں کے لیے جو کان لگا کر سنتے ہیں اس میں (بھی) نشانیاں
يَّسْمَعُوْنَ ○ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّ
(موجود) ہیں اور اُسکی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ تمکو ڈرانیکے لیے اور امیدوار کرنیکے لیے بجلی
يُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ
دکھلاتا ہے اور آسمان سے پانی اُتارتا ہے پھر اُسکے ذریعے سے زمین کو اُسکے مرنیکے بعد زندہ کردیتا ہے
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ○ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ
یقیناً اُن لوگوں کے لیے جو عقل رکھتے ہیں اس میں (بھی) نشانیاں موجود ہیں اور اُسکی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ
تَقُوْمَ السَّمَاۗءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ۭ ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً
آسمان اور زمین اُسکے حکم سے قائم ہیں پھر جس وقت وہ تم کو ایک آواز دیکر زمین میں
مِّنَ الْاَرْضِ ۡ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ○ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
سے بلائیگا تو تم یکایک نکل پڑو گے اور جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں

ربع

وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ

اُسی کے ہیں (اور) سب اُسی کے مطیع ہیں۔ اور وہ وہی ہے جو مخلوق کی ابتدا کرتا ہے

ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ ؕ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى

پھر اُس خلقت کو دُہرا دیتا ہے اور وہ اُسکے لیے آسان ہے اور آسمانوں میں اور زمین میں اعلےٰ درجہ

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ضَرَبَ ع ۳ رابع

کی صفت اُسی کے لیے ہے اور وہ بڑا زبردست (اور) حکمت والا ہے۔ اُسنے تمہارے

لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ؕ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ

لیے تمہارے ہی نفوس میں کی ایک مثل بیان کی کہ آیا تمہارے غلاموں میں سے اُن چیزوں میں جو ہمنے

اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ

تمکو دے رکھی ہیں کوئی بھی تمہارا شریک ہے کہ (وہ اور) تم اُن (چیزوں کے تصرّف کرنے) میں برابر برابر ہو

تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ

اور تمکو اُنسے (بیجا تصرّف کرنیکا) ویسا ہی اندیشہ ہو جیسا کہ تم کو آپس میں ایک دوسرے سے اندیشہ ہوتا ہے اُن لوگوں کے لیے جو

لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ

عقل رکھتے ہیں ہم اسی طرح آیات کو کھولکر بیان کرتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ جن لوگوں نے ظلم کیا وہ بغیر سمجھ بوجھ اپنی اپنی

بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ يَّهْدِيْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَا لَهُمْ

خواہشوں کے پیرو ہو گئے پس جس سے اللہ توفیق ہدایت سلب کرلے اُسکو راہ پر کون لائیگا اور ایسوں کا

مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ

مددگار بھی کوئی نہوگا۔ پس (اے نبی) تم خالص دل سے دین کی طرف اپنا رُخ کیے رہو خدا کی بنائی ہوئی

اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ

سرشت جسپر اُسنے آدمیوں کو پیدا کیا یہی ہے خدا کی بناوٹ میں کوئی تبدیلی ہو نہیں سکتی

ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

راہِ مستقیم یہی ہے لیکن بہت سے لوگ علم نہیں رکھتے۔

مُنِيبِينَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَلَا تَكُونُوا

حالانکہ سب اُسی کی طرف رجوع کرنیوالے ہیں اور اُس سے ڈرو اور نماز پڑھو اور مشرکوں میں

مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ مِنَ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا

سے نہ ہونا (یعنی) اُن میں سے جن لوگوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کردیا اور

شِيَعًا ۖ كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ ۝ وَإِذَا مَسَّ

گروہ گروہ ہوگئے ہر فرقہ جو کچھ بھی اُسکے پاس ہے اُسی سے خوش خوش ہے۔ اور جسوقت آدمیوں کو

النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُنِيبِينَ إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا

کچھ تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرکے اُس سے دعا مانگنے لگتے ہیں پھر جسوقت

أَذَاقَهُمْ مِنْهُ رَحْمَةً إِذَا فَرِيقٌ مِنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ ۝

وہ اُنکو اپنی رحمت کا مزہ چکھا دیتا ہے تو انمیں کا ایک گروہ یکایک اپنے پروردگار کا شریک ٹھہرانے لگتا ہے

لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ ۚ فَتَمَتَّعُوا ۖ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۝

تاکہ جو کچھ ہمنے اُنکو دیا ہے اُسکا انکار کردیں پس کچھ دن نفع اُٹھالو پھر آگے چلکر تو تمکو معلوم ہی ہوجائیگا۔

أَمْ أَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطَانًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوا بِهِ

کیا ہمنے اِن پر کوئی حجت نازل کی ہے کہ جسکو یہ شریک کررہے ہیں وہ حجت اُسکے بارے میں اُنکو

يُشْرِكُونَ ۝ وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوا بِهَا

کچھ بتلاتی ہو؟ اور جسوقت ہم آدمیوں کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ اُس سے خوش ہوجاتے

وَإِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ إِذَا هُمْ

ہیں اور اگر اُن پر اُنہی کے افعال کے سبب کوئی مصیبت پڑتی ہے تو یکایک ناامید

يَقْنَطُونَ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ

ہوجاتے ہیں۔ کیا اُنہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ جسکے لیے چاہتا ہے رزق کو کشادہ

يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

کردیتا ہے اور (جسکے لیے چاہتا ہے) تنگ کردیتا ہے بیشک اسمیں اُن لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں نشانیاں موجود ہیں

ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ؕ

پس (اے رسول) تم قرابت دار کو اُسکا حق دیدو اور مسکین کو (اُسکا) اور مسافر کو (اُسکا)

ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ ۫ وَاُولٰٓئِكَ

یہ اُن لوگوں کے لیے جو رضائے خدا کے خواستگار ہوں بہت بہتر ہے اور ایسے ہی لوگ (پوری پوری)

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ

فلاح پانیوالے ہیں اور جو سود بھی تم اس غرض سے دیتے ہو کہ وہ لوگوں کے مال کچھ

النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ

بڑھادے تو اللہ کے نزدیک کچھ نہیں بڑھاتا اور رضائے خدا کے لیے جو زکوٰۃ بھی تم

تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ۝

دیتے ہو پس ایسے ہی لوگ (اپنے مال دوآب کے) بڑھانیوالے ہیں

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ

اللہ ہی وہ ہے جسنے تمکو پیدا کیا پھر اُسنے تمکو رزق دیا پھر وہ تمکو موت دیگا پھر وہ تمکو

يُحْيِيْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ

زندہ کریگا آیا تمہارے شرکاء میں سے بھی کوئی ایسا ہے جو ان باتوں میں سے کوئی

مِّنْ شَيْءٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ ظَهَرَ ع ١٣

بات کردے جن چیزوں کو یہ لوگ اُسکا شریک ٹھہراتے ہیں اُنسے اُسکی ذات منزہ و برتر ہے۔ لوگوں کے

الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ

ہاتھوں جو کچھ ہوا اُسکے سبب سے خشکی اور تری میں فساد ظاہر ہوگیا

لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝

تاکہ جو عمل بھی اُنہوں نے کیے اُسکے تھوڑے سے کا مزہ تو اللہ اُن کو چکھادے تاکہ وہ باز رہیں

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

تم کہدو کہ تم زمین میں چلو پھرو پھر غور سے دیکھو کہ اُن لوگوں کا جو تم سے پہلے تھے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ○ فَاَقِمْ

انجام کیسا ہوا؟ اُن میں سے اکثر مشرک تھے۔ پس تم دینِ مستقیم

وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ

کی طرف اپنا رُخ کیے رہو قبل اس کے کہ وہ دن آجائے جسکا پلٹ جانا

لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ○ مَنْ كَفَرَ

اللہ کی طرف سے تو نہوگا (اور) اُس دن لوگ الگ الگ ہوجائینگے۔ جو کافر ہوگیا تو اسکے

فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ

کفر کا وبال اُسی پر رہیگا اور جسنے کوئی نیکی کی تو وہ اپنی اپنی ذات کے لیے (بہتری کا) سامان

يَمْهَدُوْنَ ○ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

کر رہے ہیں تاکہ (اللہ) اپنے فضل سے اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک

الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ○ وَمِنْ

عمل کیے جزا (اے خیر) دے بیشک وہ کافروں کو دوست نہیں رکھتا اور اُسکی

اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ

نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ وہ ہواؤں کو بھیجتا ہے (اس لیے کہ وہ) خوشخبری دینے والی ہوں اور

مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا

اس لیے کہ وہ تمکو اپنی رحمت کا مزہ چکھائے اور اس لیے کہ کشتیاں اُسکے حکم سے چلیں اور اس لیے کہ تم

مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

اُسکے فضل کے خواستگار ہو اور اس لیے کہ تم شکر گزار رہو۔ اور یقیناً ہم نے تم سے پہلے بہت سے

مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

رسول اُنکی اپنی اپنی قوم کی طرف بھیجے تھے پس وہ اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تھے

فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ؕ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا

پھر ہمنے اُن لوگوں سے جنہوں نے جرم کیا تھا بدلہ لیا اور مومنوں کی مدد کرنا

نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيحَ فَتُثِيْرُ
ہم پر لازم ہے۔ اللہ ہی وہ ہے جو ہواؤں کو بھیجتا ہے پھر وہ بادل کو

سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِي السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ وَيَجْعَلُهٗ
ابھارتی ہیں پھر وہ اسکو جس طرح چاہتا ہے آسمان پر پھیلا دیتا ہے اور کبھی اسکے ٹکڑے

كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَآ اَصَابَ
کر دیتا ہے پھر تم دیکھتے ہو کہ اسی کے درمیان سے مینہ نکلا چلا آتا ہے پھر وہ اپنے بندوں میں سے

بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝
جس پر جو وقت چاہتا ہے اسے برسا دیتا ہے تو وہ یکایک خوشیاں منانے لگتے ہیں۔

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ
اور اگرچہ قبل اسکے کہ وہ اُن پر برسایا جائے وہ اس سے پہلے ہی سے

لَمُبْلِسِيْنَ ۝ فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ
نا امید تھے۔ پس ذرا رحمت خدا کی نشانیوں کو غور سے دیکھو کہ وہ زمین کو اسکے

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ
مرنے کے بعد کس طرح زندہ کر دیتا ہے یقیناً وہی تو مُردوں کا زندہ کرنیوالا ہے اور وہی ہر چیز

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ
پر پوری پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ اور اگر ہم ایسی ہوا بھیجدیں کہ وہ کھیتی کو زرد

مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ۝ فَاِنَّكَ لَا
ہوتی ہوئی دیکھیں تو اسکے بعد ہی وہ ناشکری کرنے لگیں۔ تو یقینی بات ہے کہ

تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا
تم مُردوں کو نہیں سنا سکتے اور نہ بہروں کو پکارنے کی آواز سنا سکتے ہو جبکہ وہ پیٹھ

مُدْبِرِيْنَ ۝ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ
پھیر کر چلدیں۔ اور نہ تم (دل کے) اندھوں کو اُن کی گمراہی سے راہ راست پر لانیوالے ہو

منزل ۵

إِن تُسْمِعُ إِلَّا مَن يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُم مُّسْلِمُونَ ۝
تم تو صرف انکو سنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھیں پھر فرمانبردار (بھی) ہوں۔

اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن ضَعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِن بَعْدِ
اللہ وہ ہے جسنے ابتدا میں تمکو ضعف سے پیدا کیا پھر بعد ضعف کے قوت

ضَعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِن بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَّ
عطا کی پھر بعد قوت کے ضعیفی اور بڑھاپے کی

شَيْبَةً ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِيمُ الْقَدِيرُ ۝
حالت کر دی وہ جو چاہتا ہے پیدا کر دیتا ہے اور وہی صاحب علم (و) صاحب قدرت ہے۔

وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُونَ ۙ مَا لَبِثُوا
اور جس دن قیامت قائم ہوگی گنہگار قسمیں کھا کھا کر کہینگے کہ وہ (ہم) تو ایک گھنٹہ سے زیادہ (دنیا

غَيْرَ سَاعَةٍ ۚ كَذَٰلِكَ كَانُوا يُؤْفَكُونَ ۝ وَقَالَ
میں) رہے ہی نہیں یہ (دنیا میں بھی) ایسے ہی بہکا کرتے تھے۔ اور وہ لوگ جنکو

الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَالْإِيمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِي
علم اور ایمان دیا گیا تھا یہ کہینگے کہ تم تو خدا کے نوشتہ کے بموجب (عالم دنیا اور عالم برزخ

كِتَابِ اللَّهِ إِلَىٰ يَوْمِ الْبَعْثِ ۖ فَهَٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ
میں) قیامت تک رہے اور آج تو یہ قیامت کا دن ہے

وَلَٰكِنَّكُمْ كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنفَعُ
لیکن تمکو (اسکا) علم و یقین ہی نہ تھا۔ پس اس دن جنہوں نے ظلم کیا تھا انکی

الَّذِينَ ظَلَمُوا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ۝ وَ
معذرت انکو کچھ نفع نہ پہنچائیگی اور نہ انکو رجوع کی طرف توجہ دلائی جائیگی۔ اور

لَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ مِن كُلِّ
ہم نے اس قرآن میں کل آدمیوں کے نفع کے لیے ہر طرح کی مثل

آپ امام کے اور امامت کے اوصاف بیان فرماتے ہیں یہ مضمون بھی ہے کہ جناب رسول خدا نے خدا کے حکم سے

مَثَلٍ ؕ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

بیان کی ہے اور اگر تم کوئی نشانی بھی لے آؤ گے تب بھی وہ لوگ جو کافر ہو گئے ہیں یہی کہینگے

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ۝ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى

کہ تم نرے ناحق کوش ہو۔ اللہ اُن لوگوں کے دلوں پر جو علم نہیں

قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ

رکھتے اسی طرح چھاپا لگا دیا کرتا ہے۔ پس تم صبر کرو بیشک اللہ کا وعدہ

اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ۝ ع ۶ ۷ ۹

برحق ہے اور جو لوگ یقین نہیں رکھتے وہ کہیں تمکو سبک خیال (اور جاہل) نہ بنا دیں۔

سُوْرَةُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اَرْبَعٌ وَثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓمّٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝ هُدًى وَّ

الٓمّٓ یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں اُن نیکی کرنیوالوں کے

رَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ

لیے ہدایت و رحمت ہیں جو (باقاعدہ) نماز پڑھتے ہیں

وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝

اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ آخرت پر بھی (پورا پورا) یقین رکھتے ہیں

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

ایسے ہی لوگ اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی (پوری پوری)

الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ

فلاح پانیوالے ہیں اور آدمیوں میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو بیہودہ باتوں کا خریدار ہے

آیاتها ۳۴ | رکوعاتها ۴ | کلماتها ۵۵۴ | حروفها ۲۲۱۷

[illegible]

الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا

کر بغیر علم کے لوگوں کو راہ خدا سے بھٹکانے اور اُنکی ہنسی اڑائے

هُزُوًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ○ وَاِذَا تُتْلٰى

ذلیل کرنیوالا عذاب ایسوں ہی کے لیے ہے۔ اور جب اُسکو خدا کی

عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ

آیتیں پڑھکر سُنائی جاتی ہیں تو وہ تکبر کرتا ہوا روگرداں ہوجاتا ہے گویا اُسنے اُنکو سُنا ہی نہیں

فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ اِنَّ

گویا اُسکے دونو کانوں میں گرانی ہے پس تم اُسکو دردناک عذاب کی خوشخبری سنادو۔ بالتحقیق

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ○

جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے نعمت والی جنتیں اُنہی کے لیے ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

اُن میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے یہ اللہ کا وعدہ برحق ہے۔ اور وہ بڑا زبردست (اور) حکمت والا ہے۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِي

اُسنے آسمانوں کو بغیر ایسے ستونوں کے جن کو تم دیکھتے ہو پیدا کیا ہے اور زمین میں (بھاری)

الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ

بھاری پہاڑ قائم کردیے ہیں کہ وہ تم کو لیکر کسی طرف کو جھک نہ جائے اور اُس میں ہر قسم کا

كُلِّ دَاۗبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَنْۢبَتْنَا

چلنے والا بکثرت پھیلا دیا ہے اور ہمنے آسمانوں سے پانی اُتارا پھر ہم نے اُس میں ہر طرح

فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ○ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ

کے نفیس جوڑے پیدا کردیے۔ یہ تو خدا کی پیدا کی ہوئی چیزیں ہیں اب مجھے

مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ

یہ دکھاؤ کہ جو اُسکے سوا ہیں اُنہوں نے کیا پیدا کیا ہے حقیقت یہ ہے کہ یہ ظالم کھلی گمراہی میں

[illegible] بلکہ ایسے ستونوں کی نفی فرمائی ہے جن کو تم دیکھ سکو۔ ۱۲

مُّبِيْنٍ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ

ہیں۔ اور بیشک ہم نے لقمان کو حکمت عطا کی کہ تم خدا کا شکر کیا کرو

وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ

اور جو بھی شکر کریگا تو وہ اپنی ہی ذات کے نفع کے لیے شکر کریگا اور جو کفران نعمت کریگا تو اللہ بے پروا

غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ

(اور) لائق حمد و ثنا ہے۔ اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ لقمان نے اپنے بیٹے سے جس حال میں کہ وہ اُسے نصیحت کر رہے

يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ۝

تھے فرمایا کہ اے میرے پیارے بیٹے اللہ کا شریک نہ ٹھہرایو بیشک شرک سب سے بڑا ظلم ہے۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا

اور ہم نے انسان کو اُسکے ماں باپ کے بارے میں (اس سبب سے کہ اُسکی ماں نے ضعف پر ضعف اٹھا کر اُسکو

عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ؕ

حمل میں رکھا اور دو برس بعد (ولادت) اُسکا دودھ چھٹا یہ حکم دیا کہ تو میرا بھی شکر گزار رہ اور اپنے

اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ۝ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا

والدین کا بھی۔ (آخری) بازگشت میری ہی طرف ہوگی اور اگر وہ دونو تجھے اس بات پر مجبور کریں کہ تو میرا

لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا

کسی ایسی چیز کو شریک ٹھہرائے جس کا تجھے کوئی علم نہو تو تو اُن دونوں کی اطاعت کر اور دنیا میں اُن دونوں کیساتھ

مَعْرُوْفًا ۖ وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ

نیک سلوک کرتا رہ اور راستے پر اُس شخص کے چل جو میری طرف رجوع ہو پھر تم سب کی بازگشت

مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰبُنَيَّ

میری ہی طرف ہوگی پس جو جو کچھ تم کیا کرتے تھے میں اُس سے تمکو آگاہ کر دونگا۔ اے میرے پیارے بیٹے

اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ

اگر نیکی یا بدی رائی کے دانہ کے برابر ہوگی پھر وہ کسی چٹان میں ہو

أَوْ فِي السَّمٰوٰتِ أَوْ فِي الْأَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ إِنَّ اللّٰهَ
یا آسمانوں میں یا زمین میں خدا اسکو حاضر کریگا بیشک خدا باریک بیں
لَطِيفٌ خَبِيرٌ ۝ يٰبُنَيَّ أَقِمِ الصَّلٰوةَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ
چیز کا جاننے والا (اور) خبر رکھنے والا ہے۔ اے میرے پیارے بیٹے نماز پڑھ اور نیکی کا حکم دے
وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا أَصَابَكَ ۭ إِنَّ ذٰلِكَ
اور بدی سے باز رکھ اور جو مصیبت تجھ پر پڑے اس پر صبر کر بیشک ایسا کام
مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ۝ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا
کاموں میں سے ہے اور لوگوں کے (دکھانے کے لیے اپنے گال نہ پھلا اور زمین
تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۭ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ
پر اکڑ کر نہ چل بیشک خدا کسی شیخی باز اترانیوالے کو دوست
فَخُورٍ ۝ وَاقْصِدْ فِي مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ۭ
نہیں رکھتا اور اپنے چلنے میں میانہ روی اختیار کر اور اپنی آواز کو دھیما رکھ
إِنَّ أَنْكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيرِ ۝ أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ ع ٢ ١١
کہ سب سے زیادہ ناگوار آواز گدھوں کی آواز ہے۔ کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ
اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ
اللہ نے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اُس سب کو تمہارا مطیع کر دیا ہے اور تم پر اپنی
عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً ۭ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ
کھلی اور چھپی نعمتیں پوری کر دی ہیں اور آدمیوں میں سے کوئی کوئی ایسا بھی
يُجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتٰبٍ مُنِيرٍ ۝
ہے جو اللہ کے بارے میں بغیر علم اور بغیر ہدایت اور بغیر روشنی پہنچانیوالی کتاب کے لڑتا بھڑتا ہے۔
وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ
اور جسوقت اُن سے یہ کہا جاتا ہے کہ جو کچھ اللہ نے نازل کیا ہے تم اُسکی پیروی کرو تو وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم تو

مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ

اُسکی پیروی کرینگے جسپر ہمنے اپنے باپ دادا کو پایا ہے گو شیطان اُنکے باپ دادا کو بھڑکتی ہوئی آگ کے عذاب کی طرف

اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝ وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗۤ اِلَى اللّٰهِ

بلاتا رہا ہو تو بھی؟ اور جو شخص اپنے معاملہ کو خدا کے سپرد کردے اس حال

وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ وَ

میں کہ وہ نیک عمل بھی ہو تو اُسنے یقیناً مضبوط رسّا پکڑلیا۔ اور تمام معاملات

اِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ۝ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ

کا انجام خدا ہی کی حضور میں پیش ہوگا۔ اور جو شخص کافر ہو گیا تو اُسکا کفر تم کو رنج نہ دے

كُفْرُهٗ ؕ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اُن سب کی بازگشت ہماری ہی طرف ہے پھر جو جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اُس سے ہم اُنکو آگاہ

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ثُمَّ

کردینگے۔ بیشک اللہ دلوں کے حالات سے خوب واقف ہے۔ ہم تھوڑے دن اُنکو نفع پہنچائینگے پھر

نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ

سخت عذاب کی طرف اُنکو کھینچ بلائینگے۔ اور اگر تم اُنسے یہ دریافت کروگے کہ

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ

آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کس نے کیا ہے تو وہ ضرور یہ کہینگے کہ اللہ نے۔ تم یہ کہنا کہ ہر قسم کی تعریف

لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ

اللہ ہی کیلئے (زیبا) ہے۔ لیکن اکثر اُن میں سے نہیں جانتے۔ جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے

وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِىُّ الْحَمِيْدُ ۝ وَلَوْ اَنَّ مَا فِى

اللہ ہی کا ہے بیشک اللہ وہی تو بے پروا (اور) مستحق تعریف ہے۔ اور اگر زمین میں جتنے

الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ

درخت ہیں وہ قلمیں ہو جائیں اور سمندر جس کے بعد سات سمندر اور ہیں

---

۱ بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ۔ تفسیر قمی میں جناب امام محمد باقر سے منقول ہے کہ یہ نضر ابن حارث کا قول ہے جس سے جناب رسول خدا نے یہ فرمایا تھا کہ خدا کی طرف سے جو کچھ نازل کیا گیا ہے اُسکی پیروی کرو۔ اور اُسنے یہ کہا تھا کہ میں تو اُسی کی پیروی کرونگا جسکی اپنے باپ دادا کو پیروی کرتے ہوئے پایا ہے ۱۲ ۲ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ ۔ جناب امام محمد تقی سے واحد کے معنی دریافت کیے گئے تھے تو فرمایا کہ واحد وہ ہے جسکی یکتائی بیان کرنے میں بیشمار زبانیں یک زبان ہوں ۱۲ ۳ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ ۔ تفسیر مجمع البیان میں ہے کہ جناب امام جعفر صادق اسکی قرات یوں فرماتے تھے وَالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ ۔ ۱۲

سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

اُنکے لیے روشنائی بنجائیں تو بھی کلمات خدا ختم نہونگے بیشک اللہ غالب (اور)

حَكِيْمٌ ۝ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ

حکمت والا ہے۔ تمہارا پیدا کرنا اور تمہارا پھر اُٹھا بٹھانا کچھ بھی نہیں ہے مگر اتنا ہی جتنا کہ ایک شخص

اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي

کا یقیناً اللہ سُننے والا (اور) جاننے والا ہے۔ کیا تمنے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ تعالےٰ رات کو دن میں داخل

النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

کر دیتا ہے اور دن کو رات میں داخل کر دیتا ہے اور سورج کو اور چاند کو اُسنے مطیع کر لیا ہے

كُلٌّ يَّجْرِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

کہ ہر ایک ایک مدت مقررہ تک کے لیے چل رہا ہے اور جو جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے خوب

خَبِيْرٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ

واقف ہے یہ سب اسکی دلیل ہیں کہ اللہ وہی تو برحق ہے اور اُسکے سوا جن جن کو بھی وہ

مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ۝ ع ۳ ۱۱ ۱۲

پکارتے ہیں وہ سب باطل ہیں اور اللہ وہی تو اعلےٰ (اور) بزرگ ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ

کیا تمنے یہ نہیں دیکھا کہ کشتیاں سمندر میں خدا کی نعمت (یعنی ہوا) سے چلتی ہیں کہ وہ اپنی نشانیوں

مِّنْ اٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝

میں سے بعض تمکو دکھلاوے بیشک ہر صبر کرنیوالے اور شکر کرنیوالے کے لیے اس میں بہت سی نشانیاں موجود ہیں

وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ

پھر جسوقت انکو کوئی موج بادل کی طرح آکر ڈھانپ لیتی ہے تو وہ خالص دل سے اُسکی اطاعت کا اظہار کرکے

لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ؕ وَمَا

اللہ سے دعا مانگنے لگتے ہیں۔ پھر جب وہ انکو نجات دیکر خشکی پر پہنچا دیتا ہے تو کچھ تو اُن میں سے اعتدال پر رہتے ہیں اور

بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ

سوائے ہر بیوفا اور ناشکرے کے ہماری نشانیوں کا انکار تو کوئی بھی نہیں کرتا۔ اے آدمیو! تم اپنے پروردگار

اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ

سے ڈرو اور اُس دن کا خوف کرو جس دن باپ اپنے بیٹے کی طرف سے کوئی بدلا

وَّلَدِهٖ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ

نہ دے سکیگا اور نہ کوئی بیٹا اپنے باپ کی طرف سے کوئی چیز بدلے میں دینے والا بنیگا۔ یقیناً

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وَلَا

اللہ کا وعدہ سچا ہے پس تمکو زندگانی دنیا دھوکے میں نہ ڈالے اور نہ خدا کے

يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ

بارے میں کوئی فریبی تمکو دھوکا دینے پائے۔ بیشک قیامت کا علم اللہ ہی کے پاس ہے

وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ۭ وَمَا تَدْرِيْ

اور وہی مینہ برساتا ہے اور وہی یہ جانتا ہے کہ حمل میں کیا ہے اور کوئی شخص نہیں

نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۭ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ

جانتا کہ وہ کل کیا کریگا اور نہ کوئی یہ جانتا ہے کہ وہ کس سرزمین میں مریگا

تَمُوْتُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝ ع ۴ ۱۳

بیشک اللہ تعالےٰ بڑا جاننے والا (اور) باخبر ہے۔

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓمّٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

الٓمّٓ۔ اس میں کچھ بھی شک نہیں کہ اس کتاب کا اتارا جانا اہل عالم کے پروردگار کی طرف سے ہے

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ لِتُنذِرَ
یا وہ یہ کہتے ہیں کہ کسی نے اسکو بنا لیا ہے (جھک مارتے ہیں) بلکہ یہ برحق ہے (اور) تمہارے پروردگار کی طرف سے ہے تاکہ

قَوْمًا مَّا أَتَاهُم مِّن نَّذِيرٍ مِّن قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ
تم اُن لوگوں کو ڈراؤ جنکے پاس تم سے پہلے کوئی ڈرانیوالا آیا ہی نہیں ہے کہ وہ راہ پر

يَهْتَدُونَ ۝ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ
آجائیں اللہ ہی وہ ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ اُن

وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ ۖ
دونو کے درمیان میں ہے اُسکو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر حاوی ہو گیا

مَا لَكُم مِّن دُونِهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا شَفِيعٍ ۚ أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ ۝
اُسکے سوا نہ تمہارا کوئی حاکم ہے اور نہ سفارشی کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے؟

يُدَبِّرُ الْأَمْرَ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ
آسمان سے زمین تک کے معاملے کی تدبیر وہی کرتا ہے پھر اُس دن میں جسکی

إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ أَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ ۝
مقدار تمہاری گنتی سے ہزار برس کی ہوگی کل معاملہ اُسی کی حضور میں پیش ہوگا۔

ذَٰلِكَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝
وہی چھپی اور کھلی باتوں کا جاننے والا زبردست (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے

الَّذِي أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ ۖ وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنسَانِ مِن
جس نے ہر چیز کو جسے پیدا کیا بہت ہی اچھا پیدا کیا اور انسان کی پیدائش کی ابتدا مٹی سے

طِينٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِن سُلَالَةٍ مِّن مَّاءٍ مَّهِينٍ ۝
کی۔ پھر اُسکی نسل کو ایک ذلیل پانی کے خلاصے سے قرار دیا۔

ثُمَّ سَوَّاهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِن رُّوحِهِ ۖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ
پھر اُسکو ٹھیک ٹھاک کیا اور اپنی (پیدا کی ہوئی) روح اُس میں پھونک دی اور تمہارے لیے کان

[illegible]

... دن کا طول تمہارے برسوں کے حساب سے ہزار برس کا ہوگا۔ (مزید توضیح کے لیے دیکھو صفحہ ۵۳۸ نوٹ ۳) ۱۲

وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ○ وَقَالُوْٓا

اور آنکھیں اور دل بنا دیے تم شکر ہی تھوڑا ادا کرتے ہو۔ اور انہوں نے یہ کہدیا

ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ

کہ کیا جب ہم زمین میں گم ہو جائینگے تو کیا ہم نئی صورت میں پیدا ہونگے؟

بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ○ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ

اصل یہ ہے کہ وہ اپنے پروردگار کی حضور میں آنے ہی کے منکر ہیں۔ تم یہ کہدو کہ ملک الموت جو تم پر

مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ

معین کیا گیا ہے وہ تمہارا خاتمہ کریگا پھر تم اپنے پروردگار کی حضور میں

تُرْجَعُوْنَ ○ ع وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ

لوٹائے جاؤ گے۔ اور کاش تم دیکھتے کہ جب یہ گنہگار اپنے پروردگار کی حضور میں سر جھکائے

عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ

کھڑے ہونگے (اور یہ عرض کرتے ہونگے کہ) اے ہمارے پروردگار اب ہماری آنکھیں اور کان کھلے اب اگر ہمکو

صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ○ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ

واپس کردے تو ہم نیکی ہی نیکی کرینگے بیشک ہم یقین کرنیوالے ہو گئے ہیں۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہر ہر نفس کو توفیق ہدایت

هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ

دیدیتے لیکن میرا قول پورا اترا کہ میں جہنم کو جنوں سے اور آدمیوں سے سب سے ضرور ضرور

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ○ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ

پاٹ دونگا۔ (پس ان سے کہا جائیگا کہ) اسکے عوض میں کہ تم آج کے دن کی حاضری کو

لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ

بھول گئے تھے مزہ چکھو (اب) ہم نے بھی تم کو بھلا دیا اور جو عمل تم

الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا

کیا کرتے تھے اسکے عوض میں ہمیشہ کے عذاب کا مزہ چکھتے رہو۔ سوائے اسکے نہیں کہ ہماری آیتوں پر ایمان

الَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا سُجَّدًا وَسَبَّحُوا بِحَمْدِ
وہی لوگ رکھتے ہیں جنکو جسوقت بھی اُنکے ذریعہ سے نصیحت کیجاتی ہے وہ سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور
رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ۝ تَتَجَافَىٰ جُنُوبُهُمْ عَنِ
اپنے پروردگار کی حمد کی تسبیح پڑھتے ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے۔ اُنکے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں
الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ
(وہ) اپنے پروردگار سے بیم و امید کی حالت میں دعائیں مانگتے رہتے ہیں اور جو کچھ ہمنے اُنکو دیا ہے
يُنفِقُونَ ۝ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ
اُسکا ایک حصہ (ہماری راہ میں) خرچ کیا کرتے ہیں۔ پس کوئی نفس اس بات کو نہیں جانتا کہ اُنکی آنکھوں کی ٹھنڈک
أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ أَفَمَن كَانَ
کیا کیا چیزیں اُنکے لیے چھپا رکھی گئی ہیں یہ اُنکے اعمال کا بدلا ہوگا جو وہ کیا کرتے تھے۔ کیا وہ شخص جو مومن ہے
مُؤْمِنًا كَمَن كَانَ فَاسِقًا لَّا يَسْتَوُونَ ۝ أَمَّا الَّذِينَ
اُسکے مانند ہے جو فاسق ہے (دونوں ہرگز) برابر نہیں ہیں۔ (یعنی) وہ لوگ جو ایمان
آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ جَنَّاتُ الْمَأْوَىٰ
لائے اور اُنھوں نے نیک عمل کیے پس جو عمل وہ کیا کرتے تھے اُسکے عوض میں اُنکے لیے
نُزُلًا بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَأَمَّا الَّذِينَ فَسَقُوا
مہمانی کے طور پر رہنے کے (بہشتی) باغات ہونگے۔ اور رہے وہ جو نافرمان تھے پس اُنکا ٹھکانا
فَمَأْوَاهُمُ النَّارُ ۖ كُلَّمَا أَرَادُوا أَن يَخْرُجُوا مِنْهَا
جہنم ہے جس وقت بھی وہ ارادہ کرینگے کہ جہنم سے نکلیں
أُعِيدُوا فِيهَا وَقِيلَ لَهُمْ ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ
اُسی میں لوٹا دیے جائینگے اور اُن سے یہ کہا جائیگا کہ اب تم اُس آتش دوزخ کے عذاب کا مزہ چکھو
الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ۝ وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنَ الْعَذَابِ
جسکو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ اور یہ بھی ضرور ہے کہ اُس بڑے عذاب کے علاوہ ہم

الادنی دون العذاب الاکبر لعلهم یرجعون ○
ایک چھوٹے عذاب کا بھی مزہ چکھائیں تاکہ وہ (زمانہ رجعت میں) پلٹ کر آئیں۔

ومن اظلم ممن ذکر بایت ربه ثم اعرض عنها
اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جسکو اُسکے پروردگار کی آیتوں کے ذریعے سے نصیحت کی گئی پھر وہ اُس سے

انا من المجرمین منتقمون ○ ولقد اتینا
روگرداں ہوگیا۔ یقیناً ہم مجرموں سے انتقام لینے والے ہیں۔ اور بالتحقیق ہم نے موسٰی کو

ع ٢ ١٥

موسی الکتب فلا تکن فی مریة من لقآئه و
کتاب عنایت کی پس تم اُنکی قیامت کی حاضری کے بارے میں شک میں نہ رہنا اور ہم نے

جعلنه هدی لبنی اسرآءیل ○ وجعلنا منهم
اُس کتاب کو اولادِ اسرائیل کے لیے ہدایت مقرر کیا۔ اور چونکہ اُنہوں نے صبر کیا تھا

ائمة یهدون بامرنا لما صبروا وکانوا بایتنا
اور ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے ہمنے بھی اُن میں سے ایسے امام مقرر کیے جو ہمارے حکم کے بموجب

یوقنون ○ ان ربک هو یفصل بینهم یوم القیمة
ہدایت کرتے تھے۔ بیشک تمہارا پروردگار قیامت کے دن اُن تمام باتوں کے بارے میں جن میں وہ

فیما کانوا فیه یختلفون ○ اولم یهد لهم کم
اختلاف کیا کرتے تھے اُنکے مابین فیصلہ فرما دیگا۔ کیا اِس بات نے کہ ہمنے اِنسے پہلے

اهلکنا من قبلهم من القرون یمشون فی
کتنے ہی زمانہ والوں کو جن کے گھروں میں یہ چلتے پھرتے ہیں ہلاک کر دیا اُنکو کچھ بھی

مسکنهم ان فی ذلک لایت افلا یسمعون ○
نہ سمجھایا بیشک اِس میں نشانیاں موجود ہیں کیا اب بھی وہ (توجہ سے) نہیں سنتے؟

اولم یروا انا نسوق المآء الی الارض الجرز فنخرج
کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ ہم پانی کو چٹیل زمین کی طرف ہنکا کر لیجاتے ہیں پھر اُسکے ذریعے سے

يه زرعا تاكل منه انعامهم وانفسهم افلا يبصرون ○
کھیتی پیدا کر دیتے ہیں جس میں سے اُنکے چوپائے بھی کھاتے ہیں اور وہ خود بھی کیا اب بھی وہ (غور سے) نہیں دیکھتے

ويقولون متى هذا الفتح ان كنتم صدقين ○ قل
اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو بتاؤ کہ یہ فیصلہ کب ہوگا؟ تم یہ کہدو کہ

يوم الفتح لا ينفع الذين كفروا ايمانهم ولا هم
فتح کے دن اُن لوگوں کو جو کافر ہو گئے اُنکا ایمان کچھ فائدہ نہ دیگا اور نہ اُنکو

ينظرون ○ فاعرض عنهم وانتظر انهم منتظرون ○ ع
مہلت دیجائیگی پس تم اُن سے روگرداں ہو جاؤ اور انتظار کرو کہ (آخر) یہ بھی تو انتظار کر رہے ہیں۔

سورة الاحزاب مدنية وهي ثلث وسبعون اية

بسم الله الرحمن الرحيم ○
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يا ايها النبي اتق الله ولا تطع الكفرين والمنفقين ط
اے نبیؐ تم اللہ سے ڈرو اور کافروں اور منافقوں کی بات نہ مانو

ان الله كان عليما حكيما ○ واتبع ما يوحى
بیشک اللہ بڑا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے۔ اور جو کچھ تمہارے پروردگار کی طرف سے

اليك من ربك ط ان الله كان بما تعملون خبيرا ○
تمہاری طرف وحی کی جاتی ہے اُسکی پیروی کرو یقیناً اللہ اُس عمل سے جو تم کیا کرتے ہو خبردار ہے

وتوكل على الله ط وكفى بالله وكيلا ○ ما جعل الله
اور اللہ ہی پر بھروسہ رکھو اور کارسازی کے لیے اللہ ہی کافی ہے۔ اللہ نے کسی شخص کے

لرجل من قلبين في جوفه ج وما جعل ازواجكم الى
سینے میں دو دل نہیں بنائے اور نہ تمہاری اُن بیبیوں کو جن سے تم

ع ٢ ١٦

تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ
ظہار کرلو تمہاری ماں بنا دیا ہے اور نہ تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا (اصلی) بیٹا
اَبْنَآءَكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ
بنا دیا ہے یہ تو تمہارے اپنے منہ کی کہن ہے اور اللہ حق حق
الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ۝ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ
فرماتا ہے اور وہی ٹھیک راستہ بتلاتا ہے۔ لے پالکوں کو اُنکے حقیقی باپ کا کرکے
هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ
پکارا کرو کہ خدا کے نزدیک یہی بات زیادہ انصاف کی ہے پھر اگر تم اُنکے باپوں کو نہ جانتے ہو تو وہ دین میں تمہارے بھائی
فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۭ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ
اور تمہارے (دینی) دوست ہیں۔ اور جو کچھ تم سے بھول چوک ہو جائے اُس میں تم پر کوئی
اَخْطَاْتُمْ بِهٖ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ
الزام نہیں لیکن (اُس میں ہے) جسکا قصد تمہارے دل کریں۔ اور اللہ بڑا بخشنے والا
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ ۚ
(اور) رحم کرنیوالا ہے۔ نبی مؤمنین کی جانوں کا خود اُن سے زیادہ اختیار رکھنے والا ہے
وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ۭ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى
اور اُسکی بیبیاں اُنکی مائیں ہیں اور رشتہ دار مؤمنین و مہاجرین میں سے خدا کے نوشتہ
بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ
کے بموجب بعض بہ نسبت بعض کے (میراث کے) زیادہ مستحق ہیں اور یہ اور بات ہے کہ
تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ۭ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ
تم اپنے اولیا کے ساتھ کچھ سلوک کرو کتاب میں لکھا ہوا حکم
مَسْطُوْرًا ۝ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ
یہی ہے۔ اور (اُسوقت کو یاد کرو) جسوقت ہمنے پیغمبروں سے اُنکا اپنا اپنا عہد لیا

وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ
اور تم سے اور نوحؑ سے اور ابراہیمؑ سے اور موسیٰؑ سے اور عیسےٰ ابن

مَرْيَمَ ۪ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ○ لِّيَسْئَلَ
مریمؑ سے اور ہم نے اُن سے عہد بھی سخت لیا تاکہ خدا سچائی والے

الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ○ ع ٨
سچوں سے اُن کی سچائی کی بابت سوال کرے اور کافروں کے لیے اُسنے دردناک عذاب تیار کیا ہے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ
اے ایمان لانیوالو! اللہ کی نعمت جو تم پر ہے اُسے یاد کیا کرو جس وقت تم پر لشکر کے لشکر

جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۭ وَ
آچڑھے پس بھیجنے اُن پر ہوا بھیجی اور ایسے لشکر جنکو تم نے نہیں دیکھا اور

كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ○ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ
جو عمل تم کیا کرتے ہو اللہ اُسکا دیکھنے والا ہے۔ (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ تم پر بلندی کی طرف سے

فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَ
بھی آئے اور پستی کی طرف سے بھی اور جب مارے ڈر کے تمہاری آنکھیں کج ہو گئیں اور

بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ○
تمہارے کلیجے مُنہ کو آگئے اور تم خدا کی نسبت طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔

هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ○
اُسی موقع پر مومنوں کی آزمائش کی گئی اور اُنکو بہت ہی سختی کے ساتھ ہلا ڈالا گیا۔

وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ
اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں روگ تھا یہ کہنے لگے کہ

مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا ○ وَاِذْ قَالَتْ
اللہ اور اُس کے رسولؐ نے ہم سے کچھ وعدہ نہیں کیا ہے مگر زرا دھوکا۔ اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ

طَآئِفَةٌ مِّنْهُمُ يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَ
اُن میں سے ایک گروہ نے یہ کہدیا کہ اے یثرب کے رہنے والو اب تمہارے ٹھہرنیکی جگہ نہیں ہی اپنے گھروں کو
يَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا
اُن میں سے ایک گروہ نبی سے یہ کہکر اجازت مانگتا تھا کہ ہمارے مکان غیر محفوظ
عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۛ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ۝ مع ۱
ہیں حالانکہ مکانات غیر محفوظ نہیں ہیں وہ تو صرف بھاگنا چاہتے ہیں۔
وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ
اور اگر لشکر اُن پر اطراف سے آجاتے پھر خود اُن سے فساد برپا کرنیکو کہا جاتا
لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ۝ وَلَقَدْ كَانُوْا
ضرور برپا کردیتے اور اِس بارے میں اگر توقف کرتے بھی تو کچھ یونہی سا۔ اور یقیناً وہ پہلے سے اللہ
عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ۭ وَكَانَ
سے عہد کرچکے تھے کہ پیٹھ نہ پھیریں گے اور اللہ کے عہد کی
عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا ۝ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ
بابت باز پرس (بھی) کی جائیگی۔ تم یہ کہدو کہ اگر تم موت یا قتل سے بھاگتے ہو تو یہ بھاگنا
فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا
تمکو ہرگز نفع نہ پہنچائیگا اور اُس صورت میں تم کو فائدہ (حیات) بھی کم
قَلِيْلًا ۝ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ
دیا جائیگا۔ تم یہ کہدو کہ وہ کون ہے جو اللہ سے تمکو بچالیگا اگر وہ تمکو عذاب دینا
بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۭ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ
چاہے یا تمہارے حق میں رحمت کرنا چاہے اور وہ اللہ کے سوا کسی کو نہ اپنا کارساز
دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ
پائینگے اور نہ مددگار یقیناً اللہ تم لوگوں میں سے دیر کرنیوالوں کو بھی

ع ۱۰ ۱۱

مِنكُمْ وَالْقَآئِلِينَ لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا وَلَا يَأْتُونَ
جانتا ہے اور اپنے بھائیوں سے یہ کہنے والوں کو بھی کہ ہمارے پاس چلے بھی آؤ حالانکہ وہ لڑائی
الْبَأْسَ إِلَّا قَلِيلًا ۝ أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖ فَإِذَا جَاءَ
کے میدان میں آتے ہی کم ہیں۔ (وہ) تمہاری مدد کرنے میں سخت بخیل ہیں پھر جب خوف کی صورت
الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ
آجائے تو تم انکو دیکھو گے کہ وہ تمہاری طرف نگاہ لگائے ہوئے ہیں اور
كَالَّذِي يُغْشَىٰ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَإِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ
انکی پتلیاں اس طرح پھر رہی ہیں جیسے اس شخص کی جسپر موت کی غشی طاری ہو پھر جب خوف جاتا رہے
سَلَقُوكُم بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۚ أُولَٰئِكَ
تو مال غنیمت لینے کے لیے کڑے پڑتے ہیں اور طرار زبانوں سے تمہیں طعنوں کی بھرمار کرتے ہیں
لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ
یہ لوگ ایمان ہی نہیں لائے اور اللہ نے بھی انکے اعمال اکارت کر دیے اور اللہ کے نزدیک یہ بات
يَسِيرًا ۝ يَحْسَبُونَ الْأَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوا ۖ وَإِن
آسان ہے۔ کفار کے جتھوں کی نسبت یہ گمان کرتے ہیں کہ وہ گئے نہیں اور اگر
يَأْتِ الْأَحْزَابُ يَوَدُّوا لَوْ أَنَّهُم بَادُونَ فِي الْأَعْرَابِ
جتھے (دوبارہ) آجائے تو انکی خواہش یہی ہوتی کہ کاش (کہیں) جنگلوں میں بدوؤں میں ہوتے
يَسْأَلُونَ عَنْ أَنبَائِكُمْ ۖ وَلَوْ كَانُوا فِيكُم مَّا قَاتَلُوا إِلَّا
اور وہیں سے تمہاری خبریں پوچھا کرتے۔ اور اگر تم میں رہتے تو لڑائی نہ لڑتے مگر بہت ہی
قَلِيلًا ۝ لَّقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ع ٢ ١٢ ١٨
کم (اے لوگو!) بیشک تمہارے لیے پیروی کرنیکو اچھے سے اچھا نمونہ خود رسول اللہ موجود ہیں
لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا ۝
یعنی اس شخص کے لیے جو اللہ اور قیامت کے دن کی امید رکھتا ہو اور اللہ کی بہت سی یاد کیا کرتا ہو

وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ

اور جب وقت مومنوں نے کافروں کے جتھوں کو دیکھا تو یہ کہا کہ یہ وہی تو ہے جسکا اللہ نے اور اُسکے

وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۡ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ

رسول نے ہم سے وعدہ کیا تھا اور اللہ نے اور اُسکے رسول نے سچ فرمایا تھا غرض اس آزمائش نے اُنکے ایمان

اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ۝ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا

اور تسلیم کو اور بڑھا ہی دیا مومنین میں سے ایسے مرد بھی ہیں کہ اُنہوں نے اللہ سے جو کچھ

مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَ

عہد کیا تھا اُسے سچ کر دکھایا پس بعض اُن میں سے ایسے ہیں جنکا خاتمہ ہو گیا اور اُن میں

مِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۡ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ۝ لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ

سے کوئی ایسا بھی ہے جو (شہادت کا) منتظر ہے اور اُنہوں نے کوئی تبدیلی نہیں کی تاکہ اللہ سچوں کو اُنکے

الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ

سچ کے موافق بدلا دے اور منافقوں کو اگر چاہے تو عذاب دے

اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

یا اُنکی توبہ قبول کرلے بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے

وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ۭ وَ

اور اُن لوگوں کو جو کافر ہو گئے تھے اللہ نے اُنکے غصہ ہی کی حالت میں لوٹا دیا کہ وہ کسی مراد کو نہ پہنچے اور

كَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ۝

اللہ نے مومنوں کو لڑائی کی نوبت ہی نہ آنے دی اور اللہ صاحب قوت (اور) صاحب غلبہ ہے

وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

اور اہل کتاب میں سے جن لوگوں نے اُنکی مدد کی تھی اُنکو اُنکے قلعوں سے

مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا

نیچے اُتار دیا اور اُنکے دلوں میں رعب ڈال دیا کہ تم ایک گروہ کو

تَقْتُلُونَ وَتَأْسِرُونَ فَرِيقًا ۝ وَأَوْرَثَكُمْ
قتل کرتے ہو اور ایک گروہ کو قید کرتے ہو۔ اور تم کو ان کی
أَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ وَأَرْضًا لَّمْ
اور اُنکے گھروں کا اور اُنکے مالوں کا وارث کر دیا اور ایسی زمین کا جس
تَطَئُوهَا ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرًا ۝ يَا أَيُّهَا
پر تم کبھی قدم نہ رکھے تھے اور اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ اے نبی تم
النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ إِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ
اپنی ازواج سے یہ کہدو کہ اگر تم زندگانی دنیا اور اسکی زینت
الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ
کی خواستگار ہو تو آؤ میں تمکو کچھ نفع پہنچا دوں اور پھر تمہیں نہ
سَرَاحًا جَمِيلًا ۝ وَإِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ
رخصت کردوں۔ اور اگر تم اللہ اور اُسکے رسول کی اور آخرت
وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَإِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ
کے گھر کی خواستگار ہو تو اللہ نے تم میں سے جو نیک ہونگی اُن
مِنكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ يَا نِسَاءَ النَّبِيِّ مَن
کے لیے بہت بڑا اجر مہیا فرمایا ہے۔ اے نبی کی بیبیو! جو
يَأْتِ مِنكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُضَاعَفْ
تم میں سے کوئی کھلی بے حیائی کرے تو اُس کو
لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ
دوہرا عذاب دیا جائیگا۔ اور یہ
عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ۝
اللہ پر آسان ہے۔

ع ١٩ ٣٧

الجزء والعشرون في الثاني ۲۲

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ

اور تم میں سے جو اللہ اور اُسکے رسول کی فرمانبرداری کریگی اور نیک عمل

صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا

بجالائیگی تو ہم اُسکو اُسکا اجر (بھی) دُہرا دینگے اور ہم نے اُسکے لیے اچھی روزی

رِزْقًا كَرِيْمًا ۝ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ

(بھی) تیار کر رکھی ہے اے نبی کی عورتو! اگر تم پرہیزگاری کرو تو تم اور عورتوں کے

النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ

مانند نہیں ہو پس دبی زبان سے باتیں نہ کیا کرو کہ وہ شخص جسکے دل میں

الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝ وَ

روگ ہے کسی طرح کا لالچ کرے اور نیک (یعنی شک سے بچی ہوئی) باتیں کیا کرو۔ اور

قَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ

اپنے گھروں میں (عزت و وقار سے) بیٹھی رہو اور قدیم جاہلیت کا سا بناؤ سنگار کرکے باہر نہ نکلا کرو

الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ

اور نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور (برابر) اللہ

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ

اور اُسکے رسول کی اطاعت کرتی رہو۔ اے اہلبیت سوائے اسکے نہیں ہے کہ خدا یہ چاہتا ہے کہ تم سے

اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۝ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى

ہر قسم کی جس کو دور کردے اور تمکو ایسا پاک کردے جیسا کہ پاک کرنیکا حق ہے۔ اور تمہارے گھروں میں خدا کی

فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا

آیتیں اور حکمت کی باتیں جو پڑھی جاتی ہیں انہیں یاد رکھو بیشک خدا تعالےٰ بڑا باریک بین

خَبِيْرًا ۝ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ

(اور) خبردار ہے۔ یقیناً فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں اور ایمان والے مرد

ع ۷

تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ۝ وَاَوْرَثَكُمْ
قتل کرتے ہو اور ایک گروہ کو قید کرتے ہو۔ اور تم کو اُن کی زمین کا
اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا ؕ
اور اُنکے گھروں کا اور اُنکے مالوں کا وارث کر دیا اور ایسی زمین کا جس پر تمہارا کبھی قدم بھی نہ آیا تھا
وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۝ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ ع ١٩
اور اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ اے نبی تم اپنی ازواج
قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا
سے یہ کہدو کہ اگر تم زندگانی دنیا اور اُسکی زینت کی
وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا
خواستگار ہو تو آؤ میں تمکو نفع پہنچا دوں اور پھر تمہیں نہایت خوبی سے
جَمِيْلًا ۝ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
رخصت کردوں۔ اور اگر تم اللہ اور اُسکے رسول کی اور آخرت کے گھر کی خواستگار ہو
وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ
تو اللہ نے تم میں سے جو نیک ہونگی اُن کے لیے بہت بڑا
مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ
اجر مہیا فرمایا ہے۔ اے نبی کی بیبیو! جو
يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ
تم میں سے کوئی کھلی بدی کریگی تو اُس کو عذاب
لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ
بھی دُہرا دیا جائیگا۔ اور اللہ پر یہ بات
عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝
آسان ہے۔

الجزء والعشرون في الثلث ۲۲

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ

اور تم میں سے جو اللہ اور اُسکے رسول کی فرمانبرداری کریگی اور نیک عمل

صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا

بجالائیگی تو ہم اُسکو اُسکا اجر (بھی) دُہرا دینگے اور ہم نے اُسکے لیے اچھی روزی

رِزْقًا كَرِيْمًا ۝ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ

(بھی) تیار کر رکھی ہے اے نبی کی عورتو! اگر تم پرہیزگاری کرو تو تم اور عورتوں کے

النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ

مانند نہیں ہو پس دبی زبان سے باتیں نہ کیا کرو کہ وہ شخص جسکے دل میں

الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝ وَ

روگ ہے کسی طرح کا لالچ کرے اور نیک (یعنی شک سے بچی ہوئی) باتیں کیا کرو۔ اور

قَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ

اپنے گھروں میں (عزت و وقار سے) بیٹھی رہو اور قدیم جاہلیت کا سا بناؤ سنگار کرکے باہر نہ نکلا کرو

الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ

اور نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور (برابر) اللہ

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ

اور اُسکے رسول کی اطاعت کرتی رہو۔ اے اہلبیت سوائے اسکے نہیں ہے کہ خدا یہ چاہتا ہے کہ تم سے

اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۝ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى

ہر قسم کے جس کو دور کردے اور تمکو ایسا پاک کردے جیسا کہ پاک کرنیکا حق ہے۔ اور تمہارے گھروں میں خدا کی

فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا

آیتیں اور حکمت کی باتیں جو پڑھی جاتی ہیں انہیں یاد رکھو بیشک خدا تعالےٰ بڑا باریک بین

خَبِيْرًا ۝ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ

(اور) خبردار ہے۔ یقیناً فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں اور ایمان والے مرد

كَثِيرًا ۝ وَّسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَّأَصِيلًا ۝ هُوَ الَّذِي
کیا کرو اور اُسکی پاکی صبح و شام بیان کیا کرو۔ وہ وہی ہے جو خود
يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ
اور اُس کے فرشتے تم پر صلوات بھیجتے ہیں تاکہ وہ تم کو (کفر و نفاق کی) اندھیریوں سے
إِلَى النُّورِ ۚ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا ۝ تَحِيَّتُهُمْ
(ایمان کی) روشنی کی طرف نکال لے اور وہ مومنوں پر بہت ہی رحم کرنیوالا ہے۔ جس دن یہ لوگ خدا
يَوْمَ يَلْقَوْنَهُ سَلٰمٌ ۚ وَأَعَدَّ لَهُمْ أَجْرًا كَرِيمًا ۝
سے ملینگے سلام اُنکی اعلےٰ درجہ کی مدارات ہوگا اور خدا تعالےٰ نے اُنکے لیے بہت ہی اچھا اجر تیار کر رکھا ہے
يٰٓأَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّآ أَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيرًا ۝
اے نبی ہمنے تمکو گواہ اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا
وَّدَاعِيًا إِلَى اللّٰهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُّنِيرًا ۝ وَبَشِّرِ
اور اللہ کے حکم سے اُسکی طرف بلانیوالا اور روشنی پہنچانیوالا چراغ بنا کر بھیجا ہے۔ اور مومنین کو
الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيرًا ۝ وَلَا
یہ خوشخبری پہنچا دو کہ اللہ کی طرف سے اُنپر بہت بڑا فضل ہے۔ اور
تُطِعِ الْكٰفِرِينَ وَالْمُنٰفِقِينَ وَدَعْ أَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ
کافروں اور منافقوں کی بات نہ مانو اور اُنکو ایذا دینا چھوڑ دو اور اللہ پر
عَلَى اللّٰهِ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيلًا ۝ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوٓا إِذَا
بھروسہ کرو اور کارسازی کے لیے اللہ ہی کافی ہے۔ اے ایمان لانیوالو! جبوقت تم نے
نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِن قَبْلِ أَن تَمَسُّوهُنَّ
ایمان والی عورتوں سے نکاح کیا پھر قبل اسکے کہ تمنے اُن سے مباشرت کی ہو اُنکو طلاق دیدی
فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّونَهَا ۖ فَمَتِّعُوهُنَّ وَ
تو اُنکے ذمے تمہاری خاطر کوئی عدہ نہیں ہے جسے وہ پورا کریں۔ پس تم اُنکو کچھ نفع پہنچا دو اور

سَرَاحًا جَمِيلًا ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا

اُنکو نہایت خوبی سے رخصت کردو۔ اے نبی بیشک ہمنے تمہارے لیے

لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ

وہ بیبیاں جن کے تم مہر دے چکے ہو اور وہ لونڈیاں جو خدا یتعالےٰ نے بطور

يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَ

مال غنیمت تمکو عطا فرمائی ہیں اور جنکے تم مالک ہوگئے ہو اور تمہارے چچا کی بیٹیاں اور

بَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ

تمہاری پھوپھیوں کی بیٹیاں اور تمہارے ماموؤں کی بیٹیاں اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں جو

هَاجَرْنَ مَعَكَ ۚ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ

تمہارے ساتھ ہجرت کرکے آگئی ہیں اور ہر مومن عورت اگر وہ اپنے آپ کو نبی کے

نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً

حوالے کردے بشرطیکہ نبی کا بھی ارادہ ہو کہ اس سے نکاح کرے خاص تمہارے لیے حلال کردی ہیں

لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا

یہ حکم خالص تمہارے لیے ہے اور مومنوں کے لیے نہیں۔ ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ ہمنے اُنپر اُنکی

عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا

ازواج کے اور اُنکی لونڈیوں کے بارے میں لازم کیا ہے تاکہ تمہارے لیے کوئی

يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

تنگی نہ ہو اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔

تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ۭ وَ

اُنمیں سے جسکو تم چاہو الگ کردو اور جسکو چاہو اپنے پاس رکھو پھر جن کو تم الگ کردیا ہو اُنمیں سے جسکو چاہو طلب

مَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ۭ ذٰلِكَ

کرلو تو تمہارے ذمے کوئی الزام نہیں ہے یہ خصوصیت اِس سے قریب تر ہے کہ اُن

جماعت کی اور وہ کو بھی رخصت کردیا۔ اور جب انتقال فرمایا تو نو زندہ چھوڑیں (ان سب کے نام ضمیمہ میں ملاحظہ ہوں) ۱۲۔

أَدْنَىٰ أَن تَقَرَّ أَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَا
سب کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ رنجیدہ نہ رہیں اور جو کچھ تم نے انکو دیدیا ہے اُس سے
آتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِكُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ
وہ سب کی سب خوش رہیں اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اُسے اللہ جانتا ہے اور اللہ بڑا
عَلِيمًا حَلِيمًا ۝ لَّا يَحِلُّ لَكَ النِّسَاءُ مِن بَعْدُ وَلَا
جاننے والا (اور) بردبار ہے۔ اِس کے بعد نہ تمہارے لیے اور عورتیں حلال ہیں اور نہ
أَن تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَاجٍ وَلَوْ أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ
یہ بات کہ تم موجودہ ازواج کے بدلے اور ازواج کرلو گو تمکو اُنکا حسن کتنا ہی اچھا معلوم ہو
إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ
سوائے اُنکے جنکے تم مالک ہو جاؤ (یعنی لونڈیاں) اور اللہ ہر چیز کا نگران
رَّقِيبًا ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ ع ۱۲ ۶ ۳
ہے۔ اے ایمان لانیوالو! نبی کے گھروں میں نہ جاؤ
إِلَّا أَن يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَىٰ طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِينَ إِنَاهُ
سوائے اِسکے کہ تم کو کھانے کے لیے اجازت دیجائے سوایسے وقت نہ جاؤ کہ کھانا طیار ہونے کا منتظر رہو
وَلَٰكِنْ إِذَا دُعِيتُمْ فَادْخُلُوا فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانتَشِرُوا
بلکہ جب تم کو بُلایا جائے تو عین وقت پر جاؤ اور جیسے ہی کھانا کھا چکو فوراً متفرق ہو جاؤ
وَلَا مُسْتَأْنِسِينَ لِحَدِيثٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي
اور باتوں میں نہ لگو۔ یقیناً یہ بات نبی کو تکلیف دیتی ہے
النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِي مِنكُمْ ۖ وَاللَّهُ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ ۚ وَإِذَا
پس وہ (تمہیں اپنے گھر سے نکالنے میں) شرم کرتے ہیں۔ اور اللہ حق بات (بیان کرنے) سے نہیں شرماتا اور
سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ ۚ ذَٰلِكُمْ
جب تم ازواج نبی سے کوئی چیز مانگو تو اُن سے پس پردہ سے مانگا کرو یہ بات

أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ ۚ وَمَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُؤْذُوا

دلوں کیلئے بھی بڑی پاک کرنیوالی ہے اور اُنکے دلوں کیلئے بھی) اور تمہارے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ تم رسول اللہ

رَسُولَ اللَّهِ وَلَا أَنْ تَنْكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِنْ بَعْدِهِ أَبَدًا ۚ

کو ایذا دو اور نہ یہ کہ تم اُنکی ازواج سے اُن کے بعد کبھی بھی نکاح کرو۔

إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللَّهِ عَظِيمًا ○ إِنْ تُبْدُوا شَيْئًا

بیشک یہ بات اللہ کے نزدیک بڑی (برائی) ہے۔ اگر تم کسی بات کو ظاہر کرو

أَوْ تُخْفُوهُ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ○ لَا جُنَاحَ

یا چھپاؤ تو اللہ تو ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے۔ اُن (عورتوں) پر نہ اپنے

عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ وَلَا إِخْوَانِهِنَّ

باپوں کے سامنے ہونے میں کوئی حرج ہے اور نہ اپنے بیٹوں کے اور نہ اپنے بھائیوں کے

وَلَا أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَائِهِنَّ

اور نہ اپنے بھتیجوں کے اور نہ اپنے بھانجوں کے اور نہ اپنی بیٹیوں کے

کہ اللہ نے اپنی کتاب میں اہل عقل و فہم کو بشارت دی ہے چنانچہ فرمایا ہے فَبَشِّرْ عِبَادِ الخ اور جناب امام جعفر صادق

تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ۝ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ

جہنم میں پہنچ چکا ہو چھڑا سکتے ہو؟ لیکن وہ لوگ جو اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے اُنکے لیے بلند مکان

مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۵

ہونگے اور اُنکے اوپر اور اُونچے مکان بنے ہوئے ہونگے جنکے نیچے ندیاں بہتی ہونگی۔

وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ

یہ اللہ کا وعدہ ہے اور اللہ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ

پانی اُتارا پھر زمین میں اُس کے چشمے بنا کر جاری کر دیا پھر اُسکے ذریعہ سے رنگ برنگ

بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ

کی کھیتی پیدا کرتا ہے پھر وہ خشک ہونے لگتی ہے پھر تم اُسکو زرد ہوا دیکھ لیتے ہو پھر وہ اُسکو کھلیان

حُطَامًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ۝ اَفَمَنْ شَرَحَ

کر دیتا ہے بیشک عقلمندوں کے لیے اس میں بھی نصیحت موجود ہے کیا وہ شخص جسکے سینے کو

اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ

اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہے وہ اپنے پروردگار کی طرف سے نور (ہدایت) پر ہے (یا کوئی اور؟) پس افسوس

لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

اُن لوگوں پر ہے جنکے دل یادِ خدا کرنے سے سخت ہو گئے ہیں وہی تو کھلی گمراہی میں ہیں۔

اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ

اللہ وہی تو ہے جسنے اچھی سے اچھی بات نازل فرمائی ہے (یعنی) ایک کتاب جسکی آیتیں ایک دوسری سے ملتی جلتی ہیں اور بعض

تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ

مکرر آئی ہیں اُس سے جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں اُنکے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں پھر اُنکے جسم اور اُنکے

جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ

دل نرما جاتے ہیں (اور) خدا کی یاد کی طرف مائل ہو جاتے ہیں یہی تو خدا کی ہدایت ہے جسکے ذریعہ

يَهْدِي بِهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ○

جسکو وہ چاہتا ہے ہدایت فرما دیتا ہے اور جس کو خدا تعالیٰ توفیق ہدایت سلب کرلے تو اُسکا راہبر کوئی نہیں ہوتا۔

اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْۗءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَقِيْلَ

پھر آیا وہ شخص جو اپنی ذات کو قیامت کے دن بڑی سی بڑی عذاب سے بچالے (اسکے برابر ہوسکتا ہے) جسکو

لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ○ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ

نافرمانوں سے (اُس دن) یہ کہا جائیگا کہ تم جو کچھ کیا کرتے تھے (اب) اُسکا مزا چکھو۔ جو لوگ اُنسے پہلے گزرے ہیں اُنہوں نے (بھی پیغمبروں کو)

قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ○

جھٹلایا پس اِن پر عذاب بھی اس طرح آیا کہ یہ کچھ نہ سمجھے۔

فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَلَعَذَابُ

پس اللہ نے زندگانی دنیا میں تو اِن کو رسوائی کا مزا چکھایا اور آخرت کا عذاب

الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ○ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ

اور بڑھا ہوا ہے کاش یہ اسے سمجھتے! اور ہمنے آدمیوں کے لیے اِس قرآن میں ہر طرح

هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ○ قُرْاٰنًا

کی مثل بیان کی تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں یہ قرآن عربی زبان میں

عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ○ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

ہے ہر طرح کی کجی سے بری ہے (جسکی غرض یہ ہے) کہ وہ (خدا سے) ڈریں۔ خدا نے مثل بیان کی ہے ایک ایسے

رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَاۗءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ۭ هَلْ

مرد کی جس میں کئی ایک جھگڑالو حصہ دار ہوں اور ایک ایسے مرد کی جو سالم اور خالص ایک ہی شخص کا ہو۔ آیا

يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ اِنَّكَ مَيِّتٌ

مثل میں دونو برابر ہوسکتے ہیں؟ ہر قسم کی تعریف خدا ہی کیلئے (زیبا) ہے مگر اُن میں سے اکثر یہ بھی نہیں جانتے۔ تم بھی یقیناً مرنیوالے ہو

وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ○ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ○

اور یہ بھی ضرور مرنیوالے ہیں۔ پھر قیامت کے دن تم سب کے سب ضرور اپنے پروردگار کے پاس جھگڑتے ہوئے آؤ گے۔

ع ۳ ۱۷

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ
پس اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو خدا کے برخلاف جھوٹ بولے اور سچ کو جب اُسکے پاس
بِالصِّدْقِ إِذْ جَاءَهُ ۚ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكَافِرِينَ ○
آئے جھٹلائے کیا کافروں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے؟
وَالَّذِي جَاءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهِ أُولَٰئِكَ هُمُ
اور وہ جو سچ کو لیکر آیا اور وہ جس نے اُسکی تصدیق کی (خدا سے) ڈرنیوالے
الْمُتَّقُونَ ○ لَهُم مَّا يَشَاءُونَ عِندَ رَبِّهِمْ ۚ ذَٰلِكَ جَزَاءُ
وہی تو ہیں۔ اُنکے لیے اُنکے پروردگار کے پاس جو کچھ وہ چاہینگے موجود ہے نیکوکاروں کا بدلہ
الْمُحْسِنِينَ ○ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي عَمِلُوا وَ
یہی تو ہے۔ تاکہ جو بُری سے بُری بدی اُنہوں نے کی تھی اُس (کے وبال) کو خدا تعالےٰ اُن سے دور کردے اور
يَجْزِيَهُمْ أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ○
جو اُس (بھی) اچھا کیا کرتے تھے اُسکے عوض میں کہیں زیادہ اچھا بدلہ اُن کو دے۔
أَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهُ ۖ وَيُخَوِّفُونَكَ بِالَّذِينَ مِن دُونِهِ ۚ
کیا اللہ اپنے بندے کے لیے کافی نہیں ہے؟ حالانکہ وہ تمہیں اُن (کے ذریعے) سے ڈراتے ہیں جو اُسکے سوا ہیں
وَمَن يُضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ ○ وَمَن يَهْدِ اللّٰهُ فَمَا
اور جس کو خدا تعالےٰ توفیق ہدایت سلب کرلیتا ہے اُسکو کوئی راہبر نہیں ہوتا۔ اور جسے خدا ہدایت فرما دیتا ہے اُسکا کوئی
لَهُ مِن مُّضِلٍّ ۗ أَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيزٍ ذِي انتِقَامٍ ○ وَلَئِن
بھٹکانیوالا نہیں ہے کیا اللہ زبردست (اور) انتقام لینے والا نہیں ہے؟ اور اگر تم اُن سے یہ
سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ ۚ
دریافت کروگے کہ آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کسنے کیا ہے؟ تو وہ ضرور یہ کہدینگے کہ اللہ نے۔
قُلْ أَفَرَأَيْتُم مَّا تَدْعُونَ مِن دُونِ اللّٰهِ إِنْ أَرَادَنِيَ اللّٰهُ
تم کہدو کیا تمہارا کچھ بس چلتا ہے کہ اگر اللہ مجھے کوئی نقصان پہنچانا چاہے تو جنکو تم اللہ کے سوا پکارتے رہتے ہو

بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ
آیا یہ اُسکے نقصان کو رفع کرسکینگے؟ یا وہ مجھ پر رحمت نازل کرنی چاہے تو آیا یہ اُسکی
هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ۭ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۭ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ
رحمت کو روک سکینگے؟ (چونکہ ایسا نہیں ہے لہذا) تم کہدو کہ میرے لیے تو اللہ ہی کافی ہے بھروسہ کرنیوالے اُسی پر
الْمُتَوَكِّلُوْنَ ○ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰي مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ
بھروسہ کیا کرتے ہیں۔ تم یہ کہدو کہ اے میری قوم تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ میں (اپنا) کام کر رہا
عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ○ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ
ہوں آگے چلکر تم یہ معلوم کر ہی لوگے۔ کہ وہ کون ہے جسپر ایسا عذاب آتا ہے کہ اُسکو ذلیل کردے
وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ○ اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ
اور اُسی پر پائدار عذاب (بھی) نازل ہوتا ہے۔ بیشک ہمنے یہ برحق کتاب لوگوں کے فائدہ کے لیے
لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا
نازل کی ہے۔ پس جو شخص ہدایت یافتہ ہوگا تو اپنی ہی ذات کے نفع کیلیے اور جو بھٹک جائیگا تو وہ اپنی ہی ذات
يَضِلُّ عَلَيْهَا ۠ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ○ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى
کو نقصان پہنچانیکے لیے بھٹکیگا اور تم اِن کے نگہبان نہیں ہو۔ اللہ جانوں کو اُنکی موت
الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ
کے وقت لے لیتا ہے اور جو نہیں مرے ہیں اُن کی سونیکے وقت (لے لیتا ہے)۔
فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى
پس جن پر موت کا حکم صادر کرچکا ہے اُنکو تو روک رکھتا ہے اور دوسرے کو ایک وقتِ معین تک کے لیے
اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ○
بھیجدیتا ہے۔ بیشک اِس میں اُن لوگوں کے لیے جو غور و فکر کریں نشانیاں (موجود ہیں)۔
اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَاۗءَ ۭ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا
آیا انہوں نے خدا کے سوا اور سفارشی بنا لیے ہیں؟ تم یہ کہدو کہ اگر وہ کسی چیز پر اختیار

الجزء ۲۴

نہیں دیا تو اُنکی باچھیں کھل جاتی ہیں۔ قولِ مترجم۔ ہم اپنے زمانہ میں مخالفینِ آلِ محمدؐ کی یہی حالت پاتے ہیں کہ جب علیؑ

[illegible]

لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ○ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ

نہ رکھتے ہوں اور کوئی بات سمجھ نہ سکتے ہوں۔ تو بھی (اُنہی کو سفارشی بتاؤ گے) تم یہ کہدو کہ شفاعت تو پوری پوری اللہ ہی

جَمِيْعًا ؕ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ ثُمَّ اِلَيْهِ

کے ہاتھ ہے اُسی کو آسمانوں کا اختیار حاصل ہے اور اُسی کو زمین کا پھر اُسی کی طرف تمہاری بازگشت

تُرْجَعُوْنَ ○ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ

(بھی) ہوگی۔ اور جس وقت خدائے یکتا کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُن لوگوں کے دل جو آخرت پر

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ

ایمان نہیں رکھتے متنفر ہو جاتے ہیں اور جب اُنکا ذکر کیا جاتا ہے جو اُس کے ماورا

دُوْنِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ○ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ

ہیں تو وہ خوشی کے مارے پھولے نہیں سماتے۔ تم یہ کہدو کہ اے اللہ! اے آسمانوں کے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ

اور زمین کے پیدا کرنیوالے! اے چھپی اور کھلی کے جاننے والے! تو ہی اپنے بندوں

تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○ وَلَوْ

کے مابین اُن تمام معاملات میں فیصلہ فرمائیگا جن (جن) میں وہ اختلاف کیا کرتے ہیں۔ اور اگر اُن

اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ

لوگوں کے اختیار میں جو نافرمانی کیا کرتے ہیں زمین میں جو کچھ ہے یہ سب ہو اور اُتنا ہی اُسکے ساتھ اور ہو

مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

تو قیامت کے دن عذاب کی سختی کے مقابلے میں وہ اُس (سب) کو بطورِ فدیہ دیدینگے۔

وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ○ وَبَدَا لَهُمْ

اور اللہ کی طرف سے اُنکے بارے میں وہ کچھ ظاہر ہوگا جسکا وہ گمان (بھی) نہ کرتے تھے۔ اور جو جو افعال وہ

سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

کیا کرتے تھے اُنکی بُرائیاں اُن پر صاف کھل جائینگی اور جس (عذاب) کی وہ ہنسی اُڑایا کرتے ہیں وہی

[1] اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ الخ تفسیر قمی میں ہے کہ یہ آیت فلاں اور فلاں کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ کافی میں ہے کہ جناب امام جعفر صادق سے اس آیت کے بارے میں سوال کیا گیا تھا تو حضرت نے فرمایا کہ جب خدا تعالیٰ کا تنہا ذکر اس طرح کیا جاتا ہے کہ جن آلِ محمدؐ کی اطاعت کا خدا نے حکم دیا ہے تم اُنکی اطاعت کرو تو جو لوگ آخرت اور اولادِ علیؑ کا ذکر ہو تو اُنکو حد سے زیادہ ناگوار گزرتا ہے۔ گو بعض مواقع پر کسی لحاظ سے کچھ کہہ نہ سکیں۔ مگر چہرے کی رنگت و حالتِ دل کے حال سے خبر دیدیتی ہے۔ مگر جب دشمنانِ آلِ محمدؐ کا ذکر ہو

[illegible]

میں جناب رسالت مآبؐ سے منقول ہے کہ یہ آیت مجھے دنیا و مافیہا سے زیادہ محبوب ہے۔

يَسْتَهْزِءُونَ ۝ فَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ

اُنکو آگھیریگا۔ پس جس وقت انسان پر کوئی تکلیف آپڑتی ہے تو وہ ہم سے دعا کرنے لگتا ہے پھر جب

إِذَا خَوَّلْنَاهُ نِعْمَةً مِنَّا قَالَ إِنَّمَا أُوتِيتُهُ عَلَىٰ عِلْمٍ

ہم اُسکو اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا کرتے ہیں تو کہدیتا ہے کہ یہ تو مجھے اپنے علم کی بدولت میسر آئی ہے۔

بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ قَدْ قَالَهَا

حقیقت میں یہ تو آزمائش ہے لیکن اُن میں سے اکثر جانتے ہی نہیں۔ اِنسے جو پہلے تھے

الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝

وہ بھی ایسا ہی کہا کرتے تھے پس جو کچھ اُنہوں نے کمایا تھا اُنکو کوئی فائدہ نہ پہنچایا۔

فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا ۚ وَالَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ

پھر جو (جو) افعال اُنہوں نے کیے تھے اُنکی تکلیفیں اُنکو پہنچیں اور اِن میں سے جو نافرمان رہے عنقریب اُنکے

هَٰؤُلَاءِ سَيُصِيبُهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَمَا هُمْ

افعال کی برائیاں اُن کو پہنچینگی اور وہ خدا کو عاجز

بِمُعْجِزِينَ ۝ أَوَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ

نہ کر سکینگے۔ کیا وہ اتنا بھی نہیں جانتے کہ یقیناً اللہ جسکے لیے چاہتا ہے رزق کو وسیع کردیتا ہے

يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ ع ۵ ۲

اور (جسکے لیے چاہتا ہے) تنگ کردیتا ہے۔ بیشک اِس میں اُن لوگوں کیلئے جو ایمان لاتے ہیں نشانیاں موجود ہیں۔

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا

تم یہ کہدو کہ اے میرے وہ بندو! جنہوں نے اپنی ہی ذات پر زیادتی کی ہے (یعنی دل کھول کر گناہ کیے ہیں) تم اللہ کی رحمت

مِنْ رَحْمَةِ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا ۚ إِنَّهُ

سے مایوس نہ ہونا یقیناً اللہ سب ہی گناہوں کو بخشدیگا بیشک وہ بڑا

هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝ وَأَنِيبُوا إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَأَسْلِمُوا لَهُ

بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اور تم لوگ اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرو اور قبل اِسکے کہ تم پر

جناب امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ خدا تعالیٰ نے یہ آیت خاصکر فاطمہ زہراؑ کی اولاد کے شیعوں کی شان میں نازل فرمائی ہے۔

المنزل ۶

مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۝ وَاتَّبِعُوْٓا

عذاب آئے اُسی کے مطیع رہو (ورنہ) پھر تمہاری کوئی مدد نہ کی جائیگی۔ اور جو کچھ تمہارے

اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ

پروردگار کی طرف سے تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے اُس میں سے اچھی سے اچھی بات کی پیروی کرتے رہو

يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ اَنْ

قبل اِس کے کہ عذاب تمکو یکایک آئے اور تمکو خبر تک نہ ہو۔ (کہ) کوئی اُس

تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَ

وقت کہنے لگے ہائے افسوس میں نے جنب اللہ کے بارے میں یہ کیسی کمی کی! اور میں

اِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ۝ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ

ہمیشہ اس کی ہنسی اڑانیوالوں میں رہا! یا یہ کہنے لگے کہ اگر اللہ مجھے ہدایت

هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ

فرماتا تو میں (بھی) ڈرنیوالوں میں سے ہو جاتا۔ یا جس وقت عذاب کو دیکھے

تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ

یہ کہے کاش میرے لیے بازگشت ہوتی تو میں بھی نیکوکاروں میں سے

الْمُحْسِنِيْنَ ۝ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا

ہو جاتا۔ (جواب ملیگا کہ ہاں) ہاں تیرے پاس میری آیتیں آئی تھیں پھر تو نے اُن کو

وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ

جھٹلایا تھا اور تو نے بڑا بننا چاہا تھا اور تو انکار کرنیوالوں میں سے تھا۔ اور قیامت کے دن تم

تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ

اُن لوگوں کو جنہوں نے خدا کے برخلاف جھوٹ بولا ہوگا دیکھو گے کہ اُنکے چہرے سیاہ ہونگے

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝ وَيُنَجِّي اللّٰهُ

الَّذِينَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوءُ وَلَا هُمْ
جو ڈرتے رہے بامراد بنا کر نجات دیگا نہ کوئی تکلیف اُنکو پہنچیگی اور نہ وہ
يَحْزَنُونَ ۝ اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ
رنجیدہ رہینگے۔ خدا (ہی) ہر چیز کا پیدا کرنیوالا ہے اور وہی ہر چیز کا کارساز
وَكِيلٌ ۝ لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَالَّذِينَ
ہے۔ آسمانوں کی اور زمین کی کنجیاں اُسی کے ہاتھ ہیں اور جنہوں نے
كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝ قُلْ ع ۱۱ ۳
اللہ کی نشانیوں کا انکار کر دیا ٹوٹا پانیوالے تو وہی ہیں۔ تم یہ کہدو کہ
أَفَغَيْرَ اللَّهِ تَأْمُرُونِّي أَعْبُدُ أَيُّهَا الْجَاهِلُونَ ۝ وَلَقَدْ
اے جاہلو! کیا تم مجھے یہ حکم دیتے ہو کہ میں اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت کروں؟ حالانکہ خود
أُوحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ
میری طرف اور جو مجھ سے پہلے تھے اُنکی طرف یہ وحی یقینی کی جاچکی ہے کہ اگر تُم نے شرک کیا تو
لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ ۝ بَلِ اللَّهَ
تمہارے عمل ضرور مٹ جائینگے اور تم ضرور نقصان اُٹھانیوالوں میں سے ہو جاؤ گے۔ لہذا صرف خدا
فَاعْبُدْ وَكُن مِّنَ الشَّاكِرِينَ ۝ وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ
ہی کی عبادت کیا کرو اور شکر گزاروں میں سے ہو جاؤ۔ اور اُنہوں نے عظمتِ خدا کا اندازہ ہی نہیں کیا
قَدْرِهِ ۖ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
جیسا کہ اُسکو اندازہ کرنیکا حق ہے حالانکہ قیامت کے دن ساری زمین اُسی کی ملکیت ہوگی
وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا
اور آسمان اُسکے داہنے ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہونگے۔ جن چیزوں کو یہ اُسکا شریک گردانتے ہیں اُنسے اُسکی
يُشْرِكُونَ ۝ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَن فِي السَّمَاوَاتِ
ذات منزہ و برتر ہے۔ اور (پہلی مرتبہ) صور پھونکا جائیگا تو جو آسمانوں میں ہیں وہ بھی (مرکر) گر پڑینگے

وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى

اور جو زمین میں ہیں وہ (بھی) سوائے اُنکے جنکو اللہ چاہے پھر اُس میں دوبارہ پھونک ماری جائیگی

فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ○ وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ

تو یکایک وہ سب کھڑے ہوکر (اِدھر اُدھر) دیکھنے لگینگے۔ اور زمین اپنے مالک کے نور سے روشن

بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ

ہوجائیگی اور نوشتے رکھ دیے جائینگے اور نبی اور گواہ حاضر

وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا

کیے جائینگے اور اُنکے مابین ٹھیک (ٹھیک) فیصلہ کیا جائیگا اور اُن پر کوئی ظلم

يُظْلَمُوْنَ ○ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ

نہ کیا جائیگا۔ اور ہر نفس کو جو جو کچھ وہ کر چکا ہے اُسکا پورا پورا بدلہ دیا جائیگا اسلیے کہ جو جو کچھ وہ

بِمَا يَفْعَلُوْنَ ○ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ

کیا کرتے ہیں وہ اُس سے خوب واقف ہے۔ اور جو کافر ہو چکے وہ ایک غول بنا کر جہنم کی طرف ہنکا دیے

زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ

جائینگے یہانتک کہ جب وہ اُسکے پاس پہنچینگے تو اُسکے دروازے کھولدیے جائینگے اور اُسکے نگہبان

لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ

اُنسے یہ کہینگے کہ کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے کچھ پیغامبر نہیں آئے تھے جو تمکو تمہارے پروردگار

اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ

کی آیتیں پڑھکر سناتے اور تمکو تمہارے اِس دن کی پیش آمد سے ڈراتے

قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ○

وہ کہینگے کہ ہاں آئے تو ضرور تھے لیکن (ہمنے نہ مانا اور) کافروں پر عذاب کا کلمہ پورا اُترا۔

قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ

کہا جائیگا کہ جہنم کے پھاٹکوں میں جا گھسو ہمیشہ اِسی میں رہنا

فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ ○ وَسِيقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا

سو تکبر کرنیوالوں کا ٹھکانا کیسا برا ہوگا! اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے

رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۚ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوهَا وَفُتِحَتْ

تھے اُن (کی سواریوں) کے دل کے دل جنت کی طرف (باعزاز) بھیجے جائینگے یہاں تک کہ جب وہ اُسکے پاس پہنچینگے اور

أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ

اُسکے دروازے کھولے جائینگے اور اُسکے نگہبان اُنسے کہینگے سلام علیکم آپ لوگ تو طیب و طاہر ہو گئے اب ہمیشہ

فَادْخُلُوهَا خَالِدِينَ ○ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي صَدَقَنَا

رہنے کیلیے اس میں (تشریف لے) چلیے اور وہ کہینگے سب تعریف اُسی خدا کیلیے زیبا ہے جسنے ہم سے اپنا وعدہ

وَعْدَهُ وَأَوْرَثَنَا الْأَرْضَ نَتَبَوَّأُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ

سچا کر دکھایا اور ہم کو اس زمین کا وارث کر دیا کہ ہم اس جنت میں جہاں چاہیں رہیں سہیں

نَشَاءُ ۚ فَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ ○ وَتَرَى الْمَلَائِكَةَ حَافِّينَ

تو نیک عمل کرنیوالوں کا اجر کتنا اچھا ہے! اور تم فرشتوں کو دیکھوگے کہ عرش کو

مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ

گرداگرد سے گھیرے ہوئے اپنے پروردگار کی حمد کی تسبیح پڑھتے ہونگے اور اُنکے مابین

بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيلَ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ○ ع

ٹھیک (ٹھیک) فیصلہ کیا جائیگا اور یہی کہا جائیگا (کہ) ہر طرح کی تعریف تمام عالموں کے پروردگار اللہ ہی کیلیے (زیبا) ہے

ع ۸ ۵ ربع

سُورَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَثَمَانُونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ○ تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ

حٰمٓ۔ اس کتاب کا اُتارا صاحب علم (اور) زبردست خدا ہی کی طرف

آیاتها ۸۵ | کلماتها ۱۲۴۲ | رکوعاتها ۹ | حروفها ۵۲۱۳

الْعَلِيمِ ۝ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيدِ

سے ہے۔ جو گناہ کا بخشنے والا ہے اور توبہ کا قبول کرنیوالا۔ سخت عذاب دینے والا

الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ إِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۝

(بھی) ہے (اور) فضل و کرم والا (بھی) اُسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے سبکی بازگشت اُسی کی طرف ہے۔

مَا يُجَادِلُ فِي آيَاتِ اللَّهِ إِلَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَلَا

سوائے اُن لوگوں کے جو کافر ہو گئے خدا کے احکام میں کوئی اور نہیں جھگڑتا سو تمکو اُنکا

يَغُرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ۝ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

شہروں میں چلنا پھرنا دھوکے میں نہ ڈالے اِن سے پہلے نوح کی قوم نے (بھی)

قَوْمُ نُوحٍ وَالْأَحْزَابُ مِنْ بَعْدِهِمْ ۖ وَهَمَّتْ

تکذیب کی تھی اور اُن کے بعد اور گروہوں نے (بھی) اور ہر امت نے

كُلُّ أُمَّةٍ بِرَسُولِهِمْ لِيَأْخُذُوهُ وَجَادَلُوا بِالْبَاطِلِ

اپنے اپنے رسول کی نسبت یہ ارادہ کیا تھا کہ اُسے گرفتار کرلیں اور باطل کے ذریعے سے وہ جھگڑتے تھے

لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ فَأَخَذْتُهُمْ ۖ فَكَيْفَ كَانَ

کہ اُس سے حق کو زائل کردیں تب میں نے اُنکو دھر پکڑا تو پھر میرا عذاب کیسا

عِقَابِ ۝ وَكَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى

رہا؟ اور اِسی طرح تمہارے پروردگار کا کلمہ اُن لوگوں کے برخلاف

الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ أَصْحَابُ النَّارِ ۝ الَّذِينَ

جو کافر ہو گئے پورا اُترا کہ وہ جہنمی ہیں۔ جو (فرشتے)

يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ

عرش کو اُٹھائے ہوئے ہیں اور جو اُسکے گرداگرد ہیں وہ (برابر) اپنے رب کی حمد کی تسبیح پڑھتے

رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُونَ بِهِ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِينَ آمَنُوا

رہتے ہیں اور اُسی پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور جو لوگ ایمان لائے ہیں اُنکی لیے مغفرت طلب کرتے رہتے ہیں

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ
(اور یہ کہتے رہتے ہیں کہ) اے ہمارے پروردگار تیری رحمت اور تیرا علم ہر چیز پر حاوی ہے پس جن لوگوں نے
تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝
توبہ کرلی ہے اور وہ تیری راہ پر چلتے ہیں اُنکے گناہ بخشدے اور اُنکو جہنم کے عذاب سے بچالے۔
رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ
(اور) اے ہمارے پروردگار اُنکو ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں جنکا تونے اُن سے وعدہ کیا ہے داخل فرما اور
صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ
اور اُنکے باپ دادا میں سے اور اُنکی ازواج میں سے اور اُنکی اولاد میں سے جو جو نیک ہوں اُنکو بھی کہ بالتحقیق تو بڑا
اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۭ وَمَنْ
زبردست (اور) حکمت والا ہے اور اُنکو تکلیفوں سے بچالے اور جسکو تونے
تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ
اُس دن تکلیفوں سے بچالیا اُسی پر تو یقیناً رحمت فرمائی اور یہی تو بڑی
الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ ع ۱ ۹ ۶
کامیابی ہے۔ جو لوگ کافر ہو گئے تھے اُن سے یقیناً آواز دیکر کہدیا جائیگا کہ خدا کی
لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ
ناراضی اُس سے کہیں زیادہ ہے جتنا کہ تم اپنے آپ سے ناراض ہو کہ تمکو ایمان کی طرف
اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ۝ قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا
بلایا جایا کرتا تھا تب (بھی) تم انکار کر دیا کرتے تھے۔ وہ عرض کرینگے کہ پروردگارا تونے تو ہمکو
اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا
دو دفعہ مارا اور دو ہی مرتبہ جلایا پھر ہم نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا تو اب (بھی) اس
فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ اِذَا
عذاب سے نکلنے کی کوئی سبیل ہے؟ (جواب ملیگا کہ) بات تو یہی ہے کہ جب خدا ایک

دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ؕ
کو پکارا جاتا تھا تب تو تم انکار کیا کرتے تھے اور اگر اُسکے ساتھ کسی کو شریک کیا جاتا تھا تو تم
فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ۝ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ
ایمان لے آیا کرتے تھے سو اب تو حکومت خدائے بزرگ و برتر ہی کی ہے۔ وہ وہی تو ہے جو تمکو اپنی نشانیاں دکھلاتا ہے
وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا
اور آسمان سے تمہارے لیے رزق نازل کرتا ہے اور اس سے نصیحت تو وہی حاصل کرتا ہے جو غور
مَنْ يُّنِيْبُ ۝ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ
فکر سے رجوع کرتا ہے۔ پس اب تم اللہ ہی کے لیے دین خالص کرکے اُسے پکارو گو کافروں
كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِي
کو بُرا لگے (خدا تعالےٰ) بڑے درجوں والا (اور) عرش والا ہے اپنے بندوں میں
الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ
سے اپنے حکم سے جسکو چاہتا ہے روح (قدس) کے ذریعے سے فیض پہنچاتا ہے تاکہ وہ بندہ قیامت
يَوْمَ التَّلَاقِ ۝ يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ
کے دن سے لوگوں کو ڈرائے۔ جس دن کہ وہ سب (قبروں سے) نکل کر آئینگے اللہ پر اُنکی کوئی بات پوشیدہ
مِنْهُمْ شَيْءٌ ؕ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ
نہ ہوگی (سوال کیا جائیگا کہ) آج سلطنت کسکی ہے؟ (جواب دیا جائیگا کہ) خدائے یکتا و زبردست
الْقَهَّارِ ۝ اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ؕ
کی۔ (پھر ندا دیجائیگی کہ) آج ہر نفس کو اُسکے کیے کا بدلہ ملیگا
لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ وَ
آج (ذرا) بے انصافی نہیں ہے یقیناً اللہ بڑا جلد حساب لینے والا ہے۔ اور
اَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ
اِنکو قریب آنیوالے دن سے ڈراؤ جبکہ مارے رنج و غم کے دل حلقوم کے پاس

تفسیر صافی میں ہے کہ یہ بھی قیامت کا ایک نام ہے۔ اور ازفۃ۔ ازوف سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں قرب ۱۲

لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ؕ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ
(یعنی کلیجے منہ کو) آجائینگے (اور) ظالموں کا نہ کوئی سرگرم دوست
حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ۝ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ
ایسا ہوگا اور نہ سفارشی جس کی سن لی جائے۔ وہ آنکھوں کی خیانت کو بھی جانتا ہے
وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ۝ وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ
اور جس بات کو سینے چھپائے ہوئے ہیں اُسکو (بھی)۔ اور اللہ تو ٹھیک ٹھیک فیصلہ فرماتا ہے اور جنکو یہ اُسکے
يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ
سوا پکارتے ہیں وہ کوئی بات بھی طے نہیں کر سکتے بیشک اللہ بڑا سننے والا
السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ع ۲
(اور) بڑا دیکھنے والا ہے۔ کیا یہ زمین میں نہیں چلے پھرے
فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ
کہ غور کرتے کہ جو ان سے پہلے تھے اُن کا انجام
قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا
کیسا ہوا؟ وہ (تو) قوت کی حیثیت سے اور زمین میں نشان چھوڑنے کی حیثیت سے اِنسے
فِي الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَمَا
کہیں بڑھے ہوئے تھے پھر اللہ نے اُنکے گناہوں کی پاداش میں اُنکو دھر پکڑا اور اللہ
كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ
(کی گرفت) سے اُنکو بچانیوالا کوئی (بھی) نہ ہوا۔ یہ اِس لیے کہ اُن کے پاس اُنکے
تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ
رسول کھلی نشانیاں لیکر آیا کرتے تھے پس اُنہوں نے انکار کیا پھر خدا تعالیٰ نے اُنکے
اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا
مواخذہ کیا بیشک وہ بڑا قوت والا اور سخت عذاب دینے والا ہے۔ اور یقیناً ہم نے موسےٰ کو

مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۙ اِلٰى فِرْعَوْنَ

معجزات اور کھلے غلبہ کے ساتھ فرعون و ہامان و قارون

وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝ فَلَمَّا

کے پاس بھیجا تھا پس انہوں نے کہدیا کہ (یہ تو) جادوگر (اور) بڑا جھوٹا ہے۔ پس جب وہ

جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ

ہماری طرف سے حق لیکر اُن کے پاس پہنچا تو اُنہوں نے کہا کہ جو اُس پر ایمان لائے ہیں

اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ۭ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ

اُنکے بیٹوں کو قتل کردو اور اُنکی بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دو حالانکہ کافروں کی کوئی چال کبھی نہیں

اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى

ہے جو بیکار نہ گئی ہو۔ اور فرعون نے کہا مجھے چھوڑ دو (تو سہی) کہ میں موسےٰ کو قتل کروں

وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّىْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ اَوْ

اور اسی چاہیے کہ یہ اپنے رب کو پکارے مجھے اندیشہ ہے کہ یہ کہیں تمہارے دین کو بدلدے یا

اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ۝ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّىْ

ملک میں فساد پھیلا دے اور موسےٰ نے فرمایا کہ میں نے تو

عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ

ہر متکبر کے شر سے (بچنے کے لیے) جو قیامت کے دن پر ایمان نہ رکھتا ہو اپنے پروردگار کی اور تمہارے

بِيَوْمِ الْحِسَابِ ۝ وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ اٰلِ

پروردگار کی پناہ مانگ لی ہے۔ اور فرعون کے کنبے میں سے ایک مردِ مومن نے جو اپنے ایمان کو

فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ

چھپاتا تھا یہ کہا کہ کیا تم ایک شخص کو صرف اتنی سی بات پر قتل کرتے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا

يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ۭ

پروردگار اللہ ہے حالانکہ وہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے یقیناً کھلی دلیلیں لیکر آیا ہے

وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا

اور اگر وہ جھوٹا ہے تو اُسکے جھوٹ کا وبال اُسی پر رہا اور اگر وہ سچا ہے تو جسکا

يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ

تم سے وعدہ کرتا ہے اُسکا کچھ حصہ تو تم پر بھی پڑیگا بیشک اللہ اُس شخص کی جو فضول خرچ

مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ۝ يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ

اور بڑا جھوٹا ہو راہبری نہیں فرمایا کرتا۔ اے میری قوم! آج تو اِس سرزمین میں تمہارا

ظَاهِرِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۫ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ اِنْ

اختیار ہے غالب تم ہی ہو لیکن (کل) عذاب خدا سے اگر وہ ہم پر آپڑے بچانیکے لیے

جَآءَنَا ؕ قَالَ فِرْعَوْنُ مَآ اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ

ہماری مدد کون کریگا؟ فرعون نے کہا کہ میں تو تمکو وہی رائے دیتا ہوں جو میں (نیک) سمجھتا ہوں اور

اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ ۝ وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ

میں سوائے بھلائی کی راہ کے اور کوئی راہ تم کو نہیں بتاتا۔ اور اُس شخص نے جو ایمان لایا تھا یہ کہا

يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِّثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ ۝ۙ

کہ اے میری قوم! مجھے یہ اندیشہ ہے کہ کہیں تم پر پچھلی اُمتوں کے سے دن نہ پڑ جائیں۔ (یعنی)

مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَالَّذِيْنَ

قوم نوح اور عاد اور ثمود اور اُن کے بعد والوں کی سی حالت

مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ۝ وَ

نہ گزرے حالانکہ اللہ بندوں کے حق میں ظلم نہیں چاہتا۔ اور

يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ۝ۙ يَوْمَ

اے میری قوم! مجھے تمہارے بارے میں قیامت کے دن کا (بھی) اندیشہ ہے جس دن تم

تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ

روگرداں ہو کر چلو گے (تو اُس دن) اللہ کی طرف سے تمہارا کوئی بچانیوالا نہوگا اور جس سے

يُضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ

خدا تعالیٰ توفیق ہدایت سلب کرلے پس اسکا راہبر کوئی ہوتا ہی نہیں۔ اور یقیناً یوسف پہلے ہی تمہارے

يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ

پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تھے پس جو کچھ وہ تمہارے پاس لیکر آئے تھے

مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ؕ حَتّٰۤى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ

تم اسکے بارے میں برابر شک ہی میں رہے۔ یہاں تک کہ جب انکا انتقال ہوگیا تو تم نے یہ کہدیا کہ انکے

يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ

بعد اللہ کسی رسول کو مبعوث ہی نہ کریگا اسی طرح اللہ تعالیٰ ہر اس شخص سے

مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابُ ۝ ۨالَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْۤ

جو حد سے گزر جانیوالا اور شکی ہو توفیق ہدایت سلب کرلیا کرتا ہے۔ یہ ایسے ہی لوگ ہیں جو خدا تعالیٰ کی آیتوں میں

اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ

بغیر اسکے کہ کوئی دلیل آئی ہو جھگڑتے رہا کرتے ہیں۔ اللہ کے نزدیک اور جو لوگ ایمان لائے ہیں

وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ

انکے نزدیک (یہ رویہ) بہت ہی ناپسند ہے اسی طرح اللہ ہر متکبر سرکش کے دل پر چھاپا

قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ۝ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ

لگا دیتا ہے اور فرعون نے کہا کہ اے ہامان! میرے لیے ایک

لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْۤ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ۝ اَسْبَابَ

اونچا محل تو بنا تاکہ میں وسیلے بہم پہنچا لوں (اور) آسمان کے

السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰۤى اِلٰهِ مُوْسٰى وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ

راستے پالوں کہ مجھے موسیٰ کے خدا کی حالت معلوم ہو جائے حالانکہ میں اُسے جھوٹا

كَاذِبًا ؕ وَكَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَ

خیال کرتا ہوں اور اس طرح فرعون کی نظر میں اسکی بدعملی زینت پاگئی تھی اور

[1] لقد جاءکم یوسف من قبل۔ تفسیر مجمع البیان میں جناب امام محمد باقرؑ سے ایک حدیث منقول ہے

ع ۴ ۱۰ ۹

صُدَّ عَنِ السَّبِيلِ ۚ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ إِلَّا فِي تَبَابٍ ۝

وہ راہ راست سے روک دیا گیا تھا اور فرعون کی جو چال تھی وہ تباہی کی تھی۔

وَقَالَ الَّذِي آمَنَ يَا قَوْمِ اتَّبِعُونِ أَهْدِكُمْ سَبِيلَ

اور اُس شخص نے جو ایمان لایا تھا یہ کہا کہ اے میری قوم! تم میری پیروی کرو میں تمکو نیک بختی کی راہ

الرَّشَادِ ۝ يَا قَوْمِ إِنَّمَا هَٰذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ۖ

دکھلاؤنگا۔ اے میری قوم! یہ زندگانی دنیا تو (ذراسی) پونجی ہے اور آخرت

وَإِنَّ الْآخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ۝ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً

وہی تو یقیناً ہمیشہ رہنے کا گھر ہے۔ جو شخص کوئی بدی (بھی) کریگا

فَلَا يُجْزَىٰ إِلَّا مِثْلَهَا ۖ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ

تو اُس کو اتنا ہی بدلہ دیا جائیگا اور جو شخص مرد ہو یا عورت کوئی نیک عمل اُس حال میں

أَوْ أُنْثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَٰئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ

بجالائیگا کہ وہ مومن (بھی) ہو تو یہی لوگ جنت میں داخل ہونگے

نصف

يُرْزَقُونَ فِيهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ وَيَا قَوْمِ مَا لِي أَدْعُوكُمْ

جس میں اُنکو بیحساب رزق دیا جائیگا۔ اور اے میری قوم! یہ بات کیا ہے کہ میں تو

إِلَى النَّجَاةِ وَتَدْعُونَنِي إِلَى النَّارِ ۝ تَدْعُونَنِي

تمہیں نجات کی طرف بُلاتا ہوں اور تم مجھے جہنم کی طرف بلاتے ہو۔ تم مجھے اِس بات کی طرف بُلاتے ہو

لِأَكْفُرَ بِاللَّهِ وَأُشْرِكَ بِهِ مَا لَيْسَ لِي بِهِ عِلْمٌ ۖ وَأَنَا

کہ میں اللہ کا منکر ہو جاؤں اور اُسکا شریک ایسی چیزوں کو قرار دوں جنکا مجھکو کچھ علم نہیں حالانکہ میں

أَدْعُوكُمْ إِلَى الْعَزِيزِ الْغَفَّارِ ۝ لَا جَرَمَ أَنَّمَا تَدْعُونَنِي

تمکو بڑی زبردست (اور) بڑی بخشنے والے کی طرف بُلاتا ہوں۔ ہاں تم مجھے جسکی طرف بُلاتے ہو اُسکو

إِلَيْهِ لَيْسَ لَهُ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْآخِرَةِ وَأَنَّ

دنیا و آخرت میں بُلانیکا کوئی حق نہیں ہے اور ہم سب کی

مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ○
بازگشت خدا ہی کی طرف ہوگی اور حد سے بڑھ جانیوالے یقیناً وہی تو جہنمی ہیں۔

فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ
پس جو جو کچھ میں کہا کرتا ہوں عنقریب تم اس سب کو یاد کرو گے اور میں تو اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کیے دیتا

اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ○ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ
ہوں بیشک خدا سب بندوں کا نگران (حال) ہے۔ چنانچہ جو جو چالیں وہ چلے اللہ

سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْۗءُ
نے اُن کی خرابیوں سے اُسی بچائے رکھا اور بُرے سے بُرے عذاب نے فرعون کے سارے کنبے کو

الْعَذَابِ ○ اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۡ اَدْخِلُوْٓا
آگھیرا (یعنی) آگ نے جس کے سامنے وہ صبح و شام کھڑے کیے جاتے

ہیں اور جس دن قیامت قائم ہو گی (اُس دن یہ حکم دیا جائیگا کہ) فرعون

فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ○ وَاِذْ يَتَحَاۗجُّوْنَ فِي النَّارِ
والوں کو سخت سے سخت عذاب میں پہنچا دو۔ اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ وہ جہنم میں آپس میں جھگڑیں

فَيَقُوْلُ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ
کرتے ہونگے پس کمزور اُن لوگوں سے جو بڑے بنگئے تھے کہتے ہونگے کہ ہم تو آپ ہی کے پیرو

تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ○
تھے سو آپ آگ سے بچانے میں ہمارے کچھ بھی کام آسکینگے؟

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ ۙ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ
جو بڑے بنگئے تھے وہ کہینگے کہ ہم (تم) سب اسی میں ہیں بیشک اللہ نے بندوں کے

بَيْنَ الْعِبَادِ ○ وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ
مابین فیصلہ کر دیا۔ اور جو لوگ آگ میں ہونگے وہ جہنم کے عزا پیچھوں سے کہینگے کہ

ادْعُوا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ○ قَالُوا
تم ہی اپنے پروردگار کو پکارو کہ کسی دن تو ہمارا عذاب ہلکا کردے۔ وہ (جواب میں) کہینگے

أَوَلَمْ تَكُ تَأْتِيكُمْ رُسُلُكُم بِالْبَيِّنَاتِ ۖ قَالُوا بَلَىٰ ۖ
کیا تمہارے پاس تمہارے رسول کھلی دلیلیں لیکر نہیں آئے تھے؟ جواب دینگے جی (آئے تو تھے)

قَالُوا فَادْعُوا ۗ وَمَا دُعَاءُ الْكَافِرِينَ إِلَّا فِي ضَلَالٍ ○
(خیر پھر) کہینگے کہ بس تم ہی پکار لو حالانکہ کافروں کا پکارنا کچھ نہ ہوگا مگر رائگاں۔

إِنَّا لَنَنصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا
بیشک ہم زندگانی دنیا میں اپنے رسولوں کی اور جو ایمان لائے ہیں

وَيَوْمَ يَقُومُ الْأَشْهَادُ ○ يَوْمَ لَا يَنفَعُ الظَّالِمِينَ
اور جس دن گواہ کھڑے ہونگے اُس دن ظالموں کو اُنکی معذرت کوئی نفع

مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوءُ الدَّارِ ○ وَلَقَدْ آتَيْنَا
نہ پہنچائیگی اور اُنہی کے لیے لعنت ہوگی اور اُن ہی کے لیے اُس گھر کی بُرائی۔ اور ہمنے یقیناً موسےٰ کو

مُوسَى الْهُدَىٰ وَأَوْرَثْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ الْكِتَابَ ○
ہدایت دی اور بنی اسرائیل کو ایسی کتاب کا وارث کردیا

هُدًى وَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ○ فَاصْبِرْ إِنَّ
جو صاحبانِ عقل کے لیے ہدایت و نصیحت ہے۔ سو تم صبر کرو بیشک

وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ
اللہ کا وعدہ برحق ہے اور اپنے گناہ کی معافی مانگ لو اور صبح و شام اپنے پروردگار

رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ ○ إِنَّ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي
کی حمد کی تسبیح پڑھتے رہو۔ وہ لوگ جو اللہ کی آیتوں میں بغیر کسی دلیل کے

آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ ۙ إِن فِي صُدُورِهِمْ إِلَّا
جو اُنکے پاس آئی ہو جھگڑتے رہتے ہیں اُن کے سینوں میں سوائے تکبر کے اور کچھ

ع ۱۰ ۴۲

سل

۱۲ ابو کردہ ۴ میم ۱۴۱ ۱۴۲ ۱۴۳ ۱۴۴ ۱۴۵ ۱۴۶ ۱۴۷ ۱۴۸ ۱۴۹ ۱۵۰ ۱۵۱ ۱۵۲ ۱۵۳ ۱۵۴ ۱۵۵ ۱۵۶ ۱۵۷ ۱۵۸ ۱۵۹ ۱۶۰ ۱۶۱ ۱۶۲ ۱۶۳ ۱۶۴ ۱۶۵ ۱۶۶ ۱۶۷ ۱۶۸ ۱۶۹ ۱۷۰ ۱۷۱ ۱۷۲ ۱۷۳ ۱۷۴ ۱۷۵ ۱۷۶ ۱۷۷ ۱۷۸ ۱۷۹ ۱۸۰ ۱۸۱ ۱۸۲ ۱۸۳ ۱۸۴ ۱۸۵ ۱۸۶ ۱۸۷ ۱۸۸ ۱۸۹ ۱۹۰ ۱۹۱ ۱۹۲ ۱۹۳ ۱۹۴ ۱۹۵ ۱۹۶ ۱۹۷ ۱۹۸ ۱۹۹ ۲۰۰ ۲۰۱ ۲۰۲ ۲۰۳ ۲۰۴ ۲۰۵ ۲۰۶ ۲۰۷ ۲۰۸ ۲۰۹ ۲۱۰ ۲۱۱ ۲۱۲ ۲۱۳ ۲۱۴ ۲۱۵ ۲۱۶ ۲۱۷ ۲۱۸ ۲۱۹ ۲۲۰ ۲۲۱ ۲۲۲ ۲۲۳ ۲۲۴ ۲۲۵ ۲۲۶ ۲۲۷ ۲۲۸ ۲۲۹ ۲۳۰ ۲۳۱ ۲۳۲ ۲۳۳ ۲۳۴ ۲۳۵ ۲۳۶ ۲۳۷ ۲۳۸ ۲۳۹ ۲۴۰ ۲۴۱ ۲۴۲ ۲۴۳ ۲۴۴ ۲۴۵ ۲۴۶ ۲۴۷ ۲۴۸ ۲۴۹ ۲۵۰ ۲۵۱ ۲۵۲ ۲۵۳ ۲۵۴ ۲۵۵ ۲۵۶ ۲۵۷ ۲۵۸ ۲۵۹ ۲۶۰ ۲۶۱ ۲۶۲ ۲۶۳ ۲۶۴ ۲۶۵ ۲۶۶ ۲۶۷ ۲۶۸ ۲۶۹ ۲۷۰ ۲۷۱ ۲۷۲ ۲۷۳ ۲۷۴ ۲۷۵ ۲۷۶ ۲۷۷ ۲۷۸ ۲۷۹ ۲۸۰ ۲۸۱ ۲۸۲ ۲۸۳ ۲۸۴ ۲۸۵ ۲۸۶ ۲۸۷ ۲۸۸ ۲۸۹ ۲۹۰ ۲۹۱ ۲۹۲ ۲۹۳ ۲۹۴ ۲۹۵ ۲۹۶ ۲۹۷ ۲۹۸ ۲۹۹ ۳۰۰ ۳۰۱ ۳۰۲ ۳۰۳ ۳۰۴ ۳۰۵ ۳۰۶ ۳۰۷ ۳۰۸ ۳۰۹ ۳۱۰ ۳۱۱ ۳۱۲ ۳۱۳ ۳۱۴ ۳۱۵ ۳۱۶ ۳۱۷ ۳۱۸ ۳۱۹ ۳۲۰ ۳۲۱ ۳۲۲ ۳۲۳ ۳۲۴ ۳۲۵ ۳۲۶ ۳۲۷ ۳۲۸ ۳۲۹ ۳۳۰ ۳۳۱ ۳۳۲ ۳۳۳ ۳۳۴ ۳۳۵ ۳۳۶ ۳۳۷ ۳۳۸ ۳۳۹ ۳۴۰ ۳۴۱ ۳۴۲ ۳۴۳ ۳۴۴ ۳۴۵ ۳۴۶ ۳۴۷ ۳۴۸ ۳۴۹ ۳۵۰ ۳۵۱ ۳۵۲ ۳۵۳ ۳۵۴ ۳۵۵ ۳۵۶ ۳۵۷ ۳۵۸ ۳۵۹ ۳۶۰ ۳۶۱ ۳۶۲ ۳۶۳ ۳۶۴ ۳۶۵ ۳۶۶ ۳۶۷ ۳۶۸ ۳۶۹ ۳۷۰ ۳۷۱ ۳۷۲ ۳۷۳ ۳۷۴ ۳۷۵ ۳۷۶ ۳۷۷ ۳۷۸ ۳۷۹ ۳۸۰ ۳۸۱ ۳۸۲ ۳۸۳ ۳۸۴ ۳۸۵ ۳۸۶ ۳۸۷ ۳۸۸ ۳۸۹ ۳۹۰ ۳۹۱ ۳۹۲ ۳۹۳ ۳۹۴ ۳۹۵ ۳۹۶ ۳۹۷ ۳۹۸ ۳۹۹ ۴۰۰ ۴۰۱ ۴۰۲ ۴۰۳ ۴۰۴ ۴۰۵ ۴۰۶ ۴۰۷ ۴۰۸ ۴۰۹ ۴۱۰ ۴۱۱ ۴۱۲ ۴۱۳ ۴۱۴ ۴۱۵ ۴۱۶ ۴۱۷ ۴۱۸ ۴۱۹ ۴۲۰ ۴۲۱ ۴۲۲ ۴۲۳ ۴۲۴ ۴۲۵ ۴۲۶ ۴۲۷ ۴۲۸ ۴۲۹ ۴۳۰ ۴۳۱ ۴۳۲ ۴۳۳ ۴۳۴ ۴۳۵ ۴۳۶ ۴۳۷ ۴۳۸ ۴۳۹ ۴۴۰ ۴۴۱ ۴۴۲ ۴۴۳ ۴۴۴ ۴۴۵ ۴۴۶ ۴۴۷ ۴۴۸ ۴۴۹ ۴۵۰ ۴۵۱ ۴۵۲ ۴۵۳ ۴۵۴ ۴۵۵ ۴۵۶ ۴۵۷ ۴۵۸ ۴۵۹ ۴۶۰ ۴۶۱ ۴۶۲ ۴۶۳ ۴۶۴ ۴۶۵ ۴۶۶ ۴۶۷ ۴۶۸ ۴۶۹ ۴۷۰ ۴۷۱ ۴۷۲ ۴۷۳ ۴۷۴ ۴۷۵ ۴۷۶ ۴۷۷ ۴۷۸ ۴۷۹ ۴۸۰ ۴۸۱ ۴۸۲ ۴۸۳ ۴۸۴ ۴۸۵ ۴۸۶ ۴۸۷ ۴۸۸ ۴۸۹ ۴۹۰ ۴۹۱ ۴۹۲ ۴۹۳ ۴۹۴ ۴۹۵ ۴۹۶ ۴۹۷ ۴۹۸ ۴۹۹ ۵۰۰ ۵۰۱ ۵۰۲ ۵۰۳ ۵۰۴ ۵۰۵ ۵۰۶ ۵۰۷ ۵۰۸ ۵۰۹ ۵۱۰ ۵۱۱ ۵۱۲ ۵۱۳ ۵۱۴ ۵۱۵ ۵۱۶ ۵۱۷ ۵۱۸ ۵۱۹ ۵۲۰ ۵۲۱ ۵۲۲ ۵۲۳ ۵۲۴ ۵۲۵ ۵۲۶ ۵۲۷ ۵۲۸ ۵۲۹ ۵۳۰ ۵۳۱ ۵۳۲ ۵۳۳ ۵۳۴ ۵۳۵ ۵۳۶ ۵۳۷ ۵۳۸ ۵۳۹ ۵۴۰ ۵۴۱ ۵۴۲ ۵۴۳ ۵۴۴ ۵۴۵ ۵۴۶ ۵۴۷ ۵۴۸ ۵۴۹ ۵۵۰ ۵۵۱ ۵۵۲ ۵۵۳ ۵۵۴ ۵۵۵ ۵۵۶ ۵۵۷ ۵۵۸ ۵۵۹ ۵۶۰ ۵۶۱ ۵۶۲ ۵۶۳ ۵۶۴ ۵۶۵ ۵۶۶ ۵۶۷ ۵۶۸ ۵۶۹ ۵۷۰ ۵۷۱ ۵۷۲ ۵۷۳ ۵۷۴ ۵۷۵ ۵۷۶ ۵۷۷ ۵۷۸ ۵۷۹ ۵۸۰ ۵۸۱ ۵۸۲ ۵۸۳ ۵۸۴ ۵۸۵ ۵۸۶ ۵۸۷ ۵۸۸ ۵۸۹ ۵۹۰ ۵۹۱ ۵۹۲ ۵۹۳ ۵۹۴ ۵۹۵ ۵۹۶ ۵۹۷ ۵۹۸ ۵۹۹ ۶۰۰ ۶۰۱ ۶۰۲ ۶۰۳ ۶۰۴ ۶۰۵ ۶۰۶ ۶۰۷ ۶۰۸ ۶۰۹ ۶۱۰ ۶۱۱ ۶۱۲ ۶۱۳ ۶۱۴ ۶۱۵ ۶۱۶ ۶۱۷ ۶۱۸ ۶۱۹ ۶۲۰ ۶۲۱ ۶۲۲ ۶۲۳ ۶۲۴ ۶۲۵ ۶۲۶ ۶۲۷ ۶۲۸ ۶۲۹ ۶۳۰ ۶۳۱ ۶۳۲ ۶۳۳ ۶۳۴ ۶۳۵ ۶۳۶ ۶۳۷ ۶۳۸ ۶۳۹ ۶۴۰ ۶۴۱ ۶۴۲ ۶۴۳ ۶۴۴ ۶۴۵ ۶۴۶ ۶۴۷ ۶۴۸ ۶۴۹ ۶۵۰ ۶۵۱ ۶۵۲ ۶۵۳ ۶۵۴ ۶۵۵ ۶۵۶ ۶۵۷ ۶۵۸ ۶۵۹ ۶۶۰ ۶۶۱ ۶۶۲ ۶۶۳ ۶۶۴ ۶۶۵ ۶۶۶ ۶۶۷ ۶۶۸ ۶۶۹ ۶۷۰ ۶۷۱ ۶۷۲ ۶۷۳ ۶۷۴ ۶۷۵ ۶۷۶ ۶۷۷ ۶۷۸ ۶۷۹ ۶۸۰ ۶۸۱ ۶۸۲ ۶۸۳ ۶۸۴ ۶۸۵ ۶۸۶ ۶۸۷ ۶۸۸ ۶۸۹ ۶۹۰ ۶۹۱ ۶۹۲ ۶۹۳ ۶۹۴ ۶۹۵ ۶۹۶ ۶۹۷ ۶۹۸ ۶۹۹ ۷۰۰ ۷۰۱ ۷۰۲ ۷۰۳ ۷۰۴ ۷۰۵ ۷۰۶ ۷۰۷ ۷۰۸ ۷۰۹ ۷۱۰ ۷۱۱ ۷۱۲ ۷۱۳ ۷۱۴ ۷۱۵ ۷۱۶ ۷۱۷ ۷۱۸ ۷۱۹ ۷۲۰ ۷۲۱ ۷۲۲ ۷۲۳ ۷۲۴ ۷۲۵ ۷۲۶ ۷۲۷ ۷۲۸ ۷۲۹ ۷۳۰ ۷۳۱ ۷۳۲ ۷۳۳ ۷۳۴ ۷۳۵ ۷۳۶ ۷۳۷ ۷۳۸ ۷۳۹ ۷۴۰ ۷۴۱ ۷۴۲ ۷۴۳ ۷۴۴ ۷۴۵ ۷۴۶ ۷۴۷ ۷۴۸ ۷۴۹ ۷۵۰ ۷۵۱ ۷۵۲ ۷۵۳ ۷۵۴ ۷۵۵ ۷۵۶ ۷۵۷ ۷۵۸ ۷۵۹ ۷۶۰ ۷۶۱ ۷۶۲ ۷۶۳ ۷۶۴ ۷۶۵ ۷۶۶ ۷۶۷ ۷۶۸ ۷۶۹ ۷۷۰ ۷۷۱ ۷۷۲ ۷۷۳ ۷۷۴ ۷۷۵ ۷۷۶ ۷۷۷ ۷۷۸ ۷۷۹ ۷۸۰ ۷۸۱ ۷۸۲ ۷۸۳ ۷۸۴ ۷۸۵ ۷۸۶ ۷۸۷ ۷۸۸ ۷۸۹ ۷۹۰ ۷۹۱ ۷۹۲ ۷۹۳ ۷۹۴ ۷۹۵ ۷۹۶ ۷۹۷ ۷۹۸ ۷۹۹ ۸۰۰ ۸۰۱ ۸۰۲ ۸۰۳ ۸۰۴ ۸۰۵ ۸۰۶ ۸۰۷ ۸۰۸ ۸۰۹ ۸۱۰ ۸۱۱ ۸۱۲ ۸۱۳ ۸۱۴ ۸۱۵ ۸۱۶ ۸۱۷ ۸۱۸ ۸۱۹ ۸۲۰ ۸۲۱ ۸۲۲ ۸۲۳ ۸۲۴ ۸۲۵ ۸۲۶ ۸۲۷ ۸۲۸ ۸۲۹ ۸۳۰ ۸۳۱ ۸۳۲ ۸۳۳ ۸۳۴ ۸۳۵ ۸۳۶ ۸۳۷ ۸۳۸ ۸۳۹ ۸۴۰ ۸۴۱ ۸۴۲ ۸۴۳ ۸۴۴ ۸۴۵ ۸۴۶ ۸۴۷ ۸۴۸ ۸۴۹ ۸۵۰ ۸۵۱ ۸۵۲ ۸۵۳ ۸۵۴ ۸۵۵ ۸۵۶ ۸۵۷ ۸۵۸ ۸۵۹ ۸۶۰ ۸۶۱ ۸۶۲ ۸۶۳ ۸۶۴ ۸۶۵ ۸۶۶ ۸۶۷ ۸۶۸ ۸۶۹ ۸۷۰ ۸۷۱ ۸۷۲ ۸۷۳ ۸۷۴ ۸۷۵ ۸۷۶ ۸۷۷ ۸۷۸ ۸۷۹ ۸۸۰ ۸۸۱ ۸۸۲ ۸۸۳ ۸۸۴ ۸۸۵ ۸۸۶ ۸۸۷ ۸۸۸ ۸۸۹ ۸۹۰ ۸۹۱ ۸۹۲ ۸۹۳ ۸۹۴ ۸۹۵ ۸۹۶ ۸۹۷ ۸۹۸ ۸۹۹ ۹۰۰ ۹۰۱ ۹۰۲ ۹۰۳ ۹۰۴ ۹۰۵ ۹۰۶ ۹۰۷ ۹۰۸ ۹۰۹ ۹۱۰ ۹۱۱ ۹۱۲ ۹۱۳ ۹۱۴ ۹۱۵ ۹۱۶ ۹۱۷ ۹۱۸ ۹۱۹ ۹۲۰ ۹۲۱ ۹۲۲ ۹۲۳ ۹۲۴ ۹۲۵ ۹۲۶ ۹۲۷ ۹۲۸ ۹۲۹ ۹۳۰ ۹۳۱ ۹۳۲ ۹۳۳ ۹۳۴ ۹۳۵ ۹۳۶ ۹۳۷ ۹۳۸ ۹۳۹ ۹۴۰ ۹۴۱ ۹۴۲ ۹۴۳ ۹۴۴ ۹۴۵ ۹۴۶ ۹۴۷ ۹۴۸ ۹۴۹ ۹۵۰ ۹۵۱ ۹۵۲ ۹۵۳ ۹۵۴ ۹۵۵ ۹۵۶ ۹۵۷ ۹۵۸ ۹۵۹ ۹۶۰ ۹۶۱ ۹۶۲ ۹۶۳ ۹۶۴ ۹۶۵ ۹۶۶ ۹۶۷ ۹۶۸ ۹۶۹ ۹۷۰ ۹۷۱ ۹۷۲ ۹۷۳ ۹۷۴ ۹۷۵ ۹۷۶ ۹۷۷ ۹۷۸ ۹۷۹ ۹۸۰ ۹۸۱ ۹۸۲ ۹۸۳ ۹۸۴ ۹۸۵ ۹۸۶ ۹۸۷ ۹۸۸ ۹۸۹ ۹۹۰ ۹۹۱ ۹۹۲ ۹۹۳ ۹۹۴ ۹۹۵ ۹۹۶ ۹۹۷ ۹۹۸ ۹۹۹ ۱۰۰۰

۱۲ حروف سے یہ نصرت کا صلہ رجعت میں پیش آئیگا۔ کیا یہ نہیں ہوسکتا کہ بہت سے انبیاء کی دنیا میں نصرت نہ کی گئی اور بہت سوں کو قتل کر دیا گیا۔ اور ائمہ بھی قتل کیے گئے۔ اور اُنکی نصرت نہیں کی گئی۔ تو ضرور ہے کہ یہ وعدہ رجعت میں پورا ہو ۱۲

كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

ہے ہی نہیں حالانکہ اپنے مطلب تک وہ کبھی پہنچنے والے نہونگے سو تم اللہ کی پناہ مانگو بیشک وہ بڑا سننے والا (اور)

الْبَصِيْرُ ۝ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ

دیکھنے والا ہے۔ ضرور آسمانوں کا اور زمین کا پیدا کرنا آدمیوں کے پیدا کرنے سے

خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

(کہیں) بڑھا ہوا ہے لیکن بہت سے آدمی (اتنا) بھی نہیں جانتے۔

وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور اندھا اور بینا برابر نہیں ہوتے۔ اور جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ ؕ قَلِيْلًا مَّا

اور انہوں نے نیک عمل کیے (وہ) اور بدکار برابر نہیں ہو سکتے تم سوچتے ہی

تَتَذَكَّرُوْنَ ۝ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا

بہت کم ہو۔ قیامت ضرور آنیوالی ہے جس میں کوئی شک نہیں

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَقَالَ رَبُّكُمُ

لیکن آدمیوں میں سے بہت سے ایمان نہیں رکھتے۔ اور تمہارے پروردگار نے فرمایا

ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ

کہ تم مجھ سے دعا مانگو میں (جو تمہارے نفع کی ہوگی وہ) ضرور قبول کر لیا کرونگا۔ یقیناً وہ لوگ جو میری عبادت

عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ ۝ اَللّٰهُ

کرنے سے اکڑتے ہیں وہ عنقریب ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہونگے اللہ وہی

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ

تو ہے جسنے رات تمہارے لیے اسی غرض سے بنائی کہ اس میں آرام لیا کرو اور دن کو دکھانیوالا (بنا دیا)

اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

بیشک اللہ کل آدمیوں پر بڑا فضل کرنیوالا ہے لیکن بہت سے آدمی شکر گزار

لَا يَشْكُرُونَ ○ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۖ

نہیں ہوتے۔ یہی اللہ تمہارا پروردگار ہر چیز کا پیدا کرنیوالا ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُؤْفَكُونَ ○ كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ

اُسکے سوا کوئی معبود نہیں پس تم کدھر بہکے جاتے ہو؟ اسی طرح وہ (بھی) بہک جایا کرتے

الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ○ اَللّٰهُ الَّذِيْ

تھے جو اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے رہتے تھے۔ اللہ وہی تو ہے جسنے

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّ

زمین کو تمہارے لیے جائے قرار مقرر کیا ہے اور آسمان کو ایک عمارت (یعنی شامیانہ) اور

صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ

تمکو صورت عطا کی ہے سو تمہاری صورتیں کیسی اچھی بنادی ہیں اور تمکو پاکیزہ چیزیں کھانیکو دی ہیں

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ○

یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے سو اللہ تمام عالموں کا پروردگار بڑا برکت والا ہے۔

هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ

(حقیقی) زندہ وہی ہے اسکے سوا کوئی معبود نہیں سو تم دین کو اُسی کے واسطے خالص کرکے اُسے

الدِّيْنَ ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ قُلْ اِنِّيْ

پکارو سب تعریف اُسی اللہ کیلیے ہے جو تمام عالموں کا پروردگار ہے۔ تم یہ کہدو کہ مجھے تو

نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اِس سے ممانعت کی گئی ہے کہ جنکو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو میں اُنکی عبادت کرنے لگوں

لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ ۡ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ

جبکہ میرے پروردگار کی طرف سے میرے پاس کھلی دلیلیں آچکی ہیں اور اسکا مجھ کو حکم دیا گیا ہے کہ میں تمام

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ

عالموں کے پروردگار ہی کی اطاعت کروں۔ وہ وہی تو ہے جسنے اوّل تمکو مٹی سے پیدا کیا

رکوع ۴

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا
پھر نطفے سے پھر بستہ بوند سے پھر تمکو بچہ بنا کر نکالتا ہے پھر (زندہ رکھتا ہے)
ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَ
تاکہ تم اپنی پوری قوت کو پہنچو اسکے بعد تم بوڑھے ہو جاؤ اور
مِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا
تم میں سے کوئی (کوئی) پہلے ہی ختم کر دیا جاتا ہے اور (زندہ رکھنے کی غرض یہ ہے) تاکہ تم مقررہ
مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَ
میعاد کو پہنچ جاؤ اور تاکہ تم سمجھ بوجھ لو وہ وہی ہے جو جلاتا (بھی) ہے اور
يُمِيْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ
مارتا (بھی) ہے پھر جب کسی معاملہ کو طے فرما دیتا ہے تو اسکی نسبت اتنا ہی فرماتا ہے کہ ہو جا
فَيَكُوْنُ ۝ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ ۱۲
پس وہ ہو جاتا ہے۔ کیا تمنے ان لوگوں کی طرف نہیں دیکھا جو خدا کی آیتوں میں جھگڑتے رہتے ہیں
اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ
(وہ) کدھر پھیرے جاتے ہیں؟ انہوں نے کتاب کو بھی جھٹلایا اور جو کچھ ہمنے
اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ اِذِ ۱۳ مع
رسولوں کو دیکر بھیجا تھا اسکو (بھی) سو آگے چلکر وہ جان لینگے۔ جبکہ
الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۙ وَالسَّلٰسِلُ ۭ يُسْحَبُوْنَ ۝ ۙ
طوق انکی گردنوں میں ہونگے اور زنجیریں کھولتے ہوئے پانی میں وہ
فِي الْحَمِيْمِ ۙ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ۝ ثُمَّ قِيْلَ
گھسیٹے جائینگے پھر آگ میں جھونک دیے جائینگے۔ پھر انسے یہ کہا جائیگا
لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝ ۙ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ
کہ اب وہ کہاں ہیں جنکو تم اللہ کے سوا شریک کیا کرتے تھے؟

قَالُوا ضَلُّوا عَنَّا بَل لَّمْ نَكُن نَّدْعُوا مِن قَبْلُ

(جواب میں) کہینگے کہ وہ تو ہم سے گم ہوگئے۔ بلکہ ہم تو پہلے سے کسی چیز کو پکارا ہی نہیں کرتے

شَيْئًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ الْكَافِرِينَ ۝ ذَٰلِكُم بِمَا

تھے اِس طرح اللہ کافروں کو نامراد کردیگا۔ یہی ہے جسپر تم

كُنتُمْ تَفْرَحُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنتُمْ

زمین میں ناحق خوش ہوا کرتے تھے اور (یہی ہے) جس پر تم اِترایا

تَمْرَحُونَ ۝ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ

کرتے تھے۔ اب جہنم کے دروازوں میں جا گھسو اِسی میں ہمیشہ رہنے والے

فِيهَا ۖ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ ۝ فَاصْبِرْ إِنَّ

ہوگے پس تکبّر کرنیوالوں کا کیا بُرا ٹھکانا ہے! پس تم صبر کرو بیشک

وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ ۚ فَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ

اللہ کا وعدہ برحق ہے پھر اگر ہم اُس چیز کا جس سے اُنکو ڈراتے ہیں کوئی حصّہ تمکو دکھلادیں

أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا

یا تمہارا خاتمہ کردیں تو ہماری ہی طرف اُن سب کی بازگشت ہوگی۔ اور بیشک تم سے پہلے ہم نے

رُسُلًا مِّن قَبْلِكَ مِنْهُم مَّن قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَ

بہت سے رسول بھیجے تھے اُن میں سے ایسے بھی ہیں جنکا قصہ ہمنے تمکو سُنایا ہے اور

مِنْهُم مَّن لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ۗ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ

اُن میں سے ایسے بھی ہیں جنکا قصہ ہمنے تمہیں نہیں سُنایا۔ کسی رسول کا یہ کام نہ تھا کہ بغیر

أَن يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ فَإِذَا جَاءَ أَمْرُ اللَّهِ

خدا کے حکم کے کوئی معجزہ دکھلادے پس جب حکم خدا آجائیگا تو ٹھیک ٹھیک

قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُونَ ۝ ع اللَّهُ الَّذِي

فیصلہ کردیا جائیگا اور اُس وقت باطل والے ٹوٹے میں رہینگے۔ اللہ وہی ہے

ع ۸ / ۱۳

جھٹلایا یا جو تاویل کتاب خدا تعالیٰ نے اپنے رسول کے ساتھ بھیجی ہے اُسکو جھٹلایا پس وہ مشرک بھی ہے اور کافر بھی

جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝
جنے تمہارے لیے چوپائے بنائے کہ اُن میں سے بعض پر تم سوار ہوتے ہو اور اُن میں سے بعض کو تم کھاتے ہو۔
وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ
اور تمہارے لیے اُن میں اور منافع (بھی) ہیں اور یہ غرض بھی ہے کہ اُن پر سوار ہو کر تم اپنے
صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۝ وَ
مقصود تک جو تمہارے دلوں میں ہے پہنچ جاؤ اور اُن پر اور کشتیوں پر تم لدے لدے پھرتے ہو۔ اور
يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۚ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ۝ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا
وہ تمکو اپنی نشانیاں دکھلاتا ہے پھر تم اللہ کی نشانیوں میں سے کون سی کا انکار کرتے ہو؟ کیا وہ زمین میں نہیں
فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ
چلے پھرے کہ یہ دیکھ لیتے کہ اُن سے پہلوں کا انجام کیسا ہوا جو اُن سے تعداد
قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي
میں (بھی) زیادہ تھے اور قوت میں (بھی) اور زمین میں نام و نشان
الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝
کی حیثیت سے (بھی)۔ پھر جو کچھ وہ کیا کرتے تھے وہ اُن کے کچھ (بھی) کام نہ آیا۔
فَلَمَّا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا
پس جس وقت اُنکے رسول اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تو جو علم اُنکے پاس
عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ
پہلے سے تھا اُسی پر نازاں رہے اور (انجام کار جس (عذاب) کا وہ ٹھٹھا اڑایا کرتے تھے
يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ
اُسی نے اُنکو آن گھیرا۔ پھر جس وقت اُنہوں نے ہمارا عذاب دیکھا تو کہنے لگے اب ہم
وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ۝ فَلَمْ يَكُ
خدائے یکتا پر ایمان لائے اور جن چیزوں کو اُسکا شریک کیا کرتے تھے اب ہم اُن سب کے منکر ہو گئے۔ مگر جب وہ ہمارا

يَنفَعُهُمْ إِيمَانُهُمْ لَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا ۖ سُنَّتَ اللَّهِ الَّتِي قَدْ
عذاب دیکھ چکینگے تو اللہ کے اُس قاعدہ کے موافق جو اُسکے بندوں میں برابر جاری
خَلَتْ فِي عِبَادِهِ ۖ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكَافِرُونَ ۝
رہا ہے اُنکا ایمان اُنکو کوئی نفع نہ پہنچائیگا اور کافر وہاں ٹوٹے ہی میں رہینگے۔

ع ٩ ٧ ١٤

سُورَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ أَرْبَعٌ وَخَمْسُونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ۝ تَنزِيلٌ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝ كِتَابٌ
حٰمٓ۔ رحمٰن و رحیم کی طرف سے اس کتاب کا اُتارا ہے جسکے احکام صاف صاف
فُصِّلَتْ آيَاتُهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ بَشِيرًا
ہیں۔ اُن لوگوں کے لیے جو سمجھ رکھتے ہیں عربی زبان کا قرآن خوشخبری سنانیوالا اور
وَنَذِيرًا ۖ فَأَعْرَضَ أَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ ۝
ڈرانیوالا ہے پس اُن میں سے بہت سوں نے روگردانی کی سو وہ نہیں سنتے۔
وَقَالُوا قُلُوبُنَا فِي أَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ وَفِي
اور اُنہوں نے یہ کہدیا کہ ہمارے دل تو اُسکی طرف سے جسکی طرف تم بلاتے ہو غلاف میں ہیں اور ہمارے
آذَانِنَا وَقْرٌ وَمِن بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ
کانوں میں ٹھیٹی ہے اور ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان ایک آڑ ہے پس تم (اپنے دین پر) عمل
إِنَّنَا عَامِلُونَ ۝ قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ
کیجاؤ ہم (اپنے دین پر) عمل کرتے رہینگے تم یہ کہدو کہ میں (صورت میں) تو تم ہی جیسا آدمی ہوں (مگر فرق یہ ہے کہ) میری طرف
أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَاسْتَقِيمُوا إِلَيْهِ
فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ فَاخْتَلَفَ

تمہارا پروردگار (بھی) پس تم اسی کی عبادت کرو۔ یہی راہ سیدھی ہے۔ پس گروہ (گروہ) آپس میں

الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ

مختلف ہوگئے تو جو لوگ دردناک دن کے عذاب سے سرتابی کرتے ہیں انکے

يَوْمٍ اَلِيْمٍ ۝ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ

لیے افسوس ہے۔ کیا وہ اسی کے منتظر ہیں کہ قیامت انکو یکایک آلے اور وہ

بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ

اس سے بیخبر ہی رہیں۔ دوستی رکھنے والے اس دن ایک دوسرے کے

لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ۝ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ ع ۱۱ ۱۲

دشمن ہونگے متقی اس سے مستثنٰی ہیں۔ (ندا آئیگی کہ) اے میرے بندو! آج نہ تم کو (آئندہ کی بابت)

الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا

کوئی خوف ہے اور نہ تم (گزشتہ کی بابت) رنجیدہ ہوگے۔ جو لوگ ہماری نشانیوں پر ایمان لائے تھے

وَكَانُوا مُسْلِمِينَ ۝ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ

اور فرمانبردار رہے تھے۔ (اُن سے کہا جائیگا کہ) تم اور تمہاری ازواج جنت میں چلے جاؤ کہ

تُحْبَرُونَ ۝ يُطَافُ عَلَيْهِم بِصِحَافٍ مِّن ذَهَبٍ وَأَكْوَابٍ

تمہاری عزت کیجائے اُن کے سامنے سونے کی رکابیاں اور کوزے دَور کے طور پر

وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ وَأَنتُمْ

لائے جائینگے اور اُن میں وہ چیزیں ہونگی جنکو دل چاہیں اور (جن سے) آنکھیں مزے اُٹھائیں

فِيهَا خَالِدُونَ ۝ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا

اور تم اُن (جنتوں) میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہوگے۔ اور یہی وہ جنت ہے جس کے تم اپنے اعمال کے

بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ لَكُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ كَثِيرَةٌ مِّنْهَا

سبب وارث کیے گئے ہو۔ اس میں تمہارے لیے بہت سے میوے ہونگے جن میں سے

تَأْكُلُونَ ۝ إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي عَذَابِ جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ۝

تم کھاتے رہوگے۔ یقیناً گنہگار عذاب جہنم میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہینگے۔

لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ ۝ وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ

اُنکے عذاب میں کوئی سستی نہ کی جائیگی اور وہ اُس (جہنم) میں مایوس ہو جائینگے۔ اور ہم نے اُن پر کوئی ظلم نہیں کیا

وَلَٰكِن كَانُوا هُمُ الظَّالِمِينَ ۝ وَنَادَوْا يَا مَالِكُ لِيَقْضِ

لیکن وہ (اپنے حق میں) آپ ہی ظالم ہوئے۔ اور وہ آواز دینگے کہ اے مالک (کاش) تیرا

عَلَيْنَا رَبُّكَ ۖ قَالَ إِنَّكُم مَّاكِثُونَ ۝ لَقَدْ جِئْنَاكُم

پروردگار ہمارا خاتمہ ہی کردے (مالک جواب میں) کہیگا کہ تمہیں تو یونہی رہنا ہے۔ ہم یقیناً تمہارے پاس حق

بِالْحَقِّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كَارِهُونَ ۝ أَمْ أَبْرَمُوا

لیکر آئے لیکن تم میں سے بہت سے حق سے نفرت کرنیوالے ہیں۔ آیا اُنہوں نے کسی بات کا

أَمْرًا فَإِنَّا مُبْرِمُونَ ۝ أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ

پختہ ارادہ کرلیا ہے تو ہم بھی پکا ارادہ کرنیوالے ہیں۔ یا وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم اُنکے بھید کو اور خفیہ باتوں کو

وَنَجْوٰىهُمْ ؕ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ۝ قُلْ اِنْ
سنتے نہیں (ہم) ضرور (سنتے ہیں) اور ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) اُنکے پاس لکھتے جاتے ہیں۔ تم کہدو کہ
كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ۝ سُبْحٰنَ رَبِّ
اگر (خدائے) رحمٰن کا کوئی بیٹا ہو سکتا تو سب سے پہلا عبادت کرنیوالا تو میں ہی ہوتا۔ آسمانوں کا اور زمین
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ فَذَرْهُمْ
کا پروردگار عرش کا مالک اُن باتوں سے جو کچھ یہ لوگ بیان کرتے ہیں (یعنی بیٹا وغیرہ ہونے سے) منزہ ہے۔ اب اُنکو
يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝
چھوڑ دو کہ یہ باتیں بنایا کریں اور کھیل کود میں پڑے رہیں تاکہ اُس دن سے اُنکا سامنا ہو جائے جسکا اِن سے وعدہ کیا جاتا ہے
وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ؕ وَهُوَ
اور وہ (خدا) وہی ہے جو آسمان میں بھی معبود ہے اور زمین میں بھی معبود ہے اور وہ
الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۝ وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ
حکمت والا (اور) جاننے والا ہے۔ اور وہ صاحبِ برکت ہے جس کے لیے آسمانوں کی اور زمین کی اور
وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ
جو کچھ اِن دونوں کے درمیان ہے اُسکی بادشاہت ہے اور قیامت تک کا علم اُسی کے پاس ہے اور اُسی کی طرف تم سب
تُرْجَعُوْنَ ۝ وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ
کی بازگشت ہوگی۔ اور جن کو یہ خدا کے سوا پکارتے ہیں وہ شفاعت کا اختیار نہ رکھینگے
الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ وَ
سوائے اُس کے جو حق کی گواہی دے جس حال میں وہ جانتے بھی ہوں۔ اور
لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝
اگر تم اُن سے دریافت کرو گے کہ اُنکو پیدا کس نے کیا ہے تو وہ ضرور یہ کہدینگے کہ اللہ نے پھر یہ کدھر بہکے جاتے ہیں؟
وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝ فَاصْفَحْ

اور رسول کے یارب کہنے کی قسم ہے یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان نہ لائینگے۔ پس تم بھی اِن سے

۴ کے دن وہ سب اپنی پرستش کرنیوالوں کے لیے شفاعت کا کوئی اختیار نہ رکھینگے۔ ۱۲۔ ۵ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ۔ تفسیر ثانی میں ہے کہ اِسکا مطلب یہ ہے کہ تم اُن کو دعوتِ اسلام دینے سے باز آؤ اور اُن کے ایمان سے مایوس ہو جاؤ۔ ۱۲۔ ثُ ثُ ثُ ثُ ثُ ثُ ثُ ثُ ثُ ثُ ثُ

عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ ع ۱۳

درگزرو اور کہدو (لو بس) سلام۔ پھر آگے چل کر تو یہ جان ہی لینگے۔

سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً

اٰیاتھا ۵۹ رکوعاتھا ۳ کلماتھا ۳۴۹ حروفھا ۱۴۹۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ۝ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ ع ۱۲ مع

حٰمٓ۔ قسم ہے واضح کتاب کی۔ یقیناً ہمنے اسکو برکت والی رات میں اتارا ہے

اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ۝ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ۝

کہ ہم ہی ڈرانیوالے ہیں۔ ہر حکمت والا کام اسی (رات) میں مقرر کیا جاتا ہے۔

اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ۭ اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ

یہ حکم ہماری طرف سے ہے ہم تمہارے رب کی طرف سے رحمت کرکے بھیجنے والے ہیں

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

بیشک وہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے۔ جو آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان دونوں کے

وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَ

درمیان ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو (تو سمجھ لو کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی جلاتا ہے

يُمِيْتُ ۭ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَاۗىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ بَلْ هُمْ فِيْ

اور وہی مارتا ہے تمہارا (بھی) پروردگار ہے اور تمہارے پہلے باپ دادوں کا (بھی) لیکن وہ تو شک میں

شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ۝ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَاۗءُ بِدُخَانٍ

پڑے کھیلتے ہیں۔ سو تم (اس دن کا) انتظار کرو جس دن آسمان ایک ظاہر دھواں

مُّبِيْنٍ ۝ يَّغْشَى النَّاسَ ۭ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ رَبَّنَا

لائیگا جو کل آدمیوں کو ڈھانپ لیگا یہی تو دردناک عذاب ہے۔ (وہ عرض کرینگے کہ) اے ہمارے

اَكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ○ اَنّٰى لَهُمُ

پروردگار ہم سے (اس) عذاب کو دور کر دے ہم یقیناً ایمان لانیوالے ہیں۔ اب انہیں نصیحت کہاں

الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ○ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ

سے مل گئی؟ حالانکہ انکے پاس کھولکر سنانیوالا رسول آچکا ہے۔ پھر انہوں نے اس سے منہ پھیر لیا

وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ○ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا

تھا اور یہ کہدیا تھا کہ یہ تو سکھایا ہوا دیوانہ ہے۔ ہم تھوڑے عرصہ کے لیے عذاب دور کرنیوالے ہیں (اور)

اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ○ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى اِنَّا

تم پھر وہی کرنیوالے ہو جس دن ہم بڑی سے بڑی گرفت کرینگے (اسی دن تو) ہم بدلہ

مُنْتَقِمُوْنَ ○ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ

لینے والے ہیں۔ اور ضرور ہم نے ان سے پہلے فرعون کی قوم کی آزمائش کی تھی اور انکے پاس

رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ○ اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ اِنِّيْ لَكُمْ

ایک عزت دار رسول (یہ حکم لیکر) آیا تھا کہ اللہ کے بندوں کو میرے حوالے کردو بیشک میں تمہارے لیے

رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ○ وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِنِّيْٓ اٰتِيْكُمْ

ایک امانت دار رسول ہوں۔ اور یہ کہ خدا کے برخلاف تکبر نہ کرو میں تمہارے پاس نمایاں

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ○ وَاِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ

غلبہ کے ساتھ آیا ہوں۔ اور میں اپنے پروردگار کی اور تمہارے پروردگار کی اس بات سے پناہ مانگتا ہوں

تَرْجُمُوْنِ ○ وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِيْ فَاعْتَزِلُوْنِ ○ فَدَعَا

کہ تم مجھے سنگسار کرسکو۔ اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے جدا ہو جاؤ۔ پھر اپنے پروردگار سے

رَبَّهٗٓ اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ○ فَاَسْرِ بِعِبَادِيْ

دعا کی کہ یہ گنہگار لوگ ہیں۔ (حکم آیا کہ) پس تم میرے بندوں کو راتوں رات

لَيْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ○ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا اِنَّهُمْ

لے جاؤ تمہارا پیچھا ضرور کیا جائیگا اور دریا کو ٹھہرا ہوا چھوڑ دینا یقیناً وہ

وقف لازم

وقف لازم

ثلثۃ ارباع

جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ۝ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝
لشکر کے لشکر ڈبو دینے والے ہیں۔ کتنے باغات اور چشمے اور کھیتیاں اور اچھے (اچھے)

وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ۝ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ۝
مکان اور نعمتیں جن کا وہ لطف اٹھایا کرتے تھے چھوڑ گئے

كَذٰلِكَ ۖ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ۝ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ
ایسا ہی ہوا کرتا ہے اور ہم نے اُن چیزوں کا وارث دوسرے لوگوں کو کر دیا۔ پس نہ اُن پر آسمان

السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ۝ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا ع ۱ ۲۹ ۱۲
رویا اور نہ زمین اور نہ اُن کو ڈھیل دی گئی۔ اور یقیناً ہم نے بنی اسرائیل

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ۝ مِنْ فِرْعَوْنَ ۭ
کو فرعون کے ہاتھ سے ذلت دینے والے عذاب سے نجات بخشی

اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ۝ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى ع ۲
یقیناً فرعون زیادتی کرنیوالوں میں سے متکبر تھا۔ اور ہم نے دیدہ و دانستہ اُنکو تمام عالموں

عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا
سے برگزیدہ کر لیا تھا اور ہم نے اُن کو اپنی نشانیوں میں سے وہ دی تھیں جن میں کھلی

مُّبِيْنٌ ۝ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ۝ اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا
آزمائش تھی۔ یہ تو ضرور یہی کہتے ہیں کہ انجام کار ہماری پہلی ہی موت تو ہے

الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ۝ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ
اور پھر ہم مبعوث نہیں کیے جائینگے۔ پس اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا

صٰدِقِيْنَ ۝ اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ
کو بلا لاؤ۔ آیا یہ اچھے ہیں یا تبع کے لوگ؟ اور وہ جو ان سے پہلے گئے

اَهْلَكْنٰهُمْ ۡ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ
جن کو ہم نے ہلاک کر دیا یقیناً وہ گنہگار لوگ تھے۔ اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور

وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لَاعِبِينَ ۝ مَا خَلَقْنَاهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ
جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اُسے کھیل کے طور پر پیدا نہیں کیا۔ ہم نے ان دونو کو غرض صحیح کے ساتھ
وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ
پیدا کیا ہے لیکن ان میں سے بہت سے (لوگ) اس بات کو نہیں جانتے۔ یقیناً حق و باطل کی) جدائی کا دن
مِيقَاتُهُمْ أَجْمَعِينَ ۝ يَوْمَ لَا يُغْنِي مَوْلًى عَن مَّوْلًى
ان سب کے لیے مقررہ وقت ہے۔ جس دن کوئی یار کسی یار کے کچھ کام نہ آئیگا
شَيْئًا وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ ۝ إِلَّا مَن رَّحِمَ اللَّهُ إِنَّهُ هُوَ
اور نہ اُنکو مدد دی جائیگی۔ وہ اِس سے مستثنےٰ ہیں جن پر اللہ نے رحمت فرمائی بیشک وہ
الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ إِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّومِ ۝ طَعَامُ الْأَثِيمِ ۝
بڑا زبردست (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔ یقیناً تھوہڑ کا درخت گنہگاروں کی خوراک ہوگا (جو) پگھلے ہوئے
كَالْمُهْلِ يَغْلِي فِي الْبُطُونِ ۝ كَغَلْيِ الْحَمِيمِ ۝ خُذُوهُ
تانبے کے مانند (ہے) معدوں میں ایسی کھل بلی مچا دیگا جیسے گرم پانی کا اُبلنا۔ (حکم ہوگا کہ) اسکو پکڑو
فَاعْتِلُوهُ إِلَىٰ سَوَاءِ الْجَحِيمِ ۝ ثُمَّ صُبُّوا فَوْقَ رَأْسِهِ
پھر اسکو جہنم کے بیچوں بیچ کھینچ لاؤ پھر اسکے سر پر کھولتے ہوئے پانی کا
مِنْ عَذَابِ الْحَمِيمِ ۝ ذُقْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْكَرِيمُ ۝
عذاب ڈالدو (یہ) مزہ چکھ تو تو بڑا عزت دار سردار ہے۔
إِنَّ هَٰذَا مَا كُنتُم بِهِ تَمْتَرُونَ ۝ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي مَقَامٍ
جس عذاب کے بارے میں تم شک کیا کرتے تھے وہ یہی ہے۔ بلاشک پرہیزگار لوگ امن والے مقام
أَمِينٍ ۝ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ۝ يَلْبَسُونَ مِن سُندُسٍ
میں باغوں میں اور چشموں میں مہین اور موٹے ریشمی کپڑے پہنے ہوئے
وَإِسْتَبْرَقٍ مُّتَقَابِلِينَ ۝ كَذَٰلِكَ وَزَوَّجْنَاهُم بِحُورٍ
آمنے سامنے بیٹھے ہونگے۔ ایسا ہی ہوگا۔ اور ہم اُنکی شادی بڑی بڑی آنکھوں والی

ع ۲ ۱۳ ۱۵ ۱۴

عِينٍ ۝ يَدْعُونَ فِيهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ آمِنِينَ ۝ لَا يَذُوقُونَ
خوبصورت حوروں سے کر دینگے۔ وہ اُن میں بخوف ہر طرح کے میوؤں کا بیدھڑک طلب کرینگے۔ پہلی موت کے سوا
فِيهَا الْمَوْتَ إِلَّا الْمَوْتَةَ الْأُولَىٰ ۖ وَوَقَاهُمْ عَذَابَ
اُن (جنتوں) میں وہ موت کا مزہ نہ چکھینگے اور یہ تمہارے پروردگار کی عنایت ہے جو اُنکو عذاب
الْجَحِيمِ ۝ فَضْلًا مِّن رَّبِّكَ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ
جہنم سے بچالیگا یہی تو بڑی کامیابی ہے۔
الْعَظِيمُ ۝ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ۝
پس اسکے سوا کچھ نہیں ہے کہ ہم نے اس (قرآن) کو تمہاری زبان میں بہت ہی آسان کر دیا تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔
فَارْتَقِبْ إِنَّهُم مُّرْتَقِبُونَ ۝ ع ۳ ۱۷ ۱۶
پس تم بھی انتظار کرو کہ یہ بھی منتظر ہیں۔

سورۃ الجاثیۃ مکیۃ وھی سبع وثلثون اٰیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
حٰمٓ ۝ تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ۝
حٰمٓ۔ اِس کتاب کا اُتارا زبردست حکمت والے خدا کی طرف سے ہوا ہے
إِنَّ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّلْمُؤْمِنِينَ ۝
بیشک آسمانوں میں اور زمین میں ایمان لانیوالوں کے لیے بہت سی نشانیاں (موجود) ہیں۔
وَفِي خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِن دَابَّةٍ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ
اور تمہاری پیدائش میں اور جتنے زمین پر چلنے والوں کو وہ پھیلا دیتا ہے اُن کی پیدائش
يُوقِنُونَ ۝ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا أَنزَلَ اللَّهُ
میں اُن لوگوں کے لیے جو یقین رکھتے ہیں نشانیاں (موجود) ہیں۔ اور رات اور دن کا آنا جانا میں اور جو رزق اللہ نے

آیاتھا ۳۷ رکوعاتھا ۴ حروفھا ۲۱۳۱ کلماتھا ۴۹۲

مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا
آسمان سے اُتارا ہے کہ اُسکے ذریعے سے اُس نے زمین کو اُسکی موت کے بعد پھر زندہ کر دیا ہے

وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ
اُس میں اور ہواؤں کے بدلنے میں اُن لوگوں کے لیے جو عقل رکھتے ہیں نشانیاں (موجود) ہیں۔ یہ اللہ کی آیتیں

اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَ اللّٰهِ وَ
ہیں جو ہم تمکو ٹھیک (ٹھیک) پڑھ (پڑھ) کر سناتے ہیں پس خدا کے اور اُسکی آیتوں کے بعد یہ لوگ

اٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۝ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ
کونسی بات پر ایمان لائینگے؟ ہر اُس جھوٹے گنہگار پر سب سے زیادہ افسوس ہے جو خدا کی آیتیں

اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ
اپنے سامنے پڑھتے ہوئے سنتا ہے پھر از روئے تکبر (اپنے کفر پر) اسی طرح اصرار کرتا ہے گویا اُنکو سنا ہی نہیں

فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـًٔا اتَّخَذَهَا
تو اب تم بھی اُسکو دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو۔ اور جب اُسکو ہماری آیتوں کا کچھ علم ہوتا ہے تو اُنکی ہنسی

هُزُوًا ۚ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ مِنْ وَّرَآئِهِمْ
اڑاتا ہے ایسے ہی لوگوں کے لیے ذلت دینے والا عذاب ہے۔ اور آگے اُن کے جہنم

جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا
ہے اور اُن کے نہ تو وہ کچھ کام آئیگا جو انہوں نے کمایا ہوگا اور نہ وہ (کام آئینگے) جنکو اللہ کے سوا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ هٰذَا
انہوں نے سرپرست ٹھہرایا ہوگا اور اُنکے لیے بہت بڑا عذاب ہوگا۔ ہدایت یہی

هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ
تو ہے اور جنہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کا انکار کیا ہے اُن کے لیے دردناک

مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ
عذاب کی مار ہے۔ اللہ وہی ہے جس نے سمندر کو تمہارا مطیع کر دیا ہے کہ اُس میں

الْفُلْكُ فِيهِ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ

کشتیاں اُس کے حکم سے چلتی رہیں اور اِس لیے کہ تم اُسکے فضل کے خواستگار رہو اور تاکہ تم شکر ادا

تَشْكُرُونَ ۝ وَسَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا

کرتے رہو اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اُس سب کو اُسنے اپنے فضل

مِنْهُ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيٰتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝ قُلْ لِلَّذِينَ

سے تمہارے کام میں لگا دیا ہے۔ بیشک اِس میں اُن لوگوں کیلئے نشانیاں موجود ہیں جو غور و فکر کرتے ہیں تم اُن لوگوں

آمَنُوا يَغْفِرُوا لِلَّذِينَ لَا يَرْجُونَ أَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا بِمَا

جو ایمان لائے ہیں یہ کہدو کہ وہ اُنکو جو اللہ کے دنوں کی امید نہیں رکھتے معاف کر دیں کہ خدا تعالے اُن لوگوں کو

كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ وَمَنْ أَسَاءَ

جیسا (جیسا) وہ کیا کرتے تھے اُسکے بموجب خود سزا دیدیگا۔ جو شخص کوئی نیک کام کریگا تو اپنی ذات کے نفع کیلئے اور جو بدی کریگا اُسکا

فَعَلَيْهَا ثُمَّ إِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ ۝ وَلَقَدْ آتَيْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ

وبال بھی اُسی کی ذات پر ہے پھر تم (سب) اپنے پروردگار کی حضور میں لوٹائے جاؤ گے۔ اور یقیناً ہمنے بنی اسرائیل کو کتاب اور قوت

الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ

فیصلہ اور نبوت عطا کی تھی اور ہمنے اُن کو اچھی اچھی چیزیں کھانیکو دی تھیں اور ہم نے اُن کو تمام

عَلَى الْعٰلَمِينَ ۝ وَآتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِنَ الْأَمْرِ فَمَا اخْتَلَفُوا

عالموں پر فضیلت دی تھی۔ اور ہمنے اُن کو امر دین کی کھلی دلیلیں عطا کی تھیں پس انہوں نے باہم اختلاف نہیں

إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ إِنَّ رَبَّكَ

کیا مگر اُنکے پاس علم پہنچ جانیکے بعد محض آپس کی سرکشی کے باعث بیشک تمہارا پروردگار قیامت کے دن اُنکے

يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ ثُمَّ

مابین اُن تمام چیزوں میں جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے فیصلہ فرما دیگا۔ پھر ہم نے

جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيعَةٍ مِنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ

اِسی امر (دین) کی شریعت پر تم کو مقرر کیا پس تم اِسی کی پیروی کرو اور اُن لوگوں کی خواہشوں کی

منزل ٦

الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۝ إِنَّهُمْ لَن يُغْنُوا عَنكَ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا
پیروی نہ کرنا جو بے علم ہیں۔ یقیناً وہ اللہ کے ہاں تمہارے کچھ کام نہ آئینگے اور
وَإِنَّ الظَّالِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۖ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ ۝
بیشک یہ ظالم ایک دوسرے کے یار ہیں اور اللہ پرہیزگاروں کا مددگار ہے۔
هَٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ ۝
کل آدمیوں کے لیے یہ کھلی دلیلیں ہیں اور اُن لوگوں کے لیے جو یقین رکھتے ہیں ہدایت و رحمت ہے۔
أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَن نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ
آیا وہ لوگ جو بدیاں کرتے ہیں اُنہوں نے یہ گمان کر لیا ہے کہ ہم اُنکو اُن لوگوں کے مانند قرار دینگے
آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَوَاءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۚ سَاءَ مَا
جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے اُن کا جینا مرنا یکساں ہوگا جو حکم وہ لگاتے ہیں
يَحْكُمُونَ ۝ وَخَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزَىٰ ع ۲ ۱۰ ۱۸
بہت ہی بُرا ہے۔ اور اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو غرض صحیح سے پیدا کیا اور اس لیے کہ ہر نفس
كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ
اپنے کیے کا بدلہ پائے اور اُن پر ظلم نہ کیا جائے۔ آیا تو نے اُس شخص کی حالت پر غور کیا
إِلَٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَىٰ عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ
جس نے اپنی خواہش کو اپنا خدا بنا لیا اور اللہ نے بھی جان بوجھ کر اُس سے توفیق ہدایت سلب کر لی اور
وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَن يَهْدِيهِ مِن بَعْدِ اللَّهِ ۚ أَفَلَا
اُسی اُسکے کانوں پر اور دل پر مُہر لگا دی اور اُسکی آنکھوں پر پردہ ڈالدیا پس اللہ کے بعد اُسکی راہبری کون کریگا کیا تم
تَذَكَّرُونَ ۝ وَقَالُوا مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا
نصیحت نہیں حاصل کرتے اور اُنہوں نے یہ کہدیا کہ یہ ہماری زندگانی دنیا ہی تو ہے جس میں ہم مرتے جیتے ہیں
وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُم بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ
اور ہمکو زمانے کے سوا کوئی ہلاک نہیں کریگا حالانکہ اُنکو اس بارے میں کوئی علم نہیں ہے وہ مزا لیتے ہیں

لَا يَظُنُّونَ ۝ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ

(دور ڈایا) کرتے ہیں۔ اور جب ہماری کھلی آیتیں اُنکے سامنے پڑھی جاتی ہیں تو اُنکی حجت اسکے سوا

إِلَّا أَن قَالُوا ائْتُوا بِآبَائِنَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ قُلِ اللَّهُ

اور کچھ نہیں ہوتی کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا کو لے آؤ۔ تم یہ کہدو کہ اللہ

يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ

ہی نے تم کو حیات دی ہے پھر وہی تم کو موت دیگا پھر وہی قیامت کے دن جس میں کوئی شک نہیں ہے

فِيهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَلِلَّهِ مُلْكُ ع ۵ ۱۹

تم سب کو جمع کریگا لیکن بہت سے لوگ (اتنی بات بھی) نہیں جانتے۔ اور آسمانوں کا اور

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ

زمین کا اختیار اللہ ہی کو ہے اور جسدن قیامت قائم ہوگی اُسی دن جھٹلانیوالے

يَخْسَرُ الْمُبْطِلُونَ ۝ وَتَرَىٰ كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ أُمَّةٍ

نقصان اُٹھائینگے۔ اور تم ہر اُمت کو گھٹنوں کے بل گرا ہوا دیکھوگے۔ ہر گروہ اپنے (اپنے)

تُدْعَىٰ إِلَىٰ كِتَابِهَا ۖ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

نوشتے کی طرف بُلایا جائیگا (اور اُن سے یہ کہا جائیگا کہ) جو جو عمل تم کیا کرتے تھے آج تم اُسکا بدلہ پاؤگے۔

هَٰذَا كِتَابُنَا يَنطِقُ عَلَيْكُم بِالْحَقِّ ۚ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنسِخُ مَا

یہ ہمارا نوشتہ تمہارے برخلاف ٹھیک (ٹھیک) گواہی دیتا ہے (جو) عمل تم کیا کرتے تھے

كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

ہم اُسے لکھے جاتے تھے۔ پس جو لوگ ایمان لائے ہیں اور اُنہوں نے نیک عمل

فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِي رَحْمَتِهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ ۝

کیے ہیں سو اُن کو تو اُنکا پروردگار اپنی رحمت میں داخل کریگا یہی تو وہ کھلی کامیابی ہے۔

وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ أَفَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ

اب رہے وہ لوگ جو کافر ہوگئے تھے (اُن سے یہ کہا جائیگا کہ) کیا میری آیتیں تمہارے سامنے نہیں

فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِينَ ۝ وَإِذَا قِيلَ
پڑھی جایا کرتی تھیں پھر تم اُن سے اکڑ جایا کرتے تھے اور تم تھے ہی گنہگار لوگ۔ اور جب یہ کہا جاتا تھا کہ

إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا قُلْتُمْ مَا
اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت کے بارے میں کوئی شک نہیں ہے تو تم یہ کہدیا کرتے تھے کہ ہم

نَدْرِي مَا السَّاعَةُ إِنْ نَظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَمَا نَحْنُ
جانتے ہی نہیں قیامت کیا چیز ہے ہم تو اسکو ایک خیال ہی خیال سمجھتے ہیں اور ہم (اُس پر)

بِمُسْتَيْقِنِينَ ۝ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ
یقین لانیوالے نہیں ہیں۔ اور جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اُسکی بدی اب اُن پر کھل گئی اور جس

بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝ وَقِيلَ الْيَوْمَ
چیز کی وہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے اُسی نے اُنہیں آگھیرا۔ اور (اُن سے) یہ کہا جائیگا کہ آج

نَنْسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا وَمَأْوَاكُمُ
ہم تمکو اُسی طرح بھلا دینگے (یعنی عذاب میں چھوڑ دینگے) جیسا کہ تم نے اِس دن کے آنیکو بھلا دیا

النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّن نَّاصِرِينَ ۝ ذَٰلِكُم بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ
تھا اور تمہارا ٹھکانا جہنم ہے اور (اب) تمہارا کوئی مددگار نہیں ہے۔ یہ اِس لیے کہ تمنے اللہ کی آیتوں کو

آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ
ٹھٹھا بنالیا تھا اور زندگانی دنیا نے تم کو دھوکا دیا تھا پس اُس دن نہ وہ

لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ۝ فَلِلَّهِ الْحَمْدُ
اُس سے باہر جانے پائینگے اور نہ اُن سے (اپنے رب کے) راضی کرنیکے لیے خواہش کی جائیگی پس اللہ ہی

رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ وَلَهُ
کی تعریف آسمانوں کے پروردگار اور زمین کے پروردگار (یعنی تمام عالموں کے پروردگار) ہی کیلئے (زیبا) ہے

الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝
اور آسمانوں میں اور زمین میں اُسی کی بڑائی ہے اور وہ غالب (اور) حکمت والا ہے۔

ع ۱۱ ۲۰



سورۃ الاحقاف مکیۃ وھی خمس وثلثون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ○ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ

حٰمٓ اس کتاب کا نزول زبردست حکمت والے خدا کی طرف سے ہوا

الْحَكِيْمِ ○ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ

ہے ہمنے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان دونو کے درمیان ہے

اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا

اُسکو حق ہی کے ساتھ اور ایک مقررہ وقت کے لیے پیدا کیا ہے اور جو لوگ کافر ہوگئے وہ اُن چیزوں سے جن سے ڈرایا

مُعْرِضُوْنَ ○ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

جاتا ہے روگرداں ہیں (اے رسول) تم یہ کہدو کہ آیا تم نے غور بھی کیا کہ جن جن چیزوں کو تم خدا کے سوا پکارتے ہو

اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي

مجھے دکھاؤ کہ زمین میں سے اُنھوں نے کیا پیدا کیا ہے یا آسمانوں (کی پیدایش) میں اُنکا کوئی ساجھا ہے۔

السَّمٰوٰتِ ؕ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ

اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو تو اس سے پہلے کی کوئی کتاب میرے پاس لے

عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا

آؤ یا کسی علم کا بقیہ اور اُس سے زیادہ گمراہ کون ہوگا جو خدا کو چھوڑ کر

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ

ایسے کو پکارے جو قیامت تک اُس کا جواب ہی نہ دے اور وہ

عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ○ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ

اُن کے پکارنے سے بے خبر بھی رہیں اور قیامت کے دن جب سب آدمی جمع کیے جائیں گے

أَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝ وَإِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا

تو وہ انکے دشمن بھی ہونگے اور اُنکی عبادت کے مُنکر بھی اور جب اُن کے سامنے ہماری کھلی آیتیں

بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

پڑھی جاتی ہیں تو وہ لوگ جو کافر ہوگئے ہیں حق کے بارے میں جبکہ وہ اُن کے پاس آچکا ہے یہ کہتے ہیں کہ یہ تو کھلا جادو ہے

أَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ

یا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس (رسولؐ) نے اسے خود بنا لیا ہے تم یہ کہدو کہ (بالفرض) اگر میں نے اسے اپنی طرف سے بنا لیا ہے تو تم خدا کے عذاب

اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ هُوَ أَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ۭ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ

سے مجھ کو بچانیکا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے جن جن چیزوں میں تم لگی ہوئے ہو اُن سے وہ خوب واقف ہے میرے اور تمہارے بیچ گواہی دینے کو وہی کافی ہے اور وہ

وَبَيْنَكُمْ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا

سب سے زیادہ بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے تم یہ کہدو کہ میں رسولوں میں سے کوئی

مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ أَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ۭ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا

انوکھا نہیں ہوں اور میں یہ بھی نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور نہ یہ کہ تمہارے ساتھ کیا (کیا جائیگا)

مَا يُوْحٰى إِلَيَّ وَمَآ أَنَا إِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِنْ

میں تو صرف اُسکی پیروی کرتا ہوں جو کچھ میری طرف وحی کی جاتی ہے اور میں تو صاف صاف ایک کھلا ڈرانیوالا ہوں تم یہ کہدو کہ آیا تم نے اس میں

كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِيْٓ إِسْرَآءِيْلَ

بھی غور کیا کہ اگر یہ (قرآن مجید) خدا کی طرف سے ہو اور تم نے اسکا انکار کیا حالانکہ بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ نے اسی طرح کی

عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۭ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

ایک کتاب پر گواہی دی ہے پس وہ تو ایمان لایا اور تم اینٹھتے ہی رہے (تو تمہارا انجام کیا ہوگا) یقیناً اللہ نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں

الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا ع ۱

فرماتا اور اُن لوگوں نے جو کافر ہوگئے ہیں اُن لوگوں کے بارے میں جو ایمان لے آئے ہیں یہ کہدیا کہ اگر یہ

مَّا سَبَقُوْنَآ إِلَيْهِ ۭ وَإِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ إِفْكٌ

(رسولؐ جو کچھ لایا ہے وہ) اچھا ہوتا تو یہ لوگ اسکی طرف ہم سے آگے نہ بڑھتے اور اب چونکہ انہوں نے اسکے بارے میں ہدایت نہیں پائی ہے پس وہ تو

قَدِيمٌ ۝ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ وَهٰذَا كِتٰبٌ

یہی کہینگے کہ یہ تو پرانا جھوٹ ہے اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب راہبر اور رحمت تھی اور یہ کتاب

مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۗ وَبُشْرٰى

عربی زبان میں اُسکی تصدیق کرنیوالی ہے تاکہ اُن لوگوں کو جنھوں نے نافرمانی کی ہے ڈرائے اور نیکی کرنے والوں کے

لِلْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا

لیے بشارت ہو بیشک جو لوگ اس بات کے قائل ہوگئے کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر اسپر قائم بھی رہے پس اُن کو نہ

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ

(آئندہ کا) خوف ہوگا اور نہ وہ (گزشتہ کا) رنج کریں گے وہی لوگ جنتی ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ

جو عمل وہ کیا کرتے تھے اُسکے بدلے میں وہ اُسمیں ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہیں اور ہمنے انسان کو اوسکے

بِوَالِدَيْهِ ۚ اِحْسٰنًا ؕ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ؕ وَ

والدین کے حق میں احسان کرنیکا حکم دیا اُسکی ماں نے تکلیف سے اُسکو حمل میں رکھا اور تکلیف ہی سے اُسکو جنا اور

حَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ

اُسکے حمل کی اور اُسکے دودھ چھٹنے کی مدت تیس مہینے ہوئی یہانتک کہ جب وہ اپنی پوری قوت کو پہنچا اور چالیس

اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ

برس کا ہوگیا تو اُس نے عرض کی اے میرے پروردگار مجھے توفیق عطا فرما کہ میں تیری اُس نعمت کا شکر بجالاؤں

اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ

جو تونے مجھپر اور میرے والدین پر مبذول فرمائی ہے اور میں کوئی ایسا نیک کام کروں جسے تو پسند فرمائے اور میرے

لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ؕ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

لیے میری اولاد میں صالح پیدا کردے بیشک مینے تیرے حضور میں رجوع کی ہے اور یقیناً میں فرمانبرداروں میں سے ہوں

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ

یہی لوگ جنتیوں میں ایسے ہیں جنکے اچھے عمل کو ہم قبول کرلینگے اور جن کی بدیوں سے ہم درگزر

کو پہنچ گیا۔ اور جب اکتالیس برس کا ہوا تو اب قوت گھٹنی شروع ہوئی۔ اور پچاس برس والے کو تو یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ نزع کی حالت میں ہے ۱۲

سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ؕ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا

فرمائینگے (یہ) سچا وعدہ ہے جو اُن سے (دُنیا میں) کیا جاتا تھا

يُوْعَدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ

اور وہ شخص جس نے اپنے ماں باپ سے یہ کہا کہ مجھے تم سے نفرت ہے کیا تم دونو مجھے اس سے ڈراتے ہو

اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ

کہ میں (قبر سے) نکالا جاؤنگا حالانکہ مجھسے پہلے بہت سے زمانے (والے) گزر چکے ہیں اور وہ دونو خدا کی فریاد کرکے

اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۖ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ

اُس سے یہ کہتے تھے کہ تیرا بُرا ہو ایمان لے آ بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے مگر وہ یہی کہتا رہا کہ یہ تو فقط

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ

پہلوں کی کہانیاں ہیں ایسے ہی لوگ ہیں جن پر قول پورا اُترا (اس اُمت میں بھی اور)

فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا

اُن گروہوں میں (کبھی) جو جنوں اور آدمیوں میں سے ان سے پہلے چل بسے بیشک وہ سب ٹوٹا

خٰسِرِيْنَ ۝ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ

اُٹھانیوالے تھے اور ہر ایک کے لیے اُنکے اعمال کے مطابق درجے ہیں اور اسلیے کہ وہ اُنکے اعمال کا بدلہ پورا پورا دے

وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ

اور اُنکو کوئی نقصان نہ پہنچایا جائے اور جس دن وہ لوگ جو کافر ہوگئے آتش جہنم کے سامنے لائے جائینگے

اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ

(تو اُنسے یہ کہا جائیگا کہ) اپنی زندگانی دُنیا کے مزے تو تم خوب لوٹ چکے اور اُسکا نفع بھی (خوب) اُٹھا چکے

فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي

پس آج کے دن بوجہ اسکے کہ تم زمین میں ناحق بڑائی چاہا کرتے تھے اور بوجہ اسکے کہ تم نافرمانی کیا کرتے تھے تمکو

الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ۝ وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ؕ ع ۲ ۲

ذلت کے عذاب کی سزا دی جائی ہے اور قوم عاد کے بھائی (ہود)

إِذْ أَنذَرَ قَوْمَهُ بِالْأَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِن بَيْنِ

کو یاد کرو جبکہ اُنہوں نے اپنی قوم کو احقاف (کے ریتلے میدانوں) میں ڈرایا حالانکہ اُن سے پہلے اور پیچھے

يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ

اور بھی ڈرانے والے آچکے تھے (اور یہ کہا کہ) تم لوگ سوائے اللہ کے کسی اور کی عبادت نہ کرو کہ مجھے تمہارے

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ قَالُوا أَجِئْتَنَا لِتَأْفِكَنَا عَنْ آلِهَتِنَا

بارے میں بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ ہے اُنھوں نے یہ کہا کہ کیا تم اس لیے آئے ہو کہ ہمکو ہمارے خداؤں سے ہٹا دو

فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝ قَالَ إِنَّمَا الْعِلْمُ

سو اگر تم سچے ہو تو جس چیز سے ہمکو ڈراتے ہو وہی ہم پر لے آؤ اُنھوں نے فرمایا کہ یہ علم تو

عِندَ اللَّهِ وَأُبَلِّغُكُم مَّا أُرْسِلْتُ بِهِ وَلَٰكِنِّي أَرَاكُمْ قَوْمًا

اللہ کے پاس ہے اور مجھے تو جو پیغام دیکر بھیجا گیا ہے وہی پہنچا رہا ہوں لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم ایسے لوگ ہو

تَجْهَلُونَ ۝ فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ

جو جہالت کرتے ہو پس جب اُن لوگوں نے ایک بادل اپنے میدانوں کی طرف آتے دیکھا تو وہ

قَالُوا هَٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ۚ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُم بِهِ ۖ

کہنے لگے کہ یہ بادل ہم پر مینہ برسائیگا (ہود نے فرمایا) بلکہ یہ تو وہ ہے جس کے بارے میں تم جلدی کیا کرتے تھے

رِيحٌ فِيهَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍ بِأَمْرِ رَبِّهَا

ایک ہوا ہے جس میں دردناک عذاب ہے یہ ہر شے کو اپنے پروردگار کے حکم سے ہلاک کر دیگی

فَأَصْبَحُوا لَا يُرَىٰ إِلَّا مَسَاكِنُهُمْ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ

پنانچہ وہ ایسے ہو گئے کہ صبح کو اُنکے مکان ہی مکان دکھائی دیتے تھے ہم گنہگار لوگوں کو اسی طرح سزا

الْمُجْرِمِينَ ۝ وَلَقَدْ مَكَّنَّاهُمْ فِيمَا إِن مَّكَّنَّاكُمْ فِيهِ

دیا کرتے ہیں اور ہمنے اُن کو سرور اُن مقامات میں جگہ دی تھی جن میں تم کو جگہ نہیں دی ہے

وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَأَبْصَارًا وَأَفْئِدَةً فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُمْ

اور ہمنے اُن کے لیے بھی کان اور آنکھیں اور دل مقرر کر دیے تھے پھر جب وہ خدا کی نشانیوں کا

سَمْعُهُمْ وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا

انکار کرنیلگے تو نہ کچھ اُن کے کان ہی اُن کے کام آئے اور نہ اُنکی آنکھیں اور نہ اُنکے دل اور جس عذاب کی وہ

يَجْحَدُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

ہنسی اُڑایا کرتے تھے اُسی نے اُن کو آگھیرا

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ

اور تمہارے اِرد گرد کی بستیوں کو ہمنے ضرور ہلاک کیا اور ان آیتوں کو بار بار بیان کیا

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ

تاکہ وہ (نافرمانی سے) باز رہیں پھر جنکو اُنہوں نے خدا کے سوا تقرب حاصل کرنے کی غرض سے خدا

دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ؕ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ

بنا لیا تھا اُنھوں نے اُنکی مدد کیوں نہ کی بلکہ وہ تو اُن سے غائب ہو گئے اور اُن کے جھوٹ کی

وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ

اور اُنکی افترا پردازیوں کی اصلیت یہی ہے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے جنوں کے ایک گروہ کو تمہارے پاس بھیجا

يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا

کہ وہ قرآن مجید کو غور سے سُنیں چنانچہ جب وہ اُسے سُننے آگئے تو آپس میں کہنے لگے کہ خاموش رہو پھر جب وہ

قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا

ختم ہو چکا تو وہ ڈرانے کے لیے اپنی قوم میں پھر گئے (وہاں جاکر) کہنے لگے کہ اے ہماری قوم! ہم

سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ

ایک ایسی کتاب سُنکر آئے ہیں جو موسیٰؑ کے بعد نازل کی گئی ہے اپنے سے پہلی کتاب کی تصدیق کرنے والی ہے

يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ يٰقَوْمَنَآ

اور حق کی طرف اور راہ راست کی طرف راہبری کرتی ہے اے ہماری قوم!

اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

اللہ کی طرف بُلانے والے کی بات مانو اور اُسپر ایمان لے آؤ اللہ تعالےٰ تمہارے گناہ معاف کر دیگا

وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ
اور تم کو دردناک عذاب سے بچا لیگا اور جو شخص اللہ کی طرف بلانے والے کی (بات) نہ مانیگا

فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ؕ
وہ زمین میں تو اُس (اللہ) کو عاجز نہ کر سکیگا اور سوائے اُس (اللہ) کے کوئی اُسکا کارساز نہ ہوگا

اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ
ایسے ہی لوگ کھلی بدبختی میں رہینگے کیا اُنہوں نے یہ نہیں سمجھا کہ وہی اللہ جس نے آسمانوں کو

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ
اور زمین کو پیدا کیا اور اُن کے پیدا کرنے سے تھکا نہیں اِس پر بھی قادر ہے کہ مُردوں کو

الْمَوْتٰى ؕ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ
زندہ کردے ہاں وہ ضرور ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے اور جس دن وہ لوگ جو کافر ہوگئے جہنم کے

كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ
سامنے کیے جائینگے (تو اُنسے یہ بھی کہا جائیگا کہ) آیا یہ حق نہیں ہے؟ وہ کہینگے ہمارے پروردگار کی قسم یہ ضرور حق ہے فرمائیگا

فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝ فَاصْبِرْ كَمَا
کہ اب جیسا تم انکار کیا کرتے تھے اُس کے عوض اس عذاب کا مزہ چکھو پس (اے رسول) تم ویسا ہی صبر کرو

صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ؕ
جیسا کہ رسولوں میں سے اولوالعزم رسول صبر کیا کرتے تھے اور اِن کے لیے (عذاب کی) جلدی نہ کرو

كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً
جسدن یہ اُسے دیکھینگے جسکا اِن سے وعدہ کیا جاتا ہے تو یہ ایسا سمجھینگے کہ گویا دن کے ایک گھنٹہ سے زیادہ

مِّنْ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝
دُنیا میں نہیں رہے (یہی) سمجھانا کافی ہے کیا نافرمان لوگوں کے سوا کوئی اور ہلاک ہوگا؟

سورۃ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدنیۃ وھی ثمان وثلثون آیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ○

جو لوگ کافر ہو گئے اور (اُنہوں نے لوگوں کو) راہِ خدا سے روکا خدا نے اُنہی کے اعمال باطل کر دیے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى

اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے اور جو کچھ محمدؐ (مصطفےٰ) پر نازل کیا گیا

مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ

اور وہ اُن کے پروردگار کی طرف سے حق ہے اُس نے اُن کی بدیاں دور فرما دیں اور

اَصْلَحَ بَالَهُمْ ○ ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ

اُن کی حالت درست کر دی یہ اِس لیے کہ جو کافر ہو گئے اُنہوں نے تو باطل کا اتباع کیا

وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَذٰلِكَ

اور جو ایمان لائے اُنہوں نے اُس حق کی پیروی کی جو اُن کے پروردگار کی طرف سے ہے اس طرح

يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ○ فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ ربع

اللہ آدمیوں کے لیے اُن کی مثالیں بیان فرماتا ہے پس جب تم کفار سے مقابلہ کرو

كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ

تو گردنوں کا مارنا ہے یہانتک کہ جب تم اُن کو خوب قتل کر چکو تو کس کس کے

فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۫ فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى

مشکیں باندھ لو پھر اُس کے بعد یا تو احسان کرنا ہے یا فدیہ لے لینا جب تک کہ

تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۚ ذٰلِكَ ۛ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مع ۱۳

لڑائی اپنے ہتھیار نہ ڈال دے ایسا ہی ہے اور اگر اللہ چاہتا تو اُن سے بدلہ

مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا

لیتا لیکن اِس لیے کہ تم میں سے ایک کو دوسرے کے ذریعہ سے آزمائے (اُسنے حکم جہاد دیا) اور جو لوگ راہِ خدا میں مارے گئے

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ

وہ ہرگز اُن کے اعمال ضائع نہ کریگا عنقریب وہ اُنکو (جنت تک) پہنچا دیگا اور اُنکے

بَالَهُمْ ۝ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

حال کی اصلاح فرمائیگا اور وہ اُنکو اُس جنت میں داخل کریگا جو اُسنے اُنکو پہچنوا دی ہے اے ایمان لانے والو!

اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝ وَ

اگر تم اللہ کی مدد کروگے تو وہ بھی تمہاری مدد کریگا اور تمہارے قدم جما دیگا اور

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝ ذٰلِكَ

جو لوگ کافر ہوگئے ہیں پس اُنکے لیے ہلاکت ہے اور اُنکے اعمال باطل کر دیگا یہ اس لیے کہ

بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا

اللہ نے جو کچھ اُتارا اُس سے اُنہوں نے نفرت کی پس اُسنے بھی اُنکے اعمال اکارت کر دیے کیا وہ لوگ زمین میں

فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

نہیں چلے پھرے کہ یہ دیکھ لیتے کہ جو لوگ اُن سے پہلے تھے اُنکا انجام کیسا ہوا

دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۚ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى

اللہ نے اُن کو ہلاک کر دیا اور کافروں کے لیے بھی ویسے ہی انجام ہیں یہ اس لیے کہ اللہ اُن لوگوں کا مددگار ہے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ ع ۱۱

جو ایمان لائے اور کافروں کا مددگار کوئی بھی نہیں یقیناً اللہ اُن لوگوں کو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

جو ایمان لے آئے اور اُنھوں نے نیک عمل کیے ایسی جنتوں میں داخل کریگا جن کے نیچے ندیاں بہتی

الْاَنْهٰرُ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ

ہیں اور جو لوگ کافر ہوگئے وہ (دُنیا میں) اسی طرح نفع اُٹھا لینگے جیسے چوپائے چر چگ لیتے ہیں

وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۝ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ

اور آخرت میں آگ (دوزخ) اُنکا ٹھکانا ہوگا اور کتنی ہی بستیاں تمہاری اس بستی سے جس نے تمکو نکال باہر کیا قوت میں

قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ۝ اَفَمَنْ

بہت زیادہ تھیں ہمنے اُنکو ہلاک کردیا پھر اُنکا کوئی مددگار نہ اُٹھا کیا وہ شخص

كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا

جو اپنے پروردگار کی طرف سے دلیل پر ہو اُسکے مانند ہوسکتا ہے جسکی نظر میں اُسکی بداعمالی زینت دیدی گئی ہو اور اُنہوں نے اپنی اپنی

اَهْوَآءَهُمْ ۝ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ

خواہشوں کی پیروی کی ہو؟ اُس جنت (دارالسلام) کی مثل جسکا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے کہ اُس میں کچھ ندیاں تو ایسے پانی کی

مَّاۗءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ

ہونگی جسکی بو یا مزہ بدلا ہوا نہ ہوگا اور کچھ ندیاں ایسی دودھ کی ہونگی جنکا مزہ بدلا ہوا نہ ہوگا اور کچھ ندیاں ایسی

مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ وَ

شراب کی ہونگی جس سے پینے والوں کو مزہ آجائیگا اور کچھ ندیاں صاف کیے ہوئے شہد کی ہونگی اور اُن

لَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ

لوگوں کے لیے اُس (جنت) میں ہر قسم کے میوے ہونگے اور اُن کے پروردگار کی طرف سے معافی کیا اُس شخص کے مانند ہوسکتی ہے

فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَاۗءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَاۗءَهُمْ ۝ وَمِنْهُمْ

جو دوامی جہنم میں رہیگا اور جنکو ایسا گرما گرم پانی پلایا جائیگا کہ اُنکی انتڑیاں کاٹ کاٹ ڈالیگا اور اُن میں سے کوئی لوگ

مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا

ایسا بھی ہے جو تمہاری باتیں غور سے سُنتا ہے یہانتک کہ جب تمہارے پاس سے اُٹھکر چلے جاتے ہیں تو اُن لوگوں سے جنکو علم دیا گیا ہے

لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ

کہتے ہیں کہ ابھی اِس (رسول) نے کیا کہا تھا یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر

اللّٰهُ عَلٰي قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَاۗءَهُمْ ۝ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا

خدا نے مُہر لگادی ہے اور وہ اپنی خواہشوں کے پیرو ہوگئے ہیں اور جو لوگ ہدایت یافتہ ہوگئے

زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ۝ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا

اُنکی ہدایت کو اور زیادہ کردیگا اور اُنکو پرہیزگاری کی توفیق عطا فرمائیگا پس کیا قیامت کے سوا وہ اور کسی چیز کے منتظر

السَّاعَةُ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى

ہیں کہ اُنہیں اچانک آلے سو اُس کی علامتیں تو آچکی ہیں پس اب جب انکی

لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ۝ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

نصیحت بھی اُن کے پاس آگئی تو یہ ہیں کس خیال میں ؟ پس یہ سمجھ لو کہ سوائے خدا کے کوئی معبود نہیں ہے

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

اور تم اپنے گناہوں کی معافی کے لیے اور مومن مرد اور مومن عورتوں کیلیے مغفرت طلب کرو اور اللہ تمہارے

مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ ع ۲

چلنے پھرنے کو اور تمہارے ٹھکانے کو خوب جانتا ہے اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں یہ کہتے ہیں کہ (جہاد کی) کوئی سورت

سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ

کیوں نہیں نازل کیگئی پھر جسوقت صاف صاف سورت اتاری گئی اور اُس میں لڑائی کا ذکر کیا گیا تو

رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ

تمنے اُن لوگوں کو جن کے دلوں میں روگ ہے دیکھ لیا کہ وہ تمہاری طرف اس نظر سے دیکھتے تھے جس طرح

الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ ۝ طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ ۚ

وہ دیکھا کرتا ہے جسپر موت کی غشی طاری ہو سو انہی کے لیے خرابی ہے حکم ماننا اور اچھی بات کہنا (بہتر ہے)

مَّعْرُوْفٌ ۭ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۚ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ

پھر جب معاملہ پختہ ہو جائے پس اگر وہ اللہ سے سچے رہینگے تو (انجام) اُن کے لیے

خَيْرًا لَّهُمْ ۝ فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي

بہتر ہوگا پھر کیا یہ قریب ہے کہ اگر تم حاکم ہو جاؤ تو تم زمین میں فساد

الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ۝ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ

کرو اور قطع رحمی کرو یہی تو وہ لوگ ہیں جنپر اللہ نے لعنت

اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ۝ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ ۭ

کی پھر اُن کو بہرا کردیا ہے اور اُنکی آنکھوں کو اندھا تو کیا یہ قرآن مجید میں غور

القرآن ام علی قلوب اقفالها ○ ان الذین ارتدوا علی

نہیں کرتے یا ان کے دلوں پر قفل پڑے ہوئے ہیں بیشک جو لوگ بعد اس کے کہ انکے لیے ہدایت

ادبارهم من بعد ما تبین لهم الهدی الشیطن

ظاہر ہو چکی تھی اپنے پچھلے پاؤں پلٹ گئے شیطان نے ان کو فریب دیا

سول لهم و املی لهم ○ ذلک بانهم قالوا للذین کرهوا

اور انکو امیدیں دلائیں یہ اس لیے کہ انہوں نے ان لوگوں سے جنہوں نے خدا کے

ما نزل الله سنطیعکم فی بعض الامر و الله یعلم

نازل کیے ہوئے کو برا سمجھا تھا یہ کہا کہ ہم بعض معاملات میں تمہاری اطاعت کرینگے اور اللہ ان کے بھید کو

اسرارهم ○ فکیف اذا توفتهم الملئکة یضربون

اچھی طرح جانتا ہے پھر اس وقت کیا حالت ہوگی جب کہ فرشتے انکا خاتمہ اس حالت میں کرینگے کہ ان کے منہ پر

وجوههم و ادبارهم ○ ذلک بانهم اتبعوا ما اسخط

اور انکی پیٹھ پر مارتے ہونگے یہ اس لیے کہ انہوں نے اسکی تو پیروی کی جس نے خدا کو

الله و کرهوا رضوانه فاحبط اعمالهم ○ ام حسب الذین ع ۳ ۵ ۷

ناراض کیا اور اسکی خوشنودی کو برا جانا پس اس نے بھی انکے اعمال کو اکارت کر دیا آیا ان لوگوں نے جنکے دلوں میں

فی قلوبهم مرض ان لن یخرج الله اضغانهم ○ و لو

روگ ہے یہ سمجھ لیا ہے کہ اللہ انکے کینوں کو ظاہر نہ کریگا اور اگر

نشاء لاریناکهم فلعرفتهم بسیمهم و لتعرفنهم فی لحن

ہم چاہیں تو ہم ان لوگوں کو تمہیں دکھلا دیں پھر تم ان لوگوں کو ان کی علامتوں سے پہچان لو اور تم انکو انکی بات کے

القول و الله یعلم اعمالکم ○ و لنبلونکم حتی نعلم

لہجے سے ضرور پہچان لوگے اور اللہ تمہارے اعمال کو خوب جانتا ہے اور ہم تمہاری آزمائش ضرور کرینگے یہانتک کہ ہم تم میں سے

المجهدین منکم و الصبرین و نبلوا اخبارکم ○

جہاد کرنیوالوں کو اور صبر کرنیوالوں کو سمجھ لیں اور تمہاری خبروں کو جانچ لیں

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَشَاقُّوا

بیشک جو لوگ کافر ہو گئے اور اُنہوں نے (لوگوں کو) راہ خدا سے باز رکھا اور بعد اِسکے کہ

الرَّسُولَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى لَنْ يَضُرُّوا اللَّهَ

ہدایت اُن پر کھل چکی تھی اُنھوں نے رسول کی نافرمانی کی وہ اللہ کا ہرگز کچھ نہ

شَيْئًا وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا

بگاڑینگے اور وہ اُنکے اعمال بہت جلد اکارت کردیگا اے ایمان والو! تم اللہ کی اطاعت کرو

اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ ۝ إِنَّ

اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنے اعمال بیکار نہ کرو بیشک جو

الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ مَاتُوا وَهُمْ

لوگ کافر ہو گئے اور اُنہوں نے (لوگونکو) راہ خدا سے باز رکھا پھر کفر کی حالت میں

كُفَّارٌ فَلَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ ۝ فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى

مرگئے تو خدا ہرگز اُن کے گناہ نہ بخشے گا پس سستی نہ کرو اور صلح کی خواہش

السَّلْمِ وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ وَاللَّهُ مَعَكُمْ وَلَنْ

نہ کرو جس حال میں کہ تم غالب ہو اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ ہرگز

يَتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ ۝ إِنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ

تمہارے اعمال کو معطل نہ کریگا سوائے اِسکے نہیں کہ زندگانی دُنیا تو کھیل کود ہے

وَإِنْ تُؤْمِنُوا وَتَتَّقُوا يُؤْتِكُمْ أُجُورَكُمْ وَلَا يَسْأَلْكُمْ

اور اگر تم ایمان لے آئے اور پرہیزگار رہے تو تمہارے اجر تمکو عطا کریگا اور تمہارے کل مال

أَمْوَالَكُمْ ۝ إِنْ يَسْأَلْكُمُوهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوا وَيُخْرِجْ

نہیں مانگیگا اگر تم سے کل مال مانگے پھر تمکو تنگ کرے تو تم بخل کرنا اور وہ تمہارے

أَضْغَانَكُمْ ۝ هَا أَنْتُمْ هَؤُلَاءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوا فِي

کینوں کو دور کردیگا لو تمکو بھی ہو اب تم بلائے جاتے ہو کہ راہ خدا میں کچھ خرچ

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ

کرو سو تم میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو بخل کریگا اور جو بخل کریگا پس وہ اپنی ہی ذات کے لیے بخل

عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاۗءُ ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا

کریگا اور اللہ غنی ہے اور تم محتاج ہو اور اگر تم روگردانی ہو جاؤ گے

يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ۝ ع ۱

تو وہ تمہارے بدلے اور لوگ لے آئیگا پھر وہ تمہارے مانند نہ ہونگے

سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا

بیشک ہمنے تمہارے لیے فتح کی ایک کھلی فتح تاکہ اللہ تعالےٰ تمہاری خاطر سے تمہاری (امت کے)

تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ

اگلے گناہوں کو (بھی) بخشدے اور پچھلوں کو (بھی) اور اپنی نعمت کو تم پر پورا کرے

وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ

اور تم کو صراطِ مستقیم کی ہدایت فرمائے اور عزت والی نصرت کے ساتھ اللہ

نَصْرًا عَزِيْزًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ

تمہاری نصرت کرے وہ وہی تو ہے جس نے مومنین کے دلوں میں تسکین

قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ۭ وَ

نازل فرمائی تاکہ ان کے ایمان کے ساتھ اطمینان کو اور بڑھا دے اور

لِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا

اس سے مراد وہ امام ہے جو سنہ ۲۶۰ھ میں چھپ جائیگا پھر اس طرح ظاہر ہوگا جیسے اندھیری رات میں شہاب۔ اور اگر تو نے انکا زمانہ پایا تو تیری آنکھیں ٹھنڈی ہوجائینگی ۱۲

إِذَا عَسْعَسَ ۝ وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ۝ إِنَّهُ لَقَوْلُ

جبکہ وہ خوب تاریک ہو جائے۔ اور صبح کی جبکہ وہ روشن ہو جائے۔ بیشک یہ (قرآن) ایک معزز قوت

رَسُولٍ كَرِيمٍ ۝ ذِي قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ ۝

والے رسول کی زبانی آیا ہے جو صاحب عرش کے ہاں رتبہ والا سردار

مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ ۝ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُونٍ ۝ وَ

و امین ہے۔ اور تمہارا ساتھی دیوانہ نہیں ہے۔ اور

لَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ ۝ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ

یقیناً انہوں نے اس (جبرئیل) کو آسمان کے کنارے کھلا دیکھا ہے۔ اور وہ غیب کی باتوں کے بارے میں

ربع

بِضَنِينٍ ۝ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ ۝ فَأَيْنَ

بخیل نہیں ہے۔ اور نہ یہ شیطانِ ملعون کا قول ہے۔ تم پھر کدھر

تَذْهَبُونَ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ ۝ لِمَنْ

(بھٹکے) جاتے ہو؟ یہ اور کچھ نہیں ہے مگر تمام عالموں کے لیے نصیحت۔ (خاص کر) اس

شَاءَ مِنْكُمْ أَنْ يَسْتَقِيمَ ۝ وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا

شخص کے واسطے جو تم میں سے سیدھی راہ چلنا چاہے۔ اور تم کچھ بھی نہ چاہو گے سوائے اسکے

ع ۱ ۲۹ ۶

أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ۝

کہ جو اللہ تمام عالموں کا پروردگار چاہے۔

سورۃ الانفطار مکیۃ وھی تسع عشرۃ ایۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ ۝ وَإِذَا الْكَوَاكِبُ

جبکہ آسمان پھٹ جائے اور جبکہ تارے گر کر

قُلُوبِهِم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝ كَلَّا إِنَّهُمْ عَن رَّبِّهِمْ

کیا کرتے تھے اُس سے اُنکے دل سیاہ ہو گئے ہیں۔ اتنا ہی نہیں اُس دن وہ اپنے پروردگار کی

يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوبُونَ ۝ ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيمِ ۝ ثُمَّ

رحمت سے بھی یقیناً محروم رہینگے۔ پھر وہ جہنم میں بھی یقیناً جلینگے۔ پھر

يُقَالُ هَٰذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ۝ كَلَّا إِنَّ

اُنسے یہ کہا جائیگا کہ جسکو تم جھٹلایا کرتے تھے وہ یہی ہے۔ حق یہ ہے کہ بیشک

كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِي عِلِّيِّينَ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا

نیک لوگوں کا نوشتہ علیین میں ہوگا۔ اور تم کو کیا خبر ہے کہ علیون

عِلِّيُّونَ ۝ كِتَابٌ مَّرْقُومٌ ۝ يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُونَ ۝

کیا ہے؟ وہ لکھا ہوا نوشتہ ہے۔ جسکو مقربانِ بارگاہِ الٰہی دیکھتے رہتے ہیں۔

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ۝ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ۝

بیشک نیک لوگ بہشت میں تختوں پر بیٹھے نظارے کرتے ہونگے۔

تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ۝ يُسْقَوْنَ مِن

اُن کے چہروں سے تم ناز و نعم کی تروتازگی پہچان لوگے۔ اُن کو سربمہر خالص

رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ ۝ خِتَامُهُ مِسْكٌ ۚ وَفِي ذَٰلِكَ

شراب پلائی جائیگی۔ جس کی مُہر مشک کی ہوگی۔ اور خواہش کرنیوالوں کو

فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ ۝ وَمِزَاجُهُ مِن تَسْنِيمٍ ۝

اُس کی خواہش کرنی چاہیے۔ اور اُس میں آبِ تسنیم کی آمیزش ہوگی۔

عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا

یہ ایک چشمہ ہے جس میں سے مقربانِ بارگاہِ الٰہی پئیں گے۔ بیشک جو لوگ گنہگار تھے

كَانُوا مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا يَضْحَكُونَ ۝ وَإِذَا مَرُّوا

وہ ایمان لانیوالوں سے ہنسی کیا کرتے تھے۔ اور جب اُن کے پاس سے

بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ ۝ وَإِذَا انْقَلَبُوا إِلَىٰ أَهْلِهِمُ انْقَلَبُوا

گزرتے تو چشمک زنی کیا کرتے تھے۔ اور جب اپنے بال بچوں میں پلٹ کر آتے تو خوش (خوش)

فَكِهِينَ ۝ وَإِذَا رَأَوْهُمْ قَالُوا إِنَّ هَٰؤُلَاءِ

آتے تھے۔ اور جب اُن (مومنوں) کو دیکھتے تو کہتے تھے کہ یہ وہی لوگ ہیں جو

لَضَالُّونَ ۝ وَمَا أُرْسِلُوا عَلَيْهِمْ حَافِظِينَ ۝

یقیناً گمراہ ہیں۔ حالانکہ وہ اُن پر نگراں بنا کر نہیں بھیجے گئے تھے۔

فَالْيَوْمَ الَّذِينَ آمَنُوا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُونَ ۝

تو آج کے دن وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں کافروں سے ہنسیں گے۔

عَلَى الْأَرَائِكِ يَنْظُرُونَ ۝ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ

تختوں پر بیٹھے نظارے کرینگے۔ (اور کہینگے کہ) آیا کافروں کو جو کچھ وہ کیا کرتے

مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ۝ ع ۱ ۳۶ ۸

تھے اُسکا (پورا پورا) بدلا مل گیا؟

سورة الانشقاق مكية وهي خمس وعشرون آية

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ ۝ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝

جب آسمان پھٹ جائیگا اور اپنے پروردگار کا حکم سن لیگا اور ہونا بھی یونہی چاہیئے۔

وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ۝

اور جب زمین تان دی جائیگی اور جو کچھ اُس میں ہے اُسے نکالکر ڈالدیگی اور خالی ہو جائیگی

وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ يَا أَيُّهَا الْإِنْسَانُ إِنَّكَ

اور اپنے مالک کا حکم سن لیگی اور ہونا بھی یونہی چاہیئے (تب قیامت آجائیگی) اے انسان تو اپنے پروردگار کی

آیاتها ۲۵ | کلماتها ۱۰۸ | حروفها ۴۴۸ | رکوعها ۱

كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۝ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ

حضور میں پہنچنے کی سخت کوشش کرنیوالا ہی تو اُس سے جا ملیگا۔ پس جس شخص کو اُسکا نامۂ اعمال اُسکے

كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۝ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۝

داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا تو آگے چلکر اُس سے حساب بھی آسان لیا جائیگا۔

وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ

اور وہ اپنے بال بچوں کی طرف خوش خوش پلٹ آئیگا۔ اور رہا وہ جسکا نامۂ اعمال اُسکے

كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۝ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۝ وَّ

پس پشت سے دیا جائیگا تو وہ آگے بڑھکر موت ہی موت پکاریگا اور

يَصْلٰى سَعِيْرًا ۝ اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝ اِنَّهٗ

جہنم واصل ہوگا۔ بیشک وہ اپنے اہل و عیال میں خوش (خوش) تھا۔ یقیناً وہ

ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۝ بَلٰٓى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ

یہ گمان کرتا تھا کہ پھر پلٹ کر نہ آئیگا۔ (پلٹنا) ضرور ہے۔ بیشک اُسکا پروردگار اُس کا

بَصِيْرًا ۝ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۝

نگراں تھا۔ پس قسم ہے شفق کی اور رات کی اور جن چیزوں کو وہ ڈھانک لیتی ہی اُنکی

وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۝ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ۝ فَمَا

اور چاند کی جبکہ وہ پورا ہو جائے تم ضرور منزل بمنزل (پہلوں کی راستی پر) چلوگے۔ تو اُنہیں کیا ہو گیا

لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ

ہے کہ وہ ایمان نہیں لاتے۔ اور جب اُنکے سامنے قرآن مجید پڑھا جاتا ہے تو

لَا يَسْجُدُوْنَ ۝ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ

سجدہ نہیں کرتے۔ بات یہ ہی کہ جو لوگ کافر ہو گئے ہیں وہ جھٹلاتے ہیں۔ تو جو کچھ وہ دلوں میں

اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ۝ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

کہتے ہیں اللہ اُس سے خوب واقف ہی۔ اب تم اُن کو دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو۔

مع ۱۷ عند المتاخرین ۱۲

سجدہ مسنونہ

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ
وہ اس سے مستثنےٰ ہیں جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے کہ ان کے لیے
غَيْرُ مَمْنُونٍ ○ ع ۱ ۲۵ ۹
بے انتہا ثواب ہے۔

سورۃ البروج مکیۃ وھی اثنتان وعشرون آیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ ○ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُودِ ○
قسم ہے برجوں والے آسمان کی اور اس دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے

وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ ○ قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ ○
اور گواہی دینے والے کی اور جسکی گواہی دیگئی اُسکی۔ دہکتی ہوئی آگ کی خندقوں والے اس حال

النَّارِ ذَاتِ الْوَقُودِ ○ إِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُودٌ ○ وَهُمْ
میں قتل کیے گئے تھے کہ وہ اُن خندقوں کے کنارے بیٹھے ایمان والوں

عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ بِالْمُؤْمِنِينَ شُهُودٌ ○ وَمَا نَقَمُوا
کے ساتھ میں جو سلوک کر رہے تھے اُسکا تماشہ دیکھ رہے تھے۔ اور اُنکو اُنکی کوئی بات بُری

مِنْهُمْ إِلَّا أَنْ يُؤْمِنُوا بِاللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ ○ الَّذِي
نہیں لگی تھی مگر یہی کہ وہ اُس زبردست لائق تعریف خدا پر ایمان لائے تھے۔ جسکے لیے

لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ
آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہت ہے۔ اور اللہ ہر چیز سے

شَهِيدٌ ○ إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ
واقف ہے۔ بیشک جن لوگوں نے ایمان دار مردوں اور ایمان دار عورتوں کو تکلیف دی

آیاتھا ۲۲ | کلماتھا ۱۰۹ | رکوعھا ۱ | حروفھا ۴۷۵

ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ ۝

پھر توبہ نہ کی تو اُنکے لیے جہنم کا عذاب ہے اور اُنہی کے لیے جلنے کا عذاب بھی ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي

یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے اُنکے لیے ایسے باغات ہیں جنکے نیچے

مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ ۝ إِنَّ بَطْشَ

نہریں بہتی ہیں۔ یہی تو بڑی کامیابی ہے۔ یقیناً تمہارے پروردگار کی

رَبِّكَ لَشَدِيدٌ ۝ إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيدُ ۝ وَهُوَ

گرفت بڑی سخت ہے۔ بیشک وہی نئے سرے سے پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ پیدا کریگا اور

الْغَفُورُ الْوَدُودُ ۝ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ ۝ فَعَّالٌ لِمَا يُرِيدُ ۝

وہ بڑا بخشنے والا بڑا محبت کرنیوالا بڑے عرش کا مالک (اور) جو کچھ چاہے اُس کا کرنیوالا ہے۔

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ ۝ فِرْعَوْنَ وَثَمُودَ ۝ بَلِ

آیا تمہارے پاس لشکروں کی خبر آئی؟ (یعنی) فرعون وثمود کی بات یہ ہے کہ

الَّذِينَ كَفَرُوا فِي تَكْذِيبٍ ۝ وَاللَّهُ مِنْ وَرَائِهِمْ مُحِيطٌ ۝

جو کافر ہو گئے ہیں وہ جھٹلانے میں لگے ہوئے ہیں اور اللہ ہر طرف سے اُنکا احاطہ کیے ہوئے ہے۔

ع ۱ ۲۲ ۱

بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَجِيدٌ ۝ فِي لَوْحٍ مَحْفُوظٍ ۝

حقیقت یہ ہے کہ یہ بزرگ قرآن لوحِ محفوظ میں ہے۔

سورۃ الطارق مکیۃ وھی سبع عشرۃ ایۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الطَّارِقُ ۝

قسم ہے آسمان کی اور قسم ہے (گھپ اندھیری) رات میں آنیوالی۔ اور کیا سمجھے کہ (گھپ اندھیری) رات میں آنیوالا کیا ہے؟

النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝ إِن كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝

وہ چمکتا تارہ ہے۔ ایک نفس بھی ایسا نہیں کہ اُسپر کوئی نگہبان مقرر نہو۔

فَلْيَنظُرِ الْإِنسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِن مَّاءٍ دَافِقٍ ۝

پس انسان کو چاہیے غور کرے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے۔ وہ اُچھلے ہوئے پانی سے پیدا کیا گیا ہے۔

يَخْرُجُ مِن بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ ۝ إِنَّهُ عَلَىٰ رَجْعِهِ

جو پشت اور سینے کی ہڈیوں کے مابین سے نکل کر آتا ہے۔ بیشک وہ (خدا) اُسکے دوبارہ

لَقَادِرٌ ۝ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَائِرُ ۝ فَمَا لَهُ مِن قُوَّةٍ

لانے پر ضرور قدرت رکھتا ہے جس دن پوشیدہ باتیں جانچی جائینگی پس نہ اُس دن اُسکا کچھ زور ہوگا

وَلَا نَاصِرٍ ۝ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝ وَالْأَرْضِ

اور نہ کوئی مددگار۔ قسم ہے گردش کرنیوالے آسمان کی اور پھٹنے والی

ذَاتِ الصَّدْعِ ۝ إِنَّهُ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝ وَمَا هُوَ

زمین کی بیشک یہ (قرآن) ضرور طے شدہ بات ہے۔ اور یہ کوئی ٹھٹل (قافیہ)

بِالْهَزْلِ ۝ إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ۝ وَأَكِيدُ كَيْدًا ۝

نہیں ہے۔ بیشک وہ ایک چال چلتے ہیں۔ اور میں ایک تدبیر کرتا ہوں۔

ع ۱ ۱۷ ۱۱ فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

سو تم کافروں کو مہلت دیدو اُنکو کچھ عرصہ کے لیے چھوڑ دو۔

سورۃ الاعلیٰ مکیۃ وھی تسع عشرۃ ایۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى ۝ الَّذِي خَلَقَ فَسَوَّىٰ ۝

اپنے عالیشان پروردگار کے نام کی تسبیح کر۔ جسنے پیدا کیا پھر درست کیا۔

وَالَّذِیْ قَدَّرَ فَهَدٰی ۝ وَالَّذِیْ اَخْرَجَ الْمَرْعٰی ۝ فَجَعَلَهٗ

اور جسنے اندازہ کیا پھر راہبری فرمائی۔ اور جس نے چارہ اگایا۔ پھر اُس کو

غُثَآءً اَحْوٰی ۝ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓی ۝ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ

خشک اور سیاہ کردیا۔ (اے رسول) عنقریب ہم تمکو پڑھائینگے پھر تم نہ بھولوگے۔ مگر جو خدا چاہے۔ بیشک وہ

یَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا یَخْفٰی ۝ وَنُیَسِّرُكَ لِلْیُسْرٰی ۝ فَذَكِّرْ اِنْ

ظاہر کو بھی جانتا ہے اور چھپی بات کو بھی۔ اور ہم تمہاری لیو ایک سہل طریقہ کو آسان کردینگے۔ پس نصیحت کرتے رہو اگر

نَّفَعَتِ الذِّكْرٰی ۝ سَیَذَّكَّرُ مَنْ یَّخْشٰی ۝ وَیَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَی ۝

نصیحت فائدہ پہنچائے۔ جو (اللہ سے) ڈرتا ہو وہ عنقریب نصیحت حاصل کریگا۔ اور وہ بدبخت اُس (نصیحت) سے الگ رہیگا

الَّذِیْ یَصْلَی النَّارَ الْكُبْرٰی ۝ ثُمَّ لَا یَمُوْتُ فِیْهَا وَلَا

جو بڑی آگ میں جائیگا۔ پھر اُس میں نہ اُسکو موت ہی آئیگی نہ زندہ ہی

یَحْیٰی ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰی ۝ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰی ۝

رہیگا۔ (یعنی راحت نہ ملیگی) اُسنے یقیناً فلاح پائی جو پاک رہا۔ اور اپنے پروردگار کے نام کو یاد کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا

بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا ۝ وَالْاٰخِرَةُ خَیْرٌ وَّاَبْقٰی ۝ اِنَّ

لیکن تم زندگانی دنیا کو مقدم رکھتے ہو حالانکہ آخرت زیادہ اچھی اور زیادہ باقی رہنے والی ہے۔ بیشک

هٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰی ۝ صُحُفِ اِبْرٰهِیْمَ وَمُوْسٰی ۝

یہی مضمون پہلی کتابوں میں بھی ہے۔ (یعنی) ابراہیم اور موسےٰ کی کتابوں میں۔

سُوْرَةُ الْغَاشِیَةِ مَكِّیَّةٌ وَّهِیَ سِتٌّ وَّعِشْرُوْنَ اٰیَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ الْغَاشِیَةِ ۝ وُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ

آیا تمہارے پاس ڈھانپنے والی (مصیبت) کا ذکر بھی پہنچا ہے؟ اُس دن کتنے ہی چہرے

خَاشِعَةٌ ۝ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۝ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۝

رسوا ہونگے۔ مشقتیں جھیلتے تھکے ہوئے بھڑکتی ہوئی آگ میں چلے جائینگے

تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۝ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ

(انہیں) کھولتا ہوا چشمے کا پانی پلایا جائیگا۔ انکا کھانا سوائے ضریع (جہنمی خاردار تلخ گھاس) کے اور کچھ

ضَرِيْعٍ ۝ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۝ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ

نہ ہوگا۔ جو نہ تو موٹا ہی کریگا اور نہ بھوک سے ہی بچائیگا۔ (اور) کچھ چہرے اُس دن خوشحال

نَّاعِمَةٌ ۝ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۝ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝ لَّا تَسْمَعُ

اور اپنی کوشش سے نہال ہونگے۔ عالیشان باغ میں ہونگے کہ اُس میں کوئی

فِيْهَا لَاغِيَةً ۝ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۝ فِيْهَا سُرُرٌ

فضول بات نہ سنینگے۔ اُس میں بہتا ہوا چشمہ ہوگا اور اُس میں اونچے اونچے

مَّرْفُوْعَةٌ ۝ وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ۝ وَّنَمَارِقُ

تخت ہونگے۔ اور چُنے ہوئے آبخورے۔ اور برابر لگے ہوئے

مَصْفُوْفَةٌ ۝ وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ۝ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ

تکیے۔ اور بچھی ہوئی مسندیں۔ تو کیا وہ اونٹ کی طرف

اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ۝ وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ

نہیں دیکھتے کہ وہ کیونکر پیدا کیا گیا ہے؟ اور آسمان کی طرف (نہیں دیکھتے) کہ وہ کیونکر

رُفِعَتْ ۝ وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ۝ وَاِلَى الْاَرْضِ

بلند کیا گیا ہے؟ اور پہاڑوں کی طرف (نہیں دیکھتے) کہ وہ کیونکر قائم کیے گئے ہیں؟ اور زمین کی طرف (نہیں دیکھتے)

كَيْفَ سُطِحَتْ ۝ فَذَكِّرْ ۗ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ۝ لَسْتَ

کہ وہ کیونکر بچھائی گئی ہے؟ پس نصیحت کرو۔ تم تو فقط نصیحت کرنیوالے ہو۔ تم اُن پر کوئی

عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ۝ اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ۝ فَيُعَذِّبُهُ

داروغہ تو ہو نہیں؟ سوائے اُس شخص کے جو روگرداں ہوا اور کافر ہوگیا کہ اللہ اُسکو بہت بڑا

اللّٰهُ الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ۝ اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ۝

عذاب دیگا یقیناً ہماری ہی طرف اُن سب کا آنا ہے۔

ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ۝

پھر ہماری ہی ذمے اُن سب کا حساب لینا ہے۔

ع ۱ ۲۶ ۱۳ نصف

سورة الفجر مكية وهي ثلثون اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالْفَجْرِ ۝ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۝ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۝

قسم ہے صبح کی۔ اور دس راتوں کی اور جفت کی اور طاق کی۔

وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ۝ هَلْ فِيْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ حِجْرٍ ۝

اور رات کی جبکہ وہ قریب ختم ہو۔ ضرور اس میں صاحب عقل کے لیے قسم ہے۔

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۝ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۝

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمہاری پروردگار نے قوم عاد کے ساتھ جو ستونوں والے ارم کے رہنے والے تھے

الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۝ وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ

کہ ویسا شہر شہروں میں بنایا ہی نہیں گیا اور ثمود کے ساتھ جنہوں نے میدان میں چٹانوں کو تراشا

جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْاَوْتَادِ ۝

(اور اُنکو گھر بنایا) تھا اور فرعون کے ساتھ جو سزا کے لیے میخیں رکھنے والا تھا کیسا معاملہ کیا

الَّذِيْنَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۝ فَاَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ۝

کہ ان سب نے ملکوں میں سرکشی کی تھی۔ پھر اُن میں خرابی کو بہت بڑھا دیا تھا۔

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝ اِنَّ رَبَّكَ

پس تمہاری پروردگار نے بھی اُنپر عذاب کا کوڑا لگایا۔ بیشک تمہارا پروردگار

آیاتها ۳۰ — رکوعها ۱ — کلماتها ۱۳۷ — حروفها ۵۸۵

منزل ۷

سزا دینے پر قادر ہے۔ اور جناب امام جعفر صادق سے یہ منقول ہے کہ مرصاد صراط پر ایک پل ہے جس بندے کے ذمے کسی دوسرے بندے کا مظلمہ ہوگا وہ اسکو عبور نہ کر سکیگا ۱۲

لَبِالْمِرْصَادِ ۝ فَأَمَّا الْإِنْسَانُ إِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهُ

ضرور گھات میں ہے۔ اب رہا انسان جب اُسکا پروردگار اُسکو (اس طرح) آزماتا ہے کہ اُسکی عزت کرتا ہے

فَأَكْرَمَهُ وَنَعَّمَهُ ۙ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ ۝ وَأَمَّا إِذَا

اور اُسکو نعمت دیتا ہے۔ تب تو وہ کہتا ہے کہ میرے پروردگار نے میری عزت کی۔ اور جب وہ اُسکو (اس طرح)

مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ ۙ فَيَقُولُ رَبِّي أَهَانَنِ ۝

آزماتا ہے کہ اُسکا رزق اُسکے لیے تنگ کر دیتا ہے تب وہ کہتا ہے کہ میرے پروردگار نے مجھے ذلیل کر دیا۔

كَلَّا ۖ بَل لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ ۝ وَلَا تَحَاضُّونَ عَلَىٰ

یہ ہرگز نہیں ہے۔ بات یہ ہے کہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے۔ اور مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب

طَعَامِ الْمِسْكِينِ ۝ وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا ۝

نہیں دیتے۔ اور میراث کا مال (حلال و حرام) ملا کر سمیٹے چلے جاتے ہو۔

وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ۝ كَلَّا إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ

اور مال کو جمع کرنے کے بڑے حریص ہو۔ اتنا ہی نہیں ہے (بلکہ) جب زمین توڑ توڑ کے چٹیل چور

دَكًّا دَكًّا ۝ وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ۝

کر دی جائیگی اور تمہارا پروردگار (یعنی اُسکا حکم) اور فرشتے صف بصف آموجود ہونگے

وَجِيءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ ۚ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ

اور جہنم لاحاضر کیا جائیگا اُس دن انسان نصیحت حاصل کریگا مگر اُس وقت اُسکے لیے

وَأَنَّىٰ لَهُ الذِّكْرَىٰ ۝ يَقُولُ يَا لَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي ۝

نصیحت حاصل کرنا کہاں (مفید) ہوگا؟ کہیگا کہ کاش میں نے اس زندگی کیلیے کچھ آگے بھیجا ہوتا۔

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ ۝ وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُ

پس اُس دن نہ تو کوئی خدا کا سا عذاب دیگا اور نہ اُسکا سا جکڑنا جکڑ سکیگا۔

أَحَدٌ ۝ يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ۝ ارْجِعِي إِلَىٰ رَبِّكِ

(فرمائیگا کہ) اے اطمینان والی نفس! تو اپنے پروردگار کی طرف رجوع کر (اس حال میں) کہ تو اُس سے

رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ۝ فَادْخُلِي فِي عِبٰدِي ۝ وَادْخُلِي جَنَّتِي ۝

راضی بھی ہے اور (اسکا پسندیدہ بھی) پس تو میرے بندوں میں داخل ہو جا۔ اور میری جنت میں چلا آ۔

سورة البلد مكية وهي عشرون اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝ وَ

مجھے اس شہر (مکہ) کی قسم درآنحالیکہ تم اسی شہر میں اُتری ہوئی ہو۔ اور باپ (آدمؑ) کی اور

وَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِي كَبَدٍ ۝ اَيَحْسَبُ

(انکی) اولاد کی قسم بیشک ہمنے انسان کو سختی میں پیدا کیا۔ کیا وہ یہ گمان کرتا ہے

اَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ اَحَدٌ ۝ يَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا

کہ اُسکے اوپر کوئی بھی قابو نہ پائیگا؟ کہتا ہے کہ میں نے کثیر مال ضائع کیا۔

لُّبَدًا ۝ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ اَحَدٌ ۝ اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ

کیا وہ یہ گمان کرتا ہے کہ اُسکو کسی نے دیکھا ہی نہیں؟ کیا ہمنے اُسکے لیے دو آنکھیں

عَيْنَيْنِ ۝ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ۝ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ۝

نہیں بنائیں؟ اور ایک زبان اور دو ہونٹ (نہیں دیے)؟ اور ہمنے اُسکو دونوں راستے دکھلا دیے۔

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ۝ فَكُّ

پھر بھی وہ (شکر کی) گھاٹی سے نہ اُترا۔ اور تم کیا سمجھے کہ (شکر کی) گھاٹی کیا ہے؟ کسی بندہ کی

رَقَبَةٍ ۝ اَوْ اِطْعٰمٌ فِي يَوْمٍ ذِي مَسْغَبَةٍ ۝ يَّتِيْمًا ذَا

گلو خلاصی کرنا۔ یا بھوک کے دن کسی رشتہ دار یتیم یا خاکسار مسکین

مَقْرَبَةٍ ۝ اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ۝ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ

کو کھانا کھلا دینا۔ پھر وہ اُن لوگوں میں سے ہوتا جو

ایاتها ۲۰ | کلماتها ۹۲ | حروفها ۳۴۷ | رکوعها ۱

وقف لازم

منزل ۷

اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ۝

ایمان لائے ہیں اور ایک دوسرے کو صبر کرنیکی تاکید کرتے رہتے ہیں اور ایک دوسرے کو رحم کرنیکی وصیت کرتے رہتے ہیں

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا هُمْ

ایسے ہی لوگ تو نیک فال و مبارک ہیں۔ اور جو لوگ ہماری آیتوں کے منکر اور بدشگون ہیں

اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۝ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ۝

منحوس ہیں۔ جو طرفہ سے بند کی ہوئی آگ انہی پر ہوگی۔

سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسَ عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰىهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا

قسم ہے سورج کی اور اسکی چمکتی دھوپ کی قسم ہے چاند کی جبکہ وہ سورج کے پیچھے ظاہر ہو قسم ہے دن کی جبکہ (خدا) اس (آفتاب)

جَلّٰىهَا ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰىهَا ۝

کو روشن کردے اور قسم ہے رات کی جبکہ وہ اس (آفتاب) کو ڈھانپ لے قسم ہے آسمان کی اور اسکی جسنے اسے بنایا ہے۔

وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝

اور قسم ہے زمین کی اور اسکی جس نے اسے بچھایا ہے۔ قسم ہے جان کی اور اسکی جسنے اسے ٹھیک پیدا کیا ہے۔

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۝

پھر اسکی بدکاری اور اسکی نیکی بھی اسے سجھادی ہے۔ جس نے اسے پاک کرلیا وہ تو یقیناً کامیاب ہوا۔

وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَا ۝

اور جس نے اسے (خفیہ گناہ سے) دبادیا وہ یقیناً ناکام رہا۔ (قوم) ثمود نے اسی کی سرکشی کے سبب جھٹلایا۔

اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ

جبکہ اسی قوم کا سب سے بڑا بدبخت اٹھ کھڑا ہوا۔ پس ان سے اللہ کے رسول نے کہا خدا کی اونٹنی کو اور اسکے

وَسُقْيَاهَا ۝ فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا ۖ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ

پانی پینے کو نہ چھیڑنا پس انہوں نے رسول کو جھٹلایا اور اس اونٹنی کی کوچیں کاٹ ڈالیں۔ پس انکے پروردگار نے ان پر آفت بھیجی اس

رَبُّهُم بِذَنبِهِمْ فَسَوَّاهَا ۝ وَلَا يَخَافُ عُقْبَاهَا ۝

گناہ کے سبب عذاب نازل کیا پھر انکا پیر اٹھا کر دیا۔ اور اسے تو کسی کے بدلا لینے کا ڈر ہے ہی نہیں۔

سورۃ اللیل مکیۃ وھی احدی وعشرون اٰیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَىٰ ۝ وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلَّىٰ ۝ وَمَا خَلَقَ

قسم ہے رات کی جبکہ وہ چھا جائے۔ قسم ہے دن کی جبکہ وہ چمک اٹھے۔ قسم ہے اسکی جس نے

الذَّكَرَ وَالْأُنثَىٰ ۝ إِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتَّىٰ ۝ فَأَمَّا مَنْ أَعْطَىٰ

نر و مادہ کو پیدا کیا ہے۔ بیشک تمہاری کوششیں مختلف ہیں۔ پس جس شخص نے دیا اور

وَاتَّقَىٰ ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَىٰ ۝ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَىٰ ۝

پرہیزگاری برتی اور ٹھیک باتوں کی تصدیق کی تو بہت جلد ہم اسے آسانی کی توفیق دینگے۔

وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَىٰ ۝ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَىٰ ۝ فَسَنُيَسِّرُهُ

اور رہا وہ جس نے کنجوسی کی اور بے پروائی برتی اور اچھی باتوں کو جھٹلایا تو بہت جلد ہم اسے سختی میں

لِلْعُسْرَىٰ ۝ وَمَا يُغْنِي عَنْهُ مَالُهُ إِذَا تَرَدَّىٰ ۝ إِنَّ عَلَيْنَا

پھنسا دینگے۔ اور جب وہ مریگا تو اسکا مال اس کے کچھ کام نہ آئیگا۔ بیشک ہمارے ذمے ضرور

لَلْهُدَىٰ ۝ وَإِنَّ لَنَا لَلْآخِرَةَ وَالْأُولَىٰ ۝ فَأَنذَرْتُكُمْ نَارًا

ہدایت کر دینا ہے۔ اور بیشک ہمارے ہی لیے (ملک) آخرت اور دنیا ہے۔ سو میں نے تم کو بھڑکتی ہوئی آگ سے

تَلَظَّىٰ ۝ لَا يَصْلَاهَا إِلَّا الْأَشْقَى ۝ الَّذِي كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ۝

ڈرایا ہے۔ کہ اس میں کوئی نہ جائیگا مگر وہی بدبخت جس نے جھٹلایا اور روگردانی کی۔

ع ۱ ۱۵ ۱۶

وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى ۝ الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّى ۝ وَمَا

اور عنقریب اُس سے وہ پرہیزگار بچا لیا جائیگا۔ جو اپنا مال اِس غرض سے دیتا ہے کہ پاک ہو جائے۔ اور اُسپر

لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِنْ نِعْمَةٍ تُجْزَى ۝ إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ

کسی کا احسان نہیں ہے کہ اُسکا بدلہ دیا جائے۔ بلکہ وہ اپنے عالیشان پروردگار کی

رَبِّهِ الْأَعْلَى ۝ وَلَسَوْفَ يَرْضَى ۝

رضا چاہتا ہے۔ اور آگے چلکر وہ ضرور اُس سے راضی ہو جائیگا۔

ع ۱ ۲۱ ۱۷

سورة الضحى مكية وهي احدى عشرة اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالضُّحَى ۝ وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَى ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا

قسم ہے دھوپ چڑھتے وقت کی اور قسم ہے رات کی جبکہ وہ چھا جائے۔ (اے رسول) تمہارا پروردگار تم سے دست بردار ہوا اور نہ ناراض

قَلَى ۝ وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَكَ مِنَ الْأُولَى ۝ وَلَسَوْفَ

ہوا۔ اور تمہارے واسطے آخرت دنیا سے کہیں بہتر ہے۔ اور آگے چلکر تمہارا

يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَى ۝ أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَآوَى ۝

پروردگار تمکو اس قدر عطا فرمائیگا کہ تم خوش ہو جاؤ گے۔ کیا اُسنے تم کو یتیم نہیں پایا پھر جگہ دی۔

وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدَى ۝ وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَى ۝

اور تم کو بھٹکا ہوا پایا اور منزل مقصود تک پہنچایا۔ اور تم کو محتاج پایا پھر مالدار کر دیا۔

فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝ وَأَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝

پس اب یتیم پر ظلم نہ کرنا۔ اور سوال کرنیوالے کو نہ جھڑکنا۔

وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝

اور رہی تمہاری پروردگار کی نعمت سو اُس کا ذکر کرتے رہنا۔

ع ۱ ۱۱ ۱۸

آیاتها ۱۱ — رکوعها ۱ — کلماتها ۴۰ — حروفها ۱۶۶

سورۃ الانشراح مکیۃ وھی ثمان آیات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝

کیا ہمنے تمہاری خاطر سے تمہارا سینہ نہیں کھولدیا۔ اور تم پر سے وہ بوجھ جو تمہاری پیٹھ توڑے ڈالتا تھا

الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ

(نہیں) اُتار دیا۔ اور تمہاری خاطر سے تمہارے ذکر کو بلند (نہیں) کیا۔ تو بیشک

مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ

تکلیف کے ساتھ راحت ہے (اور) یقیناً مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔ پس جب تم فارغ ہو تو محنت کرو

ع ۱ ۸ ۱۹ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

(اپنا قائم مقام) مقرر کردو۔ اور اپنے پروردگار کی حضور میں جانیکی خواہش کرو۔

سورۃ التین مکیۃ وھی ثمان آیات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝ وَهٰذَا الْبَلَدِ

قسم ہے انجیر کی اور زیتون کی اور طور سینا کی اور اس امن والے

الْاَمِيْنِ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝ ثُمَّ

شہر کی بیشک ہمنے انسان کو بہت ہی اچھے کینڈے پر بنایا۔ پھر

رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ہمنے اُسے پست سے پست حالت کی طرف پھیر دیا سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیکیاں

الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ فَمَا يُكَذِّبُكَ

کرتے رہے کہ اُنکے لیے بے انتہا ثواب ہے۔ تو (اے رسُول) اُنکے بعد تمکو قیامت

بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝

کے بارے میں کون جھٹلائیگا؟ کیا خدا سب فیصلہ کرنیوالوں سے بڑھکر فیصلہ کرنیوالا نہیں ہے؟

سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعَ عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ

پڑھ اپنے پروردگار کے نام سے جس نے پیدا کیا۔ انسان کو بستہ بوند سے پیدا کیا۔

عَلَقٍ ۝ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝

پڑھ اور تیرا ہی پروردگار سب سے زیادہ کریم ہے۔ جسنے قلم کے ذریعے سے تعلیم دی۔

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝

اور انسان کو وہ کچھ سکھادیا جو کچھ وہ نہ جانتا تھا۔ دیکھو انسان جب اپنے آپ کو بے پرواہ پاتا ہے تو وہ ضرور

اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ۝ اَرَءَيْتَ

سرکش ہو جاتا ہے۔ بیشک تمہارے پروردگار ہی کی حضور میں تو پلٹ کر جانا ہے۔ آیا تم نے اُسے بھی دیکھا

الَّذِيْ يَنْهٰى ۝ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۝ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ

جو ایک بندے کو جبکہ وہ نماز پڑھتا ہے روکتا ہے؟ آیا تم نے یہ بھی دیکھا کہ اگر وہ

عَلَى الْهُدٰٓى ۝ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ۝ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ

ہدایت پر ہو یا باز رہنے کا حکم دیتا ہو (تو روکنا کیا معنی؟) آیا تم نے یہ بھی دیکھا کہ اگر اُسنے جھٹلایا

وَتَوَلّٰى ۝ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ۝ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ

اور روگردانی کی (تو کیا نتیجہ پائیگا؟) کیا وہ یہ نہیں جانتا کہ اللہ ضرور دیکھتا ہے؟ ہرگز نہیں اگر وہ باز نہ آیا

لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ۝ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۝ فَلْيَدْعُ

تو ہم ضرور اسکو پیشانی کے بھل گھسیٹینگے۔ جھوٹے قصوروار کی پیشانی کے بھل۔ اُس وقت چاہیے کہ وہ اپنی

نَادِيَهُ ۝ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۝ كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۝

جمعیت کو پکار لے ہم بھی جہنم کے فرشتوں کو بلا لینگے۔ دیکھو اسکا کہنا نہ مانو اور سجدہ کرو اور قرب خدا حاصل کرو۔

سُورَةُ القَدْرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ

بیشک ہمنے اسکو شب قدر میں نازل کیا۔ اور تم کیا سمجھے کہ شب قدر

الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ

کیا ہے؟ شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اُس میں

الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝

روح اور کل فرشتے اپنے پروردگار کے حکم سے ہر معاملہ لیکر اترتے ہیں یہ (رات)

سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

فجر کے طلوع ہونے تک (سلامتی ہی) سلامتی ہے۔

سُورَةُ البَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ

اہل کتاب میں سے جو کافر ہو گئے ہیں وہ اور مشرک علحدہ ہونیوالے نہیں تھے

سجدہ

آیاتہا ٥ | رکوعہا ١ | کلماتہا ٣٠ | حروفہا ١١٣

آیاتہا ٨ | رکوعہا ١ | کلماتہا ٩٥ | حروفہا ٤١٣

ہونے تک اُنپر اور تمہاری اولاد پر برابر میرا سلام پہنچاتے رہتے ہیں۔ (اس کے متعلق اور حدیثیں ضمیمے میں ملاحظہ کیجیے) ١٢

مُنفَكِّينَ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ رَسُولٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوا

جب تک کہ اُنکے پاس کوئی کھلی ہوئی دلیل نہ آجاتی۔ (یعنی) اللہ کی طرف سے رسُول جو اُنکو

صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۝ فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۝ وَمَا تَفَرَّقَ

پاک صحیفے پڑھکر سُناتا ہے۔ جن میں پختہ نوشتے موجود ہیں۔ اور وہ لوگ جن کو

الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝

کتاب دیگئی تھی متفرق نہیں ہوے مگر بعد اِس کے کہ اُن کے پاس کھلی دلیل آگئی۔

وَمَآ أُمِرُوٓا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۙ

حالانکہ اُنکو کچھ اور حکم نہیں دیا گیا مگر یہ کہ اللہ کی عبادت کریں خالص بندگی اُسی کی کریں (عقائدِ باطلہ سے

حُنَفَآءَ وَيُقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِينُ

ایک طرف رہیں نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں اور (یہ سمجھ لیں کہ ٹھیک (ٹھیک)

الْقَيِّمَةِ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ

دین یہی ہے۔ بیشک اہل کتاب میں سے جو کافر ہو گئے وہ اور مشرک

وَالْمُشْرِكِينَ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِينَ فِيهَا ۚ أُولٰٓئِكَ هُمْ

دوزخ کی آگ میں جائینگے (اور) ہمیشہ اُسی میں رہینگے۔ ساری مخلوق سے

شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝ إِنَّ الَّذِينَ ءَامَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

بدتر یہی لوگ ہیں۔ یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک کام کیے

أُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ

ساری مخلوق سے بہتر وہی لوگ ہیں۔ اُنکا بدلا اُن کے پروردگار کے پاس ہمیشہ رہنے کے باغ

عَدْنٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا ۚ

ہیں جن کے نیچے ندیاں بہتی ہیں اُن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہونگے۔

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ ۝ ع ۸/۲۳

اللہ اُن سے راضی اور وہ اُس سے خوش ہونگے۔ یہ اُسی کے لیے ہے جو اپنے پروردگار سے ڈرتا رہا ہو

کے لیے تم پیدا کیے گئے ہو اور جنت ہی میں تمہارا کل ساز و سامان ہے۔ اور جنت ہی کی طرف تم چلے جا رہے ہو ۱۲

سورة الزلزال مدنية وهي ثمان آيات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ

جب زمین بڑے زور سے ہلائی جائے اور زمین اپنے دفینے

اَثْقَالَهَا ۝ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ

نکالدے اور انسان کہنے لگے کہ اسے ہو کیا گیا ہے؟ اس دن (زمین) اپنی خبریں

اَخْبَارَهَا ۝ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ

بیان کردیگی۔ کیونکہ تمہارے پروردگار نے اسے حکم دیا ہوگا۔ اس دن لوگ مختلف حالتوں میں

النَّاسُ اَشْتَاتًا ۝ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ

نکلینگے تاکہ انکے اعمال انکو دکھائے جائیں۔ پس جس شخص نے ذرہ بھر نیکی کی ہوگی

ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝

وہ اسے دیکھ لیگا۔ اور جس نے ذرہ بھر بدی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لیگا۔

ع ۱ ۸ ۲۴

سورة العٰديٰت مكية وهي احدى عشرة آية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝ فَالْمُغِيْرٰتِ

قسم ہے سرپٹ دوڑنیوالے گھوڑوں کی جو فراٹے بھرتے جاتے ہیں پھر پتھر پر ٹاپ مار کر آگ نکالتے جاتے ہیں پھر صبح کے وقت چھاپا مارتے

صُبْحًا ۝ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝ اِنَّ

ہیں۔ تو اس سے گرد و غبار بلند کردیتے ہیں۔ پھر دشمنوں کے دل میں گھس جاتے ہیں۔ بیشک

آیاتها ۸ | رکوعها ۱ | کلماتها ۳۷ | حروفها ۱۵۸

آیاتها ۱۱ | رکوعها ۱ | کلماتها ۴۰ | حروفها ۱۷۰

اَلْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۝ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۝

انسان اپنے رب کو بڑی ہی ناشکرا ہے۔ اور وہ اس بات پر خود بھی ضرور گواہ ہے۔

وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝ اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ۝

اور وہ مال کی بہت محبت رکھتا ہے۔ کیا وہ نہیں جانتا کہ جب مُردے قبروں سے نکالے جائینگے

وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ ۝ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ۝ ع ۱ ۱۱ ۲۵

اور سینوں کے بھید کھولدیے جائینگے اُس دن اُنکا پروردگار اُن سے ضرور واقف ہوگا۔

سورۃ القارعۃ مکیۃ وھی احدی عشرۃ اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلْقَارِعَةُ ۝ مَا الْقَارِعَةُ ۝ وَمَا اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۝

کھڑکھڑانیوالا (واقعہ) کیا ہی وہ کھڑکھڑانیوالا (واقعہ)؟ اور تم کیا سمجھے کہ وہ کھڑکھڑانیوالا (واقعہ) ہی کیا؟

يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۝ وَتَكُوْنُ

وہ دن ہی جس دن آدمی ایسے ہو جائینگے جیسے پھیلے ہوئے پتنگے۔ اور پہاڑ ایسے

الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ۝ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ

ہو جائینگے جیسے دُھنکی ہوئی اُون۔ پس جس کے اعمالِ نیک کی تول

مَوَازِيْنُهٗ ۝ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝ وَاَمَّا مَنْ

بھاری اُترینگی وہ تو خاطر خواہ عیش میں ہوگا۔ اور جس کے اعمال (نیک)

خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ۝ وَمَا اَدْرٰىكَ

کی تول کم اُترینگی تو اُسکا ٹھکانا ہاویہ ہوگا۔ اور تم کیا سمجھے کہ ہاویہ

مَا هِيَهْ ۝ نَارٌ حَامِيَةٌ ۝ ع ۱ ۱۱ ۲۶

کیا ہے؟ دہکتی ہوئی آگ ہے۔

سُورَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ۝ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝ كَلَّا سَوْفَ

زیادتی کی خواہش نے تمکو غافل بنائے رکھا یہانتک کہ تمنے قبروں کو دیکھا (یعنی تم کو موت آگئی) آگاہ ہوجاؤ کہ آگے چلکے

تَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ كَلَّا لَوْ

تم جان لوگے پھر سن رکھو کہ آگے چلکے تم جان لوگے دیکھو اگر تم

تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۝ ثُمَّ

یقین کے طور پر جان لیتے (تو غافل نہوتے) تو تم دوزخ کو ضرور دیکھوگے۔ پھر

لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۝ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ

تم اُسکو یقین کی آنکھ سے دیکھوگے۔ پھر تم سے اُس دن نعمتوں کی بابت ضرور

ع ۱ ۸ ۲۷ عَنِ النَّعِيْمِ ۝

باز پرس کی جائیگی۔

سُورَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وقتِ عصر کی قسم۔ انسان ضرور ٹوٹے میں ہے۔ سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے

ع ۱ ۳ ۲۸ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝

اور اُنہوں نے نیک عمل کیے اور ایک دوسرے کو حق کی پیروی کی تاکید کرتے رہے اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کرتے رہے

سُورَةُ الهُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ تِسعُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ○ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ○

ہر عیب جوئی کرنیوالے طعنہ دینے والے کے حال پر افسوس ہے جو مال جمع کرتا اور اُسے گنتا رہتا ہے۔

يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ ○ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ○

گمان کرتا ہے کہ اُسکا مال اُسے ہمیشہ زندہ رکھیگا۔ ایسا نہیں ہو سکتا وہ ضرور بھسم کرنیوالی میں ڈالا جائیگا

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ○ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ○ الَّتِيْ تَطَّلِعُ

اور تم کیا سمجھے کہ بھسم کرنیوالی کیا ہے؟ وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے۔ جو دلوں تک

عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ○ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ○ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ○

ع ۱ ۹ ۲۹

جا چڑھیگی۔ پھر وہ بڑے (بڑی) لمبے (لمبی) شہتیروں کی صورت میں اُنکو ہر طرف سے گھیر لیگی۔

سُورَةُ الفِيلِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمسُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ○ اَلَمْ يَجْعَلْ

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمہارے پروردگار نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیسا معاملہ کیا؟ کیا اُسنے اُن کی

كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ○ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ○

چال کو بیکار نہ کر دیا؟ اور اُنپر دَل کے دَل پرندے بھیجے

تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ○ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ○

ع ۱ ۵ ۳۰

جو اُنکے اوپر پتھریلی مٹی کی کنکریاں پھینکتے تھے پھر اُنکو چبائے ہوئے بھوسے کی مانند کر دیا تھا

لیا اُس شخص نے خیال کیا کہ دیکھو وہ پرندہ اِسی صورت کا تھا۔ وہ یہ خیال ہی کر رہا تھا کہ پرندے نے اُسکے سر کے مقابل آ کر کنکری چھوڑ دی اور وہ

سُوْرَةُ الْقُرَيْشِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اَرْبَعُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝

چونکہ قریش کو جاڑے اور گرمی کے سفر سے مانوس کر دیا تھا۔ انکے اس مانوس کر دینے کے سبب اُن کو چاہیے

فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۝

کہ اس گھر کے پروردگار کی عبادت کرتے رہیں۔ جس نے (اپنے رسول کو بھیجکر لوگوں کو حج کی طرف مائل کر کے)

وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

بھوک سے بچانے کیلیے اُنکو کھانا دیا۔ اور (لوٹ کھسوٹ کے) خوف سے اُن کو مطمئن کر دیا۔

سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سَبْعُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝ فَذٰلِكَ

کیا تم نے اُس شخص کو دیکھا جو جزا و سزا کو جھٹلاتا ہے؟ وہی تو ہے

الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۝ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ

جو یتیم کو دھکے دیتا ہے۔ اور مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب

الْمِسْكِيْنِ ۝ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ

نہیں دیتا۔ پس ویل ہے اُن نماز پڑھنے والوں کے واسطے جو

هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ

اپنی نماز سے غفلت کرتے ہیں اور جو دکھاوے کی

ع ۱ ۴ ۳۱

آیاتها ۴ — رکوعها ۱ — کلماتها ۱۷ — حروفها ۷۹

آیاتها ۷ — رکوعها ۱ — کلماتها ۲۵ — حروفها ۱۱۵

اُن کا نماز پڑھنا محض ریا تھا۔ جیسا کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے اَلَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۝

يُرَآءُونَ ۝ وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ ۝ ع ۷ ۳۲

نماز پڑھتے ہیں۔ اور عاریت دینے کی چیزوں کو روکتے ہیں۔

سُورَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝

یقیناً (اے رسُول) ہمنے تمکو کوثر عطا کی ہے۔ اب تم اپنے پروردگار کے لیے نماز پڑھو اور اپنی قربانی کرو

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝ ع ۱ ۳ ۳۳

کانوں تک بلند کرو۔ یقیناً تمہارا دشمن جو ہے وہی بے اولاد رہیگا۔

سُورَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا

(اے رسُول) تم کہدو کہ اے کافرو! جن کی تم عبادت کرتے ہو میں اُنکی

تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝

عبادت نہ کرونگا۔ اور نہ تم اُسکی عبادت کرنیوالے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔

وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ

اور نہ میں اُن کی عبادت کرنیوالا ہوں جنکی تم نے عبادت کی ہے۔ اور نہ تم اُسکی عبادت کرنیوالے ہو

مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ ع ۱ ۶ ۳۴

جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ تمہارا دین تمہارے لیے ہے اور میرا دین میرے لیے ہے۔

سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ○ وَرَاَيْتَ النَّاسَ

جب آئی اللہ کی مدد اور فتح (ہو گیا تمہ)۔ اور دیکھا تم نے لوگوں کو

يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ○ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ

کہ خدا کے دین میں گروہ گروہ (داخل ہو رہے ہیں) تو اب تم پنجورب کی حمد کی

رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ○ ع

تسبیح پڑھو اور اس سے طلب مغفرت کرو۔ بیشک وہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا ہے۔

سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ○ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ

ٹوٹ جائیں دونوں ہاتھ ابولہب کے اور غارت ہو جائے وہ خود۔ اور اسکا مال اور جو کچھ اسنے کمایا

مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ○ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ

اس کے کچھ کام نہ آئیگا۔ عنقریب وہ بھی لپٹ والی آگ میں

لَهَبٍ ○ وَّامْرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ○ فِيْ

چلا جائیگا۔ اور اسکی جورو بھی جہنم کا ایندھن اٹھائے ہوئے (چلی جائیگی) جس کے

جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ○ ع

گلے میں آگ کی رسی ہوگی۔

سُورَةُ الاخلاص مكية وهي اربع آيات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ

تم کہو کہ وہ اللہ یکتا ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ وہ کسی کا والد ہے

وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

اور نہ (وہ خود) کسی سے پیدا ہوا۔ اور نہ کوئی اُس کا ہمسر ہے۔

ع ١ ٤ ٣٧

سُورَةُ الفلق مدنية وهي خمس آيات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ

تم کہدو کہ میں سفیدۂ صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں ہر اُس چیز کے شر سے

مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا

جس کو اُس نے پیدا کیا۔ اور اندھیری رات کے شر سے جبکہ وہ

وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝

چھا جائے۔ اور گرہوں پر پھونک مارنیوالیوں کے شر سے (جبکہ وہ پھونک ماریں)

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

اور حسد کرنیوالے کے شر سے جبکہ وہ حسد کرے۔

ع ١ ٥ ٣٨

سُورَةُ النَّاس مدنية وهي ست آيات

آياتها ٤ | ركوعها ١ | كلماتها ١٧ | حروفها ٤٩

آياتها ٥ | ركوعها ١ | كلماتها ٢٣ | حروفها ٧٣

آياتها ٦ | ركوعها ١ | كلماتها ١ | حروفها ٨١

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ

تم کہدو کہ میں آدمیوں کے پروردگار کی آدمیوں کے بادشاہ کی آدمیوں کے

النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ

معبود کی اُس شیطان کی وسوسوں کے شر سے بچنے کے لیے پناہ مانگتا ہوں جو لوگوں کے

يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

دلوں میں وسوسے ڈالتا رہتا ہے (اُن میں سے) ایک جنوں میں سے ہے اور ایک آدمیوں میں سے ہے

ع ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸ ۱۹ ۲۰ ۲۱ ۲۲ ۲۳ ۲۴ ۲۵ ۲۶ ۲۷ ۲۸ ۲۹

اتمامہ بالخیر

قطعۂ تاریخ ختم ترجمۂ قرآن مجید المشتہر بہ مقبول ترجمہ ریختۂ کلک گہر سلک عالیجناب مرزا کاظم حسین صاحب لکھنوی المتخلص بہ محشر و المخاطب بہ مدّاح آلِ محمدؐ زید توفیقاتہ

اے فاضلِ اکمل تری کوشش کے تصدّق — وہ کام کیا کیے جسے نقشِ یگانہ
کس حُسن سے تحریر کیے معنی قرآن — اُردو کو عطا کر دیا ملبوسِ شہانہ
ہر جُملہ کی تاثیر بیان کہ نہیں سکتا — ہر سطر کا گویا دلِ بسمل ہے نشانہ
خوبیِ فصاحت کو مخالف بھی جو دیکھے — دل سے ہو مسلماں نہ کرے کوئی بہانہ
لازم ہے نظارے کے لیے دیدۂ باطن — قرآن کے معنی ہیں نہیں ہے یہ فسانہ
اِس باغِ حقیقت میں سُنے جسکو ہو سُننا — دل کھینچتا ہے بلبلِ سدرہ کا ترانہ

محشر نے کہا جوش میں یوں مصرعِ تاریخ
یہ ترجمہ قرآں کا ہے مقبولِ زمانہ

۱۳۳۱ ہجری

مادۂ تاریخ اختتام ترجمہ فخر عالم علوم قرآنی و کاشف رموز فرقانی عالیجناب حافظ سید عبد الجلیل صاحب رئیس مارہرہ ضلع ایٹہ